**B9ED214DST**

# طبیعیاتی سائنس کی تدریسیات-II

(Pedagogy of Physical Sciences-II)

بیچلر آف ایجوکیشن (بی۔ایڈ۔)

(دوسرا سمسٹر)

Bachelor of Education (B. Ed.)

(Second Semester)


مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

حیدرآباد-32، تلنگانہ-انڈیا

Copyright © 2025, Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad
*All right reserved. No part of this publication may be reproduced or transmitted in any form or by any means, electronically or mechanically, including photocopying, recording or any information storage or retrieval system, without prior permission in writing form the publisher (registrar@manuu.edu.in)*

| | | |
|---|---|---|
| ISBN | : | 978-81-978965-9-0 |
| Course | : | Pedagogy of Physical Sciences - II |
| First Edition | : | August 2024 |
| Copies | : | 200 |
| Price | : | 440/- |

**Programme Coordinator (B. Ed.)**

Prof. Sayyad Aman Ubed, Professor (Education), CDOE, MANUU

**Editorial Board/Editors**

Prof. Mushtaq Ahmed I. Patel (Chairperson)
Professor, CDOE, MANUU (Content Editor)
Prof. Shaikh Shaheen Altaf (Member)
HOD, Dept. of Edu &Training, MANUU
Prof. Siddiqui Mohd Mahmood (Member)
Senior Professor, Dept. of Edu &Training, MANUU
(Late) Prof. Najmus Saher (Member)
Professor, CDOE, MANUU

Prof. Sayyad Aman Ubed (Member)
Programme Coordinator, B.Ed. (ODL)
Dr. Shaikh Wasim (Member Convener)
Associate Professor, CDOE, MANUU
Dr. Sameena Basu (Member)
Associate Professor, CDOE, MANUU
(Language Editor)

**Production**

Prof. Nikhath Jahan, Professor (Urdu), CDOE, MANUU
Mr. P Habibulla, Assistant Registrar, Purchase & Stores Section, MANUU
Dr. Mohd Akmal Khan, Assistant Professor (C), CDOE, MANUU
Mohd Abdul Naseer, Section Officer, CDOE, MANUU
Shaik Ismail, UDC, CDOE, MANUU
Faheemuddin, LDC, Purchase & Stores Section, MANUU

*On behalf of the Registrar, Published by:*

**Centre for Distance and Online Education**

Maulana Azad National Urdu University
Gachibowli, Hyderabad-500032 (TG), India
*Director:*dir.dde@manuu.edu.in *Publication:*ddepublication@manuu.edu.in
Phone number: 040-23008314 Website: manuu.edu.in

CRC Prepared by: Dr. Sarmad Yaseen Butt, Asst. Prof. (C), CDOE, MANUU
Title Page: Dr. Mohd Akmal Khan, Asst. Prof. (C), CDOE, MANUU

Printed at: Print Time & Business Enterprise, Hyderabad

# فہرست


| اکائی نمبر | اکائی کا نام | مصنف | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| پیغام | وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی | | 5 |
| پیغام | ڈائرکٹر، مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم | | 6 |
| کورس کا تعارف | پروگرام کوآرڈینیٹر (بی۔ایڈ) | | 7 |
| **بلاک I: طبیعیاتی سائنس میں اسکول کا نصاب (School Curriculum in Physical Sciences)** | | | |
| 1- | اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس (School Curriculum in Physical Sciences) | ڈاکٹر محمد افروز عالم، اسسٹنٹ پروفیسر، مانو، سی ٹی ای، دربھنگہ<br>Dr. Md. Afroz Alam, Assistant Professor, MANUU CTE, Darbhanga | 9 |
| 2- | نصاب کی تنظیم کی مختلف طرز رسائیاں (Different Approaches of Curriculum Organization) | | 29 |
| 3- | طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں جدید رجانات (Current Trends in Physical Sciences Curriculum Development) | | 45 |
| 4- | استاد بطور نصاب ساز (Teacher as Curriculum Developer) | | 63 |
| **بلاک II: طبیعیاتی سائنس کی تدریس کے لیے تدریسی وسائل اور حکمت عملی (Instructional Resources & Strategies for Physical Science Teaching)** | | | |
| 5- | نصابی لوازمات اور معاون مواد (Curriculum and Supporting Materials) | پروفیسر مشتاق احمد آئی پٹیل، پروفیسر، مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم، مانو<br>Prof. Mushtaq Ahmed I. Patel, Professor, CDOE, MANUU | 78 |
| 6- | ایڈگر ڈیل کا تجرباتی مخروط (Edgar Dale's Cone of Experience) | | 101 |
| 7- | ٹیچنگ ایڈز، آئی سی ٹی، اور ملٹی میڈیا وسائل (Teaching Aids, ICT, and Multimedia Resources) | | 125 |
| 8- | عملی کام اور موئثر لیبارٹری مینجمنٹ (Practical Work and Effective Laboratory) | | 139 |
| **بلاک III: طبیعیاتی سائنس کے اساتذہ کا تا عمر حیاتیاتی سائنس کا اکتساب اور پیشہ ورانہ ترقی (Lifelong Physical Sciences Learning & Professional Development of Physical Sciences Teachers)** | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 159 | ڈاکٹر ریحانہ ملک<br>ایسوسیٹ پروفیسر<br>مانو، سی ٹی ای، سری نگر<br>Dr. Raihana Malik<br>Associate Professor<br>MANUU CTE, Srinagar | ہم نصابی سرگرمیاں (Co-Curricular Activities) | 9۔ |
| 181 | | سائنسی مزاج کی نشوونما<br>(Development of Scientific Temper) | 10۔ |
| 193 | ڈاکٹر محمد راغب بابر<br>اسسٹنٹ پروفیسر<br>مانو، سی ٹی ای، دربھنگہ<br>Dr. Md. Raghib Baber<br>Assistant Professor<br>MANUU CTE, Darbhanga | طبیعیاتی سائنس کے اساتذہ کی پیشہ وارانہ ترقی<br>(Professional development of Physical Sciences Teachers) | 11۔ |
| 212 | | طبیعیاتی سائنس میں عملی تحقیق<br>(Action Research in Physical Science) | 12۔ |
| **بلاک IV: طبیعیاتی سائنس میں تعین قدر (Evaluation in Physical Sciences)** | | | |
| 230 | میسرہ عزیز خان<br>اسسٹنٹ پروفیسر<br>مانو، سی ٹی ای، اورنگ آباد<br>Mrs. Maisara Aziz Khan<br>Assistant Professor<br>MANUU CTE, Aurangabad | تعین قدر: معنی اور ضرورت، تشکیلی، تجمیعی اور تشخیصی تعین قدر اور معالجاتی تدریس<br>(Evaluation: Meaning and needs, Formative and Summative Evaluation, Diagnostic and Remedial Teaching) | 13۔ |
| 248 | | ۔ مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای)، تعلیمی احتساب اور تعلیمی تعین قدر، کارکردگی پر مبنی احتساب<br>(Continuous and Comprehensive Evaluation (CCE), Educational Assessment and Educational Evaluation, Performance Based Assessment) | 14۔ |
| 263 | | احتساب کا خاکہ (Assessment Framework) | 15۔ |
| 288 | | ریکارڈنگ اور رپورٹنگ<br>(Recording and Reporting) | 16۔ |
| 304 | | **نمونہ امتحانی پرچہ** | |

# پیغام

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی (MANUU) 1998 میں پارلیمنٹ کے ایک ایکٹ کے ذریعے قائم کی گئی۔ یہ ایک مرکزی جامعہ ہے جس نے این اے اے سی کی جانب سے گریڈ +A حاصل کیا ہے۔ اس جامعہ کے قیام کے مقاصد ہیں: (1) اردو زبان کا فروغ، (2) پیشہ ورانہ اور تکنیکی تعلیم کو اردو میڈیم میں قابل رسائی اور دستیاب بنانا، (3) روایتی اور فاصلاتی طریقۂ تعلیم کے ذریعے تعلیم فراہم کرنا، اور (4) خواتین کی تعلیم پر خصوصی توجہ دینا۔ یہ وہ نکات ہیں جو اس مرکزی جامعہ کو دیگر تمام مرکزی جامعات سے ممتاز کرتے ہیں اور اسے ایک انفرادیت بخشتے ہیں۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں بھی مادری زبانوں اور علاقائی زبانوں میں تعلیم حاصل کرنے پر زور دیا گیا ہے۔

اردو کے ذریعے علم کے فروغ کا مقصد یہی ہے کہ اردو جاننے والے طبقے کے لیے عصری علوم اور مضامین تک رسائی آسان بنائی جائے۔ ایک طویل عرصے تک اردو میں درسی مواد کی کمی رہی ہے۔ اردو یونیورسٹی کے پاس اب اردو میں 350 سے زیادہ کتابوں کا ذخیرہ موجود ہے اور ہر سمسٹر کے ساتھ اس تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔

اردو یونیورسٹی این ای پی 2020 کے وژن کے مطابق مادری /گھریلو زبان میں تعلیمی مواد فراہم کرنے کے قومی مشن کا حصہ بننے کو اپنے لیے ایک اعزاز سمجھتی ہے۔ مزید یہ کہ اردو بولنے والا طبقہ اردو میں مطالعہ کے مواد کی عدم دستیابی کے سبب نئے اُبھرتے شعبوں اور جدید تر معلومات کے موجودہ میدانوں میں تازہ ترین معلومات و اطلاعات کے حصول سے محروم نہیں رہے گا۔ مذکورہ بالا میدانوں میں مواد کی دستیابی کی بدولت حصولِ معلومات کا نیا شعور بیدار ہوا ہے جو یقیناً اردو داں طبقے کی دانشورانہ ترقی پر اثر انداز ہو گا۔

فاصلاتی اور آن لائن طلبہ کے لیے تعلیم و تدریس کے عمل کو سہل بنانے کے لیے یونیورسٹی کا سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) اردو اور متعلقہ مضامین میں خود اکتسابی مواد (SLM) کی تیاری کو یقینی بناتا ہے۔

MANUU فاصلاتی اور آن لائن لرننگ کے طلبہ کے لیے SLM بلا معاوضہ فراہم کرتا ہے۔ یہ مواد اُردو کے ذریعے علم حاصل کرنے میں دلچسپی رکھنے والے ہر شخص کے لیے برائے نام قیمت پر دستیاب ہے۔ تعلیم تک رسائی کے دائرے کو مزید پھیلانے کے مقصد سے، اردو /ہندی /انگریزی /عربی میں eSLM یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر مفت ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب رکھا گیا ہے۔

مجھے بے حد خوشی ہے کہ متعلقہ فیکلٹی کی محنت اور مصنفین کے مکمل تعاون کی بدولت FYUG بی۔اے، بی۔ایس سی اور بی۔کام کی کتابوں کی اشاعت کا عمل بڑے پیمانے پر شروع ہو گیا ہے۔ فاصلاتی اور آن لائن لرننگ کے طلبہ کی سہولت کے لیے خود اکتسابی مواد (SLM) کی تیاری اور اشاعت کا عمل یونیورسٹی کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ہم اپنے خود تعلیمی مواد کے ذریعے اردو جاننے والے ایک بڑے طبقے کی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل ہوں گے اور اس یونیورسٹی کے مقصدِ قیام کو پورا کریں گے اور اپنے ملک میں اپنی موجودگی کو جائز ٹھہرا سکیں گے۔

نیک تمناؤں کے ساتھ!

**پروفیسر سید عین الحسن**
شیخ الجامعہ، مانو

# پیغام

موجودہ دور میں فاصلاتی تعلیم کو دنیا بھر میں ایک نہایت مؤثر اور مفید طریقۂ تعلیم کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے اور بڑی تعداد میں لوگ اس طریقۂ تعلیم سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے بھی اردو زبان بولنے والے عوام کی تعلیمی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے قیام کے وقت سے ہی فاصلاتی تعلیم کا طریقہ متعارف کرایا۔ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے 1998 میں ڈائریکٹوریٹ آف ڈسٹنس ایجوکیشن (نظامتِ فاصلاتی تعلیم) کے ساتھ کام کا آغاز کیا اور 2004 سے باقاعدہ پروگرام شروع ہوئے، اس کے بعد مختلف شعبہ جات قائم کیے گئے۔

یو جی سی نے ملک میں نظام تعلیم کو مؤثر طور پر منظم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔ اوپن اینڈ ڈسٹنس لرننگ (ODL) موڈ کے تحت چلنے والے مختلف پروگرام، جو سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) میں چل رہے ہیں، یو جی سی-ڈی ای بی کے منظور شدہ ہیں۔ یو جی سی-ڈی ای بی نے فاصلاتی اور باقاعدہ تعلیم کے نصاب کو ہم آہنگ کرنے پر زور دیا ہے تاکہ فاصلاتی تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کے معیار کو بہتر بنایا جاسکے۔ چونکہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ایک دُہرے طرز (ڈوئل موڈ) کی یونیورسٹی ہے جو فاصلاتی اور روایتی دونوں طریقۂ تعلیم کی خدمات فراہم کرتی ہے، اس لیے اپنے مقاصد کو یو جی سی-ڈی ای بی کے رہنما خطوط کے مطابق حاصل کرنے کے لیے اس نے چوائس بیسڈ کریڈٹ سسٹم (CBCS) متعارف کرایا گیا جس کا خود اکتسابی مواد Self) (Learning Materials یو جی سی کے قوانین اور کریڈٹ فریم کے مطابق نئے سرے سے تیار کیے جاچکا ہے۔

سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن (CDOE) کل انیس (19) پروگرام پیش کرتا ہے جن میں یو جی، پی جی، بی ایڈ، ڈپلومہ اور سرٹیفکیٹ پروگرام شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ تکنیکی مہارتوں پر مبنی پروگرام بھی شروع کیے جارہے ہیں۔ سی ڈی او ای نے جولائی 2025 سے این ای پی-2020 کے مطابق چار سالہ یو جی پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ بی اے، بی ایس سی اور بی کام کے آنرز پروگراموں کو این سی ایف کے مطابق ڈیزائن کیا گیا ہے جس سے طلبہ کو آنرز ڈگری حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ سال 2025-2026 سے ایم بی اے پروگرام او ڈی ایل موڈ میں متعارف کرایا گیا ہے۔

مانو نے طلبہ کی سہولت کے لیے نو ریجنل سنٹرز (بنگلورو، بھوپال، دربھنگہ، دہلی، کولکاتا، ممبئی، پٹنہ، رانچی اور سری نگر) اور چھ سب ریجنل سنٹرز (حیدرآباد، لکھنؤ، جموں، نوح، وارانسی اور امراوتی) کا ایک وسیع نیٹ ورک قائم کیا ہے۔ اس کے علاوہ وجے واڑا میں ایک ایکسٹینشن سنٹر بھی قائم کیا گیا ہے۔ ان ریجنل اور سب ریجنل سنٹروں کے تحت ایک سو پچاس سے زیادہ لرنر سپورٹ سنٹر (LSCs) اور بیس پروگرام سنٹر بیک وقت چلائے جارہے ہیں تاکہ طلبہ کو تعلیمی اور انتظامی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن اپنی تعلیمی اور انتظامی سرگرمیوں میں آئی سی ٹی کا بھرپور استعمال کرتا ہے اور اپنے تمام پروگراموں میں صرف آن لائن موڈ کے ذریعے ہی داخلے فراہم کرتا ہے۔

طلبہ کے لیے سیلف لرننگ میٹیریل (SLM) کی سوفٹ کاپی سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن کی ویب سائٹ پر دستیاب کرائی جاتی ہیں اور آڈیو وویڈیو ریکارڈنگ کے لنک بھی ویب سائٹ پر فراہم کیے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ طلبہ کو ای۔ میل اور واٹس ایپ گروپ کی سہولت بھی فراہم کی جارہی ہے جن کے ذریعے انہیں پروگرام کے مختلف پہلوؤں جیسے کورس رجسٹریشن، اسائنمنٹ، کاؤنسلنگ، امتحانات وغیرہ کے بارے میں مطلع کیا جاتا ہے۔ باقاعدہ کاؤنسلنگ کے علاوہ گزشتہ دو برسوں سے طلبہ کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے زائد تدارکی (Remedial) آن لائن کاؤنسلنگ بھی فراہم کی جارہی ہے۔

امید کی جاتی ہے کہ سینٹر فار ڈسٹنس اینڈ آن لائن ایجوکیشن تعلیمی اور معاشی طور پر پسماندہ آبادی کو عصری تعلیم کے دھارے میں شامل کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرے گا۔ تعلیمی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے نئی تعلیمی پالیسی (NEP-2020) کے مطابق مختلف پروگرامز میں تبدیلیاں کی گئی ہیں اور توقع ہے کہ اس سے اوپن اینڈ ڈسٹنس لرننگ کے نظام کو مزید مؤثر اور کارآمد بنانے میں مدد ملے گی۔

**پروفیسر محمد رضا اللہ خان**

ڈائرکٹر، سی ڈی او ای، مانو

# کورس کا تعارف

**"طبیعیاتی سائنس کی تدریسیات-II"** مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے مرکز برائے فاصلاتی و آن لائن تعلیم کے زیرِ اہتمام بی۔ایڈ پروگرام کے طلبا کے لیے تیار کی گئی ہے۔ اس کتاب کا بنیادی مقصد معلم طلبا کو طبیعیاتی سائنس کے نصاب، تدریسی طریقوں، وسائل، پیشہ ورانہ ترقی اور تعینِ قدر سے متعلق جامع اور عملی معلومات فراہم کرنا ہے۔ کتاب کو مختلف بلاکس اور اکائیوں میں تقسیم کیا گیا ہے، تاکہ طلبا مرحلہ وار اور آسان انداز میں موضوعات کو سمجھ سکیں۔

پہلا بلاک "طبیعیاتی سائنس میں اسکول کا نصاب" سے متعلق ہے، جس میں اسکولی سطح پر طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی نوعیت، نصاب کی تنظیم کے مختلف طریقے، تدوینِ نصاب کے جدید رجحانات اور استاد کے کردار کو بطور نصاب ساز واضح کیا گیا ہے۔ اس بلاک کے ذریعے طلبا کو یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ نصاب کیسے تیار کیا جاتا ہے اور اس میں استاد کا کردار کس قدر اہم ہوتا ہے۔

دوسرا بلاک " طبیعیاتی سائنس کی تدریس کے لیے تدریسی وسائل اور حکمت عملی تدریسی وسائل اور حکمتِ عملی" پر مشتمل ہے، جس میں نصابی لوازمات، معاون مواد، ایڈگر ڈیل کے تجرباتی مخروط، ٹیچنگ ایڈز، آئی سی ٹی، ملٹی میڈیا وسائل اور عملی کام و لیبارٹری مینجمنٹ پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس بلاک کے مطالعے سے طلبا جدید تدریسی وسائل کے مؤثر استعمال اور عملی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی سیکھتے ہیں، جو تدریس کو دلچسپ اور مؤثر بناتی ہیں۔

تیسرے بلاک "طبیعیاتی سائنس کے اساتذہ کا تاعمر حیاتیاتی سائنس کا اکتساب اور پیشہ ورانہ ترقی" میں ہم نصابی سرگرمیوں، سائنسی مزاج کی نشوونما، اساتذہ کی پیشہ ورانہ ترقی اور عملی تحقیق جیسے اہم موضوعات شامل ہیں۔ یہ بلاک اساتذہ کو مسلسل سیکھنے، خود احتسابی اور تحقیق کی طرف راغب کرتا ہے تاکہ وہ اپنے تدریسی معیار کو بہتر بنا سکیں۔

چوتھا بلاک "طبیعیاتی سائنس میں تعینِ قدر" پر مشتمل ہے، جس میں تعینِ قدر کے معنی اور ضرورت، تشکیلی، تجمیعی اور تشخیصی تعینِ قدر، معالجاتی تدریس، سی۔سی۔ای، احتسابی نظام، اسیسمنٹ فریم ورک اور ریکارڈنگ و رپورٹنگ جیسے موضوعات شامل ہیں۔ اس بلاک کے ذریعے معلم طلبا کو طلبا کی کارکردگی جانچنے، نتائج کا تجزیہ کرنے اور تعلیمی بہتری کے طریقوں کی عملی سمجھ حاصل ہوتی ہے۔

اس کتاب کی تیاری میں اس بات کی خصوصی کوشش کی گئی ہے کہ تمام مواد کو آسان، سادہ اور رواں زبان میں پیش کیا جائے، تاکہ طلبا بغیر کسی دشواری کے موضوعات کو سمجھ سکیں۔ کتاب کی ترتیب منطقی اور تدریجی انداز میں رکھی گئی ہے، جس سے مطالعہ مزید سہل اور مؤثر بن جاتا ہے۔ ہر اکائی کے اختتام پر معروضی اور غیر معروضی سوالات بھی شامل کیے گئے ہیں، تاکہ طلبا اپنے فہم اور سیکھنے کی سطح کا خود جائزہ لے سکیں۔ ہمیں امید ہے کہ یہ کتاب طبیعیاتی سائنس کے طلبا اور اساتذہ کے لیے یکساں طور پر مفید ثابت ہوگی اور ان کی تدریسی صلاحیتوں کو نکھارنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

**پروفیسر سید امان عبید**

پروگرام کوآرڈینیٹر

# اکائی 1۔ اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس

(School Curriculum in Physical Sciences)*


1.0 تمہید(Introduction)

1.1 مقاصد(Objectives)

1.2 اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس(School Curriculum in Physical Sciences)

1.3 نصاب کے معنی اور تصور(Meaning and Concept of Curriculum)

1.4 تدوین نصاب کے اصول(Principles of Curriculum Construction)

1.4.1 طفل مرکزیت کا اصول(Principle of Child Centeredness)

1.4.2 انضمام کا اصول(Principle of Integration)

1.4.3 تجربات کی کلیت کا اصول(Principle of totality of Experience)

1.4.4 تنوع کا اصول(Principle of Variety)

1.4.5 لچک کا اصول(Principle of Flexibility)

1.4.6 ہم آہنگی کا اصول(Principle of Harmony)

1.4.7 کمیونٹی مرکزیت کا اصول(Principle of Community Centeredness)

1.4.8 سرگرمی مرکزیت کا اصول(Principle of Activity Centeredness)

1.4.9 افادیت کا اصول(Principle of Utility)

1.4.10 تخلیقیت کا اصول(Principle of Creativity)

1.5 خلاصہ(Summary)

1.6 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

1.7 فرہنگ(Glossary)

1.8 نمونہ امتحانی سوالات( (Model Examination Questions)


* Dr. Md. Afroz Alam, Assistant Professor, MANUU CTE, Darbhanga

1.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

## 1.0 تمہید (Introduction)

اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس طلبا کی سائنسی تفہیم اور تجزیاتی صلاحیتوں کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ طبیعیاتی سائنس میں ایک بہترین نصاب کا آغاز بنیادی تصورات کے تعارف سے ہوتا ہے۔ یہ تصورات اس فریم ورک کی تشکیل کرتے ہیں جس پر مزید جدید موضوعات شامل کیے جاتے ہیں۔ طبیعیاتی سائنس کا اسکولی نصاب مطابقت کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے اور زندگی بھر سیکھنے کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ طبیعیاتی سائنس میں اسکول کے نصاب کا ڈیزائن ایک کثیر جہتی عمل ہے۔ جس کے تحت بنیادی تصورات، بین الضابطہ ارتباط، عملی اطلاق، ابھرتے ہوئے شعبوں اور ٹکنالوجیز، اخلاقی تحفظات اور سائنسی خواندگی کا فروغ ہوتا ہے۔ اچھی طرح سے تیار کردہ اسکولی نصاب نہ صرف علم فراہم کرتا ہے بلکہ تنقیدی سوچ، مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتیں اور مہارتیں اور طبیعیاتی دنیا کو سمجھنے کی تاحیات جذبہ بھی پروان چڑھاتا ہے۔ جیسا کہ حیاتیاتی دنیا کے بارے میں ہماری سمجھ میں توسیع ہوتی جارہی ہے، تعلیمی نصاب بھی ان پیش رفت کی عکاسی کرتے ہیں۔ زندگی کی پیچیدگیوں سے پردہ اٹھاتے رہتے ہیں۔ طالب علم اسکولی نصاب سے آنے والے چیلنجوں اور مواقع کے لیے تیار ہوتے ہیں۔ لہٰذا آپ اس اکائی میں اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس کے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔ اس میں نصاب کے معنی اور تصور، تدوین نصاب کے مختلف اصولوں سے واقفیت حاصل کریں گے۔

## 1.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کو مکمل کرلینے کے بعد آپ اس قابل ہوجائیں گے کہ:

- اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس سے واقف ہوسکیں۔
- نصاب کے معنی اور تصور کو سمجھ سکیں۔
- تدوین نصاب کے اصولوں سے واقف ہوسکیں۔
- طفل مرکزیت کے اصول کو سمجھ سکیں۔
- انضمام کے اصول کو بیان کرسکیں۔
- تجربات کی کلیت کے اصول کی تفہیم حاصل کرسکیں۔
- تنوع کے اصول کی شناخت کرسکیں۔
- لچک کے اصول کو بیان کرسکیں۔
- ہم آہنگی کے اصول سے واقف ہوسکیں۔
- کمیونٹی مرکزیت اصول کے اطلاق کو سمجھ سکیں۔

- سرگرمی مرکزیت اصول کی نشاندہی کر سکیں۔
- جمہوری اقدار کے فروغ کے اصول کو سمجھ سکیں۔
- افادیت کے اصول سے واقف ہو سکیں۔
- تخلیقیت کے اصول کو اُجاگر کر سکیں۔
- ثقافت کے تحفظ کے اصول کو بیان کر سکیں۔

---

## 1.2 اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس (School Curriculum in Physical Sciences)

تعلیمی مقاصد کے حصول کے لیے نصاب کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسے مقاصد کے حصول کے لیے جو کہ طلبا کے برتاؤ میں تبدیلی لاتے ہیں۔ اگر ہمارے پاس اچھا ترتیب دیا ہوا نصاب نہ ہو تو ممکن ہے کہ استاد اور طالب علم تعلیمی مقاصد سے انحراف کر جائیں۔ اگر نصاب مخصوص کر دیا جائے تو تعلیمی مقاصد سے بھٹکنے کا خدشہ کم رہ جاتا ہے، اور ہمیں تعلیمی بنیادوں، ستون، مقاصد اور اس کے تمام عمل کو عملی جامہ پہنانے میں مدد حاصل ہوتی ہے۔ تعلیم کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ تعلیم حاصل کرنے کے بعد طلبا معاشی طور پر بہتر زندگی گزارنے کے قابل ہو جائیں تا کہ معاشرے کے خود کفیل اور مفید فرد بن سکیں۔ لہٰذا نصاب کا یہ اہم فریضہ ہے کہ وہ طلبا کو بہتر زندگی گزارنے کے لیے تیار کرے۔ اسے ایسے فن، ہنر اور سائنسی علم کی تربیت دے جو ان کے لیے فائدہ مند ثابت ہو۔ اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس ایک دلچسپ اور جدید سائنسی مضمون ہے جو نہ صرف طلبا کے ذہن کے دریچوں کو کھولتا ہے بلکہ اسے مستقبل کی زندگی کے لیے بھی تیار کرتا ہے۔ اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس طلبا کو جامع تفہیم حاصل کرنے کے لیے ایک منظم فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ یہ طلبا کو بنیادی اصولوں کے ذریعے رہنمائی کرتا ہے، عملی اطلاق کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، سائنس اور معاشرے کے وسیع تناظر میں حیاتیاتی علوم کی بین الضابطہ نوعیت کو اُجاگر کرتا ہے۔

اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس کثیر جہتی ہے جس میں کئی اہم پہلو شامل ہیں :

- طبیعیاتی علوم کی بنیادیں (Foundation of Biological Knowledge)
- ترقی پسند اکتساب کی سطح (Progressive Learning Levels)
- دیگر مضامین کے ساتھ انضمام (Integration with other disciplines)
- عملی اور تجرباتی اکتساب (Practical and Experimental Learning)
- طبیعیاتی تصورات کا اطلاق (Application of Biological Concepts)
- موجودہ ترقیات اور ٹکنالوجیز (Current Development and Technologies)
- مطابقت اور تاحیات اکتساب (Adaptability and Lifelong Learning)

- ایک ترتیب وار اور علم سے بھرپور نصاب کا تجربہ کریں تاکہ طلبا کے مطالعہ کا دائرہ اور نوعیت وسیع، گہرا، مربوط اور عملی بنیاد پر ہو۔
- سائنسی تصورات، مشاہدات، عملی ماڈلنگ، انکوائری، مسئلہ حل کرنے کی مہارتوں کا فروغ۔
- سائنسی نظریات نے تاریخی طور پر کس طرح ترقی کی ہے؟ وہ کس طرح جدید پیش رفت کی عکاسی کرتے ہیں؟ اور طلبا کو اسباب کو سمجھنے میں سائنس کے کردار سے آگاہ کرتے ہیں، ساتھ ہی ساتھ معاشرے کو درپیش چیلنجز اور ان کا حل۔
- اسکول سے باہر کی زندگی کے تیار کرتا ہے۔ طلبا کو علم اور ہنر سے آراستہ کرتا ہے۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
|---|
| 1۔ اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس کی وضاحت کیجیے۔ <br> ____________________ <br> ____________________ |

## 1.3 نصاب کے معنی اور تصور (Meaning and Concept of Curriculum)

اصطلاح نصاب یا درسیات انگریزی زبان کے لفظ کریکولم (Curriculum) سے مشتق ہے۔ لفظ کریکولم (Curriculum) لاطینی لفظ سے ماخوذ ہے جس کے لغوی معنی ہیں دوڑ کا میدان۔ تعلیمی عمل میں اس کے معنی ہیں "وہ کاوشیں جس کو طلبا تعلیم کے مقاصد حاصل کرنے کے لیے اختیار کریں گے"۔ لہٰذا نصاب یا درسیات کے معنی وہ تمام تجربات ہیں جو طلبا تعلیم و تدریس کے دوران حاصل کریں گے۔ جن کے ذریعے تعلیم کے مقررہ مقاصد یا اہداف حاصل ہوسکیں۔ نصاب کے معنی اور تصور کو آپ یوں بھی بیان کرسکتے ہیں کہ نصاب سے مراد صرف وہ مضامین نہیں ہیں جو اسکولوں میں روایتی طور پر پڑھائے جاتے ہیں بلکہ اس میں وہ سارے تجربات شامل ہیں جو اسکولوں میں طلبا کو حاصل ہوتے ہیں۔ اسکول کی پوری زندگی نصاب ہے جو طلبا کی زندگی کے ہر پہلو کو چھوتی ہے اور اس کے متوازن شخصیت کی تعمیر میں مدد فراہم کرتی ہے۔ بالفاظ دیگر نصاب یا درسیات میں وہ تمام سرگرمیاں، اکتسابی تجربات اور ماحول شامل ہے جو کہ طلبا اساتذہ کی رہنمائی میں تعلیمی عمل کے دوران سیکھتے ہیں۔ لہٰذا نصاب یا درسیات ان تمام سرگرمیوں کا مجموعہ ہے جو اسکول کی کوششوں سے وجود میں آتی ہے چاہے وہ سرگرمیاں کمرہ جماعت کے اندر ہوں یا کمرہ جماعت سے باہر۔ وہ تمام سرگرمیاں تعلیمی و اکتسابی عمل میں باہم مربوط ہوتے ہیں۔ اس طرح نصاب یا درسیات تعلیم کے مقاصد کو حاصل کرنے کا ذریعہ ہوتا ہے۔ لہٰذا آپ کہہ سکتے ہیں کہ نصاب یا درسیات یا کریکولم کا مطلب ہے وہ تمام سرگرمیاں جو تعلیم و تدریس اور اکتسابی عمل میں تعلیمی مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے بروئے کار لائی جاتی ہیں، جن میں تدریس و اکتساب، درسی و نصابی کتابیں، ہم نصابی سرگرمیاں، طلبا کا ذاتی مشاہدہ اور مطالعات، طریقہ تدریس اور اندازہ قدر یا تعین قدر یا جانچ یا امتحان وغیرہ سبھی شامل ہوتے ہیں۔

نصاب یا درسیات کے معنی اور تصور کی واضح تفہیم کے لیے ماہرین کے چند تعریفات درجہ ذیل ہیں۔

کننگھم (Cunningham) نے نصاب کی تعریف یوں بیان کی ہے "کریکولم (نصاب) ایک آرٹسٹ یا فنکار (استاد) کے ہاتھوں میں اپنے اسٹوڈیو (اسکول) میں اپنے مواد (طلبا) کو اپنے فکری معیارات (مقاصد) کے مطابق ڈھالنے کا ایک آلہ (ٹول) ہے۔"

جارج پائنے (George Pyne) کے مطابق "کریکولم (نصاب) ان حالات اور سرگرمیوں پر مشتمل لائحہ عمل ہے جن کو اسکول منتخب کرتا ہے اور شعوری طور پر جن کی تنظیم شخصیت کی نشوونما اور افراد کے کردار کی تبدیلی کے لیے ہوتی ہے۔"

کرو اور کرو (Crow & Crow) کے مطابق "کریکولم (نصاب) سیکھنے والوں کے داخلی و خارجی تجربات پر مشتمل ہوتا ہے جو کہ تعلیمی پروگرام میں شامل ہوتے ہیں اور ان کی ذہنی، جسمانی، جذباتی، سماجی، روحانی اور اخلاقی نشوونما میں مدد دیتے ہیں۔"

کیسویل (Casewell) کے مطابق ": کریکولم (نصاب) تعلیمی عمل میں وہ ذریعہ ہے جو طلبا کی ضروریات کی تکمیل اور معاشرے کی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے فرد کو تیار کرتا ہے"۔

جے ایف کیس (J. F. Kess) کے مطابق "اسکول کی رہنمائی میں حاصل کردہ تمام متعین علوم چاہے وہ انفرادی طور پر حاصل کے گئے ہوں یا اجتماعی طور پر، اسکول کے اندر یا باہر تعلیمی عمل میں نصاب کہلاتا ہے۔"

لہٰذا مندرجہ بالا تعریفات سے معلوم ہوتا ہے کہ تدوین نصاب ایک گردشی عمل ہے۔ تدوین نصاب کے مختلف اقسام ہیں۔ ان میں ہر ایک تعلیمی فلسفہ اور نفسیات سے متاثر ہے۔ ہر فلسفہ اور نفسیات ایک مخصوص مواد، مقصد اور طریقہ کو پیش کرتا ہے۔ ہر ایک تعلیمی فلسفہ اور نفسیات تدوین نصاب میں اہمیت کے حامل ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ ان میں سے کسی ایک کو دوسرے پر ترجیح دی جائے۔ نصاب کے متعلق مختلف ماہرین نے مختلف آرا کا اظہار کیا ہے۔ ارسطو کا قول ہے: "کسی مواد کو کسی خاص طرز پر پڑھائے جانے کے بارے میں کوئی بھی کسی ایک مخصوص طریقے پر راضی نہیں ہے اور پھر یہ کس طریقے سے پڑھایا جائے اس پر بھی کوئی اتفاق نہیں ہے"۔ لہٰذا نصاب تعلیم میں کیا شامل کیا جائے؟ اس کی بنیادیں کیا ہوں؟ اسے کس طرح منظم اور مرتب کیا جائے؟ یہ تمام سوالات ہمیشہ موجود رہے ہیں۔ ماہرین نے نصاب سازی کے عمل کو کسی نہ کسی مخصوص نقطہ نظر کے تحت تدوین نصاب کی مختلف طرز رسائیوں پر بحث کی ہیں جن سے نصاب کی تدوین و ترکیب کی جا سکے۔ لہٰذا تعلیمی مقاصد کے حصول کے لیے حیاتیاتی سائنس میں جو بھی مواد اور سرگرمیاں پیش کی جاتی ہیں وہ نصاب کا حصہ تصور کی جاتی ہیں۔ اس ضمن میں درج ذیل امور شامل ہیں:

- نصابی کتابیں اور مواد مضمون
- تجربہ گاہ (Laboratory) کا کام اور اکتساب بذریعہ عمل
- طلبا اور اساتذہ کے باہمی روابط کے ذریعے اکتساب
- طلبا کا آپس میں باہمی تعلقات کے ذریعے اکتساب
- کمرہ جماعت سے باہر دوستوں اور مقامی تعلقات سے حاصل اکتسابی تجربات۔
- سائنس کلب (Science Club)، سائنس میلہ (Science Fair)، سائنس عجائب گھر (Science Museum) وغیرہ کی سیر و تفریح سے حاصل شدہ اکتسابی تجربات (Learning Experiences)

- کھیل کے میدان میں باہمی روابط (Cooperation) کے ذریعے اکتساب۔

لہٰذا آپ کہہ سکتے ہیں کہ نصاب اکتسابی تجربات کا مجموعہ ہے جس میں طلبا کا کمرہ جماعت کی سرگرمیوں، تجربہ گاہ کی سرگرمیوں، اساتذہ کے باہمی روابط، کھیل کے میدان میں دوستوں سے باہمی روابط اور دیگر تعلیمی و ثقافتی سرگرمیاں شامل ہوتی ہیں۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
|---|
| 1۔ نصاب کے معنی بیان کیجیے۔<br>2۔ نصاب کے تصور کو واضح کیجیے۔ |

## 1.4 تدوین نصاب کے اصول(Principles of Curriculum Construction)

تدوین نصاب کے اصول ضروری ہیں کیوں کہ یہ تعلیمی پروگراموں کو ڈیزائن کرنے کے لیے ایک فریم ورک اور رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ تدوین نصاب کے اصول تعلیمی اہداف اور مقاصد کو طے کرتے ہیں۔ یہ اکتسابی تجربات کی تنظیم، مقاصد کے مطابق علم کا ارتباط اور طلبا کے لیے رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ یہ اساتذہ کے لیے بھی بامعنی اور اثر انگیز اکتسابی تجربات کے لیے ایک روڈمیپ کے طور پر کام کرتا ہے۔ جدید نظریہ تعلیم ایک معاشرتی عمل ہے۔ اس لیے تدوین نصاب میں معاشرے کے تقاضے اور اقدار (Values) کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔ جان ڈیوی (John Dewey) کے مطابق: "نصاب میں معاشرے کی تمام سرگرمیوں کو شامل کرنا چاہیے تاکہ طلبا معاشرے میں بہتر مطابقت حاصل کر سکیں۔ ان میں ثقافتی اور تمدنی شعور اجاگر ہو۔ ساتھ ہی نصاب طلبا کی نفسیات کے مطابق ترتیب دی جائے"۔

ماہرین تعلیم نے تدوین نصاب کے مختلف اصول وضع کیے ہیں۔ ان میں سے چند درجہ ذیل ہیں:

### 1.4.1 طفل مرکزیت کا اصول(Principle of Child Centeredness)

تدوین نصاب میں طفل مرکزیت اصول اس فلسفے پر مبنی ہے کہ تعلیم کو بچوں کی ضروریات، دلچسپیوں اور نشوونما کے مراحل پر مرکوز ہونا چاہیے۔ یہ طریقہ طلبا کو تعلیمی عمل کے مرکز میں رکھتا ہے اور ہر بچے کی انفرادیت کو تسلیم کرتا ہے۔ تدوین نصاب میں طفل مرکزیت اصول کے کلیدی پہلو ہیں :

- انفرادیت اور تفریق(Individualization and differentiation)
- مجموعی ترقی(Holistic development)
- فعال مشغولیت(Active Engagement)
- دلچسپیوں کے لیے جواب دہ(Responsive to Interests)

- بچوں کے نشوونما کے لحاظ سے موزوں طرز عمل(Developmentally Appropriate Practices)
- لچکدار جائزے کے طریقے(Flexible Assessment Methods)
- مثبت اکتسابی ماحول پیدا کرنا(Cultivating positive learning environment)

لہٰذا طفل مرکزیت اصول کے تحت حیاتیاتی سائنس کے نصاب کی تیاری کے وقت بچوں کی ضروریات(Needs) ۔ دلچسپیوں (Interests)،صلاحیتوں(Abilities) اور اس کے عمر (Age)کو بنیادی اہمیت دینی چاہیے۔ طلبا کی شخصیت کی مکمل نشوونما کے لیے جسمانی، جذباتی، ذہنی، اخلاقی اور سماجی امور کے اہم تجربات کو نصاب میں پیش کرنا چاہیے۔ طلبا کی سمجھ اور ان کی نفسیات کی نشوونما اس کی عمر کے ساتھ ہوتی ہے۔اس لیے نصاب میں ایسا کوئی مواد شامل نہیں کرنا چاہیے جو طلبا کے ذہنی معیار سے مطابقت نہ رکھتا ہو۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
|---|
| 1۔ تدوین نصاب کے طفل مرکزیت اصول سے کیا مراد ہے؟<br>________________________________________<br>__________________________ |

### 1.4.2 انضمام کا اصول(Principle of Integration)

تدوین نصاب میں انضمام کے اصول سے مراد تعلیمی نصاب کے اندر مختلف مضامین، تصورات اور مہارتوں کو مربوط کرنے کا منظم عمل ہے۔ حیاتیاتی سائنس کے تصورات کو دیگر مضامین اور تصورات کے مختلف پہلوؤں کو جوڑ کر طلبا کے لیے آموزش کا مربوط اور با معنی نصاب تیار کرنا ہے۔اس اصول کے تحت حیاتیاتی سائنس کا نصاب مکمل طور پر مربوط اور علم و معلومات میں اضافہ کرنے والا ہونا چاہیے۔ اساتذہ اور طلبا کی سرگرمیوں میں بھی کلیت کا عنصر موجود ہونا چاہیے۔آموزش یا اکتساب کے اسباق کا طلبا کی زندگی اور ماحول سے ہم آہنگ ہونا ضروری ہے۔نصاب کی تیاری یا ترقی میں انضمام یا ارتباط کے اصول کے کلیدی پہلوؤں میں شامل ہیں:

- بین الضابطہ نقطہ نظر(Inter Disciplinary Approach)
- حقیقی دنیا سے مناسبت(Real-World Relevance)
- سیاق وسباق کی آموزش(Contextual Learning)
- مسئلہ حل کرنا اور تنقیدی فکر(Problem Solving and Critical Thinking)
- تاحیات آموزش کی مہارتیں(Lifelong Learning Skills)
- اساتذہ کا اشتراک(Teacher Collaboration)
- لچکدار نوعیت(Flexibility Nature)

مجموعی طور پر طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں مذکورہ امور کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ اس اصول کا مقصد روایتی مضامین کی رکاوٹوں کو ختم کر کے اور طبیعیاتی علوم کی ایک دوسرے سے جڑی ہوئی نوعیت کی گہری تفہیم کو فروغ دے کر طلبا کے لیے زیادہ جامع، متعلقہ، مربوط، منظم اور پر کشش اکتسابی تجربہ فراہم کرنا ہے۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check your progress)** |
|---|
| 1۔ تدوین نصاب میں انضمام یا ارتباط کے اصول کے معنی بیان کیجیے۔ |

### 1.4.3 تجربات کی کلیت کا اصول (Principle of totality of Experience)

تدوین نصاب میں تجربات کی کلیت کا اصول، انضمام یا ارتباط کے اصول کے مساوی ہے لیکن اس کا دائرہ زیادہ وسیع ہے۔ تجربات کی کلیت کے اصول سے مراد نصاب کی بنیاد تجربات کے مجموعے پر رکھی جانی چاہیے۔ نصاب تعلیم صرف ان مضامین پر ہی مشتمل نہیں ہونا چاہیے جو اسکولوں میں روایتی طریقے سے پڑھائے جاتے ہیں بلکہ یہ ان تجربات کے مجموعے کا نام ہے جو کہ طلبا اسکول میں ہونے والی سرگرمیوں سے بھی حاصل کرتا ہے۔ یہ سرگرمیاں طبیعیاتی سائنس کے تجربہ گاہ میں عملی کام، اشیا کا مشاہدہ اور مطالعہ، کتب خانہ، کارگاہ، کھیل کے میدان، سائنس کلب، سائنس میلہ، سائنسی نمائش، دوستوں اور اساتذہ سے باہمی روابط وغیرہ پر مشتمل ہو سکتی ہے۔ مکمل تجربے کے اصول کو اپناتے ہوئے نصاب سازی کا مقصد بامعنی اور جامع اکتسابی تجربات تخلیق کرنا ہے۔ جو طبیعیاتی سائنس کے طلبا کو حقیقی اور فطری دنیا کی پیچیدگیوں اور چیلنجوں کے لیے تیار کرتا ہے۔ تجربات کی کلیت کا اصول کے کلیدی پہلو ہیں :

- مضامین کا باہمی ارتباط (Integration of Subjects)
- تجرباتی تعلیم (Experiential Learning)
- مہارتوں کے فروغ پر زور (Emphasis on Skills Development)
- حیاتیاتی ثقافتی اور سماجی تناظر (Biological, Cultural and Social Contexts)
- سائنسی اور سماجی اقدار (Scientific and Social Values)
- جامع اور مسلسل ترقی (Holistic and Continuous Development)

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check your progress)** |
|---|
| 1۔ تجربات کی کلیت کے اصول کے کلیدی پہلوؤں کو اُجاگر کیجیے۔ |

### 1.4.4 تنوع کا اصول(Principle of Variety)

تدوینِ نصاب میں تنوع کے اصول سے مراد طلبہ کے اکتسابی تجربات میں اضافے کے لیے متنوع عناصر اور تدریسی طریقے شامل کرنا ہے۔ یہ اصول تسلیم کرتا ہے کہ طلبا کی مختلف صلاحیتیں، دلچسپیاں اور اکتسابی اسلوب یا طرز (Learning Styles) ہوتے ہیں۔ ایک متنوع نصاب طلبا کی ان متنوع ضروریات کو پورا کر سکتا ہے۔ لہٰذا طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تشکیل کا کام وسعت (Scope) کا حامل ہونا چاہیے۔ کیونکہ محدود نصاب طلبا کی مختلف صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے میں ناکام رہتا ہے۔ ہر سطح پر نصاب میں انفرادی اختلافات، انفرادی ضروریات اور دلچسپیوں کو پیش نظر رکھنے اور ان پر توجہ مرکوز کرنے کی صلاحیت ہونی چاہیے۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں تنوع کے اصول کے اہم پہلو درجہ ذیل ہیں:

- طبیعیاتی سائنس کے مواد میں تنوع، ثقافتی اور عالمی تناظر (Content diversity, cultural and global perspectives)
- طبیعیاتی سائنس کے طریقہ تدریس اور ٹکنالوجی کا ارتباط(Teaching methods and technology integration)
- جائزے کی تکنیک اور تنوع(Assessment Techniques and Diversity)
- اکتسابی وسائل اور مواد(Learning Resources and Content)

لہٰذا طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں تنوع کے اصول کا مقصد ایک متحرک اور جامع تعلیمی نصاب تیار کرنا ہے جو طلبا کی متنوع ضروریات اور ترجیحات کی تکمیل کرتا ہے۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
| --- |
| 1۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تدوین میں تنوع کے اصول کا اطلاق کس طرح ہوتا ہے؟<br>______________________________________________________________<br>___________________________________________ |

### 1.4.5 لچک کا اصول(Principle of Flexibility)

طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تعمیر و ترقی میں لچک کا اصول طلبا، معاشرے اور ترقی پذیر تعلیمی منظر نامے کی بدلتی ہوئی ضروریات کے لیے موافقت، مطابقت اور مثبت ردِ عمل کی ضرورت پر زور دیتا ہے۔ لہٰذا نصاب سازی کے عمل میں ہر سطح پر طلبا کی ضروریات کے پیش نظر مواد یا اکتسابی تجربات کو کم کرنے اور اضافہ کرنے کی گنجائش ہونی چاہیے۔ اسے بدلتے ہوئے سماجی حالات کو مدِ نظر رکھ کر تشکیل دینا چاہیے۔ تعلیمی فلسفہ، تعلیمی نفسیات، تدریسیات اور سائنسی تحقیقات میں ہونے والی پیش رفت کا عکس پیش کرنا چاہیے۔ ہمارے معاشرے کی سماجی و معاشی صورت حال، جغرافیائی حالات اور ثقافت سے مطابقت کرتے ہوئے نصاب کو تغیر پذیر (Variability) ہونا چاہیے۔ حیاتیاتی سائنس کے نصاب کی تعمیر میں لچک کے اصول کے کچھ اطلاقات مندرجہ ذیل ہیں:

- طبیعیاتی علوم کے ابھرتے ہوئے یا نموپذیر رجحانات کو اپنانا (Adapting to emerging trends in physical sciences)
- ماحولیات کے عصری مسائل کو شامل کرنا (Incorporating contemporary issues of environment)
- سائنسی تحقیق اور سماجی تبدیلیوں کی مطابقت (Adjusting to the scientific research and societal changes)
- مہارتوں کا فروغ (Skills development)
- کھلے تعلیمی وسائل کا استعمال Use of Open Educational Resources (OER)

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check your progress)** |
| --- |
| 1۔ لچک کے اصول کا نصاب کی تدوین میں اطلاق بیان کیجیے۔<br>________________________________________<br>_________________________ |

### 1.4.6 ہم آہنگی کا اصول (Principle of Harmony)

نصاب کی تعمیر میں ہم آہنگی کا اصول ایک بنیادی تصور ہے جو تعلیم کے لیے ایک متوازن اور مربوط انداز فکر کی ضرورت پر زور دیتا ہے۔ یہ اصول اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ نصاب کے اندر مختلف عناصر جامع ترقی کو فروغ دینے کے لیے مل کر کام کریں۔ انفرادی مضامین یا موضوعات کو تنہا رکھنے کے بجائے، ماہرین تعلیم متنوع عناصر کا ایک ہم آہنگ امتزاج بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ جو کہ طلبا کے اکتساب اور مجموعی علمی ترقی میں براہ راست تعاون کرتا ہے۔ جامع نقطہ نظر نہ صرف فکری نشوونما کو فروغ دیتا ہے بلکہ جذباتی، سماجی اور اخلاقی ترقی کو بھی فروغ دیتا ہے۔ جو طلبا کو جدید عالمی پیچیدگیوں سے نمٹنے کے لیے تیار کرتا ہے۔ حیاتیاتی سائنس کے نصاب میں آہنگی کے اصول کے اہم اجزا مندرجہ ذیل ہیں :

- بین الضابطہ اتحاد (Inter Disciplinary Integration)
- ترقیاتی موزونیت (Development Appropriateness)
- حقیقی دنیا کی مناسبت (Real-World Relevance)
- ثقافتی حساسیت (Cultural Sensitivity)
- جائزے کی ترتیب (Assessment)
- مجموعی ترقی پر اثر (Impact on Holistic Development)

لہٰذا تدوین نصاب میں ہم آہنگی کا اصول اساتذہ اور نصاب ساز کے لیے ایک رہنما فلسفے کا کام کرتا ہے۔ ارتباط، اتحاد، مطابقت اور شمولیت کو فروغ دے کر ہم آہنگ نصاب اکتسابی تجربات، جامع ترقی، طلبا کو متنوع اور متحرک دنیا میں کامیابی کے لیے تیار کرتا ہے۔ ہمارا معاشرہ مختلف مذاہب، نسل اور ذاتوں سے مل کر بنا ہے۔ لہٰذا نصاب تعلیم کے انفرادی اور سماجی مقاصد میں مکمل ہم آہنگی ہونی چاہیے۔

| اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress) |
|---|
| 1۔ تدوین نصاب میں ہم آہنگی کے اصول سے کیا مراد ہے؟ |

### 1.4.7 کمیونٹی مرکزیت کا اصول(Principle of Community Centeredness)

تدوین نصاب میں کمیونٹی مرکزیت کا اصول تعلیمی پروگراموں کو ڈیزائن کرنے کے عمل میں مقامی کمیونٹی کی ضرورتوں کو شامل کرنے اور ان کو پورا کرنے کی اہمیت پر زور دیتا ہے۔ یہ اصول کمیونٹی کو متنوع، منفرد خصوصیات، اقدار اور مسائل پر غور کرتا ہے۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں خصوصی طور پر کمیونٹی کی مجموعی بہبود اور کمیونٹی مرکزیت طبیعیات کا وسیع مطالعہ کرتے ہیں۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں کمیونٹی مرکزیت اصول کے کچھ اہم پہلو مندرجہ ذیل ہیں:

- مقامی طبیعیاتی نظام پر توجہ۔
- معاشرتی مطابقت اور مقامی مسائل۔
- کمیونٹی پر مبنی تحقیق کے نتائج کو نصاب میں شامل کرنا۔
- حیاتیاتی تصورات کو واضح کرنے کے لیے مقامی مثالوں اور عملی اطلاق سے واقفیت کرانا۔
- مقامی ماہرین طبیعیات، سائنسدانوں اور پیشہ وارانہ افراد کے ساتھ شراکت داری۔
- طبیعیاتی تصورات کی تفہیم میں ثقافتی تناظر کو شامل کرنا۔

لہٰذا اس اصول کے اطلاق سے طلبا کے اکتسابی تجربات میں اضافہ ہوتا ہے اور طبیعیاتی تصورات اور کمیونٹی کے فلاح و بہبود کے درمیان تعلق کے احساس کو بھی فروغ دیتا ہے۔ درحقیقت نصاب کمیونٹی کی زندگی سے مطابقت رکھنے والا ہو اور اس کی بنیاد کمیونٹی کے اراکین کے مسائل اور ضروریات پر رکھنی چاہیے۔ نصاب کے مضامین کا انتخاب تمدنی زندگی کی ضروریات اور مطالبات کو پیش نظر رکھ کر کرنا چاہیے۔ اس کی ترتیب میں معاشرے کو درکار انسانی وسائل مثلاً اساتذہ، ڈاکٹر، انجینئر، تکنیکی ماہرین وغیرہ کا خیال رکھنا چاہیے۔

| اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress) |
|---|
| 1۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں کمیونٹی مرکزیت کے اصول کے کلیدی پہلوؤں کو اُجاگر کیجیے۔ |

|   |
|---|
| ______________________________ |
| ______________________________ |

### 1.4.8 سر گرمی مر کزیت کا اصول(Principle of Activity Centeredness)

طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں سر گرمی مر کزیت اصول طلبا کو ہاتھ کی سر گرمیوں (Hands-on Activities) ، تجربات (Experiments)اور عملی استعمال (Practical Applications) کے مشاغل میں شامل کرنے پر زور دیتاہے۔ اس کے ذریعے فعال آموزش(Active Learning) ہوتی ہے۔اس کے چند اہم پہلو مندرجہ ذیل ہیں:

- ہاتھوں سے تجربات(Hands-on Experiments) کے ذریعے طلبا کی سائنسی عمل میں فعال حصہ داری۔
- تجربہ گاہ کے کام (Laboratory Work) کو نصاب میں شامل کرنا۔
- فیلڈ ٹرپ اور فیلڈ اسٹڈیز کی مشمولیت۔
- ماڈلنگ اور نقالی (Modeling and Simulations) پروجیکٹ، عملی نمونے وغیرہ۔

لہٰذا نصاب کی بنیاد طلبا کی سر گرمیوں مثلاً تعمیری اور تخلیقی سر گرمیاں، پروجیکٹ ، ماڈل تیار کرنے، عملی کام وغیرہ کے مواقع فراہم کرنا ہونا چاہیے۔یعنی آموزش باعمل ہونا چاہیے ۔یعنی اس اصول کے تحت نصاب کے ذریعے ایساماحول فراہم کیا جائے جس کی بنیاد پر طلبا عمل کے ذریعے علم حاصل کر سکے۔حیاتیاتی سائنس میں تجربہ گاہ اسی اصول کے تحت کام کرتی ہے اور طلبا کو انفرادی کام کی طرف زیادہ توجہ کے ساتھ اکتسابی عمل میں شامل کرتی ہے۔ اسی طرح عملی کام سے طلبا میں مشاہدہ کی عادت اور قوت استدلال کی تربیت ممکن ہو سکتی ہے۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
|---|
| 1۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں سر گرمی مر کزیت اصول کے اطلاق کو بیان کیجیے۔<br>______________________________<br>______________________________ |

### 1.4.9 افادیت کا اصول(Principle of Utility)

طبیعیاتی علوم کی نصاب سازی کے عمل میں افادیت کا اصول سے مراد ایسے فیصلے کرنا اور اقدامات کرنا شامل ہیں جو نظاموں اور توسیعی طور پر کرہ ارض کی مجموعی بہبود میں معاون ہوں۔ افادیت کے اصول کو طبیعیاتی تناظر میں مندرجہ ذیل نکات سے سمجھا جاسکتا ہے۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں افادیت کے اصول کو متعارف کرانا سائنسی تصورات کو حقیقی دنیا کے اطلاق اور اخلاقی تحفظات سے مربوط

کرنے کا ایک قابل قدر طریقہ ہو سکتا ہے۔ افادیت کا اصول، جو اکثر افادیت پسندی سے منسلک ہوتا ہے، یہ بتاتا ہے کہ کسی عمل کی اخلاقیات کا تعین اس کی صلاحیت سے ہوتا ہے کہ وہ لوگوں کی بڑی تعداد کے لیے سب سے بڑی بھلائی پیدا کر سکے۔

طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں، اس اصول کو مختلف طریقوں سے لاگو کیا جاسکتا ہے:

**وسائل کی تقسیم:** اس بات پر بحث کرنا کہ سائنسی پیشرفت اور ٹیکنالوجیز کو وسائل کی تقسیم کو بہتر بنانے کے لیے کس طرح استعمال کیا جا سکتا ہے، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ وسائل کو اس طرح تقسیم کیا جائے جس سے معاشرے کے لیے زیادہ سے زیادہ افادیت ہو۔ اس میں توانائی کی پیداوار، پانی کا انتظام، اور تحفظ کی کوششوں جیسے موضوعات شامل ہو سکتے ہیں۔

**ماحولیاتی اثرات:** سائنسی کوششوں اور تکنیکی ترقی کے ماحولیاتی نتائج کی تلاش۔ افادیت کے اصول پر غور کرنے سے، طلباء مختلف اقدامات کے اخلاقی اثرات کا جائزہ لے سکتے ہیں، جیسے آلودگی پر قابو پانے کے اقدامات، قابل تجدید توانائی کے اقدامات، اور تحفظ کی کوششیں۔

**صحت کی دیکھ بھال اور بایو ٹکنالوجی:** صحت کی دیکھ بھال اور بایو ٹکنالوجی میں ترقی کے آس پاس کے اخلاقی مخمصوں کی جانچ کرنا۔ مباحثوں میں جینیاتی انجینئرنگ، فارماسیوٹیکل ڈویلپمنٹ، اور طبی تحقیق کی اخلاقیات جیسے موضوعات شامل ہو سکتے ہیں، اس بات پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے کہ نقصان کو کم سے کم کرتے ہوئے افادیت کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لیے ان پیشرفتوں کو کس طرح لاگو کیا جاسکتا ہے۔

**خطرے کی تشخیص اور حفاظت:** سائنسی تحقیق اور صنعتی طریقوں میں خطرے کی تشخیص اور حفاظتی پروٹوکول کا تجزیہ کرنا۔ طلباء دریافت کر سکتے ہیں کہ کس طرح حفاظتی اقدامات کے بارے میں فیصلے افادیت کے غور و فکر سے متاثر ہوتے ہیں، سائنسی ترقی کے فوائد کو افراد اور معاشرے کے لیے ممکنہ خطرات کے ساتھ متوازن کرتے ہیں۔

**ٹیکنالوجی اور معاشرہ:** معاشرے اور معیار زندگی پر ٹیکنالوجی کے اثرات کی تحقیقات۔ اس میں ٹیکنالوجی تک رسائی، ڈیجیٹل تقسیم، اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز جیسے مصنوعی ذہانت اور بائیو ٹیکنالوجی کے اخلاقی تحفظات جیسے موضوعات پر بات چیت شامل ہو سکتی ہے، جس میں معاشرے کے تمام اراکین کے لیے زیادہ سے زیادہ افادیت پر زور دیا جاسکتا ہے۔

طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں افادیت کے اصول کو ضم کرکے، طلباء سائنسی ترقیوں اور تکنیکی اختراعات کے سماجی مضمرات کے ساتھ ساتھ سائنسدانوں اور انجینئروں کی اخلاقی ذمہ داریوں کے بارے میں گہری سمجھ پیدا کر سکتے ہیں۔ مزید برآں، ان موضوعات کو تلاش کرنے سے سوچنے کی تنقیدی صلاحیتوں کو فروغ مل سکتا ہے اور طلباء کو وسیع تر سماجی تناظر پر غور کرنے کی ترغیب دی جاسکتی ہے جس میں سائنس کام کرتی ہے۔ لہٰذا طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں افادیت کے اصول کا اطلاق جامع ہے۔ جس سے طلبا نفع بخش روزگار کے ذرائع بھی حاصل کرتے ہیں اور ملک و قوم کی ترقی میں حصہ بھی لیتے ہیں۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check your progress)** |
|---|
| 1۔ افادیت کے اصول سے کیا مراد ہے؟ |

### 1.4.10 تخلیقیت کا اصول (Principle of Creativity)

طبیعیاتی سائنس کے نصاب کے تناظر میں تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینا، تنقیدی فکر، مسئلہ حل کرنے کی مہارتوں اور اختراعات کی حوصلہ افزائی کے لیے اہم ہے۔ مندرجہ ذیل کلیدی اصول اس ضمن میں اہمیت کے حامل ہیں :

- استفسار پر مبنی نصاب اور اکتساب (Inquiry based curriculum and learning)
- مسائل حل کرنے کی مہارتوں کا فروغ
- بین الضابطہ روابط اور تجربات
- تجرباتی اختراعات
- پروجیکٹ پر مبنی تشخیصی کام
- طلبا مرکوز اکتسابی سرگرمی اور مشغلے

فطری طور سے ہر ایک طالب علم مختلف خوبیوں اور توانائیوں سے بھرپور ہوتا ہے۔ طلبا کے ان صلاحیتوں کو فروغ دینے کے لیے نصاب کے منصوبہ سازوں کو تخلیقیت مرکوز نصاب تیار کرنا چاہیے۔ اس کے ذریعے طلبا اپنی صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہوئے مفید اکتسابی سرگرمیوں کو انجام دے گا۔ نصاب میں ایسے موضوعات اور مشغلے شامل کرنا چاہیے جس سے طلبا کو انداز فکر سائنٹفک ہو جائے اور ان میں غور و فکر کی غیر معمولی قوت پیدا ہو جائے۔ جس کی بنیاد پر وہ نئے انکشافات کرنے کے لائق بن سکیں۔

| اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check your progress) |
|---|
| 1۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تدوین میں تخلیقیت کے اصول کیوں ضروری ہیں؟ |

## 1.5 خلاصہ (Summary)

اس اکائی میں آپ نے اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس کی اہمیت اور اس کی نصاب سازی کے اصولوں سے واقفیت حاصل کی۔ طبیعیاتی سائنس کا نصاب طلبہ میں سائنسی تفہیم، تجزیاتی صلاحیت، اور تنقیدی سوچ کو فروغ دیتا ہے۔ نصاب کی اصطلاح لاطینی لفظ *Currere* سے ماخوذ ہے، جس کے معنی دوڑ کے میدان کے ہیں، اور تعلیمی لحاظ سے اس سے مراد وہ تمام کاوشیں ہیں جو طلبہ تعلیمی مقاصد کے حصول کے لیے انجام دیتے ہیں۔ نصاب صرف درسی مضامین تک محدود نہیں بلکہ اس میں تدریسی و اکتسابی سرگرمیاں، ہم نصابی تجربات، طریقۂ تدریس، مشاہدہ، اور تعینِ قدر کے تمام پہلو شامل ہیں۔ نصاب سازی کے مختلف اصول جیسے طفل مرکزیت، انضمام، کلیتِ تجربات، تنوع، لچک، ہم آہنگی، کمیونٹی مرکزیت، سرگرمی مرکزیت، افادیت اور تخلیقیت نہ صرف طلبہ کی ضروریات، دلچسپیوں اور صلاحیتوں کو مدنظر رکھتے ہیں بلکہ انہیں عملی، فکری اور سماجی طور پر مضبوط بنانے میں مدد دیتے ہیں۔ ایک اچھا نصاب وہ ہے جو علم کے ساتھ ساتھ عملی تجربات،

سائنسی تجسس، اور معاشرتی ذمہ داریوں کے شعور کو بھی فروغ دے۔ اس طرح طبیعیاتی سائنس کا نصاب طلبہ کی جامع نشوونما کے لیے بنیاد فراہم کرتا ہے۔

## 1.6 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ:

- اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس کی اہمیت اور اس کے کردار کی وضاحت کر سکیں گے۔
- نصاب یا درسیات کے مفہوم اور اس کے تاریخی و لغوی پس منظر کو بیان کر سکیں گے۔
- نصاب کے دائرۂ کار میں شامل تدریسی، ہم نصابی اور تجرباتی سرگرمیوں کی نشاندہی کر سکیں گے۔
- کنگھم کے نصاب کے نظریے کو سمجھا کر استاد کے تخلیقی کردار کی وضاحت کر سکیں گے۔
- تدوینِ نصاب کے بنیادی اصولوں کو بیان کر سکیں گے۔
- طفل مرکزیت، انضمام، اور لچک کے اصولوں کی اہمیت پر روشنی ڈال سکیں گے۔
- تجربات کی کلیت، سرگرمی مرکزیت اور تنوع کے اصولوں کے عملی اطلاق کو سمجھ سکیں گے۔
- نصاب سازی میں ہم آہنگی اور کمیونٹی مرکزیت کے کردار کو واضح کر سکیں گے۔
- افادیت اور تخلیقیت کے اصولوں کے ذریعے سائنسی اور ماحولیاتی شعور کی تشکیل کا تجزیہ کر سکیں گے۔

## 1.7 فرہنگ (Glossary)

| | |
|---|---|
| نصاب یا درسیات (Curriculum) | وہ تمام سرگرمیاں جو تعلیم و تدریس اور اکتسابی عمل میں تعلیمی مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے بروئے کار لائی جاتی ہیں۔ |
| تجربہ گاہ (Laboratory) | ایک کنٹرول شدہ ماحول جہاں سائنسی تجربات اور تحقیقات کی جاتی ہیں۔ یہ مقام خصوصی سائنسی آلات اور بنیادی ڈھانچے سے لیس ہوتا ہے۔ |
| سائنس کلب (Science Club) | ایک گروپ یا تنظیم ہے جس کا مقصد اپنے اراکین میں سائنسی دلچسپی کو فروغ دینا ہے۔ یہ سائنسی مضامین کے طلبا، اساتذہ اور دیگر افراد پر مشتمل مشترکہ گروپ ہے۔ |
| سائنسی میلہ (Science Fair) | ایک ایسا تقریب جہاں طلبا اپنے سائنسی منصوبوں، تجربات اور تحقیقی نتائج کو ظاہر کرتے ہیں۔ |
| سائنسی عجائب گھر (Science Museum) | سائنسی مضامین سے متعلق سائنسی اور تکنیکی نمونوں، تجربات، تصورات، |

| | |
|---|---|
| | آلات کی نمائش پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ |
| اکتسابی تجربات(Learning Experiences) | ان سرگرمیوں، واقعات اور تعاملات جن کے ذریعے افراد علم، مہارت، رویہ یا اقدار حاصلکرنا، رسمی تعلیمی ادرارے، کام کی جگہ، کمیونٹی تنظیمیں یا غیر رسمی ماحول سے یہ حاصل ہوتا ہے۔ |
| تدوین نصاب کے اصول (Principles of Curriculum) | ماہرین تعلیم کے ذریعے وضع کے گئے مختلف اصول جس کا اطلاق نصاب کی تیاری میں کرتے ہیں۔ |
| طفل مرکوزاصول (Principle of Child Centeredness) | نصاب کی تدوین کا ایک اصول جس میں بچوں کی ضروریات، دلچسپیوں، صلاحیتوں اور عمر کی بنیادی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔ |
| یکجہتی کا اصول(Principle of Integration) | حیاتیاتی سائنس کے تصورات کو دیگر مضامین اور تصورات سے جوڑ کر آموزش کا مربوط اور بامعنی نصاب کرنا۔ |
| تجربات کی کلیت کا اصول (Principle of Totality of Experience) | نصاب میں تجربات کے مجموعے کا نام ہے۔ جس کو نصاب سازی میں مرکزی حیثیت حاصل ہو۔ |
| تنوع کا اصول(Principle of Variety) | اکتسابی تجربات میں اضافے کے لیے متنوع عناصر اور تدریسی طریقے کو نصاب میں شمولیت۔ |
| لچک کا اصول(Principle of Flexibility) | نصاب کی تدوین کا ایسا اصول جس میں وقت اور ضرورت کے لحاظ سے تبدیلی کی گنجائش باقی ہو۔ |
| ہم آہنگی کا اصول(Principle of Harmony) | اس اصول کے تحت مختلف موضوعات کو تنہا رکھنے کے بجائے متنوع عناصر کا ایک ہم آہنگ امتزاج۔ |
| کمیونٹی مرکوز اصول (Principle of Community Centeredness) | مقامی کمیونٹی کی ضرورتوں، مجموعی بہبود اور حیاتیاتی تنوع کا وسیع پہلوؤں کا نصاب میں شمولیت۔ |
| سرگرمی مرکوزاصول (Principle of Activity Centeredness) | ہاتھوں کی سرگرمیوں، تجربات، عملی مشاغل، تخلیقی سرگرمیوں، و پروجیکٹ وغیرہ کے ذریعے آموزش بہ عمل کے مواقع فراہم کرنا۔ |
| افادیت کا اصول (Principle of Utility) | جانداروں، ماحولیاتی نظاموں، کرہ ارض کی مجموعی بہبود کے لیے مواد کو نصاب میں شامل کرنے کا اصول۔ |
| تخلیقیت کا اصول(Principle of Creativity) | تدوین نصاب کا اصول جس میں تخلیقی صلاحیتوں، تنقیدی فکر، مسئلہ حل |

| | |
|---|---|
| کرنے کی مہارتوں اور اختراعات کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ | |

## 1.8 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions)

1۔ اصطلاح نصاب یا درسیات (Curriculum) کس لاطینی لفظ (Latin Word) سے ماخوذ ہے؟

(A)Currere (B)Curine (C)Carum (D)Cure

2۔ "نصاب ایک فنکار کے ہاتھوں میں اپنے اسٹوڈیو میں اپنے مواد کو اپنے فکری معیارات کے مطابق ڈھالنے کا ایک آلہ ہے"۔ یہ تعریف کس نے پیش کیا؟

(A)George (B)Casewell (C)Cunningham (D)John Dewey

3۔ "نصاب تعلیمی عمل میں وہ ذریعہ ہے جو طلبا کی ضروریات کی تکمیل اور معاشرے کی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے فرد کو تیار کرتا ہے"نصاب کی یہ تعریف کس کی ہے؟

(A)Cunningham (B)Casewell (C)Crow & Crow (D)George Payne

4۔ Curriculumکا لفظی معنیٰ ہے؟

(A) کھیل کا میدان (B) تعلیم کا میدان (C)دوڑ کا میدان (D) تجربہ گاہ اور کمرہ جماعت

5۔ تدوین نصاب کے اصول طے کرتے ہیں؟

(A)مشاہدے (B)طریقے (C) تعلیمی تفریح (D) تعلیمی اہداف اور مقاصد

6۔ تدوین نصاب میں طفل مرکوز اصول کے تحت مرکزی حیثیت حاصل ہے؟

(A)بچوں کی ضروریات اور عمر (B)بالغوں کی ضروریات

(C)اساتذہ کی ضروریات (D)والدین کی ضروریات

7۔ تدوین نصاب کے کس اصول میں تجربات کے مجموعے کو مرکزی حیثیت حاصل ہوتی ہے؟

(A)طفل مرکوز اصول (B) تجربات کی کلیت کا اصول (C) تنوع کا اصول (D)لچک کا اصول

8۔ تدوین نصاب کے کس اصول میں مقامی کمیونٹی کی ضروریات، مجموعی بہبود اور حیاتیاتی تنوع کے وسیع پہلوؤں کی شمولیت کی جاتی ہے؟

(A)ہم آہنگی اصول (B)افادی اصول (C) تخلیقی اصول (D) کمیونٹی مرکوز اصول

9۔ تدوین نصاب کے کس اصول کے تحت ہاتھوں کی سرگرمیوں، تجربات اور عملی مشاغل کو اہمیت دی جاتی ہے؟

(A)تنوع کا اصول (B)لچک کا اصول (C)سرگرمی مرکوز اصول (D) تخلیقیت کا اصول

10۔ تدوین نصاب میں تخلیقیت کا اصول میں مرکزی حیثیت کسے حاصل ہوتا ہے؟

(A) تخلیقی، تنقیدی اور اختراعات کی مہارتیں (B) ترسیلی مہارتیں

(C) حیاتیاتی تنوع اور تنظیم (D) صرف اطلاقی پہلو

**مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answer Type Questions)**

1۔ نصاب کے معنی و مفہوم کو واضح کیجیے؟

2۔ نصاب کی تعریفات بیان کیجیے؟

3۔ اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس کو واضح کیجیے۔

4۔ تدوین نصاب کے اصول سے کیا مراد ہے؟

5۔ تدوین نصاب میں طفل مرکزیت کا اصول تحریر کیجیے؟

6۔ تدوین نصاب میں یکجہتی یا ارتباط کے اصول بیان کیجیے۔

7۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں تنوع کا اصول بیان کیجیے۔

8۔ تدوین نصاب میں لچک کا اصول سے کیا مراد ہے۔

9۔ تدوین نصاب میں ہم آہنگی کے اصول سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

10۔ تدوین نصاب میں افادیت کے اصول سے کیا مراد ہے۔

**طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answer Type Questions)**

1۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کے معنی، تصور اور تعریف بیان کیجیے۔

2۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب کے اصولوں کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

3۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین شدہ نصاب میں تجربات کی کلیت کے اصول کے کلیدی پہلوؤں کی وضاحت کیجیے۔

4۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں سرگرمی مرکزیت اصول کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

**5۔** طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں تخلیقیت کے اصول کے اطلاقی پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

## 1.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)

1۔ Aggarwal, J. C. (1990). Curriculum Reforms in India. New Delhi: Doaba House.

2۔ Ahmad, Jasim (2019). Pedagogy of Science, Reflective Practices. New Delhi: Sage Publications India Pvt. Ltd.

3- Alam, Md. Afroz (2020). Pedagogy of Biological Sciences. Hyderabad: Neelkamal Publica`tions Pvt. Ltd.

4- Alam, Md. Afroz (2017). Metacognitive Abilities and Achievement in Biological Sciences. Mauritius: LAP Lambert Academic Publishing.

5- Bhalla, N. (2007). Curriculum Development. New Delhi: Author Press.

6- Eisner, E. W. (1979). The Educational Imagination. New York: Millan.

7- John, Dewey (1996). The child and the curriculum: The School and the Society. USA: Phoenix

8- Ministry of Education (1996). Education and National Development, Report of the Education Commission (1964-66). New Delhi: NCERT.

9- Ministry of HRD (1993). Learning without Burdon, Report of the Advisory Committee, MHRD, New Delhi: Department of Educaiton.

10- NCERT (1975). The Curriculum for the Ten-Year School: A Framework. New Delhi: NCERT.

11- NCERT (1988). National Curriculum for Elementary and Secondary Education: A Framework. New Delh: NCERT.

12- NCERT (2000). National Curriculum Framework for School Education. New Delhi: NCERT.

13- NCERT (2005). National Curriculum Framework-2005. New Delhi: NCERT.

14- NCERT (2023). National Curriculum Framework for School Education. New Delhi: NCERT.

15- احرار حسین (2005)، سائنس کی تدریس، نیو ویژن پبلشنگ ہاؤس، دہلی

16- این سی ای آر ٹی (2020)، سائنس کی تدریسیات، درسی کتاب برائے بی ایڈ، حصہ-1، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، نئی دہلی

17- این سی ای آر ٹی (2017)، سائنس کی تدریسیات، درسی کتاب برائے بی ایڈ، حصہ-II، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، نئی دہلی

18۔ ڈی این شرما، آر ایس شرما(1980)، سائنس کی تدریس، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی
19۔ محمد افروز عالم(2019)، مضامینِ تعلیم و تدریس، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی
20۔ ملک محمد موسیٰ، شازیہ رشید(2008)، تدوین نصاب اور تدریس، جدران پبلی کیشنز، لاہور
21۔ وزارت حسین، ودودالحق صدیقی(2007)، سائنس کی تدریس، ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ

# اکائی 2۔ نصاب کی تنظیم کی مختلف طرز رسائیاں

(Different Approaches of Curriculum Organization)*


2.0 تمہید (Introduction)

2.1 مقاصد (Objectives)

2.2 نصاب کی تنظیم کی مختلف طرز رسائیاں (Different Approaches of Curriculum Organization)

2.3 ہم مرکزی طرز رسائی (concentric Approach)

2.4 موضوعاتی طرز رسائی (Topical Approach)

2.5 نفسیاتی طرز رسائی (Psychological Approach)

2.6 منطقی طرز رسائی (Logical Approach)

2.7 متعلم مرکوز طرز رسائی (Learner Centered Approach)

2.8 خلاصہ (Summary)

2.9 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

2.10 فرہنگ (Glossary)

2.11 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

2.12 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)


## 2.0 تمہید (Introduction)

نصاب کی تنظیم تعلیمی منصوبہ بندی کا ایک اہم پہلو ہے جس میں مخصوص تعلیمی اہداف کو حاصل کرنے کے لیے تدریسی مواد اور اکتسابی سرگرمیوں کا ڈیزائن، ترقی اور نفاذ شامل ہے۔ نصاب کی تنظیم کے لیے مختلف طرز رسائیاں اور طریقے ہیں، جن میں سے ہر ایک اپنے منفرد اصولوں، ساخت اور تدریسی و اکتساب کے مضمرات پیش کرتا ہے۔ اس اکائی کا مقصد نصاب کی تنظیم کی مختلف طرز رسائیوں کا


* Dr. Md. Afroz Alam, Assistant Professor, MANUU CTE, Darbhanga

تجزیہ کرنا اور اس کے تعلیمی اطلاق کو اُجاگر کرنا ہے۔ کیوں کہ نصاب کی تنظیم طلبا کے اکتسابی تجربات کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ مختلف طرز رسائیاں نصاب کی تنظیم سے متعلق منفرد تناظرات پیش کرتے ہیں جیسے مواد کی ساخت اور فراہمی کیسے کی جائے؟ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں بھی اس کے مختلف طرز رسائیوں اور طریقے کا اہم کردار ہے۔ ان طریقوں کا ایک متوازن اور فکری امتزاج متحرک اور بااثر نصاب کی تشکیل کرتا ہے۔ جو آج کے مسلسل ترقی پذیر تعلیمی منظرنامے میں طلبا کی متنوع ضروریات کی تکمیل کرتا ہے۔ یہ طرز رسائیاں متنوع ہیں اور یہ تعلیمی فلسفہ، تعلیمی اہداف، تعلیمی مقاصد، تعلیمی ادارے اور تعلیمی نظام کے سیاق وسباق کی عکاسی کرتی ہیں۔ کامیاب نصاب کی ترقی کے لیے نصاب کی تنظیم اور اس کے متعلم کی ضرویات، سماجی تناظرات، طبیعیاتی اور ماحولیاتی پس منظر بھی پیش نظر ہوتے ہیں۔ لہٰذا نصاب کی تنظیم کے مختلف طریقہ کار کا تفہیمی انتخاب طلبا اور اساتذہ دونوں کے تعلیمی اور اکتسابی تجربے کی تشکیل میں معاون ہیں۔ آپ اس اکائی میں طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم کے مختلف طرز رسائی کے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔

## 2.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کو مکمل کرنے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- نصاب کی تنظیم کی مختلف طرز رسائیوں کو بیان کر سکیں۔
- ہم مرکزی طرز رسائی بیان کر سکیں۔
- موضوعاتی طرز رسائی سے واقف ہو سکیں۔
- نفسیاتی طرز رسائی سے واقف ہو سکیں۔
- منطقی طرز رسائی کے اطلاق کو سمجھ سکیں۔
- متعلم مرکوز طرز رسائی کو بیان کر سکیں۔

## 2.2 نصاب کی تنظیم کی مختلف طرز رسائیاں

(Different Approaches of Curriculum Organization)

نصاب ایک تصوراتی منصوبہ اور متحرک عمل ہے جو کسی ملک کے عوام کی ضروریات کی تکمیل کرتا ہے۔ طبیعیاتی سائنس کا نصاب بھی معاشرے کے رہنماؤں اور لوگوں کی خواہشات کے مطابق محققین اور نصاب سازوں کے ذریعے منظم کیا جاتا ہے، منتظمین کی رہنمائی اور اسکولوں میں طبیعیاتی سائنس کے اساتذہ کے ذریعے نافذ کیا جاتا ہے۔ طبیعیاتی سائنس کی تعلیم کے اغراض و مقاصد محض چند منظور شدہ اصولوں کے مطابق مواد کو منتخب کر کے میکانیکل طور پر حاصل نہیں کیے جاسکتے۔ بلکہ یہ بڑی حد تک اس بات پر انحصار کرتا ہے کہ نصاب میں مواد کو کس طرح منظم اور پیش کیا جاتا ہے۔ نصاب کی تنظیم میں منصوبہ بندی اور ترتیب اہم ہے تاکہ افہام و تفہیم کو وسعت دینے کے لیے تصورات اور اصولوں کے ساتھ تجربہ حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اس سے طلبا کو اکتساب کا قدرتی طریقہ فراہم ہوتا

ہے جو کہ نفسیاتی طور پر بھی درست ہے۔ لہٰذا نصاب کی تنظیم کی مختلف طرز رسائی کے ذریعے اکتسابی مواد کو تدریس کے مقاصد کے لیے ترتیب دیا جاتا ہے تاکہ متعلم (Learner) اکتسابی تجربات کے مطلوبہ مقاصد کو حاصل کر سکیں۔

تعلیمی مقاصد (Educational Objectives) اسی صورت میں حاصل ہوتے ہیں جب مناسب طرز رسائی کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ جس طرح کمرہ جماعت میں اساتذہ کی اکتسابی سرگرمیوں کی تنظیم تعلیم کے تصور کو حاصل کرنے میں ایک فعال پہلو کے طور پر کام کرتی ہے۔ اسی طرح نصاب کا انحصار مواد کی تنظیم اور اکتسابی تجربات کی تنظیم پر ہے۔ نصاب کی تنظیم کے متعلق مختلف طرز رسائیوں کے بارے میں معلومات دراصل نصاب سازی کے عمل کا ایک اہم حصہ ہے۔ لہٰذا تدوین نصاب میں نصاب کی تنظیم بھی شامل ہے۔ نصاب کی تنظیم میں تعلیمی و اکتسابی عمل کے وہ تمام اجزا شامل ہوتے ہیں جو طلبا کے لیے کارآمد ہوں۔ نصاب کے اجزا کی ترتیب کو نصاب کی تنظیم کہتے ہیں۔ وہ طرزِ رسائیاں جو نصاب کی تنظیم میں استعمال ہوتی ہیں، مندرجہ ذیل ہیں:

- ہم مرکزی طرز رسائی
- موضوعاتی طرز رسائی
- نفسیاتی طرز رسائی
- منطقی طرز رسائی
- متعلم مرکوز طرز رسائی

| اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check your progress) |
|---|
| 1۔ نصاب کی تنظیم کے تصور کو واضح کیجیے۔<br>2۔ نصاب کی تنظیم کا تعارف بیان کیجیے۔ |

## 2.3 ہم مرکزی طرز رسائی (Concentric Approach)

نصاب کی تنظیم کے ہم مرکزی طرز رسائی کو ایک مرکز رکھنے والے دائرے کہا جاتا ہے۔ اس طرز رسائی میں معلومات اور علم میں بنیادی سطح سے اعلیٰ سطح کی طرف اضافہ ہوتا ہے۔ یہ ایک مسلسل عمل ہے۔ ہم مرکزی طرزِ رسائی میں مختلف عنوانات جو اکتسابی عمل کا حصہ ہوتے ہیں، بتدریج آگے بڑھتے ہیں؛ یعنی کہا جاسکتا ہے کہ اس کا رجحان آسان سے مشکل کی طرف ہوتا ہے۔ لہٰذا نصابی مواد کو آسان سے مشکل کی طرف ترتیب دیا جاتا ہے۔ یعنی نصابی مواد ترتیب دیتے وقت آسان اور سادہ معلومات، نظریات اور کلیات کو پہلے رکھا جاتا ہے اور بتدریج پیچیدہ موضوعات شامل کیے جاتے ہیں۔ اسی وجہ سے ایک ہی مضمون کو اگلی جماعتوں میں بھی پڑھایا جاتا ہے، مگر نصاب کی تنظیم اس طرح ہوتی ہے کہ عنوانات میں گہرائی آتی جاتی ہے۔ اس طرح طالبِ علم بنیادی معلومات سے اعلیٰ سطح کی معلومات تک آسانی سے پہنچ سکتا

ہے۔ جس طرح بچوں کی طبعی عمر (Physical Age) بڑھتی ہے، اسی طرح مواد مضمون بھی ہم مرکزی دائرے (Concentric Circles) کے مطابق بڑھتا جاتا ہے۔ طبیعیاتی سائنس کے مشکل تصورات ، اصولوں ، کلیات کو طلبا ابتدائی جماعتوں میں سمجھ نہیں پاتے؛اس لیے بنیادی تصورات ابتدائی جماعتوں کے نصاب میں شامل کیے جاتے ہیں اور بتدریج اعلیٰ جماعتوں میں مشکل تصورات نصاب کا حصہ بنائے جاتے ہیں۔ اس لیے ہم مرکزی طرز رسائی میں منتخب مواد مضمون میں تدریج کالحاظ رکھنا ضروری ہے۔ تدریج سے مراد یہ ہے کہ اکتسابی تجربات، مضامین، نصابی مواد، سرگرمیاں، مشاغل، گہرائی اور مشکلات میں درجہ وار اضافہ ہو۔ تدریج مندرجہ ذیل تین پہلوؤں پر منحصر ہے:

- کسی مواد مضمون کو نصاب میں اس طرح تقسیم کیاجائے کہ آسان اور سادہ معلومات ابتدائی جماعت کے نصاب میں شامل ہوں اور مشکل، پیچیدہ اور نامعلوم تصورات اگلی جماعتوں میں شامل کیے جائیں۔
- ان امور کو ہر اکتسابی تجربے، مضمون، مواد اور جماعت کے لیے پیش نظر رکھنا چاہیے۔
- تدریج کو ایک جماعت میں طلبا کی انفرادی صلاحیتوں کے مطابق بھی ترتیب دیا جاسکتا ہے۔

طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں ہم مرکزی طرز رسائی کے کلیدی تصورات درج ذیل ہیں:

- اس ہم مرکزی نقطۂ نظر میں علم بنیادی سے اعلیٰ درجے تک ترتیب وار بڑھتا ہے۔۔
- یہ ایک جامع اور مسلسل عمل ہے، کیونکہ مختلف عنوانات کو متعارف کروانے کے لیے اسے بتدریج ترتیب دیا جاتا ہے۔
- سبھی مضامین تمام جماعتوں میں پڑھائے جاتے ہیں، فرق صرف مواد کی گہرائی میں ہوتا ہے۔ جیسے جیسے بچہ بڑا ہوتا ہے، موضوع بھی مرتکز دائروں میں بڑھتا جاتا ہے۔
- یہ سابقہ علم اور مہارتوں کو منظم اور ترقی پسندانہ طریقے سے استوار کرتا ہے۔
- ہم مرکزی طرزِ رسائی بنیادی، ترتیب وار اور ترقی پسند ہے، جس میں مہارتوں کا ارتباط بھی شامل ہوتا ہے۔
- اس طرز رسائی کی کمزوری یہ ہے کہ اس میں ایک ہی مضمون کے عنوانات اور مواد مضمون بار بار دہرائے جاتے ہیں۔

لہٰذا نصاب کی تنظیم کے ہم مرکزی طرز رسائی ایک مربوط تعلیمی تجربہ حاصل کرنے، مضامین کی گہری تفہیم کو فروغ دینے اور مختلف شعبوں میں مہارتوں کی منتقلی کو فروغ دینے کے لیے فائدہ مند ہے یہ اس نظریے کے مطابق ہے کہ تعلیم ایک مسلسل اور باہم مربوط عمل ہے، جس کے ذریعے طلباء مختلف موضوعات کے درمیان روابط قائم کرسکیں اور اپنی تعلیم کو حقیقی دنیا کے منظرناموں (real-world scenarios) میں نافذ کرسکیں۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
|---|
| 1۔ نصاب کی تنظیم کے ہم مرکزی طرز رسائی کو بیان کیجیے۔<br>____________________<br>__________ |

## 2.4 موضوعاتی طرز رسائی(Topical Approach)

نصاب کی تنظیم کے تمام طرز رسائیوں میں موضوعاتی طرز رسائی سب سے آسان اور سادہ طرز رسائی ہے۔ اس میں مضمون کے عنوانات کو اس کی اہمیت کی بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے اور اسے تسلسل کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔ یعنی اس طرز رسائی میں یہ طے مقصود ہوتا ہے کہ نصاب تعلیم اس طرح مرتب و منظم کیا جائے کہ ایک تجربہ دوسرے تجربہ کے لیے اور ایک علم دوسرے علم کے لیے مدد گاہ ثابت ہو۔ یعنی نصاب میں ربط اور تسلسل موجود ہو۔ اس میں نصاب کی تنظیم کی بنیاد موضوع اور عنوانات ہوتے ہیں۔ لہٰذا نصاب کی ترتیب اس طرح کی جاتی ہے کہ ابتدائی تعلیم ثانوی تعلیم کے لیے اور ثانوی تعلیم اعلیٰ تعلیم کے لیے اس مخصوص موضوع اور عنوان پر بنیاد فراہم کرے۔ اس طرح آپ کہہ سکتے ہیں کہ اس قسم کا نصاب مضمون، عنوانات اور موضوعات کے حوالے سے منظم کیا جاتا ہے۔ اس میں مختلف مضامین کے مواد اور موضوعات بھی مختلف جماعتوں کے طلبا کی افہام و تفہیم کے معیار کے لحاظ سے شامل کیے جاتے ہیں۔ ہر ایک مضمون اور عنوان ایک اندرونی ترتیب رکھتا ہے جو کہ ایک تسلسل کے ساتھ نصاب میں پیش کیا جاتا ہے۔ نصاب کی بنیاد تدریسی و اکتسابی عمل کا بنیادی عنصر ہے۔ اس میں علم، صلاحیت اور اس مضمون سے متعلق مقاصد بھی شامل ہیں۔ علم میں حقائق (Facts)، تصورات (Concepts)، عمومی اصول وغیرہ شامل ہیں۔ بہر حال مواد مضمون کا انتخاب ایک پیچیدہ اور مشکل کام ہے۔ اس لیے موضوعاتی طریقہ میں مواد مضمون، موضوعات اور عنوانات کو تعلیمی و تدریسی مقاصد کے مطابق ہونا چاہیے۔ کیوں کہ یہ مضامین تعلیم کا ٹھوس فہم عطا کرتے ہیں۔

طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں موضوعاتی طرز رسائی کے کلیدی نکات مندرجہ ذیل ہیں :

- یہ تمام طرز رسائیوں میں سب سے آسان ہے۔
- عنوانات کا انتخاب اس کی اہمیت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے اور ایک منظم ترتیب میں رکھا جاتا ہے۔
- اس طریقے میں مرکزی تصورات یا موضوعات کے ارد گرد معلومات کو جوڑ کر اکتساب کو مزید بامعنی اور متعلقہ بنایا جاتا ہے۔
- اس میں پہلا قدم تھیم یا موضوعات یا عنوانات کی شناخت اور ان کا انتخاب کرنا ہے جو اکتساب کے مجموعی مقاصد سے متعلق ہوں۔ یہ موضوعات تعلیمی سطح اور تفہیم کی مطلوبہ گہرائی کے لحاظ سے وسیع یا تنگ ہو سکتے ہیں۔
- عنوانات کے لحاظ سے مواد کو ترتیب دینا جیسے خلیہ، ارتقاء، جینیات، ماحولیات پر مبنی اکائی یا اسباق۔
- موضوعاتی اکائیاں متعدد طبیعیاتی موضوعات پر محیط ہو سکتی ہیں۔
- موضوعاتی اکائیاں طبیعیات کا ایک جامع نظریہ پیش کرتی ہے اور طلبا کو طبیعیاتی تصورات کے فطری دنیا کے اطلاق اور مضمرات کو سمجھنے میں مدد کرتی ہیں۔
- موضوعات کو اس طرح ترتیب دیا جاتا ہے جو پہلے بنیادی تصورات کو متعارف کرائے اور آہستہ آہستہ پیچیدگی پیدا کرے۔ اس سے طلبا کو جدید موضوعات پر غور کرنے سے پہلے ایک مضبوط بنیاد بنانے میں مدد ملتی ہے۔

| اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress) |
| --- |
| 1۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں موضوعاتی طرز رسائی کو واضح کیجیے۔<br>________________________________________<br>________________________ |

## 2.5 نفسیاتی طرز رسائی(Psychological Approach)

طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں نفسیاتی طرز رسائی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ نفسیاتی نقطہ نظر سے نصاب سازی اور نصاب کو ڈیزائن کرنے میں جدید پہلوؤں کو اُجاگر کرتے ہیں۔ جو کہ طبیعیاتی سائنس کے طلبا کی متنوع ضروریات اور علمی صلاحیتوں کی تکمیل کرتا ہے۔ یہ طرز رسائی علمی، وقوفی اور ترقیاتی نفسیات کے اصولوں سے باہم مربوط ہیں جس کا مقصد ایسے اکتسابی تجربات تخلیق کرنا ہے جو طالب علم کی فکری نشوونما، سماجی۔ جذباتی نشوونما اور مجموعی طور پر فلاح و بہبود کو بہتر بنائیں۔ موجودہ دور میں طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم کی اہم بنیاد نفسیات ہے۔ زمانہ قدیم میں نفسیات پر زیادہ توجہ نہیں دی جاتی تھی لیکن عصری نصاب تعلیم میں نفسیات اور اس کے اصولوں کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ یعنی طالب علم کے نفسیاتی تقاضوں اور خواہشات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے نصاب کی تنظیم کی جاتی ہے۔ تدوین نصاب یا نصاب سازی کے عمل میں طالب علم کی بالیدگی اور اس کے نشوونما کے مختلف ادوار کی خصوصیات کا جاننا ضروری ہے۔

طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم کے نفسیاتی طرز رسائی کا بنیادی مقصد یہی ہے کہ تعلیمی مقاصد کی تکمیل میں طالب علم کی نفسیات کو بنیادی مقام دیا جائے۔ کیوں کہ نفسیات انسان کے برتاؤ، کردار، اس کے تقاضے، اس کی بالیدگی کے مختلف ادوار کی خصوصیات، طبیعیاتی، جذباتی اور سماجی نشوونماں پر روشنی ڈالتی ہے۔ عصر حاضر میں ماہرین تعلیم اس بات کی پرزور تلقین کرتے ہیں کہ نصاب میں طالب علم کی انفرادیت او رنفسیات کا مکمل خیال رکھنا چاہیے اور ان کے تقاضوں کی آسودگی کو پروان چڑھانے کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔ طالب علم نصاب میں شامل شدہ موضوعات، عنوانات، درسی و نصابی کتابیں اور دیگر تصورات و حقائق کا مطالعہ تبھی کر سکیں گے جب وہ ان کی نفسیات کے عین مطابق ہو۔ ایسا نصاب جو نفسیاتی اصولوں کو مدِ نظر رکھ کر مرتب نہیں کیا جاتا وہ قابل فہم نہیں ہو سکتا۔ اکتسابی اصولوں کو ہمیشہ ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے اور مضامین کا انتخاب اس کی صلاحیتوں، تقاضوں اور ضروریات کے مطابق کرنا چاہیے۔

جان ڈیوی کے مطابق: ”نصاب میں اہم ترین مضامین اور دلچسپ سبق آموز تجربات اور سرگرمیاں شامل کی جائیں اور ان کو طلبا کی نفسیات سے مربوط کیا جائے تاکہ ان سے طلبا اسکول کی بیرونی اقدار سے بھی واقف ہو جائیں“

کلپیٹرک(Killpatrick) کے مطابق ”نصابی سرگرمیوں یعنی اکتساب شخصیت کی تعمیر کرتی ہے۔ لہٰذا نصاب میں شامل تمام سرگرمیوں کو طلبا کی مجموعی شخصیت سے مربوط کرنا چاہیے“

مائیکل کے مطابق ”نصاب بذات خود اکتساب کو شخصیت میں منتقل کرتا ہے“

لہٰذا نفسیات میں تحقیق اور تجربات کی وجہ سے قدیم تعلیمی نقطہ نظر یکسر تبدیل ہو گیا۔ تعلیم تصورات سے نکل کر ٹھوس شکل میں سامنے آئی ہے۔ نفسیات میں نئی تحقیقات کے نتائج کا حیاتیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں بھی اطلاق ہوا ہے۔ جس میں چند مندرجہ ذیل ہیں :

i. **برتاؤ پسند یا طرز عمل نظریات(Behaviouristic Theories):** مثال کے طور پر تھارن ڈائک(Thorndike) ، پاولو (Pavlove)،واٹسن(Watson) ،اسکنّر(Skinner) ،بندورا(Bandura) اورگیگنے (Gagne) کے نفسیاتی نظریات۔

ii. **وقوفی نظریات(Cognitive Theories):** مثال کے طور پر پیاجے (Piaget) ، برونز(Bruner) ، گلفرڈ(Guilford)اورہاورڈ گارڈنر (Howard Gardner) کے نظریات۔

iii. **انسانیت مرکوز نظریات(Humanistic Theories):** مثال کے طور پر گسٹالٹ(Gestalt) ، ماسلو(Maslow) ، روزر (Roger)اورلوئس رُتھ (Leuis Ruth) کے نظریات۔

جب کہ عصری تعلیمی عمل میں طرز عمل یا برتاؤ پسند (Behaviourism) کو بڑی حد تک وقوفی (Cognative) اور تعمیری (Constructivist) نظریے سے تبدیل کیا گیا ہے۔ لیکن اب بھی برتاؤ پسند یا طرز عمل کا نظریہ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم کے بعض پہلوؤں سے آگاہ کرتا ہے ، خاص طور پر مہارتوں کے حصول (Skill Acquisition) اور طرز عمل یا برتاؤ کو منظم (Behaviour Management) کرنے کے دائرے میں۔ طرز عمل یا برتاؤ کے اصول(Behaviourist Principles) واضح مقاصد ، ساختی کمک(Structured Reinforcement)اور طالب علم کی اکتسابی عمل میں منظم بازرسائی (Systematic Feedback) کی اہمیت پر زور دیتے ہیں۔ لہٰذا طرز عمل یا برتاؤ کے اصولوں پر مبنی نصاب کی تنظیم میں پیچیدہ مہارتوں کو چھوٹے حصوں میں تقسیم کرنا، قابل انتظام اقدامات کرنا، مشق اور کمک کے لیے بار بار مواقع فراہم کرنا اور کمرہ جماعت کے مثبت روے ے کو فروغ دینے کے لیے، روے کے انتظامی حکمت عملیوں کو نافذ کرنا شامل ہو سکتا ہے۔

وقوفی نظریات کے مرکز میں طالب علم کی وقوفی صلاحیتیں اور فعال طور پر اپنے ماحول کے ساتھ تعامل کے ذریعے علم کی تعمیر شامل ہے۔ اس نظرے ے پر مبنی طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم طالب علم کو تجرباتی اکتسابی سرگرمیوں میں مشغول ہونے کے مواقع فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیتی ہے۔ اس کے مطابق نصاب کی تنظیم میں گروپ پروجیکٹ، مباحثے، تجرباتی کام، ماڈل سازی وغیرہ شامل کی جاسکتی ہیں۔

انسانیت مرکوز نظریات سماجی و ثقافتی عوامل پر توجہ دیتا ہے۔ نصاب کی تنظیم میں یہ نظریہ اکتسابی ماحول پیدا کرنے کی اہمیت کو واضح کرتا ہے جو طالب علم کے ثقافتی پس منظر اور تجربات کی عکاسی کرتا ہے۔ اس نظرے ے میں اکتساب کے لچکدار تجربات کو ڈیزائن کرنا شامل ہے جو طالب علم کی انفرادیت، مختلف صلاحیتوں، دلچسپیوں اور اکتسابی انداز کو فوقیت دیتا ہے۔ تمام طلبا کو کامیابی کے مواقع دینا بھی شامل ہے۔

| اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress) |
| --- |
| 1۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں نفسیاتی طرز رسائی کو واضح کیجیے۔<br>2۔ برتاؤ پسند نظریات سے کیا مراد ہے؟<br>____________________________________________________<br>_____________________________ |

## 2.6 منطقی طرز رسائی(Logical Approach)

طبیعیاتی سائنس وہ عمومی سائنس ہے جس میں تمام سائنسی علوم کے وہ عنوانات شامل ہوتے ہیں جن کا مقصد طلبا کی روزمرہ زندگی سے متعلق آگاہ کرنا ہوتا ہے۔ اطراف واکناف کی اشیا کے متعلق جاننا انسانی فطرت کا حصہ ہے۔ حیاتیاتی سائنس علم کا تسلسل مجموعہ ہے۔ اس لیے حیاتیاتی سائنس کی معلومات معنی خیز تبھی ہو سکتی ہےں جب اسے منطقی طور پر تسلسل کے ساتھ پیش کیا جائے۔ یہ طرز رسائی نصاب کے اندر موجود منطقی تعلقات کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ روابط تنظیم نصاب کے اجزاء کے درمیان اور اندر پائے جاسکتے ہیں۔ وہ سوالات جو اصولوں کے منطق ہو سکتے ہیں مندرجہ ذیل ہیں:

i. کیا نصاب کی ترتیب منطقی طور پر ہے؟

ii. کیا نصاب کی وسعت کے مسائل کا حل منطقی طور پر گہرائی سے کیا گیا ہے؟

iii. کیا مواد مضمون اور تعلیمی مقاصد کے درمیان منطقی تعلقات ہیں؟

iv. کیا تنظیم نصاب میں کے ے جانے والے فیصلے منطقی اور دلائل کے مطابق حق بجانب ہے؟

v. کیا تنظیم نصاب میں منطقی طور پر اصول مناسبت، معروضیت، تدریج اور تسلسل کا خیال رکھا گیا ہے؟

منطقی طرز رسائی طبیعیاتی سائنس کو علم کی جامع اور منظم ذخیرہ کے طور پر پیش کرتی ہے۔ لہٰذا اس کے تحت اگر مواد مضمون کو منطقی ترتیب سے تدوین کی جائے تو علم بامعنی بن جاتا ہے۔ ترتیب کا یہ طریقہ آسان سے مشکل کی سطح پر مبنی درجہ بندی ہے۔ اسے قیف طرز رسائی (Funnel Approach) بھی کہا جاتا ہے۔ یہ طالب علم کی منطقی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ نصاب کی تشکیل منطقی بنیادوں پر ہوتی ہے جس میں آمادگی، تربیت کی منطقی، کمک وغیرہ شامل ہیں۔ نصاب میں آسان موضوعات کے بعد مشکل نصاب کی تنظیم سے مراد تعلیمی مواد اور اکتسابی تجربات کے منظم ترتیب کے ذریعے مخصوص تعلیمی مقاصد کا حصول ہے۔ نصاب کی تنظیم کے منطقی نظریے میں مندرجہ ذیل کلیدی پہلو شامل ہیں :

**مقاصد کی وضاحت(Clarity of objectives):** ان تعلیم مقاصد اور اکتسابی نتائج کو واضح طور پر بیان کرتے ہوئے نصاب کی تنظیم کریں جو آپ طلبا کے لیے حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ یہ مقاصد مخصوص، قابل پیائش، قابل حصول، متعلقہ اور وقت کے پابند ہونے چاہیے۔

**ترتیب وار پیش رفت(Sequential progression):** نصابی مواد کو ایک منطقی ترتیب میں سجائیں، بنیادی تصورات سے شروع کریں اور جدید اعلیٰ موضوعات کی طرف بڑھتے جائیں۔ یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ طلبا اپنے علم کو ایک منظم انداز میں استوار کرتے ہیں جس میں ہر ایک تصور کو پچھلے تصورات کی بنیاد پر بنایا جاتا ہے۔

**وسعت اور ترتیب(Scope and sequence):** نصاب کے دائرہ کار اور وسعت کی وضاحت کریں یعنی جس مواد کا احاطہ کیا جائے گا او رترتیب کی وضاحت کریں جس میں اسے پڑھایا جائے گا۔ اس سے معلمین کو اس بات کو یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ تمام ضروری عنوانات شامل ہیں اور یہ کہ طلبا کے اکتساب میں مدد کے لیے انہیں مناسب وقت پر متعارف کرایا گیا ہے۔

**تفریق(Differentiation):** طلبا کی مختلف ضروریات، دلچسپیوں اور صلاحیتوں کو پہنچانیں اور نصاب کی تنظیم میں تفریق کے لیے حکمت عملیوں کو شامل کریں۔ اس میں اکتساب کے لیے متعدد راستے فراہم کرنا، جدید اور اعلیٰ اکتساب کے لیے افزودگی کی سرگرمیاں پیش کرنا، اور جدوجہد کرنے والے طلبا کے لیے اضافی مدد کرنا شامل ہو سکتا ہے۔

**جائزے کی ترتیب(Assessment alignment):** اس بات کو یقینی بنائیں کہ جائزے اکتسابی مقاصد اور نصابی مواد کے ساتھ ہم آہنگ ہوں۔ یعنی ایسے جائزے کو ڈیزائن کرنا جو نصاب میں بیان کردہ مہارتوں اور علم میں طلبا کی پیش رفت کی درست پیمائش کر سکے تاکہ تدریسی طریقے میں بہتری کے لیے جائزے کی معلومات استعمال ہو سکے۔

نصاب کی تنظیم طلبا، اساتذہ اور تعلیمی سیاق وسباق کی بدلتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے لچکدار اور موافق ہونا چاہیے۔ بازرسائی، جائزے کی معلومات، ابھرتے ہوئے تعلیمی رجحانات کی بنیاد پر نصاب کا باقاعدگی جائزہ لینا اور اس پر نظر ثانی کرنا بھی شامل ہے۔

لہٰذا نصاب کی تنظیم میں منطقی طرز رسائی تعلیمی و اکتسابی تجربات کو ڈیزائن کرنے میں منظم سوچ، ہم آہنگی اور تاثیر کو فروغ دیتا ہے جو طالب علم کے لیے بامعنی اکتساب میں سہولت فراہم کرتا ہے۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
| --- |
| 1۔ نصاب کی تنظیم کے منطقی طرز رسائی کو بیان کیجیے۔ |

## 2.7 متعلم مرکوز طرز رسائی(Learner Centered Approach)

اس نصاب میں طالب علم یا متعلم پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ تدوین نصاب میں طالب علم کی ضروریات، دلچسپیوں، صلاحیتوں اور اس کی عمر کو بنیادی حیثیت دی جاتی ہے۔ نصاب میں طالب علم کی ذہنی نشوونما کے لیے اہم تجربات کو بھی پیش کیا جاتا ہے۔ طلبا کی تفہیم اوران کی نفسیات کی نشوونما اس کی عمر کے ساتھ ہوتی ہے۔ اس لیے نصاب میں ایسی کوئی چیز شامل نہیں کیا جانا چاہیے جو طلبا کے ذہنی معیار سے مطابقت نہ رکھتا ہو۔ تدوین نصاب کسی طرز رسائی کے تحت ہی مرتب کیا جاتا ہے۔ متعلم مرکوز طرز رسائی کا براہ راست تعلق

نظریہ حیات سے ہوتا ہے۔ موجودہ دور میں نصاب سازی کی ایک اہم بنیاد طالب علم کی نفسیات ہے۔ قدیم زمانے میں نصاب سازی کے عمل میں طالب علم اور متعلم کی نفسیات پر زیادہ توجہ نہیں دی جاتی تھی۔ لیکن دور جدید میں تعلیمی عمل اور تدوین نصاب میں طالب علم اور متعلم کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ نصاب سازی کے عمل میں طلبا کی بالیدگی اور اس کے مختلف ادوار کی خصوصیات کا علم ضروری ہے۔ طالب علم نصاب میں درسی و نصابی کتابیں، مضامین، مقالات، عنوانات اور دیگر معلومات کا مطالعہ زیادہ دلچسپی سے کرتے ہیں جب وہ ان کی نفسیات کے مطابق تدوین کی گئی ہو۔

لہٰذا آپ کہہ سکتے ہیں کہ تعلیم و تدریس کے عمل میں نصاب سازی کی طرز رسائیوں میں متعلم مرکوز نصاب جدید طریقہ تدریس پر منحصر ہے۔ کیوں کہ اس میں اکتساب کی بنیاد طالب علم کے نفسیاتی اساس پر مبنی ہوتا ہے۔ ساتھ اس طرح کے نصاب میں تدریس و اکتساب کا مقصد طالب علم کی ضروریات، دلچسپیوں اور نفسیات کے اصولوں پر مبنی ہوتا ہے۔ لہٰذا نصاب کی تنظیم کے لیے طالب علم مرکوز یا متعلم مرکوز طرز رسائی میں طلبا کی ضروریات، دلچسپیوں اور صلاحیتوں پر زور دیتے ہوئے تعلیمی عمل کے مرکز میں رکھا جاتا ہے۔ یہ طرز رسائی روایتی معلم مرکوز یا اساتذہ مرکوز طرز رسائی سے بالکل مختلف ہے۔ روایتی معلم مرکوز طرز رسائی میں جہاں اساتذہ کے ذریعے غیر فعال وصول کنندگان کو مواد کی فراہمی پر توجہ دی جاتی ہے۔ جب کہ متعلم مرکوز طرز رسائی میں نصاب طلبا کو تعلیمی، تدریسی و اکتسابی عمل میں فعال طور پر شامل کرنے، ان کی خود مختاری، تنقیدی فکر کی مہارتیں اور باطنی محرکہ کو فروغ دینے کے لیے ڈیزائن اور نافذ کیا جاتا ہے۔ متعلم مرکوز نصاب کی تنظیم کے چند کلیدی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:

**انفرادیت(Individualization):** یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ طلبا کے پس منظر، دلچسپیاں اور اکتساب کے مختلف انداز ہوتے ہیں۔ نصاب ہر طالب علم کی انفرادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ اس میں اکتساب کی مختلف ترجیحات کو شامل کرتے ہیں، ذاتی نوعیت کے اکتسابی منصوبے، لچکدار رفتار اور متنوع تدریسی حکمت عملی شامل ہوتے ہیں۔

**فعال اکتساب(Active learning):** طلبا ہینڈس آن سرگرمیوں، انکوائری پر مبنی اکتساب، مسئلہ حل کرنے کے تفویضات اور باہمی تعاون کے منصوبوں کے ذریعے مواد کے بارے میں اپنی سمجھ پیدا کرنے میں سرگرم عمل رہتے ہیں۔ یہ فعال مشغولیت نصاب کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے جس سے طالب علم کو گہری تفہیم حاصل ہوتی ہے۔

**سماجی تعامل(Social interaction):** ساتھیوں کے ساتھ تعاون اور تعامل طالب علم کی اکتساب میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ بات چیت، گروپ اکتساب، پروجیکٹ کا کام، تجربہ گاہ کا کام کے ذریعے طلبا ایک دوسرے کے ساتھ شراکت داری کرتے ہیں۔ لہٰذا نصاب میں مکالمے اور مباحثے کی گنجائش کی جاتی ہے۔

**بازرسائی اور عکاسی(Feedback and Reflection):** مسلسل بازرسائی اور عکاسی اکتسابی عمل کے لازمی حصے ہیں۔ نصاب کی تنظیم میں طالب علم کو اکتسابی تجربات پر غور کرنے، نشاندہی کرنے اور مہارتوں کی فروغ کے لیے گنجائش پیدا کی جاتی ہے۔

مجموعی طور پر نصاب کی تنظیم کے لیے متعلم مرکوز طرز رسائی کا مقصد ایک معاون اور متحرک اکتسابی ماحول بنانا ہے جہاں طالب علم فعال طور پر مصروف ہوں، متحرک ہوں اور اپنے اکتسابی سفر میں بااختیار ہوں۔

| اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress) |
| --- |
| 1۔ متعلم مرکوز طرز رسائی سے کیا مراد ہے؟<br>2۔ متعلم مرکوز طرز رسائی کے خصوصیات بیان کیجیے۔<br>______________________________<br>_______________ |

## 2.8 خلاصہ (Summary)

اس اکائی میں آپ نے نصاب کی تنظیم (Curriculum Organization) کے مختلف طرزِ رسائیاں اور ان کے اصولوں کا مطالعہ کیا۔ نصاب کی تنظیم دراصل تعلیمی منصوبہ بندی کا ایک اہم جز ہے، جس میں تعلیمی اہداف کے حصول کے لیے تدریسی مواد، اکتسابی تجربات، اور سرگرمیوں کو منظم طور پر ترتیب دیا جاتا ہے۔ نصاب کی تنظیم کے مختلف طرزِ رسائیاں —جیسے ہم مرکزی، موضوعاتی، نفسیاتی، منطقی، اور متعلم مرکوز — تعلیمی فلسفے، مقاصد اور طلبہ کی ضروریات کی عکاسی کرتی ہیں۔

ہم مرکزی طرزِ رسائی میں علم آسان سے مشکل، سادہ سے پیچیدہ اور بنیادی سے اعلیٰ سطح کی طرف بڑھتا ہے۔ موضوعاتی طرزِ رسائی میں نصاب موضوعات یا عنوانات کی بنیاد پر ترتیب دیا جاتا ہے تاکہ علم کو جامع طور پر سمجھا جاسکے۔ نفسیاتی طرزِ رسائی جدید نظریاتِ تعلیم پر مبنی ہے، جس میں طلبہ کے ذہنی تقاضے، دلچسپیاں، اور سیکھنے کی نفسیات کو ملحوظ رکھا جاتا ہے۔ اس ضمن میں جان ڈیوی، کلپیٹرک، پیاجے، اسکنر، برونر، ماسلو اور دیگر ماہرین کے نظریات نمایاں ہیں۔ منطقی طرزِ رسائی میں علم کو منظم اور مربوط انداز میں پیش کیا جاتا ہے، تاکہ سیکھنے کا عمل بامعنی ہو، جبکہ متعلم مرکوز طرزِ رسائی میں طلبہ کو نصاب کے مرکز میں رکھا جاتا ہے، ان کی انفرادیت، تخلیقی صلاحیت اور فعال شمولیت پر زور دیا جاتا ہے۔ یوں نصاب کی مختلف طرزِ رسائیاں نہ صرف تعلیمی تجربات کو مربوط بناتی ہیں بلکہ طلبہ کی ہمہ جہت ترقی، تنقیدی فکر، اور خود سیکھنے کی صلاحیتوں کو فروغ دیتی ہیں۔

## 2.9 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ:

- نصاب کی تنظیم کے مفہوم اور اس کی تعلیمی اہمیت کو بیان کرسکیں گے۔
- نصاب کی تنظیم کے مختلف طرزِ رسائیاں اور ان کے اصولوں کی وضاحت کر سکیں گے۔
- ہم مرکزی طرزِ رسائی کے طریقہ کار اور تدریجی اصول کو سمجھ سکیں گے۔
- موضوعاتی طرزِ رسائی کی خصوصیات اور طبیعیاتی سائنس میں اس کے اطلاق کو بیان کرسکیں گے۔

- نفسیاتی طرزِ رسائی میں شامل نظریات اور ماہرین (ڈیوی، پیاجے، اسکنر، ماسلو وغیرہ) کے افکار کو سمجھ سکیں گے۔
- منطقی طرزِ رسائی کے بنیادی اجزاء اور قیف طرزِ ترتیب کی خصوصیات کو بیان کر سکیں گے۔
- متعلم مرکوز طرزِ رسائی کی اہمیت، اصول اور اس کے تدریسی اثرات کو بیان کر سکیں گے۔
- نصاب کی مختلف طرزِ رسائیوں کے مابین فرق اور ان کے باہمی ربط کا تجزیہ کر سکیں گے۔
- نصاب کی تنظیم میں طلبہ کی انفرادی ضروریات، دلچسپیوں اور صلاحیتوں کو مد نظر رکھنے کی اہمیت پر روشنی ڈال سکیں گے۔

## 2.10 فرہنگ (Glossary)

| | |
|---|---|
| تنظیم نصاب (Curriculum Organization) | تعلیمی منصوبہ بندی کا ایک کلیدی پہلو جس میں مخصوص تعلیمی اہداف کے حصول کے لیے تدریسی مواد اور اکتسابی تجربات و سرگرمیوں کی تدوین، ترقی اور نفاذ شامل ہے۔ |
| طرز رسائی (Approach) | تعلیمی مقاصد کے حصول اور تنظیم نصاب کے لیے اپنائے جانے والے مختلف طریقے۔ |
| ہم مرکزی طرز رسائی (Concentric Approach) | ایک مرکز رکھنے والے دائرے بھی کہتے ہیں۔ اس طرز رسائی میں معلومات اور علم کی تنظیم بنیادی سطح سے اعلیٰ سطح کی جانب ہوتا ہے۔ |
| موضوعاتی طرز رسائی (Topical Approach) | تنظیم نصاب کا ایک طریقہ جس میں مضمون کے عنوانات کو اس کی اہمیت کے بنیاد پر منتخب کیا جاتا ہے اور اسے تسلسل کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔ |
| نفسیاتی طرز (Psychological Approach) | تنظیم نصاب کا جدید ترین طریقہ جس میں طلبا کے نفسیاتی تقاضے اور خواہشات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے نفسیاتی اصول کے مطابق مواد کی تنظیم کی جاتی ہے۔ |
| منطقی طرز رسائی (Logical Approach) | تنظیم نصاب کا ایک طریقہ جس میں مواد مضمون کو منطقی ترتیب سے تدوین کی جاتی ہے تاکہ علم بامعنی بن جائے جیسے مقاصد کی وضاحت، ترتیب وار پیش رفت، تفریق اور جائزے کی ترتیب، اس طرز رسائی کو قیف طرز رسائی (Funnel Approach) بھی کہتے ہیں۔ |
| متعلم مرکوز طرز رسائی (Learner Centered Approach) | تنظیم نصاب کا ایک طریقہ جس میں طالب علم یا متعلم یا آموزگار کی ضروریات، دلچسپیوں، صلاحیتوں اور اس کی عمر کو بنیادی حیثیت دی جاتی ہے۔ |
| برتاؤ پسند یا طرز عمل نظریات (Behaviouristic Theories) | برتاؤ پسند یا طرز عمل کے نظریات، نفسیاتی نظریات کا ایک گروپ ہے جو انسانی اعمال اور ردِ عمل کے بنیادی عامل کے طور پر قابل مشاہدہ طرز عمل پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ |
| وقوفی نظریات | وقوفی نظریات، نفسیاتی علوم کے نظریات کا ایک گروپ ہے جو ذہنی عمل کے کردار پر توجہ |

| | |
|---|---|
| (Cognative Theories) | مرکوز کرتے ہیں، جیسے ادراک، یادداشت، استدلال، مسئلہ حل کرنے، فیصلہ سازی، ذہانت وغیرہ۔ |
| انسانیت مرکوز نظریات (Humanistic Approach) | انسانیت مرکوز نظریات نفسیاتی نظریات کا ایک گروپ ہے جو انسانی صلاحیتوں، ترقی اور خود حقیقت کی اہمیت پر زور دیتا ہے۔ 20ویں صدی کے وسط میں سابقہ نظریات کے ردِ عمل کے طور پر ابھری جو انسانی فطرت، خود مختاری، تخلیقی صلاحیتوں اور با معنی زندگی کے بارے میں زیادہ مثبت نظریہ ہے۔ |
| حصولِ مہارت (Skill Acquisition) | حصولِ مہارت سے مراد نئی مہارتیں سیکھنے، عبور حاصل کرنے، پہلے سے موجود مہارتوں کی مشق، تجربے اور ہدایات کے ذریعے بہتر بنانے کا عمل ہے۔ اس میں کسی خاص کام کو یا سرگرمی کو موثر طریقے سے انجام دینے کے لیے ضروری علم، صلاحیتوں اور تکنیکوں کو حاصل کرنا شامل ہے۔ |
| فعال اکتساب (Active Learning) | فعال اکتساب ایک ایسا طرز رسائی ہے جو طالب علم کو شراکتی سرگرمیوں کے ذریعے اکتسابی عمل میں شامل کرنے پر زور دیتا ہے۔ جیسے مباحثوں، مسئلہ حل کرنے کی مشقوں، گروپ ورک، نقالی اور ہینڈ آن سرگرمیوں کے ذریعے۔ |
| سماجی تعامل (Social Interaction) | سماجی تعامل سے مراد وہ عمل ہے جس کے ذریعے افراد سماجی سیاق وسباق میں ایک دوسرے کے ساتھ ترسیل، مشغولیت اور تعامل کرتے ہیں۔ اس میں زبانی اور غیر زبانی ترسیل کی مختلف شکلیں ہوتی ہیں جیسے بولنا، سننا، اشارے، چہرے کے تاثرات اور جسمانی اشارے۔ |
| ساختی کمک (Structured Reinforcement) | ساختی کمک سے مراد کسی ڈھانچے یا ساخت کو مضبوط بنانے کا عمل ہے۔ اس میں مختلف تکنیکیں شامل ہو سکتی ہیں جیسے مجموعی ساختی سالمیت کو بڑھانے کے لیے اضافی مواد شامل کرنا، تبدیل کرنا یا موجودہ نصابی اجزا میں ترمیم کرنا۔ |
| منظم باز رسائی (Systematic Feedback) | منظم باز رسائی سے مراد مستقل اور منظم انداز میں آرا فراہم کرنے کا ایک منظم طریقہ ہے۔ اس عمل میں واضح معیار، باقاعدہ تشخیص اور بہتری کے لیے تعمیری تجاویز شامل ہوتی ہیں۔ |

## 2.11 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Answer Type Questions)

1۔ ایک مرکز رکھنے والے دائرے بھی کہتے ہیں؟

(A)ہم مرکزی طرز رسائی (B)موضوعاتی طرز رسائی (C)منطقی طرز رسائی (D)نفسیاتی طرز رسائی

2۔ تنظیم نصاب کا وہ طریقہ جس میں مضمون کے عنوانات کو تسلسل کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے؟

(A)سالماتی طریقہ (B)طرز عمل (C)موضوعاتی طرز رسائی (D)ہم مرکزی طرز رسائی

3۔ تنظیم نصاب کا وہ جدید ترین طریقہ جس میں طلبا کے نفسیاتی تقاضے اور نفسیاتی اصول کے مطابق مواد کی تنظیم کی جاتی ہے؟

(A)وقوفی طریقہ (B)نفسیاتی طرز رسائی (C)منطقی طرز رسائی (D)موضوعاتی طرز رسائی

4۔ منطقی طرز رسائی کے تحت نصاب کی تنظیم کی جاتی ہے؟

(A)بے ترتیب (B) تنظیمی (C)دائروں (D)منطقی ترتیب

5۔ متعلم مرکوز طرز رسائی کے تحت نصاب کی تنظیم مبنی ہوتا ہے؟

(A)طالب علم (B)کتابیں (C)اساتذہ (D)کتب خانہ

6۔ برتاؤپسند نظریات سے متعلق ہے؟

(A)پیاجے (B)برونر (C)ماسکو (D)تھارن ڈائک

7۔ وقوفی نظریات سے متعلق ہے؟

(A)پاولو (B) واٹسن (C)گلفرڈ (D)اسکنّر

8۔ انسانیت مرکوز نظریات کن سے متعلق ہے؟

(A)کارل روزر (B)پیاجے (C) گینگے (D)گارڈنر

9۔ طبیعیاتی سائنس کی وہ شاخ جو روشنی کے رویے اور خصوصیات کا مطالعہ کرتی ہے، بشمول انعکاس، اضطراب، بازی، اور مادے کے ساتھ روشنی کا تعامل۔ اس میں جیومیٹرک آپٹکس، ویو آپٹکس، اور کوانٹم آپٹکس جیسے موضوعات شامل ہیں۔

Optics(A) Thermodynamics(B) Relativity(C) Quantum(D)

10۔ مستقل اور منظم انداز میں آرا فراہم کرنے کا ایک منظم طریقہ ہے؟

(A)جائزہ (B)جانچ (C)منظم بازرسائی (D)امتحان

## مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)

1۔ طبیعیاتی سائنس میں نصاب کی تنظیم سے کیا مراد ہے؟

2۔ طبیعیاتی سائنس میں نصاب کی تنظیم کا تعارف پیش کیجیے؟

3۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں ہم مرکزی طرز رسائی کو واضح کیجیے۔

4۔ طبیعیاتی سائنس میں موضوعاتی طرز رسائی کی خصوصیات بیان کیجیے؟

5۔ طبیعیاتی سائنس میں برتاؤ پسند نظریات سے کیا مراد ہے؟
6۔ طبیعیاتی سائنس میں وقوفی نظریات کو بیان کیجیے۔
7۔ طبیعیاتی سائنس میں انسانیت مرکوز نظریات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟
8۔ طبیعیاتی سائنس میں منطقی طرز رسائی کے کلیدی پہلوؤں کو اُجاگر کیجیے۔
9۔ طبیعیاتی سائنس میں متعلم مرکوز طرز رسائی کی خصوصیات بیان کیجیے؟
10۔ طبیعیاتی سائنس میں تنظیمِ نصاب کی اہمیت بیان کیجیے۔

**طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answer Type Questions)**

1۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں ہم مرکزی طرز رسائی کے کردار کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔
2۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں موضوعاتی طرز رسائی کے کلیدی پہلوؤں کی وضاحت کیجیے۔
3۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں نفسیاتی طرز رسائی کو تفسیل سے بیان کیجیے۔
4۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں منطقی طرز رسائی کے مختلف پہلوؤں کی وضاحت کیجیے۔
5۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تنظیم میں متعلم مرکوز طرز رسائی کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

## 2.12 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)


1۔ Aggarwal, J. C. (1990). Curriculum Reforms in India. New Delhi: Doaba House.

2۔ Ahmad, Jasim (2019). Pedagogy of Science, Reflective Practices. New Delhi: Sage Publications India Pvt. Ltd.

3۔ Alam, Md. Afroz (2020). Pedagogy of Biological Sciences. Hyderabad: Neelkamal Publications Pvt. Ltd.

4۔ Alam, Md. Afroz (2017). Metacognitive Abilities and Achievement in Biological Sciences. Mauritius: LAP Lambert Academic Publishing.

5۔ Bhalla, N. (2007). Curriculum Development. New Delhi: Author Press.

6۔ Eisner, E. W. (1979). The Educational Imagination. New York: Millan.

7۔ John, Dewey (1996). The child and the curriculum: The School and the Society. USA: Phoenix

8- Ministry of Education (1996). Education and National Development, Report of the Education Commission (1964-66). New Delhi: NCERT.

9- Ministry of HRD (1993). Learning without Burdon, Report of the Advisory Committee, MHRD, New Delhi: Department of Educaiton.

10- NCERT (1975). The Curriculum for the Ten-Year School: A Framework. New Delhi: NCERT.

11- NCERT (1988). National Curriculum for Elementary and Secondary Education: A Framework. New Delh: NCERT.

12- NCERT (2000). National Curriculum Framework for School Education. New Delhi: NCERT.

13- NCERT (2005). National Curriculum Framework-2005. New Delhi: NCERT.

14- NCERT (2023). National Curriculum Framework for School Education. New Delhi: NCERT.

15- احرار حسین(2005)، سائنس کی تدریس، نیو ویژن پبلشنگ ہاؤس، دہلی

16- این سی ای آر ٹی(2020)، سائنس کی تدریسیات، درسی کتاب برائے بی ایڈ، حصہ ـ1، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، نئی دہلی

17- این سی ای آر ٹی(2017)، سائنس کی تدریسیات، درسی کتاب برائے بی ایڈ، حصہ ـII، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، نئی دہلی

18- ڈی این شرما، آر ایس شرما(1980)، سائنس کی تدریس، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

19- محمد افروز عالم(2019)، مضامینِ تعلیم و تدریس، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی

20- ملک محمد موسیٰ، شازیہ رشید(2008)، تدوین نصاب اور تدریس، جدران پبلی کیشنز، لاہور

21- وزارت حسین، ودود الحق صدیقی(2007)، سائنس کی تدریس، ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ

# اکائی 3۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں جدید رجحانات

(Current Trends in Physical Sciences Curriculum Development)*


3.0 تمہید(Introduction)

3.1 مقاصد(Objectives)

3.2 طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں جدید رجحانات

(Current Trends in Physical Sciences Curriculum Development)

3.3 مضمون مرکوز طرز رسائی(Subject Centered Approach)

3.4 برتاؤ پسند طرز رسائی(Behaviouristic Approach)

3.5 تعمیراتی طرز رسائی(Constructivist Approach)

3.6 قومی درسیات کا خاکہ(NCF-2005) کا سائنس کے نصاب کے متعلق سفارشات

(Recommendations of NCF-2005: Related to Science Curriculum)

3.7 قومی درسیات کا خاکہ برائے تعلیم اساتذہ(NCFTE-2009) میں سائنس کے اساتذہ سے متعلق سفارشات

(Recommendations of NCFTE-2009 on Science Teachers)

3.8 خلاصہ(Summary)

3.9 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

3.10 فرہنگ(Glossary)

3.11 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

3.12 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)


## 3.0 تمہید(Introduction)

طبیعیاتی سائنس میں نصاب کی ترقی ایک کثیر جہتی عمل ہے جس کا مقصد طلباء کو قدرتی دنیا پر حکمرانی کرنے والے بنیادی اصولوں کی جامع تفہیم فراہم کرنا ہے۔ طبیعیات، کیمسٹری اور زمینی علوم کے مضامین میں جڑے ہوئے، یہ نصاب سیکھنے والوں کو ان بنیادی قوانین، نظریات اور تصورات کی کھوج میں مشغول کرنے کی کوشش کرتا ہے جو مادے، توانائی اور ان کے تعامل کو کنٹرول کرتے ہیں۔ طبیعیاتی


* Dr. Md. Afroz Alam, Assistant Professor, MANUU CTE, Darbhanga

سائنس کے نصاب کی ترقی میں محتاط منصوبہ بندی، تعلیمی معیارات کے ساتھ صف بندی، اور طلباء کی متنوع ضروریات اور پس منظر پر غور کرنا شامل ہے۔ یہ بامعنی سیکھنے کے تجربات کو آسان بنانے کے لیے مناسب مواد کے انتخاب، تدریسی حکمت عملیوں، اور تشخیص کے طریقوں پر مشتمل ہے۔ آج کی تیزی سے ترقی کرتی ہوئی دنیا میں، طبیعیاتی سائنس کی تعلیم کی اہمیت کو زیادہ سمجھا جا سکتا ہے۔ یہ طلباء کو تنقیدی سوچ کی مہارت، مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں، اور سائنسی طریقہ کار کے لیے گہری تعریف سے آراستہ کرتا ہے۔ مزید بر آں، یہ سائنسی خواندگی کو فروغ دیتا ہے، لوگوں کو ماحولیاتی پائیداری سے لے کر تکنیکی جدت تک کے مسائل کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے کے قابل بناتا ہے۔ تدوین نصاب ایک حرکیاتی عمل ہے جس کے ذریعے طلبا، اساتذہ اور سماج کی بدلتی ہوئی ضروریات کی تکمیل کے لیے مسلسل نصاب کی تیاری اور ترقی ہوتا رہتا ہے۔ تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں طلبا کو اکتسابی عمل کے لیے تیار کرنے کی غرض سے تدوین نصاب طالب علم مرکوز، جامع اور لچکدار طرز رسائی سے تیار کی جارہی ہے۔ اکیسویں صدی کی مہارتوں (21st Century Skills) پر زور دیا جارہا ہے۔ تدوین نصاب میں تعلیمی مواد کے ساتھ ساتھ تنقیدی فکر، تخلیقی صلاحیت، ترسیل، اشتراک اور ڈیجیٹل خواندگی جیسے تدریسی مہارتوں کی اہمیت کو تسلیم کیا جارہا ہے۔ نصاب کو فلسفیانہ، سماجیانہ اور نفسیاتی بنیادوں پر تیار کی جاتی ہے۔ ہندوستانی تناظر میں قومی تعلیمی پالیسی اور قومی درسیات کے خاکے کی روشنی میں نصاب تعلیم کو از سرے نو ڈیزائن کیا جارہا ہے تاکہ طلبا کے لیے اکتسابی عمل آسان فہم ہوسکے۔ طلبا کے لیے پروجیکٹ پر مبنی اکتساب، مسائل حل کرنے کی سرگرمیوں اور مقامی و حقیقی دنیا میں اطلاق کے ذریعے مختلف مہارتوں کو فروغ دینے کے مواقع شامل کےے جارہے ہیں۔ طلبا میں مخصوص مہارتوں اور صلاحیتوں کو فروغ دینے کے غرض سے صلاحیت پر مبنی نصاب (Competency Based Curriculum) پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔ روایتی طرز تعلیم اور تدوین نصاب سے ہٹ کر نفسیاتی اور تعمیری طریقے سے نصاب تعلیم بنائے جارہے ہیں تاکہ طالب علم جدید دنیا میں درپیش چیلنجوں سے مقابلہ کرسکے۔ لہٰذا پچھلے اکائی میں نصاب کی تنظیم کے مختلف طرز رسائی سے واقف ہونے کے بعد آپ اس اکائی میں طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں جدید رجحانات کے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔ دوبں اثنا تدوین نصاب کے عمل میں روایتی مضمون مرکوز طرز رسائی، جدید برتاؤ پسند طرز رسائی اور جدید ترین تعمیری طرز رسائی کے بارے میں بھی معلومات حاصل کریں گے۔ ہندوستانی تناظر میں قومی درسیات کے خاکے اور ان کی سفارشات سے بھی واقفیت حاصل کریں گے۔

## 3.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کو مکمل کر لینے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ :

- طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں جدید رجحانات کو سمجھ سکیں۔
- تدوین نصاب کے مضمون مرکوز طرز رسائی سے واقف ہو سکیں۔
- تدوین نصاب کے برتاؤ پسند طرز رسائی کو بیان کر سکیں۔
- تدوین نصاب کے تعمیری طرز رسائی کے اطلاق کو سمجھ سکیں۔

- قومی درسیات کا خاکہ (NCF-2005) کا سائنس کے نصاب کے متعلق سفارشات کو بیان کر سکیں۔
- قومی درسیات کا خاکہ برائے تعلیم اساتذہ (NCFTE-2009) میں سائنس کے اساتذہ سے متعلق سفارشات کی تفہیم کر سکیں۔

## 3.2 طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں جدید رجحانات

(Current Trends in Physical Sciences Curriculum Development)

نصاب تعلیم کے قدیم تصورات کے مطابق اسے صرف مواد اور مضامین کا مجموعہ (Collection of Contents and Subjects) سمجھا جاتا تھا۔ ان مخصوص مواد اور مضامین کی تدریس نصاب کی تکمیل سمجھا جاتا تھا۔ کتاب اور استاد کو مرکزی حیثیت حاصل تھی۔ ذہنی نشو ونما پر زیادہ توجہ دی جاتی تھی۔ طالب علم کی نفسیات (Psychology) ، رویہ (Attitude) ، رجحان (Aptitude) ، ذہنی استعداد (Mental Ability) وغیرہ کو مرکزی دائرے میں نہیں رکھا جاتا تھا۔ جب کہ نصاب تعلیم کے جدید تصورات کے مطابق نصاب کو صرف مضامین کا مجموعہ نہیں سمجھا جاتا ہے بلکہ اسے ہمہ گیر تعلیمی سرگرمیوں کا مجموعہ (Collection of Comprehensive Educational Activities) کہتے ہیں۔ جیسے جیسے تعلیم کے مختلف شعبے میں تحقیق کا اطلاق بڑھتا گیا اسی تناسب میں نصاب کی تنظیم و تدوین کے تمام قدیم تصورات فرسودہ ہوتے چلے گئے اور جدید تصورات، رجحانات اور تحقیقات پر مبنی نصاب کی تدوین اور تنظیم ہونے لگی۔ جدید تحقیق کی روشنی میں طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں بھی مختلف تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ جس میں مضمون مرکوز نصاب سے آگے بڑھتے ہوئے برتاؤ پسند نصاب (Behaviouristic Curriculum) کی تدوین کی گئی۔ جب کہ موجودہ دور میں تعمیری طرز رسائی (Constructive Approach) سے تدوین کے گئے نصاب کو زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں قدیم سے جدید رجحانات جیسے مضمون مرکوز طرز رسائی، برتاؤ پسند طرز رسائی اور تعمیری طرز رسائی کس طرح وقوع پذیر ہوئی ہے اس کی تفصیل آپ آگے صفحات میں پڑھیں گے۔ تدوین نصاب ایک متحرک عمل ہے جس سے طبیعیاتی سائنس میں کافی ترقی ہوئی ہے۔ حالیہ برسوں میں، طبیعیاتی سائنس میں نصاب کی ترقی کئی اہم رجحانات سے متاثر ہوئی ہے جو سائنسی تفہیم، تدریسی نقطہ نظر، اور تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں طلباء کی ترقی پذیر ضروریات کی عکاسی کرتے ہیں۔ یہ رجحانات جدید تدریسی حکمت عملیوں، بین الضابطہ انضمام، اور حقیقی دنیا کی ایپلی کیشنز کو شامل کرتے ہیں۔ یہاں کچھ نمایاں رجحانات ہیں جو فزیکل سائنس کی تعلیم کے منظر نامے کو تشکیل دیتے ہیں۔

- **ٹیکنالوجی کا انضمام:** ڈیجیٹل ٹولز اور وسائل کے پھیلاؤ کے ساتھ، طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی ترقی میں ٹیکنالوجی کو ضم کرنے پر بڑھتا ہوا زور ہے۔ ورچوئل لیبارٹریز، سمیولیشنز، اور ڈیٹا اینالیسس سافٹ ویئر کا استعمال ہینڈ آن تجربات کو بڑھانے، انکوائری پر مبنی سیکھنے کو فروغ دینے، اور پیچیدہ سائنسی مظاہر کی تلاش میں سہولت فراہم کرنے کے لیے کیا جا رہا ہے۔
- **بین الضابطہ روابط:** سائنسی مضامین کی باہم مربوط نوعیت کو تسلیم کرتے ہوئے، فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، اور ارتھ سائنسز کے تصورات کو طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں شامل کرنے کا رجحان ہے۔ یہ بین الضابطہ نقطہ نظر قدرتی مظاہر کی ایک جامع تفہیم کو فروغ دیتا ہے اور طلباء کو مطالعے کے مختلف شعبوں میں رابطہ قائم کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔

- **انکوائری پر مبنی سیکھنے پر زور:** انکوائری پر مبنی سیکھنے کے طریقے، جو طالب علم کی تلاش اور دریافت پر زور دیتے ہیں، طبیعیاتی سائنس کی تعلیم میں اہمیت حاصل کر رہے ہیں۔ کھلے عام تحقیقات میں مشغول ہو کر، طلباء تنقیدی سوچ کی مہارتیں، سائنسی استدلال کی صلاحیتیں، اور سائنسی عمل کی گہری سمجھ پیدا کرتے ہیں۔
- **مستند سیاق وسباق کو شامل کرنا:** نصاب تیار کرنے والے مستند سیاق وسباق اور حقیقی دنیا کے اطلاقات کو طبیعیاتی سائنس کی ہدایات میں تیزی سے شامل کر رہے ہیں۔ سائنسی تصورات کو روزمرہ کے تجربات، سماجی چیلنجوں، اور کیریئر کے مواقع سے جوڑ کر، اساتذہ طلباء کی مصروفیت اور مطابقت کو بڑھاسکتے ہیں، سائنسی علم کے عملی مضمرات کے لیے گہری تعریف کو فروغ دے سکتے ہیں۔
- **مساوات اور شمولیت پر توجہ مرکوز کریں:** طبیعیاتی سائنس کی تعلیم میں مساوات اور شمولیت کو فروغ دینے کی اہمیت کو تسلیم کیا جارہا ہے۔ نصاب کے ڈویلپرز سیکھنے کے ایسے تجربات تخلیق کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جو ثقافتی طور پر جوابدہ ہوں، متنوع نقطہ نظر پر مشتمل ہوں، اور پس منظر یا شناخت سے قطع نظر تمام طلباء کے لیے قابل رسائی ہوں۔
- **ماحولیاتی اور پائیداری کی تعلیم کو گلے لگانا:** موسمیاتی تبدیلی، ماحولیاتی انحطاط، اور پائیداری سے متعلق اہم عالمی چیلنجوں کے پیش نظر، طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں ماحولیاتی سائنس اور پائیداری کی تعلیم کو شامل کرنے پر نئے سرے سے زور دیا گیا ہے۔ اس میں ماحولیات پر انسانی سرگرمیوں کے اثرات کو تلاش کرنا، توانائی کے متبادل ذرائع کی چھان بین کرنا، اور ماحولیاتی ذمہ دارانہ طریقوں کو فروغ دینا شامل ہے۔

یہ موجودہ رجحانات طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی ترقی میں ایک متحرک اور ابھرتے ہوئے منظر نامے کی عکاسی کرتے ہیں، جو سائنسی خواندگی، تنقیدی سوچ کی مہارتوں، اور طلباء میں قدرتی دنیا کے لیے گہری تعریف کو فروغ دینے کے عزم سے کارفرما ہے۔ جدت طرازی، بین الضابطہ روابط، اور مساوات اور شمولیت پر توجہ مرکوز کرنے سے، ماہرین تعلیم تبدیلی کے تجربات تخلیق کر سکتے ہیں جو طلباء کو باخبر عالمی شہری اور کرہ ارض کے ذمہ دار بننے کے لیے بااختیار بناتے ہیں۔ لہٰذا طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں جدید تحقیقات کی روشنی میں مندرجہ بالا جدید معلومات کو مختلف مضامین یا عنوانات کے طور پر تعلیم کے مختلف سطحوں پر نصاب میں شامل کیا گیا ہے۔ جس سے طبیعیاتی سائنس کے نصاب کو تقویت ملی ہے اور مستقبل کے لیے درکار ضروری افرادی قوت (Manpower) پیدا کرنے میں بھی مددگار ہے۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
| --- |
| 1۔ تدوین نصاب سے کیا مراد ہے؟<br>2۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں جدید رجحانات کو اُجاگر کیجیے۔ |

## 3.3 مضمون مرکوز طرز رسائی(Subject Centered Approach)

تعلیم و تدریس کے عمل میں مضمون مرکوز نصاب سب سے زیادہ استعمال ہونے والا نصاب ہے۔ جس میں مخصوص مضمون کو بنیاد بنا کر مختلف تعلیمی و تدریسی تجربات کو منظم کیا جاتا ہے اور مواد مضمون پر مہارت حاصل کرنا تعلیمی مقاصد کے حصول کی بنیاد ہوتا ہے۔ مضمون مرکوز طرز رسائی میں نصاب کے منصوبہ سازوں کی خصوصی ذمہ داری ہوتی ہے کہ اسکول کی طرف سے تجویز ہونے والی معلومات کے اصل جزو(Elements) کا تعین کرے۔ مثلاً مضامین میں اردو، ہندی، انگریزی، سائنس، سماجی علوم، ریاضی، معاشیات وغیرہ میں تقسیم کرتے ہیں۔ لہٰذا آپ کہہ سکتے ہیں کہ مضمون مرکوز نصاب وہ ہے جس میں تدریسی مضامین کو الگ الگ حیثیت سے نصاب میں شامل کرتے ہیں۔ یہ نصاب سازی کی قدیم طرز رسائی ہے۔ اس لیے اسے روایتی نصاب (Traditional Curriculum) کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔ اس نصاب کے موجد قدیم یونان اور روم کے اسکولوں کو مانا جاتا ہے۔ اس نصاب میں مضمون پر زیادہ توجہ دینے کی وجہ سے اسے مضمون مرکوز نصاب کہتے ہیں۔ بہ الفاظ دیگر آپ کہہ سکتے ہیں کہ اس طرح کے نصاب کو مضمون کی بنیاد پر منظم کیا جاتا ہے۔ یہ نصاب علم کی مختلف شعبے پر مشتمل ہوتے ہیں جو مضامین کے نام سے موسوم کیے جاتے ہیں۔ مضامین کو مختلف معیارات کے مطابق نصاب میں شامل کیا جاتا ہے۔ جب مضمون مرکوز نصاب منظم کیا جاتا ہے تو مندرجہ ذیل تصورات بنائے جاتے ہیں:

- اسکول ایک نسل سے دوسری نسل تک مختلف مضامین کے ذریعے سماجی ورثہ (Social Heritage) منتقل کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔
- مختلف مضامین علم کی وسعت کے لیے مزید جگہ فراہم کرتے ہیں۔
- ہر ایک مضمون کو ترتیب اور تسلسل کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔
- مضامین کی ترتیب اور تنظیم جمہوری طرز عمل سے ہوتی ہے۔
- مضامین کو موزوں اجزا اور ذیلی شاخوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

طبیعیاتی سائنس میں موضوع پر مبنی نصاب کی ترقی تعلیمی مواد اور اکتسابی تجربات کو مضمون کے ارد گرد ترتیب دینے پر مرکوز ہے۔ طبیعیات کے شعبے سے متعلقہ بنیادی تصورات، اصولوں اور مہارتوں پر زیادہ توجہ دیتے ہیں۔ اس طرز رسائی کو طبیعیاتی علوم میں نافذ کرنے کے چند اہم پہلو مندرجہ ذیل ہیں :

**بنیادی تصورات کی شناخت(Identifying Core Concepts):** نصاب تیار کرنے والے ان بنیادی تصورات، نظریات اور اصولوں کی نشاندہی کر کے تدوین نصاب کرتے ہیں جو کہ طبیعیاتی علوم کی اساس ہیں۔ ان میں ایٹم نمبر، ماس نمبر، آاسوٹوپس، اور الیکٹران کنفیگریشن جیسے تصورات شامل ہوتے ہیں۔ کیمیکل بانڈنگ کو طلباء مختلف قسم کے کیمیائی بانڈز کو دریافت کرتے ہیں، بشمول ionic، covalent، اور دھاتی بانڈز۔ وہ یہ سیکھتے ہیں کہ ایٹم کس طرح ایک دوسرے کے ساتھ مل کر مالیکیولز اور مرکبات بناتے ہیں اور کس طرح بانڈنگ مادوں کی خصوصیات کو متاثر کرتی ہے۔ یہ بنیادی تصورات طبیعیات اور کیمسٹری کے شعبوں میں مزید تحقیق کے لیے ایک ٹھوس بنیاد فراہم کرتے ہیں،

جو طلبہ کو مزید جدید مطالعہ کے لیے تیار کرتے ہیں اور ان کی تعلیمی اور روزمرہ کی زندگی میں سائنسی اصولوں کے اطلاق کے لیے تیار ہوتے ہیں۔

**مواد کی ترتیب(Sequencing Content):** ایک بار جب بنیادی تصورات کی شناخت ہو جاتی ہے، تو اسے ایک منطقی ترتیب دیا جاتا ہے جو سابقہ معلومات پر استوار ہوتا ہے اور مزید پیچیدہ خیالات کی طرف بڑھتا ہے۔ مثال کے طور پر نصاب بنیادی تصورات سے شروع ہو سکتا ہے جیسے ماڈے کی حالتیں: مادے کی تین حالتیں ٹھوس، مائع اور گیس کا مطالعہ، حالت میں ہونے والی تبدیلیوں کے تصورات (پگھلنے، جمنا، بخارات، گاڑھا ہونا، سربلندی) اور ان پر اثر انداز ہونے والے عوامل، جیسے درجہ حرارت اور دباؤ کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ کیمیائی رد عمل کو طلباء کیمیائی تعاملات کی بنیادی باتوں کو دریافت کرتے ہیں، بشمول ماس کے تحفظ کا قانون، کیمیائی مساوات کو متوازن کرنا، رد عمل کی قسمیں (ترکیب، سڑنا، واحد تبدیلی، دوہری تبدیلی) اور رد عمل کی شرح کو متاثر کرنے والے عوامل۔

**مہارتوں کا انضمام(Integration of Skills):** طبیعیاتی سائنس میں متعدد مہارتیں شامل ہیں جن میں مشاہدہ، تجربہ، ڈیٹا کا تجزیہ، تنقیدی سوچ اور سائنسی تحقیقات شامل ہیں۔ لہٰذا موضوع کے تناظر میں ان مہارتوں کو نصاب میں شامل کر کے اطلاقی پہلو کو بھی اُجاگر کرتے ہیں۔ اس میں تجربہ گاہ کے تجربات، فیلڈ ورک، ڈیٹا جمع کرنا، تجزیہ کرنا اور مسئلہ حل کرنے کی سرگرمیاں شامل ہو سکتی ہیں۔

**مسلسل جائزہ اور نظر ثانی(Continuous Review and Revision):** تدوین نصاب ایک مسلسل جاری عمل ہے جس کے لیے جائزے اور نظر ثانی کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ یہ طبیعیاتی سائنس کے شعبے میں تعلیمی معیارات اور بہترین طرز کے ساتھ ہم آہنگ رہے۔

لہٰذا طبیعیاتی علوم میں مضمون مرکوز نصاب کی ترقی کا مقصد طلبا کو علم و ہنر کی ایک مضبوط بنیاد فراہم کرنا ہے جو اسے اس شعبے میں مزید مطالعہ اور کیریئر کے لیے تیار کرے گا نیز فطری دنیا میں سائنسی تحقیقات اور دریافت کی اہمیت کی تفہیم حاصل ہو گا۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
|---|
| 1۔ مضمون مرکوز طرز رسائی سے کیا مراد ہے؟<br>2۔ مضمون مرکوز طرز رسائی کے کلیدی پہلوؤں کو اُجاگر کیجیے۔ |

## 3.4 برتاؤ پسند طرز رسائی(Behaviouristic Approach)

نصاب مرتب کرنا ایک بہت ہی سنجیدہ عمل ہے۔ اس کے لیے مختلف اصول و ضوابط درکار ہوتے ہیں۔ نصاب کی تدوین کے مختلف تناظر اور نظریات ہوتے ہیں اور مختلف طرز رسائی اور طریقے بھی ہوتے ہیں۔ حیاتیاتی سائنس کی تدوین نصاب میں بھی قدیم مضمون مرکوز طریقے سے آگے بڑھتے ہوئے بروٴتاؤ پسند طریقے کو اپنایا گیا۔ آیئے جانتے ہیں کہ برتاؤ پسند طرز رسائی کیا ہے؟ برتاؤ پسند کا نظریہ عام

طور پر نفسیات کی جدید تحقیقات اور اصولوں پر مبنی ہے۔ جس میں پاولو (Povlov)، تھارن ڈائک (Thorndike)، واٹسن (Watson) اوراسکنّر (Skinner) کے نظریات اہم ہیں۔ بیسویں صدی میں تعلیم پر برتاؤ پسند نظریہ کا غلبہ رہا ہے۔ اس طرز میں مضمون کی مہارت پر زیادہ زور نہیں دیا جاتا ہے بلکہ طلبا کے برتاؤ، طرز عمل اور کردار پر زیادہ توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ اس لیے اکتسابی عمل کو مرحلہ وار منظم کیاجاتا ہے۔ اس طرز رسائی میں خود اساتذہ کو مواد مضمون پر توجہ مرکوز نہیں کرنا چاہیے بلکہ اسے طلبا کے برتاؤ اور طرز عمل پر توجہ مرکوز کرنا چاہیے۔ جس کی ضروریات نہ صرف اسکولوں میں ہوتی ہے بلکہ اس کی ضرورت زندگی کے ہر شعبے میں ہوتی ہے۔

تعلیمی و اکتسابی عمل میں نصاب کی تدوین برتاؤ پسند طرز رسائی سے کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس میں استاد کا غلبہ رہتا ہے جس کے ذریعے طلبا کے رویے میں تبدیلی ممکن ہوتی ہے۔ طلبا کی کردار سازی اور شخصیت سازی میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ طبیعیاتی تجزیہ کی رو سے دیکھا جائے تو ہر اس شئے جس سے کمرہ جماعت میں طلبا کے مثبت رویے کو تقویت ملتی ہے اسے برتاؤ پسند نصاب میں شامل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا اس طرز رسائی کے تحت نصاب مرتب کرتے وقت اس نظریے کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے اس میں ایسے مضامین یا مواد شامل کیا جاتا ہے جس سے طلبا کے اندر مثبت رویے کا فروغ ہو، طلبا کی بہتر کردار سازی کو تقویت حاصل ہو، سماج میں بہتر مطابقت پیدا کر سکیں اور ملک و قوم کی خدمت بہتر طور پر کر سکیں۔ برتاؤ پسندیا کرداریت کے تناظر کا احاطہ کرتے ہوئے قومی درسیات کا خاکہ (NCF-2005) میں کہا گیا ہے کہ "نصاب تعلیم کی ترتیب و تدوین میں طلبا کی مکمل نشوونما پر توجہ دی جائے تاکہ جسمانی اور ذہنی نشوونما کے ساتھ ساتھ انفرادی اور اجتماعی دونوں سطحوں پر طلبا کے رویے، کردار، برتاؤ اور طرز عمل میں نکھار پیدا ہوگا"۔

اس طرح آپ کہہ سکتے ہیں کہ طبیعیاتی سائنس کے نصاب کی تدوین میں توجہ قابل مشاہدہ طرز عمل، برتاؤ اور نتائج پر مرکوز ہوتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ براہ راست تجربے کے ذریعے اکتساب میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ہینڈ آن سرگرمیوں، تجربات او رمظاہرہ پر زور دینے کے لیے نصاب کو ڈیزائن کرتے ہیں۔ نصاب میں مطلوبہ طرز عمل یا برتاؤ اور اکتسابی نتائج کی حوصلہ افزائی کے لیے کمک کی تکنیک (Reinforcement Techniques) جیسے انعامات (Rewards) اور بازرسائی (Feedback) بھی شامل کیے جاتے ہیں۔ مزید برآں قابل مشاہدہ طرز عمل یا برتاؤ اور مخصوص مہارتوں اور تصورات میں مہارت کی پیمائش کرنے کے لیے جائزے کی تشکیل بھی شامل ہوتا ہے۔ مجموعی طور پر برتاؤ پسند طرز رسائی کا مقصد ایک منظم اور قابل پیمائش اکتسابی ماحول بنانا ہے جو فعال مشغولیت او رکمک کے ذریعے حیاتیاتی سائنس کے تصورات پر مہارت حاصل کرنے پر زور دیتا ہے۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check your progress)** |
|---|
| 1۔ برتاؤ پسند طرز رسائی سے کیا مراد ہے؟<br>2۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں برتاؤ پسند طرز رسائی کو واضح کیجیے۔ |

## 3.5 تعمیراتی طرز رسائی(Constructivist Approach)

طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں تعمیری طرز رسائی جدید رجحانات کی اہم ترین مثال ہے۔ تعمیری نصاب سے مراد یہ ہے کہ نصاب تعلیم ایسا ہو کہ سیکھنے والا معلومات کو حاصل کرنے سے زیادہ سیاق وسباق کے مطابق معلومات اور علم کی تعمیر کرنے پر زور دینے والا ہو۔ کیوں کہ معلومات، ذاتی تجربات اور ماحول کے مفروضات کی بنیاد پر تعمیر کیے جاتے ہیں۔ تعمیری نصاب کے حاملین میں جان ڈیوی(John Dewey)،وائی گوٹسکی(Vygotsky)،برونر(Bruner)اور جین پیاجے(Jean Piaget)جیسے اہم ماہرین نفسیات ہیں۔ پیاجے نے تعمیری نصاب کے متعلق بیان کیا ہے "جو طلبا کو نئی چیزیں کرنے کے لائق بنائے، یہ نہیں کہ وہی کام کرے جو سابقہ نسلیں کرتی آئی ہیں، کیوں کہ تعلیم کا مقصد ایسے انسان کی تعمیر ہے جو تخلیق کرنے، ایجاد اور دریافت کرنے کے لائق ہو"۔

وائی گوٹسکی نے جدید دور کے نصاب تعلیم کی تعمیر اور تدریسی واکتسابی عمل میں ایک انقلاب لانے کی کوشش کی ہے۔ ان کے مطابق نصاب کی تعمیر میں طلبا کی صلاحیتوں، دلچسپیوں اور رجحانات کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔ ان کے مطابق نصاب تعلیم مندرجہ ذیل کلیدی تصورات پر بنی ہونا چاہیے۔

i. انعکاسی فکر(Reflective Thinking)یعنی نصاب سائنسی طریقہ کار پر مبنی عقلی، منطقی، تنقیدی اور مسائل کے حل پر زور دینے والا ہو۔

ii. علم کی تعمیر کرنے والا ہو۔(Construction of Knowledge)

iii. ذہنی تحریک پیدا کرنے والا ہو۔(Brain Storming)

iv. تصوراتی خاکے پر مبنی ہو۔(Concept Mapping)

v. مسائل حل کرنے والا ہو۔(Problem Solving)

vi. تخلیقی فکر پیدا کرنے والا ہو۔(Creative Thinking)

**تعمیری نصاب کی خصوصیات(Characteristics of Constructive Curriculum)**

- طالب علم گروپ میں سرگرمی انجام دیتے ہیں اور فعال مشغولیت کا مظاہرہ کرتے ہیں۔
- ہر ایک طالب علم کو مفکر(Thinker) کے طور پر مشاہدہ کیا جاتا ہے۔
- استاد کا کردار اکتسابی ماحول کو سازگار بنانے اور مل جل کر کام کرنے کا ہوتا ہے۔
- طالب علم کو اکتسابی عمل میں بھرپور وقت فراہم کیا جاتا ہے۔
- طالب علم کا طالب علم سے باہمی ربط اور طالب علم کا استاد سے باہمی ربط میں اضافہ ہوتا ہے۔
- طالب علم کے اندر تنقیدی فکر بڑھانے کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے سے سوالات پوچھنے کی طرف راغب کرتا ہے۔

لہٰذا طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب کے لیے تعمیری طرز رسائی فعال مشغولیت (Active Engagement)، استفسار پر مبنی اکتساب (Inquiry Based Learning) اور خود طالب علم کے ذریعے علم کی تعمیر (Construction of Knowledge) پر زور دیتا ہے۔ اس طرز رسائی میں نصاب کو تنقیدی فکر، مسئلہ حل کرنے کی مہارتوں اور حیاتیاتی تصورات کی گہری تفہیم کو فروغ دینے کے لیے تدوین کی جاتی ہے بجائے اس کے کہ حقائق کو یاد کرنے (Memorization of Facts) کی کوشش کی جائے۔ مجموعی طور پر تعمیری طرز رسائی کا مقصد طالب علم کو تعلیمی و اکتسابی عمل میں فعال شراکت داری کے ذریعے با اختیار بنانا ہے، ان کی مدد کرنا ہے کہ وہ تنقیدی فکر کی مہارت، سائنسی خواندگی، حیاتیات کے مزید مطالعے اور حقیقی دنیا میں اطلاق کے لیے ضروری تجسس پیدا کریں۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
|---|
| 1۔ تعمیری طرز رسائی سے کیا مراد ہے؟<br>2۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں تعمیری طرز رسائی کے کلیدی تصورات کو بیان کیجیے۔ |

## 3.6 قومی درسیات کا خاکہ(NCF-2005) کا سائنس کے نصاب کے متعلق سفارشات

(Recommendations of NCF-2005: Related to Science Curriculum)

نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ(NCERT)کے ذریعے تیار شدہ قومی درسیات کا خاکہ (National Curriculum Framework-2005)نے رٹنے کے بجائے اکتساب بذریعہ تفہیم (Learning by Understanding) کی سفارش کی ہے۔ اس میں یہ بھی تجویز پیش کی گئی ہے کہ اسکول طلبا کے لیے تعمیر علم کے ذرائع فراہم کرائے اور آزادانہ طور پر غور و فکر کی صلاحیت پیدا کرنے میں ان کی مدد کرے تاکہ وہ روزمرہ کی زندگی کے مسائل کو حل کرنے کے قابل بن سکیں۔ نئے نصاب میں اساتذہ کو تبدیلی کا سب سے اہم ذریعہ شمار کیا گیا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ اس بات کی بھی ہدایت دی گئی ہے کہ طلبا کو معلومات کے انبار سے گراں بار کرنے اور ان کے ذہن و دماغ کو صرف حقائق سے پُر کرنے کے بجائے ان کے اندر تعمیری صلاحیت کو فروغ دینے پر خصوصی توجہ دی جانی چاہیے۔

NCF-2005کے مطابق اچھی سائنس کی تعلیم (Good Science) ہونا چاہیے:

i. بچوں کے لیے سچ (True to the child) سے مراد یہ ہے کہ جو سائنس ہم پڑھائیں وہ بچوں کی فہم کے مطابق ہونا چاہیے، معنی خیز اور خوشگوار اکتساب کے لیے بچوں میں تحریک پیدا ہونا چاہیے۔

ii. زندگی کے لیے سچ (True to life) سے مراد یہ ہے کہ جو سائنس ہم پڑھائیں وہ بچوں کے ماحول سے تعلق رکھتا ہو اور اپنے ماحول کے تحفظ کے متعلق بیداری پیدا کرنے والا ہو۔

iii. سائنس کے لیے سچ (True to science) سے مراد یہ ہے کہ جو سائنس ہم بچوں کو پڑھائےں وہ سائنس کی اہمیت و افادیت کے پہلوؤں کو اُجاگر کرنے والا ہو۔ سائنس کے مواد کو بچوں کی سطح کے مطابق تیار کیا گیا ہو اور وہ اس قابل بنیں کہ سائنسی معلومات کو عمل کے ذریعے سیکھے اور اس کی معقولیت (Validity) اور معتبریت (Reliability) کو سمجھیں۔

NCF-2005 میں سائنس کے نصاب کے متعلق مندرجہ ذیل چھ (06) معقولیت کے بنیادی معیارات (Basic criteria of validity) کی سفارش کی گئی ہے۔

### 3.6.1 وقوفی معقولیت (Cognitive Validity)

وقوفی معقولیت کا تقاضا ہے کہ سائنس کے نصاب تعلیم کے مواد مضمون، ذہنی طریقہ عمل، زبان اور تدریسی سرگرمیاں بچوں کی عمر کے مطابق ہوں اور ذہنی رسائی کے اندر ہوں۔

### 3.6.2 مواد کی معقولیت (Content Validity)

مواد کی معقولیت کا تقاضا ہے کہ سائنس کے نصاب تعلیم اہم اور صحیح سائنسی معلومات فراہم کرے۔ مواد کی سادگی ضروری ہے تاکہ نصاب تعلیم طالب علم کی وقوفی یا ذہنی سطح کے مطابق ہو سکا۔ یہ اس قدر آسان اور غیر اہم نہیں ہونی چاہیے کہ بنیادی طور پر مناسب اور بے معنی چیزوں کی ترسیل کرے۔

### 3.6.3 طریقہ عمل کی معقولیت (Process Validity)

اس سے مراد یہ ہے کہ سائنس کے نصاب تعلیم طالب علم کو ایسے طریقہ کار اور مراحل میں مشغول کردے جو اسے سائنسی معلومات کے حصول اور جواز تک پہنچائیں، فطری تجسس کو ابھاریں اور سائنس میں تخلیقی کام کو آگے بڑھائیں۔ طریقہ عمل کی معقولیت نصاب تعلیم کا ایسا معیار ہے جو طالب علم کو سائنس کی اکتساب میں امداد فراہم کرتی ہے۔

### 3.6.4 تاریخی معقولیت (Historical Validity)

اس کا تقاضا یہ ہے کہ سائنس کا نصاب تاریخی پس منظر سے آگاہ کرنے والا ہو تاکہ طالب علم کو فہم حاصل ہو کہ وقت کے ساتھ ساتھ سائنس کے تصورات نے کس طرح فروغ پائے۔ یہ سائنس کو سماجی عوامل کے طور پر دیکھنے اور سائنس کی ترقی پر سماجی عوامل کے اثر پذیری کو سمجھنے میں بھی طلبا کی مدد کرتی ہے۔

### 3.6.5 ماحولیاتی معقولیت(Environmental Validity)

ماحولیاتی معقولیت کا تقاضا ہے کہ سائنس کو طلبا کے مقامی اور عالمی ماحول کے وسیع سیاق وسباق میں جگہ دی جائے تاکہ وہ سائنس، ٹکنالوجی اور سماج کے باہمی رشتے سے متعلق مسائل کو سمجھ سکیں اور کام کی دنیا میں داخل ہونے کے لیے ضروری معلومات اور مہارتوں سے آراستہ کیا جاسکے۔

### 3.6.6 اخلاقی معقولیت(Ethical Validity)

اس کے لیے ضروری ہے کہ نصاب تعلیم ایمانداری، معروضیت، تعاون، خوف سے آزادی جیسے اقدار کی حوصلہ افزائی کرے اور طلبا میں ماحول اور زندگی کے تحفظ کے تئیں بیداری پیدا کرے۔

### 3.6.7 سائنس کے نصاب تعلیم کے مختلف مراحل سے متعلق سفارشات

i. NCF-2005 کے مطابق ابتدائی سطح پر طلبا کو قدرتی ماحول، مصنوعات اور لوگوں کے تئیں تجسس پیدا کرنا، مشاہدے، درجہ بندی او رربط کے ذریعے مشغول رکھنا چاہیے۔ سائنس اور سماجی سائنس کو صحت کے اہم اجزا کے ساتھ ماحولیاتی مطالعہ میں ضم کر دینا چاہیے۔

ii. اعلیٰ ابتدائی سطح پر طلبا کو سادہ تکنیکی اکائیوں اور ماڈیول فراہم کرنا چاہیے۔ سائنسی نظریات کو تجربات اور سرگرمیوں کے ذریعے ہی سمجھانا چاہیے۔

iii. ثانوی سطح پر طلبا کو مشترک مضمون کے طور پر سائنس کے اکتساب میں بہتر مواد، تکنیکی ماڈیول، ماحولیات، صحت، تولیدی اور جنسی صحت سے متعلق اسباق اور سرگرمیوں میں مشغول رکھنا چاہیے۔

iv. اعلیٰ ثانوی سطح پر سائنس کو الگ مضمون کے طور پر متعارف کرانا چاہیے۔ جس میں تجربات، تکنیک اور مسائل حل کرنے پر زور دیا جائے۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
|---|
| 1۔ قومی درسیات کا خاکہ (NCF-2005) کے ذریعے سائنس کے نصاب سے متعلق اہم سفارشات بیان کیجیے۔<br>2۔ سائنس کے نصاب کی چھ (06) معقولیت کے بنیادی معیارات بیان کیجیے۔<br>______________________<br>______________________ |

## 3.7 قومی درسیات کا خاکہ برائے تعلیم اساتذہ(NCFTE-2009) میں سائنس کے اساتذہ سے متعلق سفارشات(Recommendations of NCFTE-2009 on Science Teachers)

قومی درسیات کا خاکہ برائے تعلیم اساتذہ - (National Curriculum Framework for Teacher Education (NCFTE-2009ہندوستان میں تعلیم اساتذہ کو بہتر، جدید، انسانی اور اقداری بنانے کے لیے پیش کی گئی ایک جامع رپورٹ ہے۔ NCFTE-2009کے اس رپورٹ کو نیشنل کونسل فار ٹیچر ایجوکیشن (NCTE) نے تیار کیا ہے۔ اس میں سائنس کے اساتذہ سے متعلق اہم سفارشات مندرجہ ذیل ہیں :

- روایتی طور پر تعلیم اساتذہ اور سائنسی مضامین بھی نظریاتی معلومات پر مبنی رہا ہے اس لیے اسے تخلیقی و تعمیری طرز عمل پر مرتب کیا جائے جس میں سائنس کے اساتذہ کی بھرپور شمولیت ہو۔
- سائنس کے اساتذہ کو سماجی وسیاسی شعبے میں شراکت کرنا چاہیے۔
- طلبا کے اسکولی عملی تدریسی مشق میں سائنس کے اساتذہ کی مکمل شراکت ہونا چاہیے۔
- سائنس کے اساتذہ کو زیر ملازمت تربیتی پروگراموں کے ذریعے پیشہ وارانہ رویے کو فروغ دیا جانا چاہیے۔
- سائنس کے اساتذہ کے لیے درکار بنیادی سہولتیں اور تجربہ گاہ فراہم کی جائے تاکہ طلبا علمی اکتساب میں سرگرم حصہ لے سکیں۔
- ابتدائی تعلیم میں معیاری تبدیلی کے لیے اساتذہ کے تربیتی پروگرام میں بھی تبدیلی کی ضرورت ہے۔
- سائنس کے اساتذہ مثبت فکر کے ساتھ اکتسابی عمل میں حصہ لیں اور طلبا کو ترغیب دیں نہ کہ صرف علم کے ذرائع کے طور پر استعمال ہو۔
- اساتذہ کو Professionalization کی ترغیب دلائی جائے۔
- سائنسی تحقیقی کام کی طرف تحریک پیدا کی جائے۔
- اساتذہ کو تعلیم صحت اور ووکیشنل تربیت دی جائے۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
|---|
| 1۔ قومی درسیات کا خاکہ برائے تعلیم اساتذہ (NCFTE-2009) کے ذریعے سائنس کے اساتذہ سے متعلق کی گئی سفارشات بیان کیجیے۔<br>____________________<br>____________________ |

## 3.8 خلاصہ (Summary)

اس اکائی میں آپ نے تدوینِ نصاب (Curriculum Development) کے حرکیاتی (Dynamic) تصور اور اس کے جدید رجحانات کا مطالعہ کیا۔ تدوینِ نصاب ایک مسلسل عمل ہے جس کے ذریعے طلبہ، اساتذہ اور معاشرے کی بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق نصاب کو تیار اور ترقی دی جاتی ہے۔ ہندوستانی تناظر میں قومی تعلیمی پالیسی (NEP) اور قومی درسیات کا خاکہ (NCF) نصاب سازی کے رہنما ماخذ ہیں، جن کے مطابق نصاب کو از سرِ نو ترتیب دیا جاتا ہے تاکہ سیکھنے کا عمل بامعنی، دلچسپ اور طلبہ کے لیے قابلِ فہم ہو۔ قدیم دور میں نصاب کو صرف مضامین اور معلومات کے مجموعے کے طور پر سمجھا جاتا تھا، جب کہ جدید تصور کے مطابق نصاب کو تعلیمی سرگرمیوں، تجربات، اقدار اور طرزِ عمل کا جامع مجموعہ مانا جاتا ہے۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں بھی وقت کے ساتھ نمایاں تبدیلیاں آئیں، جن میں مضمون مرکوز(Subject-centered) ، برتاؤ پسند(Behaviorist) ، اور تعمیری (Constructivist) طرزِ رسائیاں شامل ہیں۔ مضمون مرکوز طرزِ رسائی سب سے قدیم اور عام طرزِ نصاب سازی ہے، جس میں مخصوص مضمون کو مرکزیت حاصل ہوتی ہے اور تعلیمی مقاصد اس کے مطابق طے کیے جاتے ہیں۔ اس میں بنیادی تصورات کی شناخت، مواد کی ترتیب، مہارتوں کا انضمام، اور مسلسل جائزے پر زور دیا جاتا ہے۔ اس کے برعکس، برتاؤ پسند طرزِ رسائی جدید نفسیاتی نظریات پر مبنی ہے، جس کے علمبردار پاولوف، تھارن ڈائک، واٹسن اور اسکنر ہیں۔ اس نظریے کے مطابق سیکھنا ایک قابلِ پیمائش عمل ہے، جس میں کمک (Reinforcement) اور مشاہدے کے ذریعے رویے میں تبدیلی لائی جاتی ہے۔ قومی درسیات کا خاکہ 2005 (NCF-2005) نے اس بات پر زور دیا کہ نصاب طلبہ کی جسمانی، ذہنی، انفرادی اور اجتماعی نشوونما میں معاون ہو۔ جدید ترین رجحان تعمیری طرزِ رسائی Constructivist (Approach ہے، جو سیکھنے والے کو مرکز میں رکھتا ہے۔ اس کے مطابق علم کوئی جامد شے نہیں بلکہ سیکھنے والا خود اپنے تجربات، مشاہدات اور استفسار کے ذریعے علم کی تعمیر کرتا ہے۔ اس نظریے کے نمایاں ماہرین میں جان ڈیوی، وائگوٹسکی، برونر اور پیاجے شامل ہیں۔ اس طرز میں انعکاسی فکر، مسئلہ حل کرنا، تخلیقی سوچ، اور فعال مشغولیت پر زور دیا جاتا ہے۔

NCF-2005 نے رٹنے (Rote Learning) کے بجائے تفہیم پر مبنی اکتساب کی سفارش کی ہے اور سائنس تعلیم کے لیے چھ بنیادی معقولیات پیش کی ہیں :وقوفی، مواد کی، طریقۂ عمل، تاریخی، ماحولیاتی، اور اخلاقی معقولیت۔ اسی طرح قومی درسیات برائے تعلیمِ اساتذہ (NCFTE-2009) نے ہندوستانی نظامِ تعلیم اساتذہ کو زیادہ انسانی، جدید اور اقداری بنانے کے لیے ایک جامع خاکہ فراہم کیا ہے، جسے نیشنل کونسل فار ٹیچر ایجوکیشن (NCTE) نے تیار کیا۔ یوں اس اکائی کے مطالعے سے واضح ہوتا ہے کہ نصاب کی تدوین محض مواد کی ترتیب نہیں بلکہ ایک تعلیمی، نفسیاتی اور سماجی عمل ہے جو بدلتے ہوئے تقاضوں کے مطابق علم اور اقدار کی تعمیر کرتا ہے۔

## 3.9 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

اس اکائی کے مطالعے کے بعد آپ درج ذیل باتیں سمجھنے کے قابل ہوں گے:

- تدوینِ نصاب کے حرکیاتی تصور اور اس کے مختلف مراحل کو بیان کر سکیں گے۔
- ہندوستانی تناظر میں قومی تعلیمی پالیسی اور قومی درسیات کے خاکے کی روشنی میں نصاب سازی کی ضرورت اور اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔
- قدیم اور جدید تصوراتِ نصاب میں فرق واضح کر سکیں گے۔
- طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں جدید رجحانات اور تبدیلیوں کی وضاحت کر سکیں گے۔
- مضمون مرکوز طرزِ رسائی کی خصوصیات اور اس کے تدریسی اصولوں کو بیان کر سکیں گے۔
- برتاؤ پسند طرزِ رسائی کے نظریاتی پس منظر اور ماہرین (پاولوف، اسکنر، تھارن ڈائک، واٹسن) کے نظریات کو سمجھ سکیں گے۔
- تعمیری طرزِ رسائی کے نظریاتی خدوخال اور ماہرین (ڈیوی، وائگوٹسکی، پیاجے، برونر) کے افکار کو بیان کر سکیں گے۔
- تعمیری طرزِ رسائی کے کلیدی تصورات جیسے انعکاسی فکر، تخلیقی سوچ، مسئلہ حل، اور فعال مشغولیت کو وضاحت کے ساتھ سمجھ سکیں گے۔
- قومی درسیات (NCF-2005) کے پیش کردہ چھ معقولیات اور ان کی اہمیت کو بیان کر سکیں گے۔
- قومی درسیات برائے تعلیم اساتذہ (NCFTE-2009) کے اغراض ومقاصد کو سمجھ سکیں گے۔
- نصاب سازی میں تعلیمی، نفسیاتی، اخلاقی اور سماجی اصولوں کی ہم آہنگی کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔

## 3.10 فرہنگ (Glossary)

| | |
|---|---|
| تدوین نصاب<br>(Curriculum Development) | تعلیمی عمل میں ایک حرکیاتی شعبہ جس کے ذریعے طلبا، اساتذہ اور سماج کی ضروریات کی تکمیل کے لیے نصاب سازی۔ |
| جدید رجحانات (Current Trends) | کسی نئی یا مختلف پہلو کی جانب تبدیلی یا ترقی۔ |
| مضمون مرکوز طرز رسائی<br>(Subject Centered Approach) | تدوین نصاب کی قدیم طرز رسائی جس کے تحت تدریسی مضامین کو الگ الگ حیثیت سے نصاب میں شامل کی جاتی ہے۔ |
| برتاؤ پسند طرز رسائی<br>(Behaviouristic Approach) | نفسیات کی جدید تحقیقات اور اصولوں پر مبنی طرز رسائی جس کے تحت تدوین نصاب میں طالب علم کے برتاؤ میں تبدیلی اہم مقصد ہے۔ |

| | |
|---|---|
| تعمیری طرز رسائی (Constructivist Approach) | تدوین نصاب کا جدید ترین طرز رسائی جس کے تحت طالب علم معلومات حاصل کرنے سے زیادہ سیاق و سباق کے مطابق معلومات اور علم کی تعمیر و تشکیل کرتا ہے۔ |
| قومی درسیات کا خاکہ۔2005 (National Curriculum Framework-2005) | ہندوستان میں تعلیمی نظام بشمول اسکولی تعلیم تا اعلیٰ تعلیم کے تشکیل نو پر مبنی حکومت ہند کی ایک رپورٹ۔ |
| بچوں کے لیے سچ (True to the child) | سائنس کی تعلیم بچوں کی فہم کے مطابق ہو۔ |
| زندگی کے لیے سچ (True to life) | سائنس کی تعلیم بچوں کے ماحول سے متعلق ہو۔ |
| سائنس کے لیے سچ (True to science) | سائنس کی اہمیت و افادیت کے پہلوؤں کو اُجاگر کرنے والا ہو۔ |
| وقوفی معقولیت (Cognitive Validity) | نصاب بچوں کی عمر کے مطابق ہو۔ |
| مواد کی معقولیت (Content validity) | مواد مضمون طالب علم کی ذہنی سطح کے مطابق ہو۔ |
| طریقہ عمل کی معقولیت (Process validity) | نصاب طالب علم کو سرگرمیوں میں مشغول کرے اور تجسس کو اُبھارے۔ |
| تاریخی معقولیت (Historical Validity) | سائنسی ترقی کے تاریخی پس منظر سے آگاہ کرے۔ |
| ماحولیاتی معقولیت (Environmental validity) | مقامی اور عالمی ماحول کے وسیع سیاق و سباق کی تفہیم۔ |
| اخلاقی معقولیت (Ethical validity) | طلبا کے اندر اخلاقی معروضیت کا فروغ کرے۔ |
| NCFTE-2009 | قومی درسیات کا خاکہ برائے تعلیم اساتذہ 2009 میں نیشنل کونسل فار ٹیچر ایجوکیشن نے پیش کیا۔ |

## 3.11 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Answer Type Questions)

1۔ تدوین نصاب کیا ہے؟

(A) حرکیاتی عمل　(B) تاریخی عمل　(C) فلسفی عمل　(D) نفسیاتی عمل

2۔ نصاب تعلیم کا قدیم تصورات تھا؟

(A) اساتذہ کا مجموعہ　(B) طلبا کا مجموعہ　(C) مضامین کا مجموعہ　(D) اسکول کا مجموعہ

3۔ تدوین نصاب کا وہ طرز رسائی جس کے تحت مضامین الگ الگ ہو جاتے ہیں؟

(A) جدیدیت مرکوز طرز رسائی (B) قدیم مرکوز طرز رسائی

(C) تعمیری طرز رسائی (D) مضمون مرکوز طرز رسائی

4۔ وہ طرز رسائی جس کے تحت طالب علم معلومات اور علم کی تعمیر و تشکیل کرتا ہے؟

(A) اطلاعاتی طرز رسائی (B) تعمیری طرز رسائی (C) نفسیاتی طرز رسائی (D) برتاؤ پسند طرز رسائی

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کونسی قابل تجدید توانائی کے وسائل کی مثال ہے؟

(A) شمسی توانائی (B) ہوا کی توانائی (C) کوئلہ (D) ہائیڈرو الیکٹرک توانائی

6۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی کیمیائی تبدیلی ہے؟

(A) کھولتا ہوا پانی (B) کاغذ کاٹنا (C) جلتی ہوئی لکڑی (D) پانی میں نمک کو تحلیل کرنا

7۔ قومی درسیات کا خاکہ (NCF-2005) کی رپورٹ کس ادارے نے شائع کیا؟

UGC(A) NCTE(B) NCERT(C) IISC(D)

8۔ NCF-2005 کے مطابق سائنس کے نصاب میں کس طرح کی معقولیت (Validity) شامل نہیں ہے؟

(A) وقوفی معقولیت (B) مواد کی معقولیت (C) طریقہ عمل کی معقولیت (D) استخراجی معقولیت

9۔ NCFTE-2009 کی رپورٹ کس ادارے نے پیش کیا؟

NCTE(A) UGC(B) NCERT(C) IIT(D)

10۔ NCFTE-2009 کے ذریعے سائنس کے اساتذہ سے متعلق سفارش ہیں؟

(A) نصاب کی تدوین میں اساتذہ کی شمولیت (B) اساتذہ کا پیشہ وارانہ فروغ کے پروگرام میں شراکت

(C) سائنس کے اساتذہ کا تحقیقی کام میں رغبت (D) مندرجہ بالا سبھی

## مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answer Type Questions)

1۔ تدوین نصاب کی تعریف بیان کیجیے۔

2۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں جدید رجحانات کیا ہے؟ بیان کیجیے۔

3۔ مضمون مرکوز طرز رسائی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

4۔ تدوین نصاب کے برتاؤ پسند طرز رسائی کو بیان کیجیے۔

5۔ تدوین نصاب کے تعمیری طرز رسائی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

6۔ قومی درسیات کا خاکہ (NCF-2005) میں بیان کیے گئے سائنس کے نصاب کی چھ معقولیت کے بنیادی معیارات لکھیے۔

7۔ قومی درسیات کا خاکہ برائے تعلیم اساتذہ (NCFTE-2009) میں سائنس کے اساتذہ سے متعلق اہم سفارشات کو بیان کیجیے۔

8۔ انعکاسی فکر سے کیا مراد ہے؟

9۔ روایتی نصاب کسے کہتے ہیں؟

10۔ کیمیائی تعاملات سے کیا مراد ہے؟

**طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answer Type Questions)**

1۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں جدید رجحانات کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

2۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں مضمون مرکوز طرز رسائی کے کلیدی پہلوؤں کو اُجاگر کیجیے۔

3۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں برتاؤ پسند طرز رسائی کی وضاحت کیجیے۔

4۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں تعمیری طرز رسائی کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

5۔ سائنس کے نصاب سے متعلق قومی درسیات کا خاکہ (NCF-2005) کی اہم سفارشات کا جائزہ پیش کیجیے۔

## 3.12 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)


1۔ Aggarwal, J. C. (1990). Curriculum Reforms in India. New Delhi: Doaba House.

2۔ Ahmad, Jasim (2019). Pedagogy of Science, Reflective Practices. New Delhi: Sage Publications India Pvt. Ltd.

3۔ Alam, Md. Afroz (2020). Pedagogy of Biological Sciences. Hyderabad: Neelkamal Publications Pvt. Ltd.

4۔ Alam, Md. Afroz (2017). Metacognitive Abilities and Achievement in Biological Sciences. Mauritius: LAP Lambert Academic Publishing.

5۔ Bhalla, N. (2007). Curriculum Development. New Delhi: Author Press.

6۔ Eisner, E. W. (1979). The Educational Imagination. New York: Millan.

7۔ John, Dewey (1996). The child and the curriculum: The School and the Society. USA: Phoenix

8۔ Ministry of Education (1996). Education and National Development, Report of the Education Commission (1964-66). New Delhi: NCERT.

9- Ministry of HRD (1993). Learning without Burdon, Report of the Advisory Committee, MHRD, New Delhi: Department of Educaiton.

10- NCERT (1975). The Curriculum for the Ten-Year School: A Framework. New Delhi: NCERT.

11- NCERT (1988). National Curriculum for Elementary and Secondary Education: A Framework. New Delh: NCERT.

12- NCERT (2000). National Curriculum Framework for School Education. New Delhi: NCERT.

13- NCERT (2005). National Curriculum Framework-2005. New Delhi: NCERT.

14- NCERT (2023). National Curriculum Framework for School Education. New Delhi: NCERT.

15- احرار حسین(2005)، سائنس کی تدریس، نیو ویژن پبلشنگ ہاؤس، دہلی

16- این سی ای آر ٹی(2020)، سائنس کی تدریسیات، درسی کتاب برائے بی ایڈ، حصہ-1، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، نئی دہلی

17- این سی ای آر ٹی(2017)، سائنس کی تدریسیات، درسی کتاب برائے بی ایڈ، حصہ-II، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، نئی دہلی

18- ڈی این شرما، آر ایس شرما(1980)، سائنس کی تدریس، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

19- محمد افروز عالم(2019)، مضامینِ تعلیم و تدریس، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی

20- ملک محمد موسیٰ، شازیہ رشید(2008)، تدوین نصاب اور تدریس، جدران پبلی کیشنز، لاہور

21- وزارت حسین، ودود الحق صدیقی(2007)، سائنس کی تدریس، ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ

# اکائی 4۔ استاد بطور نصاب ساز

(Teacher as Curriculum Developer)*


4.0 تمہید(Introduction)

4.1 مقاصد(Objectives)

4.2 استاد بطور نصاب ساز(Teacher as Curriculum Developer)

4.3 طبیعیاتی سائنس میں مقامی نصاب(Localised Curriculum in Physical Sciences)

4.4 طبیعیاتی سائنس میں فنکاری یا دستکاری کا مقام(Place of Artisans in Physical Sciences)

4.5 طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں علمی نظام
(Knowledge System in Physical Sciences Curriculum)

4.6 طبیعیاتی سائنس میں مقامی مخترع اور مقامی اختراعی عمل
(Local Innovators and Innovative Practices in Physical Sciences)

4.7 خلاصہ (Summary)

4.8 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

4.9 فرہنگ(Glossary)

4.10 اکائی کے اختتامی سرگرمیاں(Unit End Exercises)

4.11 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)


## 4.0 تمہید(Introduction)

نصاب ساز کی بنیادی ذمہ داری تعلیمی مواد اور تعلیمی پروگراموں کو ڈیزائن کرنا، نافذ کرنا اور ان کا جائزہ لینا ہے۔ اس ضمن میں طلبا کی تعلیمی ضروریات کی نشاندہی کرنا اہم ہے۔ ان کی ضروریات کو سمجھنے کے لیے تحقیق، سروے اور انٹرویوز شامل ہیں۔ تعلیمی معیارات اور اہداف یا مقاصد کے ساتھ ہم آہنگ اکتسابی عمل کے لیے واضح اور قابل پیمائش نصاب کی تدوین کی جاتی ہے۔ نصاب ساز اکتسابی مقاصد کی


* Dr. Md. Afroz Alam, Assistant Professor, MANUU CTE, Darbhanga

حصول کے لیے مناسب مواد، وسائل اور عملہ کا انتخاب کرتے ہیں۔ اس میں نصابی کتابیں، ورک شیٹ، ملٹی میڈیا وسائل، آن لائن پلیٹ فارم بنانا اور اس کا استعمال شامل ہوتے ہیں۔ اس کے تحت اکتسابی سہولت کے لیے موثر تدریسی حکمت عملی اور طریقہ کار کو بھی تیار کیا جاتا ہے۔ اس کے تحت اسباق کے منصوبے، سرگرمیاں، جائزے اور تدریسی ترتیب بھی شامل ہوتے ہیں۔ نصاب سازی کے عمل میں استاد کا کردار کافی اہم ہوتا ہے۔ ان کے تاثرات اور نصاب کی مسلسل نظر ثانی سے اکتسابی عمل مزید بہتر ہوتا ہے۔ لہٰذا طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں استاد بطور نصاب ساز اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اسی طرح طبیعیاتی سائنس میں مقامی نصاب کی تدوین اور مقامی معلومات، حقائق اور مشمولات سے نصاب سازی کے عمل کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں فنکاری اور دستکاری کا بھی اہم کردار ہے۔ جس کے ذریعے حیاتیاتی اشیا اور تنوع کو نصاب تعلیم میں خوبصورتی سے شامل کرتے ہیں۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں علم کا نظام حرکیاتی اور کثیر رُخی ہوتا ہے۔ طبیعیاتی سائنس میں مقامی مخترع اور مقامی اختراعی عمل کی شمولیت، پذیرائی اور تعمیری نقطہ نظر سے اکتسابی عمل کو با معنی بناتا ہے۔ لہٰذا اس اکائی میں آپ استاد بطور نصاب ساز کے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔ دریں اثنا طبیعیاتی سائنس میں مقامی نصاب، فنکاری اور دستکاری کا مقام، علم کا نظام، مقامی مخترع اور مقامی اختراعی عمل کے بارے میں بھی معلومات حاصل کریں گے۔

## 4.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کو مکمل کر لینے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- طبیعیاتی سائنس کے استاد بطور نصاب ساز کے کردار کو سمجھ سکیں۔
- طبیعیاتی سائنس میں مقامی نصاب کی اہمیت کو اُجاگر کر سکیں۔
- طبیعیاتی سائنس میں فنکاری یا دستکاری کا مقام تعین کر سکیں۔
- طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں علم کے نظام کو بیان کر سکیں۔
- طبیعیاتی سائنس میں مقامی مخترع اور اختراعی عمل سے واقف ہو سکیں۔

## 4.2 استاد بطور نصاب ساز (Teacher as Curriculum Developer)

استاد کو جماعت میں طلبا کی بہتری کے لیے تعلیم کی طرف اس کی پیش رفت، اس کا طریقہ کار اور طلبا کی تعمیر علم کے حصول کے ذرائع کے لیے مسلسل اور مشکل کردار ادا کرنا ہوتا ہے۔ استاد ہمیشہ تعلیمی و اکتسابی عمل کے مرکزی حصہ کو انجام دیتا ہے۔ جہاں تک نصاب سازی کے عمل میں استاد کے کردار کا تعلق ہے، یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ کوئی بھی تعمیری کام اساتذہ کی شمولیت کے بغیر ناممکن ہے۔ نصاب کی تدوین میں اساتذہ کی شمولیت نصاب کے ارتقا میں ایک ایسا خیال ہے جو صرف کچھ عرصہ پہلے وجود میں آیا۔ تعلیم کے مقاصد کے مجموعی فیصلے، عمومی مقاصد اور نصابی خاکہ کے بارے میں کوئی بھی فیصلہ اب اساتذہ کی شمولیت سے معنی خیز ہو جاتا ہے۔ لہٰذا ایک استاد کو بہتر

نصاب ساز کی ذمہ داری بھی ادا کرنا ہوتا ہے جس کے لیے ان میں چند مخصوص مہارتوں کا ہونا ناگزیر ہے۔ مثال کے طور پر چند درکار مہارتیں مندرجہ ذیل ہیں:

- تعلیمی نظریات، اصولوں اور طرز رسائیوں کا علم۔
- بہترین ترسیلی اور اشتراکی صلاحیتیں۔
- نصابی ڈیزائن، خاکے اور تکنیکوں میں مہارت۔
- تدوین نصاب کے تنظیمی مہارتوں پر توجہ۔
- معطیات کا تجزیہ کرنے اور معطیات پر مبنی فیصلے کرنے کی صلاحیت۔
- تعلیمی ٹکنالوجی کے آلات کو مربوط کرنے کے لیے تکنیکی مہارتوں کا حامل۔
- طالب علم کی مختلف تعلیمی واکتسابی ضروریات کی تفہیم، لچک اور موافقت۔
- مشغولیاتی اکتسابی تجربات (Engaging Learning Experiences) کو ڈیزائن کرنے میں تخلیقی اور اختراعی صلاحیت کا استعمال۔
- وقت کی پابندی(Timelines) ، وسائل (Resources) اور بجٹ کو موثر طریقے سے منظم کرنے کے لیے نصاب سازی کی تنظیمی مہارت۔

مجموعی طور پر نصاب سازی کے عمل میں ایک استاد تعلیمی تجربات کی تشکیل اور طالب علم کی کامیابی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ چونکہ اساتذہ روزانہ تدریسی و اکتسابی عمل میں طلبا کے ساتھ براہ راست رابطے میں رہتے ہیں جس سے انہیں ان کی خوبیوں، کمزرویوں، دلچسپیوں اور اکتسابی انداز کے بارے میں قیمتی بصیرت ملتی ہے۔ ان ضروریات کو سمجھ کر استاد نصاب کو مزید بہتر بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ ہندوستانی تناظر میں قومی سطح پر نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ (NCERT) کے ذریعے تدوین نصاب کی جاتی ہے جس میں ملک بھر سے اساتذہ کو مختلف ورک شاپ میں مدعو کیا جاتا ہے۔ اساتذہ وہاں نصابی مواد اور سرگرمیاں تیار کرتے ہیں جو طلبا کے مختلف تعلیمی سطحوں کے مطابق ہوتا ہے۔ اسی طرح ریاستی یا صوبائی سطح پر اسٹیٹ کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ (SCERT) کے ذریعے بھی تدوین نصاب کے مختلف ورک شاپ کیے جاتے ہیں۔ جس میں کثیر تعداد میں اساتذہ شامل ہوتے ہیں اور تدوین نصاب کے عمل میں اپنا بامعنی کردار ادا کرتے ہیں۔

نصاب تعلیم کی ترقی باہمی تعاون پر مبنی عمل ہے جس میں اساتذہ منتظمین، والدین اور کمیونٹی کے اراکین بشمول متعدد اسٹیک ہولڈرز کے مشورے شامل کیے جاتے ہیں۔ اساتذہ ان مباحثے میں اپنے منفرد نقطہ نظر اور مہارتوں کو پیش کرتے ہیں۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
|---|
| 1۔ استاد بطور نصاب ساز سے کیا مراد ہے؟<br>2۔ طبیعیاتی سائنس کے استاد کو تدوین نصاب کے لیے کن خصوصیات یا مہارتوں کا حامل ہونا چاہیے۔ |

## 4.3 طبیعیاتی سائنس میں مقامی نصاب (Localised Curriculum in Physical Sciences)

استاد بطور نصاب ساز اپنی انفرادی اکتسابی تجربات اور مقامی وسائل کا استعمال کرتے ہیں۔ یہ فیصلہ استاد ہی کرتے ہیں کہ کب، کیا اور کیسے پڑھانا ہے؟ مواد کا انتخاب، منصوبہ بندی اور تدریسی امدادی اشیا کی شناخت اور استعمال اساتذہ پر منحصر ہوتا ہے۔ صرف نصابی کتابیں اور کورس مواد پر ہی انحصار نہیں ہوتا ہے بلکہ مقامی طور پر موجود تمام وسائل اور سہولیات اساتذہ ہی نصاب میں شامل کرتے ہیں۔ لٰہذا اساتذہ کی انفرادی صلاحیتوں اور ذرائع علم کے استعمال سے مقامی نصاب طلبا کے لیے مفید ہوتا ہے۔

طبیعیاتی سائنس میں مقامی نصاب کو ڈیزائن کرنے میں طبیعیات کے مواد، مثالوں اور اطلاق کو مخصوص علاقے اور سیاق وسباق کے مطابق تیار کرنا شامل ہے۔ اس طرح کے مقامی نصاب بنانے میں مندرجہ ذیل کلیدی پہلو شامل ہوتے ہیں۔

- طبیعیاتی سائنسز میں مقامی نصاب سے مراد وہ نصاب ہے جو کسی خاص علاقے یا کمیونٹی کی مخصوص ضروریات، سیاق وسباق اور ثقافتی پس منظر کے مطابق بنایا گیا ہے۔
- **مقامی ضروریات کا اندازہ:** پہلا قدم مقامی کمیونٹی کی ضروریات، دلچسپیوں اور ترجیحات کا اندازہ لگانا ہے۔ اس میں اساتذہ، والدین، طلباء، اور کمیونٹی لیڈروں سے مشورہ کرنا شامل ہو سکتا ہے تاکہ نصاب میں کیا شامل کیا جانا چاہیے اس بارے میں ان کے نقطہ نظر کو سمجھ سکیں۔
- **قومی معیارات کے ساتھ موافقت:** جہاں نصاب کو مقامی ضروریات کے مطابق بنایا جانا چاہیے، وہیں اسے قومی تعلیمی معیارات کے ساتھ بھی ہم آہنگ ہونا چاہیے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ طالب علموں کو ایسی معیاری تعلیم ملے جو انھیں طبیعی علوم میں مزید تعلیم یا کیریئر کے لیے تیار کرے۔
- **مقامی سیاق وسباق کا انضمام:** نصاب کو مقامی مثالوں، کیس اسٹڈیز، اور طبیعیاتی سائنسز کی ایپلی کیشنز کو ضم کرنا چاہیے تاکہ مواد کو طلباء کے لیے مزید متعلقہ اور پرکشش بنایا جاسکے۔ اس میں مقامی صنعتوں کی مثالیں، خطے کو درپیش ماحولیاتی مسائل، یا ثقافتی طرز عمل جو طبیعیاتی مظاہر سے متعلق ہیں۔
- **ثقافتی حساسیت:** مقامی کمیونٹی کے تنوع کا احترام کرتے ہوئے نصاب کا ثقافتی طور پر حساس اور جامع ہونا ضروری ہے۔ اس میں جہاں مناسب ہو نصاب میں مقامی علمی نظام، مقامی زبانوں اور روایتی طریقوں کو شامل کرنا شامل ہو سکتا ہے۔
- **ہینڈز آن لرننگ:** طبیعیاتی سائنسز کو ہینڈز آن تجربہ اور ایکسپلوریشن کے ذریعے بہترین طریقے سے سیکھا جاتا ہے۔ نصاب میں طلباء کے لیے تجربات کرنے، انکوائری پر مبنی سیکھنے میں مشغول ہونے، اور حقیقی دنیا کے سیاق وسباق میں سائنسی تصورات کو لاگو کرنے کے مواقع شامل ہونے چاہئیں۔

- **اساتذہ کی تربیت اور معاونت:** مقامی نصاب کو مؤثر طریقے سے نافذ کرنے میں اساتذہ ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہیں اپنے کلاس رومز میں نصاب کو سمجھنے اور لاگو کرنے میں مدد کرنے کے لیے تربیت اور جاری تعاون حاصل کرنا چاہیے۔
- **کمیونٹی کی شمولیت:** نصاب کی ترقی اور نفاذ میں کمیونٹی کو شامل کرنا تعلیمی پروگرام کے لیے ملکیت اور حمایت کے احساس کو فروغ دینے میں مدد کر سکتا ہے۔ اس میں مقامی صنعتوں کے مہمان مقررین کو مدعو کرنا، متعلقہ سائٹس کے فیلڈ ٹرپس کا اہتمام کرنا، یا سائنس میلوں یا دیگر سرگرمیوں میں والدین کو شامل کرنا شامل ہو سکتا ہے۔
- **مسلسل تشخیص اور نظر ثانی:** نصاب کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے اور اساتذہ، طلبہ اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے تاثرات کی بنیاد پر اس پر نظر ثانی کی جانی چاہیے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ یہ وقت کے ساتھ متعلقہ اور موثر رہے۔

ان اقدامات پر عمل کرکے، معلمین طبیعیاتی سائنسز میں ایک مقامی نصاب تیار کرسکتے ہیں جو مقامی کمیونٹی کی ضروریات کو پورا کرتا ہے، طلباء کو مشغول کرتا ہے، اور سائنسی اصولوں کی گہری سمجھ اور تعریف کو فروغ دیتا ہے۔ لہٰذا طبیعیاتی سائنس میں مقامی نصاب کی تدوین اور ترقی کے لیے مذکورہ عناصر کو مقامی نصاب میں شامل کرکے، طلبا میں طبیعیاتی سائنس کی گہری تفہیم پیدا کرسکتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ اپنے مقامی ماحول اور کمیونٹی سے بھی مضبوط تعلق قائم کرسکتے ہیں۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress)** |
| --- |
| 1۔ طبیعیاتی سائنس میں مقامی نصاب سے کیا مراد ہے؟<br>2۔ طبیعیاتی سائنس میں مقامی نصاب سازی کے لیے کن پہلوؤں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟ |

## 4.4 طبیعیاتی سائنس میں فنکاری یا دستکاری کا مقام(Place of Artisans in Physical Sciences)

سائنس میں ڈرائنگ کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔ اس کی تربیت میں استاد کا کردار بہت ہی اہم ہے۔ ڈرائنگ عام طور سے ابتدائی جماعتوں میں شامل ہوتا ہے لیکن اسے اہم تصور نہیں کیا جاتا۔ طلبا کو ڈرائنگ سکھانے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اسے ڈرائنگ کے پیشے میں ہی داخل کیا جائے۔ بلکہ اس کا اطلاق حیاتیاتی سائنس جیسے مضمون کو پڑھنے میں ہوتا ہے۔ لہٰذا قومی درسیاتی کا خاکہ (NCF-2005) میں بھی فنکاری اور دستکاری کو اہمیت دی گئی ہے۔

طبیعیاتی سائنس کے اکتساب میں دستکاری، ڈرائنگ اور فنکاری کی مہارتوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہاتھ سے کام کرنا، مواد کے ساتھ تکنیک سے سرگرمیوں کو انجام دینا اور مسئلہ کو حل کرنا شامل ہے۔ دستکاری کو عملی طور پر اور جمالیاتی کام کی شکل میں پڑھایا جاتا ہے۔ دستکاری اور فن ڈرائنگ کو نصاب تعلیم میں تخلیقی اور جمالیاتی پہلوؤں پر زور دیتے ہوئے جوڑا جاسکتا ہے، اس کے تعلیم دینے والے استاد کو چاہیے کہ جزوقتی کام کرکے اسے پروجیکٹ کی شکل میں اس کام کو طلبا سے کرائیں، دستکاری تجربہ گاہوں کو ترقی دینے کی ضرورت ہے۔

طبیعیاتی سائنس میں فنکاری اگرچہ ایک روایتی اصطلاح نہیں ہے بلکہ استعاراتی (Metaphorically) طور پر ایسے افراد کے طور پر سمجھا جا سکتا ہے جو اپنے کام کے شعبے میں تخلیقی صلاحیت، دستکاری اور منفرد نقطہ نظر کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ حیاتیاتی سائنس کے تناظر میں فنکار سے مراد سائنس دانوں، محققین اور پیشہ ور افراد (Professionals) ہو سکتے ہیں جو سائنسی فکر اور فنکارانہ حساسیت کے امتزاج کے ساتھ اپنے کام سے رجوع کرتے ہیں۔ مندرجہ چند طریقے ہیں جس کا طبیعیاتی سائنس میں فنکاری کا شعبے میں اطلاق ہو سکتا ہے۔

- تجرباتی ڈیزائن، طبیعیاتی سائنس کے فنکار ایسے خوبصورت تجربات کو ڈیزائن کرنے میں سبقت لے سکتے ہیں جو نہ صرف مفروضوں کی جانچ کرتے ہیں بلکہ ان کے عمل میں تخلیقی صلاحیتوں کو بھی ظاہر کرتے ہیں وہ حیاتیاتی مظاہر کو دریافت کرنے کے لیے جدید طریقہ کار او رتکنیک وضع کر سکتے ہیں۔
- جس طرح فنکار اپنے پیغامات پہنچانے کے لیے مختلف ذرائع استعمال کرتے ہیں اسی طرح طبیعیاتی سائنس کے فنکار پیچیدہ حیاتیاتی اعداد و شمار یا معطیات کی بصری طور پر زبردست نمائندگی کرنے میں مہارت حاصل کر سکتے ہیں۔ وہ سائنسی نتائج کو موثر طریقے سے ترسیل کرنے کے لیے Data Visualization ، Graphic Design اور Multimedia Presentation جیسی تکنیکوں کا استعمال کر سکتے ہیں۔
- فنکار اکثر بین الضابطہ مہارتوں کے مالک ہوتے ہیں جو انہیں مختلف شعبے میں موثر طریقے سے تعاون کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ طبیعیاتی سائنس میں اس میں کمپیوٹر سائنس، انجینئرنگ اور آرٹس جیسے شعبے کے ماہرین کے ساتھ کام کرنا شامل ہو سکتا ہے تاکہ طبیعیاتی تحقیق کے لیے نیا نقطہ نظر تیار کیا جاسکے یا حیاتیات اور دیگر شعبے کے درمیان روابط کو تلاش کیا جاسکے۔
- سائنس کمیونی کیشن کے تناظر میں فنکار پیچیدہ خیالات کو قابل رسائی زبان میں ترجمہ کرنے میں ماہر ہوتے ہیں جس سے وہ طبیعیاتی سائنس میں قابل قدر ترسیل کرنے والے بن جاتے ہیں۔ وہ سائنس کی رسائی میں مشغول ہو سکتے ہیں، سائنس کے مشہور مضامین لکھ سکتے ہیں یا وسیع تر سامعین تک حیاتیاتی تحقیق کے جوش و خروش اور مناسبت کو پہنچانے کے لیے ملٹی میڈیا پلیٹ فارم کا استعمال کر سکتے ہیں۔
- طبیعیاتی سائنس کے فنکاری میں design اور engineering کے منصوبوں میں بھی شامل ہو سکتے ہیں جہاں وہ حقیقی دنیا کے مسائل کے اختراعی حل پیدا کرنے کے لیے حیاتیات کے اصولوں کو نافذ کرتے ہیں۔ اس میں پائیدار ٹکنالوجی کو ڈیزائن کرنا، طبیعیاتی متاثر مواد تیار کرنا یا مخصوص مقاصد کے لیے طبیعیاتی نظام کی انجینئرنگ شامل ہو سکتے ہیں۔
- جس طرح فنکار اکثر اپنے کام کو اخلاقیات اور سماجی ذمہ داری کے احساس سے متاثر کرتے ہیں، اسی طرح طبیعیاتی سائنس کے فنکار ٹکنالوجی، انجینئرنگ اور طبیعیاتی تحقیق کے دیگر شعبے سے متعلق اخلاقی مسائل کو حل کرنے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں اور ابھرتی ہوئی یا نموپذیر اخلاقی مضمرات کی ترسیل کر سکتے ہیں۔

مجموعی طور پر اگرچہ فنکاری یا فنکاری کی اصطلاح عام طور پر طبیعیاتی سائنس کے تناظر میں استعمال نہیں کی جا سکتی ہے، لیکن تخلیقی صلاحیتوں، دستکاری اور سائنسی کوششوں کے لیے ایک جامع نقطہ نظر کا تصور فراہم کرتی ہے۔ قدرتی دنیا کے بارے میں ہماری سمجھ کو آگے بڑھانے اور پیچیدہ حیاتیاتی مسائل سے نمٹنے کے لیے بلاشبہ قابل قدر آلہ ہے۔

| **اپنی پیش رفت کی جانچ کریں (Check your progress)** |
|---|
| 1۔ طبیعیاتی سائنس میں فنکاری کا مقام سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟<br>2۔ طبیعیاتی سائنس میں فنکاری یا دستکاری کے اطلاق کو واضح کیجیے۔<br>________________________________________<br>________________________ |

## 4.5 طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں علمی نظام

(Knowledge System in Physical Sciences Curriculum)

استاد بطور نصاب ساز ہمیشہ تعلیمی و تدریسی عمل کے علمی نظام کا بہتر طور پر استعمال کرتا ہے۔ اس کے لیے تعلیمی تجربات، اکتسابی تجربات، تعلیمی سرگرمیاں اور طریقہ کار کو بھی استاد استعمال کرتا ہے۔ ان تمام سرگرمیوں کے ذریعے استاد طلبا کو تعلیمی و اکتسابی سہولت فراہم کرتا ہے۔ اس طرح کے سبھی مشغلے اور سرگرمیاں نصاب تعلیم سے متعلق ہوتے ہیں۔ سماجی تبدیلیاں اور ٹکنالوجی کی ترقی نصاب کو بھی متاثر کرتی ہے۔ لہٰذا استاد ان اکتسابی تجربات کو بھی جوڑتے ہوئے تدریس، کردار سازی اور سماجی مطابقت کو نصاب میں شامل کرتے ہیں۔ تعلیمی نصاب، نصاب کو تیار کرنا ایک منظم کوشش ہے لیکن استاد بطور نصاب ساز ہمیشہ طلبا کے برتاؤ، رویہ اور کردار میں تبدیلی لانے کے لیے مواد مضمون اور دیگر اکتسابی تجربات کو پیش کرتے رہتے ہیں۔ ٹکنالوجی کے صحیح استعمال سے تعلیمی و اکتسابی عمل میں وسعت پیدا ہوتی ہے۔ اس کا صحیح استعمال علم کے حصول میں استاد کی رہنمائی کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ جس طرح انٹرنیٹ کے استعمال سے معلومات کی فراہمی آسان ہوگئی ہے اس میں اساتذہ کے مزید ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگیا ہے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ مختلف امور پر اکتسابی عمل بھی آسان ہوگیا ہے۔ حیاتیاتی سائنس کے نصاب میں علمی نظام سے مراد معلومات، تصورات اور مہارتوں کی تشکیل شدہ تنظیم اور پیش کش ہے جو طلبا سے کسی خاص تعلیمی پروگرام یا کورس میں سیکھنے کی توقع کی جاتی ہے۔ جیسے اسکولی نصاب میں طبیعیاتی سائنس کے مضمون میں مختلف علمی نظام کی شمولیت کی جاتی ہے۔ اس میں وہ مواد، دائرہ کار، ترتیب اور علم کی گہرائی شامل ہے جس کے حصول کی طالب علم سے توقع کی جاتی ہے۔ حیاتیاتی سائنس کے نصاب میں علمی نظام کے چند اہم اجزا مندرجہ ذیل ہیں۔

- مواد کا انتخاب (Content Selection): اس میں ایسے عنوانات، مضامین اور تصورات کا انتخاب شامل ہے جو طلبا کے لیے مطالعہ کے مخصوص شعبے یا علاقے میں سیکھنے کے لیے اہم سمجھا جاتا ہے۔ مواد کا انتخاب اکثر تعلیمی معیارات، اکتسابی مقاصد اور طالب علم کی ضروریات سے متاثر ہوتا ہے۔
- دائرہ کار اور ترتیب (Scope and Sequence): نصاب اس دائرہ کار کا خاکہ پیش کرتا ہے جس کا احاطہ کیا جائے گا اور اس ترتیب کو جس میں پڑھایا جائے گا۔ یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اکتساب منطقی طور پر بنیادی تصورات سے زیادہ پیچیدہ خیالات کی طرف بڑھتا ہے۔ جس کی بنیاد سابقہ معلومات اور مہارتیں ہوتی ہیں۔
- علم کی گہرائی (Depth of Knowledge): نصاب تعلیمی فہم اور مہارت کی اس سطح کی وضاحت کرتا ہے جو طلبا سے ہر موضوع یا تصور میں حاصل کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ یہ حقائق کو بنیادی طور پر یاد کر لینے سے لے کر اعلیٰ درجے کی سوچ و فکر کی مہارتوں جیسے تجزیہ (Analysis)، ترکیب (Synthesis) اور اندازہ قدر (Evaluation) تک ہو سکتا ہے۔
- اکتسابی مقاصد کے ساتھ صف بندی (Alignment with Learning Objectives): علمی نظام کو تعلیمی پروگرام یا کورس کے اہم اہداف اور مقاصد کے ساتھ ہم آہنگ کیا جانا چاہیے۔ یہ مقاصد بیان کرتے ہیں کہ طلبا کو اپنے اکتسابی تجربات کے نتیجے میں کیا جاننا چاہیے اور کیا کرنے کے قابل ہونا چاہیے۔
- بین نصابی عنوانات کا انضمام (Integration of Cross-Curriculum Themes): کچھ نصاب میں بین نصابی عنوانات اور موضوعات جیسے تنقیدی سوچ، مسئلہ حل کرنے، ترسیلی مہارت اور ثقافتی قابلیت کو شامل کرتے ہیں۔ یہ موضوعات طلبا کو قابل منتقلی مہارتوں کو تیار کرنے میں مدد کرتے ہیں جو مختلف مضامین کے شعبے اور حقیقی زندگی کے سیاق وسباق پر لاگو ہوتے ہیں۔
- طالب علم کی ضروریات کے مطابق مطابقت (Adaptation to Learner Needs): موثر علمی نظام طلبا کی متنوع ضروریات، دلچسپیوں اور اکتسابی انداز کو مدِ نظر رکھتا ہے۔ وہ مختلف اکتسابی ترجیحات اور صلاحیتوں کی مطابقت کے لیے مختلف ہدایات کی حکمت عملیوں کو شامل کر سکتے ہیں۔
- جائزہ اور اندازہ قدر (Assessment and Evaluation): علمی نظام کے اندر طلبا کی ترقی، کامیابی، حصولیابی اور اکتسابی نتائج کے حصول کی پیمائش کے لیے جائزہ اور اندازہ قدر کے طریقے استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس کے تحت تشکیلی جائزے (Formative Assessments) یعنی تدریس و اکتساب کے عمل دوران کیے جانے والے جائزے شامل ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ تکمیلی جائزے (Summative Assessments) یعنی تدریس اکتساب کے عمل کے مدت کے اختتام پر مجموعی جائزے شامل ہیں۔
- نظر ثانی اور مسلسل بہتری (Revision and Continuous Improvement): اساتذہ طلبا اور اسٹیک ہولڈرز کے تاثرات کے ساتھ ساتھ تعلیمی معیارات، تحقیقی نتائج اور سماجی ضروریات میں تبدیلیوں کی بنیاد پر نصاب کا وقتاً فوقتاً جائزہ اور نظر ثانی کی جانی چاہیے۔ مسلسل بہتری اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ علم کا نظام متعلقہ موثر اور تازہ ترین ہے۔

مجموعی طور پر نصاب میں ایک اچھی طرح سے ڈیزائن کیا گیا علمی نظام تعلیم اور اکتساب کے لیے ایک مربوط فریم ورک فراہم کرتا ہے، تعلیم و تدریس میں اساتذہ کی رہنمائی کرتا ہے، اور طلبا کو اپنے منتخب کردہ مطالعہ کے میدان میں کلیدی تصورات اور مہارتوں کی گہری تفہیم پیدا کرنے میں مدد کرتا ہے۔

| اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress) |
|---|
| 1۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں علمی نظام کو بیان کیجیے۔<br>2۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں علمی نظام کے اہم اجزا کی نشاندہی کیجیے۔<br>____________________<br>____________ |

## 4.6 طبیعیاتی سائنس میں مقامی مخترع اور مقامی اختراعی عمل

(Local Innovators and Innovative Practices in Physical Sciences)

عام طور پر یہ تصور کیا جاتا ہے کہ صرف نصابی کتابیں ہی تعلیم و اکتساب کا ذریعہ ہے۔ لیکن اس کے علاوہ تمام وہ اکتسابی ذرائع جو طلبا کے لیے مفید ہوں نصاب کے دائرہ عمل میں آتے ہیں۔ جس میں طبعی ماحول، مقامی ذرائع اور مقامی وسائل وغیرہ شامل ہیں۔ طبیعیاتی سائنس کے اکتسابی عمل میں مقامی مادے، درخت، جانور، طبیعیاتی اشیا، سائنسی میلے، سائنسی نمائش اور سائنس کلب وغیرہ طلبا میں تحقیقی اور علمی تجسس پیدا کرتے ہیں اور اسے اختراعی عمل کی طرف راغب کرتے ہیں۔ لہٰذا کتابوں کے علاوہ اطراف و اکناف کے مقامی ماحول پر توجہ مرکوز کرنا چاہیے تا کہ طلبا کا تعارف فطری زندگی سے کرایا جاسکے۔ طلبا مقامی یادگاریں، عجائب خانے، قدرتی مظاہرے مثلاً جنگلات، ندیاں، پہاڑ، روز مرہ کے مقامات، بازار، ڈاک خانے، بینک سبھی کا مشاہدہ کرتے رہتے ہیں۔ لہٰذا ہمارے ملک میں درسی کتابوں کے علاوہ طلبا کو دیگر امدادی اشیا بھی فراہم کی جائیں اور مقامی فیلڈ ٹرپس بھی کرائے جائیں تا کہ طلبا میں اختراعی و تخلیقی صلاحیت پروان چڑھ سکے۔

عالمی سطح پر مقامی مخترع (Local Innovator) طبیعیاتی سائنس کے شعبے میں اپنی اہم تحقیق، اختراعی طریقے اور کمیونٹی تحریکی اقدامات (Community-Driven Initiatives) کے ذریعے اہم شراکت کر رہے ہیں۔ دنیا کے ہر کونے میں طبعی سائنس میں مقامی اختراع اور اختراعی طریقے موجود ہیں جو تحقیق، ٹیکنالوجی اور تعلیم میں اہم شراکت کر رہے ہیں۔ یہ اختراع کرنے والے اکثر اپنی برادریوں یا علاقوں کے اندر کام کرتے ہیں، مقامی چیلنجوں اور مواقع سے نمٹنے کے لیے یہاں چند مثالیں ہیں:

- **کمیونٹی سائنس کے اقدامات:** بہت سی مقامی کمیونٹیز میں سائنس کلب، میکر اسپیسز، یا کمیونٹی لیبارٹریز ہیں جہاں پرجوش طبیعیاتی سائنس کے تصورات کو دریافت کرنے کے لیے اکٹھے ہوتے ہیں۔ یہ اقدامات سیکھنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں اور شرکاء میں تخلیقی صلاحیتوں اور جدت کو فروغ دیتے ہیں۔
- **گرین ٹیکنالوجی کی اختراعات:** ماحولیاتی چیلنجوں کے جواب میں، بہت سے مقامی اختراع کار قابل تجدید توانائی، پائیدار مواد، اور فضلہ کے انتظام جیسے شعبوں میں سبز ٹیکنالوجیز تیار کر رہے ہیں۔ ان اختراعات کا مقصد کاربن کے اثرات کو کم کرنا اور ماحولیاتی پائیداری کو فروغ دینا ہے۔
- **روایتی علم کا انضمام:** کچھ خطوں میں، روایتی علمی نظام کو جدید جسمانی سائنس کے طریقوں کے ساتھ مربوط کیا جا رہا ہے۔ یہ نقطہ نظر اکثر ایسے اختراعی حلوں کی طرف لے جاتا ہے جو ثقافتی لحاظ سے متعلقہ اور پائیدار ہوتے ہیں، جیسے کہ مقامی زرعی تکنیک یا جڑی بوٹیوں کی ادویات کی تحقیق۔
- **کم لاگت تجرباتی کٹس:** مقامی اختراع کار آسانی سے دستیاب مواد کا استعمال کرتے ہوئے کم لاگت کی تجرباتی کٹس بنا رہے ہیں۔ یہ کٹس سائنس کی تعلیم کو زیادہ قابل رسائی بناتی ہیں، خاص طور پر وسائل کے محدود علاقوں میں، اور سیکھنے اور تجربات کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں۔
- **مناسب ٹیکنالوجی کی ترقی:** محدود وسائل والے خطوں میں، اختراع کرنے والے مقامی ضروریات کے مطابق مناسب ٹیکنالوجیز تیار کر رہے ہیں۔ اس میں پانی صاف کرنے کے نظام، کم لاگت والے طبی آلات، اور کھانا پکانے کے موثر چولہے جیسی اختراعات شامل ہیں۔
- **سٹیزن سائنس پروجیکٹس:** سٹیزن سائنس پروجیکٹس عوام کو سائنسی تحقیق میں مشغول کرتے ہیں، جن میں اکثر فلکیات، ارضیات، یا موسمیات جیسے طبیعیاتی سائنس کے مضامین شامل ہوتے ہیں۔ یہ منصوبے شہریوں کو سائنسی دریافت اور نگرانی کی کوششوں میں حصہ ڈالنے کے لیے بااختیار بناتے ہیں۔
- **کراس ڈسپلنری تعاون:** مقامی اختراع کار اکثر پیچیدہ مسائل سے نمٹنے کے لیے مختلف شعبوں میں تعاون کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، طبیعیات دانوں، انجینئرز، اور ماہرین حیاتیات کے درمیان تعاون طبی امیجنگ یا بائیو میٹریل ریسرچ جیسے شعبوں میں پیش رفت کا باعث بن سکتے ہیں۔
- **سائنس کمیونیکیشن اور آؤٹ ریچ:** مقامی اختراع کار سائنس کے مواصلات اور رسائی کی کوششوں میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں، جس سے سائنسی تصورات کو متنوع سامعین تک رسائی حاصل ہوتی ہے۔ عوامی لیکچرز، ورکشاپس اور مظاہروں کے ذریعے، وہ طبیعیاتی سائنس میں دلچسپی پیدا کرتے ہیں اور سائنسی خواندگی کو فروغ دیتے ہیں۔

یہ مثالیں فزیکل سائنس میں مقامی جدت پسندوں اور اختراعی طریقوں کے تنوع اور تخلیقی صلاحیتوں کو ظاہر کرتی ہیں۔ تعاون کو فروغ دے کر، تعلیم کو فروغ دے کر، اور متنوع نقطہ نظر کو اپناتے ہوئے، یہ اختراع کار مقامی اور عالمی پیمانے پر سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالتے ہیں۔ طبیعیاتی سائنس کے استاد کو علاقائی اعتبار سے مقامی مخترع اور مقامی اختراعی عمل سے طلبا کو روشناس کرانا چاہیے۔

ساتھ ہی ساتھ استاد بطور نصاب ساز کے طور پر تدوین نصاب کے عمل میں طبیعیاتی سائنس کے مقامی مخترع اور مقامی اختراعی عمل کو بھی شامل کرنا چاہیے۔

| اپنی پیش رفت کی جانچ کریں(Check your progress) |
| --- |
| 1۔ طبیعیاتی سائنس میں مقامی مخترع سے کیا مراد ہے؟<br>2۔ طبیعیاتی سائنس میں مقامی اختراعی عمل کو اُجاگر کیجیے۔ |

## 4.7 خلاصہ (Summary)

اس اکائی میں نصاب سازی کے عمل میں استاد کے کردار، مقامی نصاب کی اہمیت، فنکاری، دستکاری اور تخلیقیت کے امتزاج، اور علمی نظام (Knowledge System) کے اجزاء پر تفصیلی گفتگو کی گئی ہے۔ نصاب سازی کے عمل میں استاد کا کردار مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کے مشاہدات، تجربات اور تاثرات نصاب کو زیادہ مفید، بامعنی اور اکتسابی بناتے ہیں۔ استاد بطور نصاب ساز، اپنے علمی پس منظر، تدریسی تجربے اور طلبا کی ضروریات کی تفہیم کی بنیاد پر نصابی خاکے اور سرگرمیاں تیار کرتا ہے۔ قومی سطح پر نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ (NCERT) اور ریاستی سطح پر اسٹیٹ کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ (SCERT) نصاب سازی کے لیے رہنما خطوط فراہم کرتے ہیں، جن میں اساتذہ کی فعال شرکت کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ ان ورکشاپس میں اساتذہ نصاب کے ڈھانچے، مقاصد اور مواد کی تشکیل میں اپنی شراکت پیش کرتے ہیں۔ اس اکائی میں مقامی نصاب (Local Curriculum) کی ضرورت اور اہمیت پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ مقامی نباتات، حیوانات، ماحول اور معاشرتی زندگی سے متعلق مواد کو شامل کرکے طلبا میں نہ صرف سائنسی تفہیم پیدا کی جاسکتی ہے بلکہ ان کے اپنے ماحول سے وابستگی اور دلچسپی بھی بڑھائی جاسکتی ہے۔ مزید برآں، طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں فنکاری، دستکاری، اور تخلیقیات جیسے پہلوؤں کی شمولیت پر زور دیا گیا ہے۔ یہاں "فنکاری" سے مراد سائنسی تخلیقیت اور اختراعی صلاحیت ہے، جو سائنس دانوں، انجینئروں اور محققین کو نئی راہیں تلاش کرنے اور مسائل کے اختراعی حل پیش کرنے کے قابل بناتی ہے۔

اکائی میں علمی نظام (Knowledge System) کے اجزاء مثلاً: مواد کا انتخاب، ترتیب، علم کی گہرائی، بین النصابی ربط، مطابقت، اور مسلسل نظر ثانی جیسے پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ آخر میں، اس اکائی میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ اساتذہ کو مقامی مخترعین اور اختراعی عمل سے طلبا کو روشناس کرانا چاہیے تاکہ ان میں تحقیقی رجحان، سائنسی تجسس، اور تخلیقی سوچ پروان چڑھ سکے۔

## 4.8 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کے مطالعے کے بعد طلبا درج ذیل صلاحیتیں حاصل کرسکیں گے:

- نصاب سازی کے عمل میں استاد کے کردار اور اس کی اہمیت کو بیان کرسکیں گے۔

- قومی (NCERT) اور ریاستی (SCERT) سطح پر نصاب سازی کے عمل کو سمجھ سکیں گے۔
- مقامی نصاب کی ضرورت، اہمیت اور اس کے فوائد کی وضاحت کر سکیں گے۔
- طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں فنکاری، دستکاری اور تخلیقیات (تخلیقیت) کے کردار کو سمجھ سکیں گے۔
- علمی نظام (Knowledge System) کے بنیادی اجزاء کی پہچان کر سکیں گے۔
- مقامی اختراعی عمل اور مخترعین کے مطالعے کی تعلیمی اہمیت کو بیان کر سکیں گے۔

---

## 4.9 فرہنگ (Glossary)

| | |
|---|---|
| استاد بطور نصاب ساز (Teacher as Curriculum Developer) | تدوین نصاب یا نصاب سازی کے عمل میں، نصابی خاکے بنانے میں، نصاب کی مسلسل نظر ثانی میں اساتذہ کی فعال شمولیت۔ |
| مقامی نصاب (Localised Curriculum) | مقامی نباتات، حیوانات، مادے، ماحولیات اور قدرتی اشیا کے بارے میں اہم معلومات کو نصاب میں شامل کرنا۔ |
| فنکاری (Artisans) | طبیعیاتی شعبے میں تخلیقی صلاحیت، دستکاری اور منفرد نقطہ نظر کا مظاہرہ۔ |
| علمی نظام (Knowledge System) | نصاب تعلیم میں علمی نظام سے مراد معلومات، تصورات اور مہارتوں کی تشکیل شدہ تنظیم اور پیش کش ہے۔ |
| مقامی مخترع (Local Innovator) | ایک مقامی مخترع سے مراد ایک مخصوص جغرافیائی علاقے کے اندر ایک فرد جو نئے آئیڈیاز، تصورات، مصنوعات، خدمات یا عمل کو متعارف کرتا ہے جس سے اپنی کمیونٹی اور علاقے میں مثبت تبدیلی اور ترقی ہوتی ہے۔ |
| مقامی اختراعی عمل (Local Innovative Practices) | مقامی اختراعی عمل سے مراد منفرد طریقے اور حکمت عملیوں سے مخصوص جغرافیائی علاقے میں کچھ نیا کرنا جیسے پائیدار کاشتکاری، کمیونٹی مرکوز زراعت وغیرہ۔ |
| مشغولیاتی اکتسابی تجربات (Engaging Learning Experiences) | طالب علم مرکوز نصاب میں مختلف سرگرمیوں اور مشاغل کی شمولیت جس کے ذریعے طلبا تعمیری مظاہرہ کر سکیں۔ |
| رہائش گاہ کی تباہی (Habitat Destruction) | حیاتیات میں مختلف جانداروں کے رہائش گاہ کو لاحق نقصانات۔ |
| مروجہ زرعی طریقے | مقامی خطے میں پہلے سے موجود روایتی طور پر مروجہ زراعت کے مختلف طرز رسائی |
| بشریات (Anthropology) | بشریات انسانی معاشرے، ثقافتوں اور وقت کے ساتھ ان کی ترقی کا مطالعہ ہے۔ |

## 4.10 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions)

1۔ نصاب سازی کے عمل میں اساتذہ کی فعال شرکت کہلاتی ہے؟

(A)استاد بطور نصاب ساز (B)استاد بطور تدریس (C)استاد بطور اکتساب (D)استاد بطور رہنما

2۔ مقامی طبیعیاتی اور قدرتی اشیا کو نصاب میں شامل کرنے پر اسے کیا کہتے ہیں؟

(A)قومی نصاب (B)صوبائی نصاب (C)مقامی نصاب (D)بین الاقوامی نصاب

3۔ طبیعیاتی شعبے میں تخلیقی صلاحیت، دستکاری اور منفرد نقطہ نظر کے مظاہرہ کہلاتا ہے؟

(A)اداکاری (B)فنکاری (C)موسیقی (D)خطاطی

4۔ نصاب تعلیم میں معلومات، تصورات اور مہارتوں کی منظم تشکیل کیا کہلاتی ہے؟

(A)فنکاری نظام (B)مقامی نظام (C)قومی نظام (D)علمی نظام

5۔ مخصوص جغرافیائی علاقے کے اندر کسی فرد کا نئے تصورات، مصنوعات، خدمات کا تعارت کرانا کہلاتا ہے؟

(A)مقامی مخترع (B)قومی مخترع (C)انسانی مخترع (D)نباتیاتی مخترع

6۔ سٹیزن سائنس پروجیکٹ عوام کو درج ذیل میں سے کس میں شامل کرتے ہیں؟

(A)سائنسی تحقیق (B)سیاسی سرگرمی (C)تفریح (D)کھیل

7۔ مقامی اختراع کار روایتی علم کو جدید طبیعی سائنس کے طریقوں کے ساتھ کیسے مربوط کرتے ہیں؟

(A)روایتی علم کو نظر انداز کرکے (B)دونوں کے درمیان تنازعات پیدا کرکے

(C)پائیدار حل کے لیے دونوں کو شامل کرکے (D)روایتی علم کو مکمل طور پر تبدیل کرکے

8۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں علمی نظام کے اجزا ہیں؟

(A)مواد کا انتخاب (B)علم کی گہرائی (C)جائزہ اور اندازِ قدر (D)مندرجہ سبھی

9۔ ہندوستانی تناظر میں قومی سطح پر اسکولی نصاب کی تدوین کس ادارے کا کام ہے؟

(A)NCERT (B)NCTE (C)SCERT (D)AICTE

10۔ ریاستی یا صوبائی سطح پر اسکولی نصاب کی تدوین کس ادارے کی ذمہ داری ہے؟

(A) UGC (B)SCERT (C)IISC (D)DIET

### مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)

1۔ استاد بطور نصاب ساز کے تصور کو واضح کیجیے۔

2۔ طبیعیاتی سائنس میں مقامی نصاب سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

3۔ طبیعیاتی سائنس میں فنکاری کا مقام سے کیا مراد ہے؟

4۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں علمی نظام کو بیان کیجیے۔

5۔ طبیعیاتی سائنس میں مقامی مخترع سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

6۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں جائزہ اور انداز قدر کو واضح کیجیے۔

7۔ سٹیزن سائنس پروجیکٹ کے طریقے بیان کیجیے۔

8۔ نصاب کی نظر ثانی اور مسلسل بہتری کیوں ضروری ہے؟

9۔ کمیونٹی پر مبنی تحفظ کے منصوبے کو بیان کیجیے؟

10۔ مقامی اختراع کار روایتی علم کو جدید طبیعیاتی سائنس کے طریقوں کے ساتھ کیسے مربوط کرتے ہیں؟

**طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answer Type Questions)**

1۔ طبیعیاتی سائنس کے استاد کو تدوین نصاب کے لیے درکار خصوصیات اور مہارتوں کی وضاحت کیجیے۔

2۔ طبیعیاتی سائنس میں مقامی نصاب سازی کے کلیدی پہلوؤں پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

3۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں فنکاری اور دستکاری کے اطلاقی پہلوؤں کو اُجاگر کیجیے۔

4۔ طبیعیاتی سائنس کے نصاب میں علمی نظام کے اہم اجزا کی وضاحت کیجیے۔

5۔ طبیعیاتی سائنس میں مقامی اختراعی عمل کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

## 4.11 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)


1۔ Aggarwal, J. C. (1990). Curriculum Reforms in India. New Delhi: Doaba House.

2۔ Ahmad, Jasim (2019). Pedagogy of Science, Reflective Practices. New Delhi: Sage Publications India Pvt. Ltd.

3۔ Alam, Md. Afroz (2020). Pedagogy of Biological Sciences. Hyderabad: Neelkamal Publications Pvt. Ltd.

4۔ Alam, Md. Afroz (2017). Metacognitive Abilities and Achievement in Biological Sciences. Mauritius: LAP Lambert Academic Publishing.

5۔ Bhalla, N. (2007). Curriculum Development. New Delhi: Author Press.

6- Eisner, E. W. (1979). The Educational Imagination. New York: Millan.

7- John, Dewey (1996). The child and the curriculum: The School and the Society. USA: Phoenix

8- Ministry of Education (1996). Education and National Development, Report of the Education Commission (1964-66). New Delhi: NCERT.

9- Ministry of HRD (1993). Learning without Burdon, Report of the Advisory Committee, MHRD, New Delhi: Department of Educaiton.

10- NCERT (1975). The Curriculum for the Ten-Year School: A Framework. New Delhi: NCERT.

11- NCERT (1988). National Curriculum for Elementary and Secondary Education: A Framework. New Delh: NCERT.

12- NCERT (2000). National Curriculum Framework for School Education. New Delhi: NCERT.

13- NCERT (2005). National Curriculum Framework-2005. New Delhi: NCERT.

14- NCERT (2023). National Curriculum Framework for School Education. New Delhi: NCERT.

15۔ احرار حسین (2005)، سائنس کی تدریس، نیو ویژن پبلشنگ ہاؤس، دہلی

16۔ این سی ای آر ٹی (2020)، سائنس کی تدریسیات، درسی کتاب برائے بی ایڈ، حصہ۔1، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، نئی دہلی

17۔ این سی ای آر ٹی (2017)، سائنس کی تدریسیات، درسی کتاب برائے بی ایڈ، حصہ۔II، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ، نئی دہلی

18۔ ڈی این شرما، آر ایس شرما (1980)، سائنس کی تدریس، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

19۔ محمد افروز عالم (2019)، مضامینِ تعلیم و تدریس، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی

20۔ ملک محمد موسیٰ، شازیہ رشید (2008)، تدوین نصاب اور تدریس، جدران پبلی کیشنز، لاہور

21۔ وزارت حسین، ودودالحق صدیقی (2007)، سائنس کی تدریس، ایجوکیشنل بک ہاؤس، علی گڑھ

# اکائی 5۔ نصابی لوازمات اور معاون مواد

(Curriculum and Supporting Materials)*

5.0 تمہید(Introduction)

5.1 مقاصد(Objectives)

5.2 نصابی لوازمات اور معاون مواد(Supporting Materials and Curriculum)

5.3 مطبوعہ نصابی لوازمات اور معاون مواد(Printed course materials and supporting materials)

5.3.1 نصابی کتب(Textbooks)

5.3.2 روزنامچے یا جرائد(Newspapers or magazines)

5.3.3 ہینڈ بک(Handbook)

5.3.4 طلباء کی ورک بک(Student Workbook)

5.4 غیر مطبوعہ نصابی لوازمات اور معاون مواد

(Non Printed Course Materials and Supporting Material)

5.4.1 ڈسپلے- تصاویر، چارٹس، پوسٹرز، انفوگرافکس، انٹرایکٹو سمیلیشنز، سمعی وبصری پروگرام

(Images, charts, posters, infographics, interactive simulations, audio-Displays Visual programs)

5.4.2 لیبارٹری کا مواد(Laboratory Materials)

5.5 خلاصہ(Summary)

5.6 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

5.7 فرہنگ(Glossary)

5.8 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

5.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materias)

* Prof. Mushtaq Ahmed I. Patel, Professor, CDOE, MANUU

## 5.0 تمہید (Introduction)

سائنس خود تجربہ کر کے دیکھے اور سیکنے والا مضمون ہے۔ اس مضمون کو نہ سن کر میں سمجھا جاسکتا۔ طلب علم کا حصول فطری طریقے سے کرتے ہیں۔ وہ ہر کو براہ رات کل میں دیکھ چاہتے ہیں ان دو کا تجربہ زیادہ مجھ میں آتا ہے اور اس کے ریلے مال کا مالی منتقل ہوتا ہے۔ ماہرین تعلیم اور سائنس دانوں کا خیال ہے کہ طلا کو سائنس پڑھانے کے لیے براہ راست جب کرانا چاہیے۔ لیہ کو تجربہ گاہ میں کام کرنے کا موقع دینا چاہیے۔ سائنس کی تدریس کے لیے درس گاہ کے اندر اور درس گاہ کے باہر کی چیزوں اور اشیا کالم بھی ضروری ہے۔ ماہری اشیا کو اکٹھا کر کے درس گاہ میں جمع کیا جاسکتا ہے اور طلبا کو اس کی مدد سے پڑھایا جاسکتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ انہی ان اشیا کا تجربہ کرنے کے مواقع بھی دیا جاسکتا ہے۔ ماہرین تعلیم کا یہ خیال ہے کہ درس گاہوں میں سائنسی عجائب گھر سائنس کی تعلیم میں اہم رول ادا i کر سکتے ہیں۔ سائنسی عجائب گھر درس گاہ کے اس حصہ کو کہتے ہیں جہاں باہری اشیا کو جمع کر کے محفوظ طریقے سے رکھا گیا ہو اور طلبا ان چیزوں کو جب چاہیں دیکھ سکتے ہیں۔ عجائب گھر ایسی جگہ ہے جہاں پر زیادہ تر ایسی اشیار کی جاتی ہیں جنہیں براہ راست شکل میں نہیں دکھایا جاسکتا۔ ان عجائب گھروں چارٹ، ماڈل

کے آلات نمونے پھل، چیاں اور کیڑے مکوڑے اور دوسرے اشیا جمع کی جاسکتی ہیں۔ طلبا عجائب گھر کا معائینہ کر کے علم حاصل کرتے ہیں۔ اس طرح ان کی دلچسپی بڑھتی ہے اور تجسس کا حل بھی ہو جاتا ہے۔ دکھانے والی اشیامیں طلبا کا تعاون بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ عجائب گھر درس گاہ میں سائنس کا ماحول تیار کرنے میں مددگار ہوتا ہے۔ عجائب گھر ایک ایسا مقام ہے جہاں طلبائی چیزوں سے متعارف ہوتے ہیں، جس سے ان کے علم میں حقیقی طور سے اضافہ ہو جاتا ہے۔

عجائب گھر کی تنظیم / تشکیل کس طرح کرنا چاہیے یہ بھی ایک اہم کام ہیں معلم صدر مدرس اور طلبہ کے طاعون سے عجائب گھر بنایا جا سکتا ہے سب سے پہلے درسگاہ میں عجاب گھر کے لیے ایک مناسب مقام کا انتخاب کیا جاتا ہے یہ جگہ درس گاہ میں ہی ایسے مقام پر ہوں جو دوسرے کلاسوں سے الگ ہو اور اس میں کافی جگہ بھی ہو عجائب گھر میں شیشے کی الماریاں اور بڑی بڑی میزیں بھی ہونی چاہیے معلم اور طلبہ اپ سے مشورے کر کے یہ طے کریں کہ عجائب گھر میں کن کن اشیاء کو جمع کیا جائے عجائب گھر میں کئی طرح کی چیزیں اور اشیاء جمع کی جاسکتی ہیں درسگاہ کے طلبہ کی ذہنی سطح علم حاصل کرنے کی صلاحیت اور دلچسپیوں کا مد نظر رکھ کر اشیاء جمع کی جاسکتی ہیں درسگاہ کے معیار کا بھی دھیان رکھنا چاہیے تاکہ نصاب میں پڑھایا جانے والا ادب عجائب گھر سے مماثلت رکھتا ہوں اس کے لیے مختلف قسم کے کیڑے مکوڑوں ، تتلیاں مینڈک م، چھلیاں، کچھ ریشم کے کیڑے پتھر مختلف قسم کی مٹی مختلف دھاتیں، کھانے کی اشیاء، معدنیات پرندوں، حیوانوں کے زندہ اور مردہ حالت میں رکھے گئے محفوظ ماڈل سائنس دانوں کی فوٹو، آلات، پھول پھل، وغیرہ عجائب گھر میں نمائش کے لیے رکھے جاسکتے ہیں۔ تنظیم کا خاص کام یہ ہے کہ ان اشیاء کو کہاں سے حاصل کیا جائے معلم طلبہ کو پروجیکٹ یا تفویض کے کام کے ذریعے اشیاء کو یکجا کرا سکتا ہے اس کے علاوہ طلباء کو سائنسی نقطہ نظر والے مقامات کا دورہ کر کے چیزوں کو جمع کرایا جاسکتا ہے جیسے انڈے پتیاں فل فول ہڑیوں کے ڈھانچے ان اشیاء کو جنگل یا نیشنل پارک کے علاقوں کے دورے کے ذریعے بھی جمع کیا جاسکتا ہے مختلف قسم کی سبزیاں یا فل سبزی منڈی سے منگوائی جاسکتی ہیں ماڈل تصاویر الات مرمت کیے گئے الات بچوں کے ذریعے بنائی گئی مفید اشیاء کو بھی عجائب گھر کے لیے منتخب کیا جاسکتا ہے یہ سبھی اشیاء عجائب گھر میں رکھی جاسکتی ہیں عجائب گھر میں نہایت ضروری کام اشیاء کی حفاظت کا ہوتا ہے ان جمع کی گئی اشیاء کو درجوں میں تقسیم کرنے کے بعد ان اشیاء کو جو وقت کے ساتھ خراب ہو جاتی ہیں ان کو محفوظ رکھنا پڑتا ہے اس کام کے لیے کیمیائی سیال کا بھی استعمال کیا جاسکتا ہے اشیا کو محفوظ رکھنے کا طریقہ عجائب گھر کے ماہروں سے سیکھا جاسکتا ہے سبھی اشیاء کو ترتیب اور منقسم کر کے رکھنا چاہیے تاکہ طلباء کو ان کا معائنہ کرنے میں کسی قسم کی دشواری کا سامنانہ کرنا پڑے۔

## 9.3 سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں کا سائنس کے فروغ میں کردار کردار

(Role of Governmental and Non-Governmental Organizations in Science Promotion and Dissemination)

ہندوستان کا آئین لوگوں کے اندر سائنسی سوچ اور تحقیقی کردار کی تخلیق پر زور دیتا ہے زیادہ تر سرکاری تنظیموں اور تجربوں گاہوں کا مقصد عام لوگوں کے اندر سائنٹیفک سوچ کی نشو نما کرنا ہے۔

ہ دور سائنس اور ٹیکنالوجی کا دور ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ سائنس اور ٹیکنالوجی انسان زندگی میں اس حد تک داخل ہو چکی ہے کہ اب ہم اس کے بغیر زندگی کا تصور نہیں کر سکتے۔ اس لیے ضروری ہو گا ک ہماری نسلیں ہسائنس اور ٹیکنالوجی کے ضروری علم سے آراستہ ہوں اور وہ سانسی طرز کے عادی بنیں ں ور ان میں سائنسی رجحانات کی آبیاری کی جائے۔ ان مقاصد کے حصول کے لیے حکومت اھل کتاب بہت ساری کوششیں کرتی ہیں مگر ضرورت کے لحاظ سے وہ ناکافی ہوتی ہیں اس کمی کو پورا کرنے کے لیے غیر حکومتی تنظیمیں میدان عمل میں آتی ہیں۔

بہت سے سرکاری ادارے مثلاً یو جی سی،( UGC )ڈی ایس ٹی(,DST )این سی ای ار ٹی(NCERT),ایس سی ای ار ٹی(SCERT)اور دوسرے مرکزی اور ریاستی تجربہ گاہوں کا مقصد ملک میں سائنسی ترقی کے ساتھ ساتھ عام شہریوں کی سوچ میں مثبت بدلاؤ لانا بھی ہے تا ہم عام لوگوں کی سوچ سائنٹیفک ہو جائے جتنے بھی ترقی یافتہ ممالک ہیں انہوں نے صرف اپنی تجربہ گاہوں اور سائنسی اداروں کی بنیاد پر ہی ترا کین نہیں کی بلکہ وہاں کے لوگوں کی سائنٹیفک سوچ نے بھی ان ملکوں کو اگے بڑھنے میں مدد کی۔ مرکزی اور ریاستی حکومت کے تعاون اور میل جول سے عوام میں سائنس کی تیئں دلچسپی پیدا کی جاسکے ریاستی حکومت مرکزی حکومت کے ساتھ ٹیکنالوجی کی مدد فراہم کر کے لوگوں کے اندر سائنس کو عام کرتی ہیں مرکزی حکومت بین الاقوامی تنظیموں اور ریاستی حکومتوں کے درمیان رابطے کا کام کرتی ہے ہندوستان میں مرکزی حکومت نے 1985 میں ماحولیات اور جنگلات کی وزارت کی تشکیل کی یہ وزارت جنگلی جانوروں کا اور پورے پودوں کا معائنہ سروے کرا کر اس کو منظر عام پر لاتی ہیں تا کہ لوگوں کو ان کے بارے میں جانکاری حاصل ہو اور اس کے علاوہ یہ وزرات مندرجہ ذیل کاموں کو انجام دیتی ہیں۔

- ماحولیاتی الودگی کو روکنا اور اس کے بارے میں لوگوں میں بیداری پیدا کرنا
- جنگلات کی کٹائی کو روکنا اور نئے پودوں کو لگانا لوگوں میں ماحول کے تیئں بیداری پیدا کرنا
- ماحول سے متعلق پروگراموں کی عمل درآمدی کرنا

ISRO,DST,SCERT, NCERT جیسے سرکاری ادارے بہت سے ایسے پروگرام منعقد کرتے ہیں جو بچوں میں سائنسی رجحان پیدا کرتے ہیں اور یہ سرکاری ادارے بہت سے سائنسی مقابلے خاص طور پر ماڈل مقابلے کراتے ہیں جس سے بچوں کے اندر خداداد صلاحیتوں کو ظاہر کرنے کا موقع ملتا ہے اور یہ تمام سرکاری ادارے بچوں کو سردیوں اور گرمیوں کی چھٹیوں میں جب مدرسے بند رہتے ہیں اس وقت ایک ہفتہ 15 دن یا ایک مہینہ کے لیے ڈرائنگ پروگرام منعقد کرتے ہیں جو بچوں کے اندر سائنسی سوچ کی تخلیق میں مدد کرتی ہے یہ بچے مستقبل میں ایک بڑے سائنسدان بنتے ہیں اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہندوستان کے پس منظر میں سرکاری ادارے سائنس کے فروغ میں بہت ہی اہم کردار نبھا رہے ہیں۔

N غیر حکومتی تنظیموں سے مراد وہ تنظیمیں ہیں جو مالی لحاظ سے نہ فائدہ نہ نقصان کے اصول پر کام کرتی ہیں۔ سائنس سے متعلق کام کرنے والی غیر حکومتی تنظیمیں مندرجہ ذیل ہیں:

(1) کشور بھارتی ۔ یہ ادارہ مدھیہ پردیش کے ہوشنگ آباد ضلع میں قائم ہے۔ اس کا اصل ہدف دیہی

(population) دیہات سے شہروں کے منتقلی کے عمل کو روکنے کی کوشش کرتا

دیہی آبادی کو سائنس سے واقف کرانا اور ان میں سائنسی انداز فکر پیدا کرتا سائنسی تصورات کو سمجھانا اس ادارے کے مقاصد کئی پروگرام منعقد کرتے ہیں جس میں بطور خاص دیہاتوں میں سائنسی نمائش کا اہتمام کرنا ہے۔ ریاستی حکومت نے اس اس اور نصابی کتابیں تیار کرنے کی ذمہ داری بھی دی ہے۔ اس نصاب میں طلباء کی حقیقی ضرورتوں کا لحاظ رکھنے کی کوشش کی جاتی ہے ادارہ سائنس کے اساتذہ کے لیے دستی کتابچہ یہ (Hand book) بھی شائع کرتا ہے۔

(2) وکرم سارابھائی سائنس کیوٹی سینٹر: یہ مرکز گجرات کے شہر احمد آباد میں واقع ہے۔ اس کے قیام کا مقصد سائنس اور ٹیکنالوجی سے سماجی کاموں کو انجام دینا ہے۔ یہ مرکز طلباء میں سائنسی مشغلوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ تجربات اور مشاہدات کی روشنی تربیت فراہم کرتا ہے۔ اس مرکز کے ذریعے سائنسی میلے منعقد کیے جاتے ہیں۔

تقاریر کا اہتمام ہوتا ہے عوام میں سائنس کو مقبول بنانے کی غرض سے فلم شو دکھ پتلی شو دکھاجاتے ہیں ۔

(3) جواہر بال بھون : ملک کے پہلے وزیر اعظم پنڈت جواہر لعل دورہ کے نام پر ملک کے اہم شہروں میں جواہر بال بھون قائم کیے گئے۔ اس میں 14 سال سے کم عمر کے بچوں کے لیے مختلف پروگرامس منعقد کیے جاتے ہیں جس کے ذریعے ان میں سائنسی رویوں، دلپیوں اور سائنسی انداز نظر کو فروغ دیا جاتا ہے۔ اس ادارے کے ذریعے بچوں کی عمر اور دلچسپی کے لحاظ سے سائنس اور آرٹ پر کتابیں بھی شائع کی جاتی ہیں۔

اے پی سائنس سینٹر (A.P. Science Centre)

اس سینٹر کا قیام 1974ء میں آندھرا پردیش میں کیا گیا اس سینٹر کے قیام کے مقاصد مندرجہ ذیل میں (1) سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں ہوئی ترقی کو لوگوں کے بیچ عام کرنا

(4) طلبا میں تحقیقی اور تحقیدی انداز فکر کو فروغ دینے کیلئے سائنسی میلے، ہیماں، اور جدید عنوانات پر تقریری مقابلوں کا انعقاد کرانا

(The Nature Club of India) یہ کلب ملک کے بڑے بڑے شہروں میں قائم کئے گئے ہیں ان کلبوں کی تشکیل میں معاشی مدد فراہم کرتا ہے ان کلبوں کا اہم مقصد عوام میں ماحول کے تحفظ کے تئیں لوگوں کے نظریہ میں تبدیلی لاتا ہے۔ اس مقصد کے لیے کلب کی جانب سے ماحول کے تحفظ اور اس کے بگاڑے میں ہونے والے مسائل کے بارے میں عوام میں شعور کو پیدا کرنے کیلئے مختلف پروگرامس منعقد کئے جاتے ہیں۔ طلبا کو اس کلب کی ممبر شپ فراہم کی جاتی ہے ان کلبوں کے ذریعے ماحول کے تحفظ اور آلودگی سے بچاؤ جیسے مدعوں پر لیٹر یچر بھی شائع کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ بہت سی ملکی اور بین الاقوامی ادارے لوگوں کے اندر سائنس کی فروغ میں لگے علم کے ذرائع ووسائل کا استعمال، آن لائن اور آف لائن ذرائع اور ان کے استعمال میں چیلنج علم کی ترویج واشاعت میں کاغذ اور چھاپہ خانہ press کی ایجاد سے انقلابی تبدیلیاں واقع ہوئی ہیں۔ موجودہ دور میں اطلاعاتی اور ترسیلی ٹیکنالوجی) نے اسکی رفتار رفتار کو بے انتہا بڑھا دیا ہے۔ پہلے علم کے حصول کے زرائع وسال کم تھے ان کی تلاش اوران سے استفادہ یا مشکل کام تھا مگر اب معلوماتی کثرت کا یہ عالم ہو گیا ہے کہ اس میں سے مفید مطلب

معلومات کی شناخت اور اس کا استعمال ایک چیلنج بن گیا۔ ہر دو تبدیلیوں سے اسکول اپنے آپ کو بچا کر نہیں رکھ سکتا۔ اسکولی نظام کو ان سے ہم آہنگ ہونا ہو گا ۔ اس وقت ہم علم اور معلومات کے ذرائع کو دو بڑی اقسام میں تقسیم کرسکتے ہیں۔

(1) آف لائن مثلاً کتابیں، جرائد میگزین وغیرہ۔

(2) آن لائن ذرائع ماسمعی وبصری آلات، ٹیلی ویژن، سوشل میڈیا، کمپیوٹر انٹرنیٹ وغیرو

## 9.4 تعلیمی وسائل کا استعمال آن لائن اور آف لائن وسائل کی شناخت اور استعمال میں دشواریاں

(Use of Educational Resources: Challenges in Identifying and Using Online and Offline Resources)

### آف لائن وسائل (Offline Resources)

1۔ نصابی کتب (Textbooks)

نصابی کتابیں طلباء اور اساتذہ کے لیے سب سے اہم اور معروف ذریعہ ہیں۔ یہ کتابیں نصاب کی ہدایات کے مطابق تیار کی جاتی ہیں۔ بھارت میں اسکولی نصابی کتابیں زیادہ تر حکومتی اداروں کے ذریعے تیار کی جاتی ہیں۔ مرکزی سطح پر یہ کام NCERT انجام دیتا ہے اور ریاستی سطح پر متعلقہ اسکول بورڈ اس ذمہ داری کو پورا کرتے ہیں۔

سائنسی نصابی کتابیں سرگرمی پر مبنی (Activity-based) اور سادہ، واضح زبان میں ہونی چاہیے تاکہ طلباء کو Learning by Doing کے مواقع فراہم ہوں۔ کتاب میں تعلیمی مقاصد کے حصول کے لیے سائنسی تصورات آسان اور عملی انداز میں پیش کیے جائیں اور طلباء میں تنقیدی سوچ پیدا ہو۔

2۔ جرائد اور میگزین (Journals & Magazines)

سائنسی تنظیمیں اور سائنسی و ٹیکنالوجی کے ادارے عام طور پر جرائد شائع کرتے ہیں، جن میں نئی تحقیق، تجربات اور سائنسی مضامین شامل ہوتے ہیں۔ اس سے طلباء سائنس کے جدید رجحانات سے آگاہ رہ سکتے ہیں۔ NCERT بھی طلباء کے لیے سائنس کے میگزین شائع کرتا ہے، جیسے اردو میں ماہنامہ سائنس اور سائنس کی دنیا۔

3۔ ریڈیو براڈکاسٹ (Radio Broadcast)

اگرچہ اس کا استعمال کم ہو گیا ہے، یہ سائنس کی تعلیم و اشاعت کے لیے اب بھی اہم ذریعہ ہے۔ علاقائی، ریاستی اور قومی ریڈیو اسٹیشن طلباء اور عوام کے لیے تعلیمی پروگرام نشر کرتے ہیں۔ اساتذہ کلاس میں طلباء کو یہ پروگرام سنوا کر سائنسی معلومات میں اضافہ کرسکتے ہیں۔

4۔ بصری وسائل (Visual Aids)

- ٹیلی ویژن پروگرامز: جیسے UGC کے پروگرام، دور درشن، اور NCERT کے Gyan Darshan Channel سے نشر ہونے والے تعلیمی پروگرامز۔
- EDUSAT: مکمل طور پر تعلیمی سرگرمیوں کے لیے وقف سیٹلائٹ، جو دوطرفہ بات چیت کی سہولت فراہم کرتا ہے۔
- ویڈیو کانفرنسنگ (Video Conferencing): NCERT اساتذہ کی تربیت کے لیے استعمال کرتا ہے۔
- سی ڈی / ڈی وی ڈی (CD/DVD): سمعی وبصری معلومات کے لیے مفید وسائل۔

**آن لائن وسائل (Online Resources)**

1۔ انٹرنیٹ (Internet)

انٹرنیٹ معلومات تک رسائی، جمع کرنے، اور پھیلانے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ طلباء اور اساتذہ ویب سائٹس، بلاگز، سوشل نیٹ ورکنگ سائٹس جیسے Facebook, Twitter, ArcIT، اور Wikipedia کے ذریعے اپنے علم میں اضافہ کر سکتے ہیں۔

- مفت ویب سائٹس طلباء کے لیے اسباق اور تعلیمی مواد فراہم کرتی ہیں۔
- اساتذہ بھی آن لائن وسائل کے ذریعے اسباق کی تیاری اور تعلیمی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔

2۔ ملٹی میڈیا اور ICT وسائل:

- ورچوئل لیبز اور سائنسی شبیہیں طلباء کو عملی تجربات کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔
- ڈیجیٹل ٹولز اور ایپلیکیشنز (ICT tools & apps) سیکھنے کے عمل کو فعال اور دلچسپ بناتے ہیں۔

**چیلنجز (Challenges in Using Educational Resources):**

- آف لائن وسائل جیسے نصابی کتابوں اور جرائد کی محدود دستیابی۔
- آن لائن وسائل میں مواد کی سچائی اور معیار کی جانچ کا فقدان۔
- تکنیکی آلات اور انٹرنیٹ کنکشن کی کمی۔
- طلباء اور اساتذہ کو ICT اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال میں تربیت کی ضرورت۔

---

## 9.5 خلاصہ (Summary)

یہ اکائی غیر رسمی یا ہم نصابی سرگرمیوں کی اہمیت، اقسام، اور اساتذہ اور طلباء کے لیے ان کے فوائد پر مرکوز ہے۔ غیر رسمی تعلیم نصاب کی رسمی حدود سے باہر ایسی سرگرمیاں شامل کرتی ہے جو وقت، عمر، قابلیت اور تعلیمی سطح کے پابند نہیں ہوتیں، اور طلباء کی دلچسپی اور ضروریات کے مطابق ڈیزائن کی جاسکتی ہیں۔ سائنس کی تعلیم میں ہم نصابی سرگرمیاں جیسے سائنس کلب، سائنس میلے، اولمپیاڈ، اور سائنسی نمائشیں طلباء کی عملی مہارت، تخلیقی صلاحیت، مسئلہ حل کرنے، ٹیم ورک اور سائنسی رویے کی ترقی میں مدد دیتی ہیں۔

سائنس کلب میں طلباء آزادانہ تحقیق، تخلیقی کام اور نظریاتی علم کو عملی تجربات کے ساتھ جوڑتے ہیں۔ سائنس میلے اور نمائشیں کمیونٹی کے ساتھ رابطے کا موقع فراہم کرتی ہیں، اور طلباء میں تجسس، سائنسی سمجھ اور تخلیقی اظہار کو فروغ دیتی ہیں۔ سائنس اولمپیاڈ طلباء کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر مقابلے کے ذریعے اپنی سائنسی مہارتوں کو جانچنے اور بہتر بنانے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ یہ سرگرمیاں نصاب کے علم کو حقیقی زندگی کے تجربات کے ساتھ مربوط کر کے تعلیم کی تاثیر اور طلباء کی مجموعی نشوونما میں اضافہ کرتی ہیں۔

## 9.6 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اکائی مکمل کرنے کے بعد طلباء درج ذیل صلاحیتیں حاصل کر سکیں گے:

- ہم نصابی سرگرمیوں اور ان کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔
- مختلف اقسام کے سائنس کلب، سائنس میلے، سائنسی نمائش اور اولمپیاڈ کی خصوصیات اور مقاصد بیان کر سکیں گے۔
- سائنس کے شعبے میں سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں کے کردار اور تعاون کو جان سکیں گے۔
- ہم نصابی سرگرمیوں میں طلباء کی عملی شرکت اور سیکھنے کے عمل میں ان کے فوائد بیان کر سکیں گے۔
- سائنسی اصولوں کو عملی سرگرمیوں، پروجیکٹس اور نمائشوں کے ذریعے سیکھنے اور سمجھنے کی صلاحیت پیدا کریں گے۔
- سائنسی سرگرمیوں میں ٹیم ورک، مواصلات، تخلیقی سوچ، مسئلہ حل کرنے کی مہارت اور خود اعتمادی پیدا کر سکیں گے۔
- سائنسی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی، تنظیم، اور ان کی تشخیص کے بنیادی اصول جان سکیں گے۔

## 9.7 فرہنگ (Glossary)

| | |
|---|---|
| محرکہ | سائنسی رجحان |
| سائنسی طریقہ | سائنسی میلہ |
| سائنسی نمائش | حیاتیاتی تنوع |
| تجسس | متوازن ترقی |
| توہمات | اکتساب بذریعہ عمل |
| کتابی کیڑا | موجد |
| تعمیم | نظریہ |

## 9.8 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

## معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Answser Type Questions)

1۔ ہم لوگوں کی انجمن کو.................... کہتے ہیں۔

a. تنظیم b.کلب c.سوسائٹی d.ادارہ

2۔ سائنسی تعلیم کی روح طلبہ میں.................. پیدا کرنا ہے

a.معلومات b.تکنیک c.سائنسی مزاج d.ٹیکنالوجی

3۔ ______ طلبہ اور عوام سائنس کے فاروق کا کام انجام دیتا ہے

a.حکومت b.اسکول c.سائنسی میلہ d.سیمینار

4۔ ہمیں طلبہ کو سائنسی ترقی میں....... کے تصور سے اگاہ کرنا چاہیے

a.متوازن ترقی b. ماحولیاتی ترقی c. ٹیکنالوجی کی ترقی d.بے قید ترقی

5۔ ہمارے ملک میں ریاستی اور ملکی سطح پر سائنسی نمائش کا اہتمام کرتی ہے

a.ایس سی ای آر ٹی b.یو جی سی c.این سی ای ار ٹی d.این سی ٹی ای

6۔ وکرم سارابھا کی سائنسی کمیونٹی سینٹر............... میں واقع ہے

a. ممبئ b.احمد آباد c.دہلی d.اورنگ آباد

7۔ بھارت کا.................. سیارچہ مکمل طور پر تعلیم کے لیے وقف ہے

SCERT.a UGC.b EDUSAT.c EDUTEC.d

8۔ چلڈرن سائنس کانگرس کے اغراض میں بچوں کے جذبہ تجسس کو................ ہے۔

a.بڑھانا b.کم کرنا c.ختم کرنا d.ضائع کرنا

9۔ سائنسی طریقے کار کا پہلا مرحلہ ہے

a. عمومی مشاہدہ b. عمیق مشاہدہ c. تجربہ d. نتیجہ

10۔ سائنسی مزاج ناکامی کے تئی...... رویہ رکھتا ہے

a. منفی b.مثبت c.معتدل d.انتہاپسندانہ

## مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answer Type Questions)

1۔ سائنس کی غیر رسی سرگرمیوں پر مضمون لکھیں اور سائنس کلب کے کردار پر روشنی ڈالیں

2۔ درس گاہوں میں سائنس کلب قائم کرنے کے لیے سائنس کے اساتذہ کا رول کیا ہوتا ہے؟ بیان کیجیے۔

3۔ تاعمر حیاتیاتی سائنس کے اکتساب سے آپ کیا سمجھتے ہیں

4۔ سائینسی عجائب گھر سائنس کی تعلیم میں کیسے مدد گار ثابت ہوتی ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

5۔ سائنس کے فروغ میں سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کے کردار کو واضح کریں۔

6۔ درس گاہ میں سائنسی عجائب گھر کی تنظیم اور اس کا انتظام کس طرح کرنا چاھیے

### طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answer Type Questions)

1۔ عجائب گھر کے لیے مناسب اشیاء کیسے جمع کریں گے سائنس کلب میں منعقدہ سرگرمیوں کا ذکر مختصر تحریر کیجے

2۔ سائنسی عجائب گھر سائنس کے معلم کے لیے کیوں اہم مانا جاتا ہے؟

3۔ سائنس میلے سائنس کی تدریس میں کسی طرح مدد گار ہوسکتے ہیں؟ اپنے خیالات کا اظہار کریں

4۔ سائنسی میلوں کے انعقاد کے مقاصد لکھیے

5۔ سائنسی میلے درسگاہ اور سماج کے لیے کتنی مدد گار ثابت ہو رہے اقتصار سے لکھیے

## 9.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Reading Materials)


1۔ ویدیا نریندرا۔ امپیکٹ اف سائنس سٹچنگ نیو ڈیلی اکسفرڈ اینڈ ائی بی ایچ پبلشنگ کمپنی پرائیویٹ لمٹڈ

2۔ ونجا ایم۔ میتھڈ اف ٹیچنگ فزیکل سائنسز حیدرا باد نیل کمل پبلکیشنز پرائیویٹ لمٹڈ

3۔ کمارامت۔ ٹیچنگ اف فزیکل سائنسز نیو ڈیلی انمول پبلیکیشن پرائیویٹ لمٹڈ

4۔ موہن رادھا۔ انویٹیو سائنس سٹچنگ فار فزیکل سائنس ٹیچرز نیو ڈیلی پی ایچ ائی

5۔ صدیقی اینڈ صدیقی۔ ٹیچنگ اف سائنس ٹوڈے اینڈ ٹمارو نیو دہلی دعابا ہاؤس

# اکائی 10۔ سائنسی مزاج کی نشوونما

(Development of Scientific Temper )*

## اکائی کے اجزاء


10.0 تمہید (Introduction)

10.1 مقاصد (Objectives)

10.2 سائنسی مزاج اور اس کا فروغ (Scientific Temper and its Promotion)

10.2.1 سائنسی مزاج (Scientific Temper)

10.2.2 سائنسی مزاج کا فروغ (Promotion of Scientific Temper)

10.3 ہندوستان میں سائینسی ابلاغ و ترسیل (Science Communication and Dissemination in India)

10.3.1 سائنسی ایجادات اور تحقیقات کی طرف پہل (Research and Innovation in Science)

10.4 خلاصہ (Summary)

10.5 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

10.6 فرہنگ (Glossary)

10.7 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

10.8 تجویز کردہ اکتسابی مواد (Suggested Learning Materials)


## 10.0 تمہید (Introduction)

سائنس اور ٹیکنالوجی کی روز افزوں اہمیت اور استعمال نے اسے ہماری زندگی کی ایک ناگزیر شے بنا دیا ہے۔ صرف طلبا ہی کے لیے نہیں بلکہ تمام انسانوں کے لیے ہر عمر اور ہر مرحلے میں ہمیں سائنسی معلومات کی ضرورت ہے۔ انسانوں کی انفرادی اور اجتماعی ترقی اب سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی کے ساتھ مشروط ہو گئی ہے۔ اس لیے وقت کی اشد ضرورت ہے کہ ہم سائنسی و تکنیکی معلومات سے ہر وقت آگاہ


* Dr. Raihana Malik, Associate Professor, MANUU CTE, Srinagar

رہیں سائنسی طرز کے عادی بنیں اور سائنسی رجحانات کی آبیاری کی جائے۔اس ضرورت کو پورا کرنے کے لیے حکومت, تعلیمی ادارے این.جی او, وغیرہ کوشاں رہتے ہیں۔

## 10.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- سائنسی رجحان اور سائنسی انداز فکر پیدا کرنے کے بارے میں وضاحت پیش کر سکیں
- طلبہ میں سائنس کے رجحان اور مضمون کو بطور روزگار اپنانے کے لیے راغب ہو جائیں
- سائنسی مواصلات / ترسیل میں مختلف اداروں کے بارے میں معلومات فراہم کرنا
- سائنسی ایجادات اور تحقیقات کی طرف پہل کے بارے میں جانکاری حاصل کریں

## 10.2 سائنسی مزاج اور اس کا فروغ (Scientific Temper and its Promotion)

سائنس کے معلم کا کام صرف اسباق کی تدریس تک محدود نہیں ہوتا سائنس کی تدریس کا ایک اہم مقصد طلبہ میں سائنسی رجحان کو پروان چڑھانا ہے۔ تجسس ہی انسان کی وہ بنیادی خوبی ہے جس نے اس کے لیے ترقی کی راہوں کو نہ صرف کھولا ہے بلکہ ان پر آگے بڑھنا سکھایا ہے -انسان اپنے اطراف اور ماحول میں پائی جانے والی اشیاء کی ماہیت اور خصوصیات جاننا چاہتا ہے اور انہیں اپنے فائدے کے لیے استعمال کرنا چاہتا ہے -نامعلوم کو معلوم کرنا چاہتا ہے۔ یہ خصوصیت ہمیں اشیاء کی تفتیش کرنے ،کھوج کرنے ، تحقیق وانکشاف کرنے پر ابھارتی ہے طلباء میں بھی یہ خصوصیات بدرجہ اولی موجود ہوتی ہیں ان کو صحیح رخ دے کر ہم ان میں سائنسی رجحان کی آبیاری کر سکتے ہیں- طلبہ اپنے ماحول سے متعلق کئی سوالات اپنے ذہن میں رکھتے ہیں۔ معلم کا فرض ہے کہ وہ انہیں ان سوالوں کے جواب تلاش کرنے کا سائنسی طریقہ بتائیں جس کے ذریعے وہ جواب حاصل کر سکیں اور ساتھ ہی ان کی سائنسی طریقہ کار کی تربیت بھی ہو -انسان اپنے مشاہدے سے معلومات حاصل کرتا ہے مثلاً قدرتی تبدیلی ،موسموں کا بدلنا، بارش بجلی کی چمک ، چاند گرہن، سورج گرہن، مختلف نباتات کی خصوصیت وغیرہ۔ان معلومات کو بعد میں منظم کیا جاتا ہے ان کی درجہ بندی ہوتی ہے بعد ازاں ہم اشیاء ،قدرتی واقعات، عوامل کی شناخت کرتے ہیں اور ان کے درمیان ربط کی حقیقت جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔ جدید سائنسی علم کی جڑیں وجوہات اور اثر میں ملتی ہیں مثلاً سمندری جوار باٹا، مختلف وٹامن کی کمی سے ہونے والی بیماریاں، موسموں کا تغیر و تبدیلی، گلوبل وارمنگ، وغیرہ اس طرح ہم مسلسل مشاہدہ اور مختلف اجزاء کے آپسی ربط و تعلق کے ذریعے کچھ عمومی نتائج حاصل کرتے ہیں پھر اس کی تعمیم کرتے ہیں اور کوئی نظریہ پیش کرتے ہیں۔ سائنسی طریقہ کار کے مراحل مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ عمیق مشاہدہ: یہ وہ عمل ہوتا ہے جس میں کسی شے یا قدرتی عمل کا ہم مختلف پیمانوں کے پیش نظر مشاہدہ کرتے ہیں اشیاء کی شناخت اور ان کے آپسی تعلق یا ان کے ایک دوسرے پر اثرات کا باریک بینی سے مشاہدہ کیا جاتا ہے

2۔ مفروضہ قائم کرنا: اس کے ذریعے ہم کسی عمل واقعہ کی تشریح کرتے ہیں عام طور پر یہ وجہی میکانزم یا ریاضیاتی تعلقات یا رشتے پر مبنی ہوتا ہے جہاں تغیرت کے درمیان ربط ظاہر کیا جاتا ہے

3۔ پیشن گوئی کرنا: مفروضے پر مبنی پیشگوئی کی جاتی ہے جس کا تعلق کسی عمل کی موجودگی یا تغیرات میں موجود رشتے سے ہوتا ہے۔ اسے ہم ریاضیاتی یا منطقی سوچ کے ذریعے حاصل کرتے ہیں۔ ان پیشن گوئیوں کو ہم متغیرات کو قابو میں رکھ کر تجربے کے ذریعے یا عمل میں لا کر اس کی جانچ کرتے ہیں۔

4۔ مفروضات کی جانچ جب ہم پیشن گوئی کی تجرباتی یا عملی جانچ کرتے ہیں اور وہ صحیح ثابت ہو تو اسے تسلیم کر لیا جاتا ہے اگر پیش گوئی عملی طور پر ثابت نہ ہو سکے تو اسے خارج کر دیتے ہیں بعض اوقات مفروضات میں تبدیلی بھی کی جاسکتی ہے۔

5۔ نتائج کا حصول اور تعمیم: یہ آخری مرحلہ ہوتا ہے سائنسی طریقہ کار کی خوبی یہ ہے کہ اس ذریعے سے پیش کیے گئے خیالات، نظریات جانچ اور تجربے کی صداقت کے بعد ہی قبول کے جاتے ہیں۔

### 10.2.1 سائنسی مزاج (Scientific Temper)

اگر آپ اپنے روزمرہ کے معاملات کو سائنسی طریقے کے ذریعے حل کرتے ہیں تو آپ سائنسی مزاج کے حامل ہیں سائنسی مزاج صرف سائنس دانوں کا ہی نہیں ہوتا ایک طالب علم اور ایک عام انسان بھی سائنسی مزاج کا حامل ہو سکتا ہے آئندہ سطور میں آپ سائنسی مزاج کی خصوصیات کا مطالعہ کریں گے

1۔ صحت مند تشکیک (Healthy Scepticism) اور اس سے مراد یہ کہ ہم کسی بھی بات خیال یا نظریے کو اس وقت تک قبول نہ کریں جب تک عقل اور منطق اس کی سچائی کی گواہی نہ دے یعنی ہم کوئی بھی کام، بات، خیال، نظر کو صرف اس لیے قبول نہ کریں کہ یہ بزرگوں سے ہوتا آیا ہے اور یہ ہماری سماجی روایت کا حصہ ہے یا یہ ہم کو حکم ہے اس کا ایک اور پہلو یہ بھی ہے کہ فراہم کردہ ثبوت کو بلا چوں وچرا قبول نہ کرلے بلکہ انہیں جانچ و تحقیق کر کے شواھد حاصل کریں

2۔ تعمیم (Generalization) سائنسی مزاج میں کسی قسم کے تعصب یا پہلے سے طئے شدہ ذہنی سانچے کے لیے کوئی جگہ نہیں ہوتی ہے بلکہ کوئی بات، نظریہ، عمل اگر سائنسی اور منطقی بنیادوں پر ثابت ہو جائے اور تجربات کی معقول تعداد ان نتائج کی تصدیق کر دیں تو اسے عموم حاصل ہو جاتا ہے اور اسے ماننے میں کوئی پس وپیش نہیں ہونا چاہیے۔

3۔ صبر واستقامت: سائنسی طریقہ کار کو اپنانا اور نتایج حاصل کرنا ایک صبر آزما اور مشکل کام ہوتا ہے اور عجلت میں درست نتائج حاصل نہیں کیے جاسکتے۔ ہمیں ھر کام یا عمل کو درکار وقت دینا ہوگا یعنی ہمیں صبر سے کام لے کر پورا وقت دے کر تجربے / مشاہدے کو مکمل کرنا ہوگا اور اس کی جانچ کے مراحل کو طے کرنا ہوگا خواہ اس میں کتنا ہی وقت لگے۔ ہم صبر کا دامن نہیں چھوڑیں گے۔

4۔ صداقت و ایمانداری: سائنسی مزاج کی یہ ایک اہم خصوصیت ہے۔سائنسی مزاج رکھنے والا شخص صرف اور صرف سچائی یا حقیقت کا متلاشی ہوتا ہے حقیقت / سچائی اگر اس کی سوچ کے خلاف بھی ہو تو اس کے اظہار میں اسے باک نہیں ہوتا۔ وہ ایمانداری سے اپنے تجربات کے نتائج کو ظاہر کرتا ہے ان میں خود برد نہیں کرتا اور نہ ہی من پسند نتائج حاصل کرنا چاہتا ہے۔

5۔ معروضیت (Objectivity): سائنسی مزاج کی اہم خاصیت ہے کہ مشاہدات، تجربات اور نتائج کو قلم بند کرنے میں معروضیت بھرتی جاتی ہے اور ان تمام حالات کی معلومات دی جاتی ہے جن میں وہ انجام پائے تاسہ اگر ان کو کسی اور جگہ یا کسی اور وقت میں انجام دے تو وہ بھی وہی نتائج حاصل کرے۔

6۔ کھلا ذہن اور خاکساری: سائنسی مزاج والا شخص ہمیشہ اپنے ذہن کے دروازے کھلا رکھتا ہے وہ نئی تحقیقات کو قبول کرنے میں اپنے ذہنی رویوں کو آڑے نہیں آنے دیتا اگر اس کی کسی غلطی یا کمزوری یا ناکامی کو دلائل کے ساتھ واضح کیا جائے تو وہ پوری خاکساری کے ساتھ اسے قبول کرتا ہے۔

7۔ ناکامی کے تئیں مثبت رویہ: سائنسی مزاج کی ایک اور خصوصیت ہے۔ضروری نہیں کہ ہمارا تجربہ جلد ہی کامیاب ہو جائے اور ہم فوراً نتائج حاصل کرلیں۔ ہو سکتا ہے اور ایسا تاریخ میں بار بار ہوا ہے کہ کسی ایک چیز کی ایجاد میں سائنس دانوں کو کئی تجربات سے گزرنا پڑا اور کئی سال لگ گئے مگر انہوں نے ہمت نہیں ہاری۔ برابر لگن کے ساتھ اپنے کام میں لگے رہے۔ ہر ناکامی سے ایک سبق سیکھ کر منزل کی تلاش میں سرگرداں رہے اور آخر کار منزل پالی۔

### 10.2.2 سائنسی مزاج کا فروغ (Promotion of Scientific Temper)

ہمارے ملک میں آج بھی سماج میں دقیانوسی خیالات اور اندھی تقلید کا چلن ہے بلکہ مشاہدے میں آتا ہے کہ بظاہر پڑھے لکھے لوگ بھی اس کا شکار بن جاتے ہیں اس کے نتیجے میں سادہ لوح عوام، پاکھنڈی لوگوں کے جال و فریب کا شکار ہوتے ہیں۔ سائنسی مزاج کی پرورش کے لیے بچوں کی عمر کے ابتدائی سال بہت ہی کارآمد ہوتے ہیں اگر ہم ابتدا ہی میں بچوں میں سائنسی مزاج پیدا کریں اور اسے فروغ دیں تو ہمیں انہیں دقیانوسی اور اندھی تقلید سے بچا سکتے ہیں اس کام کے لیے اسکول کی درسیات ایک اہم ذریعہ ثابت ہو سکتی ہے اسکول میں ہم درسیات کے ذریعے بالخصوص سائنسی مضمون کو اس کام میں بڑا حصہ ادا کرنا ہو گا معلم کو چاہیے کہ وہ اپنے طلباء میں ان خصوصیات کو پیدا کریں اور انہیں سائنسی مزاج کی آبیاری کے مواقع فراہم کرے اور نصاب کے علاوہ ایسی ہم نصابی سرگرمیاں منعقد کرے جس سے سائنسی مزاج کا فروغ ہو۔

**سائنس میں کریر (طلباء کو سائنس میں مستقبل بنانے اور سائنسدان بننے کے لیے راغب کرنا):**

انسانی ترقی کی بنیاد سائنسی اور تکنیکی ترقی کے ساتھ مشروط ہے اس طرح کسی بھی ملک کی ترقی میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے ماہرین کا بڑا حصہ ہوتا ہے ان افراد کی تیاری کے لیے اسکول بنیاد ہوتا ہے۔بحثیت سائنس کے معلم کے آپ سے یہ توقع رکھی جاتی ہے کہ آپ اپنی کلاس یا اسکول کے طلباء میں سائنسی مزاج کو پیدا کریں سائنسی مزاج کو فروغ دیں اور وہ طلبہ جو سائنس میں دلچسپی لیں ان کے لیے مستقبل

میں سائنسی علوم وفنون میں تعلیم اور روزگار کے مواقعوں سے انہیں آگاہ کریں۔ سائنسی میدان میں کام کرنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی اور رہنمائی کریں اس طرح ممکن ہے کہ کچھ طلبہ اس میدان میں آگے بڑھ جائیں اور انسانیت کے لیے نفع بخش ثابت ہوں۔

## 10.3 ہندوستان میں سائینسی ابلاغ وترسیل

(Science Communication and Dissemination in India)

ہندوستان نے پچھلی چند دہائیوں میں سائنس اور ٹیکنالوجی میں زبردست ترقی کی ہے سائنسی علم کو عام لوگوں تک کس حد تک پہنچایا جاتا ہے اس ضمن میں حکومت ہند نے معلومات کی ترسیل کے ذریعے سائنس اور ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کے لیے کئی نئے اقدامات اور پروگرام شروع کیے ہیں۔

سائینسی کمیونیکیشن سے مراد پبلک میڈیا ہے جو سائنس سے متعلق موضوعات کو غیر سائنس دانوں اور غیر سائینسی معاشرے کو پیش کرتا ہے۔ یہ وہ عمل ہے جس کے ذریعے سائنسی ثقافت اور اس کے علم کو مشترکہ ثقافت میں شامل کیا جائے۔ ہندوستان کے پہلے وزیر اعظم جواہر لعل نہرو نے سائنس اور ٹیکنالوجی میں اعلیٰ تعلیم کو فروغ دینے کے لیے اصلاحات شروع کیں۔ آزادی کے بعد، بہت سے سرکاری ادارے اور غیر سرکاری تنظیمیں سائنس کو مقبول عام بنانے میں شامل ہو گئ

- **شعبہ سائنس وٹیکنالوجی(DST (Department of Science and Technology**

یہ مرکزی حکومت کا ادارہ ہے اس کا مقصد پورے ملک میں سائنسی و تکنیکی معلومات اور سائنسی فکر کو عام کرنا ہے اس کا دوسرا مقصد پورے ملک میں سائنسی اور تکنیکی معلومات کی فراہمی میں رابطہ کاری کرنا ہے یہ ادارہ سائنس و تکنیکی تعلیم کی فراہمی کے لیے بھی سہولت فراہم کرتا ہے ڈی ایس ٹی کے تحت سائنس اور ٹیکنالوجی میں تحقیق کے لیے فیلوشپ دی جاتی ہے خواتین سائنس دانوں کی تیاری کے لیے یہ ادارہ خصوصی طور پر پروگرام چلاتا ہے اس ادارے کا ایک اور مقصد دیگر اداروں کے ساتھ کوارڈینیشن کے ذریعے سائنس اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے مالی معاونت فراہم کرنا ہے اس ادارے کے ذریعے بین الاقوامی سطح پر سائنس اور ٹیکنالوجی کے میدان میں طاعون لینے اور دینے کا کام انجام پاتا ہے انسپائر ایوارڈ کے ذریعے یہ ادارہ طلباء میں سائنسی تحقیقات کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور انہیں پی ایچ ڈی کرنے کے لیے سہولت فراہم کرتا ہے حکومت اور نجی اداروں کے تحت کام کرنے والے سائنسی تحقیقات میں ذہین افراد کی شناخت کرنا بھی اس ادارے کے مقاصد میں شامل ہے اس ادارے کی اس قیمت بنیادی سائنس کے علاوہ طب زراعت اور علمی سائنس کے لیے بنائی جاتی ہیں اس ادارے کے تحت ایک اہم کونسل این سی ایس ٹی سی کام کرتی ہے

- **نیشنل کونسل اف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کمیونیکیشن(NCSTC)**

اس کے قیام کو 25 سال سے زیادہ عرصہ ہو رہا ہے اس کا قیام حکومت اور غیر حکومتی تنظیم کے تعاون و اشتراک سے سائنسی معلومات کا فروغ ہے یہ ایک رجسٹرڈ ادارہ ہے جس کا صدر مقام دہلی ہے پورے ملک میں اس کے 80 ممبران ہیں اس کے علاوہ اس کے تحت ضلعی سطح پر رضاکار رضاکاروں کے تعاون سے یہ ادارہ عوام الناس تک اپنے پروگرام فراہم کرتا ہے اس کونسل کے مایاناز کاموں میں چلڈرن

سائنس کانگرس کا ہر سال انعقاد ہے اس کے علاوہ ٹیچر کانگرس کے علاوہ سائنس اور ریاضی کی تدریس میں اختراعات کو فروغ دینا ہے یہ کونسل طلباء اور ابھرتے ہوئے سائنس دانوں کو ماہرین اور سینیئر سائنس دانوں سے ملاقات کروا کر حوصلہ افزائی کراتی ہے اس کے تحت 2004 میں سائنسی معلومات کے فروغ اور 2005 میں عالمی سال برائے طبیعت کے علاوہ ہماری زمین نام کی ایک مہم منائی گئی تھی مستقبل میں بھی اسے اختراعی پروگرام اس کی منصوبہ بندی میں شامل ہیں یہ کونسل ہندی انگریزی اور علاقائی زبانوں میں سائنسی کتابیں اور جریدے شائع کرتی ہے جن کو کافی پسند کیا جاتا ہے اس کونسل کے مقاصد قیام میں سائنسی معلومات عوام کو پہنچانا ہے تا کہ وہ اس جدید دور میں صحیح فیصلے کر سکیں

1۔ کونسل سائنسی اور تکنیکی معلومات کی ترسیل وابلاغ کے لیے تحقیقات کی حوصلہ افزائی کرتی ہے وہ ایسے افراد کی تربیت کا انتظام کرتی ہیں جو سائنسی ابلاغ وترسیل کا انجام دے سکیں کتابیں مینول اور پوسٹر تیار کرائے جاتے ہیں اس طرح فلم ریڈیائی پروگرام اور ٹی وی کے پروگرام ترتیب دیے جاتے ہیں اس کے ذریعے سائنس اور ٹیکنالوجی سے متعلق نئے نئے گوشوں کا احاطہ کیا جاتا ہے کونسل کے مقاصد کے حصول کے لیے کی جانے والی کوششوں کی حوصلہ افزائی انعامات دے کر کی جاتی ہے۔

- **این سی ایس ٹی سی نیٹ ورک(NCSTC Network)**

xx گوالیار سائنس سینٹر نے بچوں میں سائنسی دلچسپی پیدا کرنے اور سائنسی رجحان کی آبیاری کرنے کی غرض سے چھوٹے پیمانے پر چھوٹی تحقیقی سرگرمیوں کی شروعات کی تھی اس پروگرام کو کونسل اور ڈی ایس ٹی نے ملکی سطح پر اپنانے کے لیے ایک نیٹ ورک قائم کیا اس میں حکومتی اداروں کے علاوہ سائنسی میدان میں کام کرنے والی غیر حکومتی تنظیموں کو شامل کیا گیا عوام میں سائنس کو مقبول عام بنانے کے لیے طے کیا گیا کہ اس طرح کے پروگرام بڑے پیمانے پر کیے جائیں اس لیے ملکی سطح پر 1993 میں نیشنل چلڈرن سائنس کانگرس(NCSC) کی بنیاد رکھی گئی اس سے توقع کی گئی کہ یہ تنظیم طلباء اور اساتذہ میں سائنسی طرز فکر اور سائنسی رجحان کو پروان چڑھائے گی اور سماج کے تمام طبقات میں اس کو عام کرنے کی کوشش کرے گی۔

چلڈرن سائنس کانگرس(CSC) کا مقصد طلبہ کو کر کے سیکھنے کے تحت مختلف پروجیکٹ کرائے جائیں اور ان کی سائنسی طریقہ کار کی تربیت کی جائے اس کام کے لیے طلبہ کو ایک سال کے لیے مرکزی موضوع اور ذیلی موضوعات دیے جاتے ہیں طلباء اپنے قریبی ماحول میں اپنے ہم مزاج دوستوں کے ساتھ کسی نگراں کار کی رہنمائی میں کام کرتے ہیں۔اس اسکیم کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ 10 سال سے 17 سال کی عمر کے تمام بچے خواہ اسکول جاتے ہوں یا نہ جاتے ہوں تمام کے لیے رکھی جاتی ہے اس طرح نگران کار کے لیے اسکول ٹیچر ہونا ضروری نہیں ہے۔اس طرح کی پروجیکٹ کی سرگرمی بچوں کو سوچنے، سمجھنے، معلوم کرنے اور متحیر ہونے کا موقع دیتی ہے۔اس طرح کی سرگرمی میں ذیل کے اغراض حاصل کرنا مقصود ہوتا ہے:

- پیمائش کرنا
- تقابل کرنا
- اندازہ قائم کرنا

- پیش گوئی کرنا
- تشریح کرنا
- تنقیدی و غور فکر کرنا
- تخلیقی سوچ پیدا کرنا
- نتائج اخذ کرنا
- مل جل کر کام کرنا

طلبہ کو اپنے ماحول سے متعلق سوالات کرنے کی حوصلہ افزائی کرنا بھی ایک مقصد ہے طلبہ کیوں ؟ کب ؟ کہاں ؟ کیسے ؟ کون ؟ جیسے سوالات کریں ان سوالوں کے جوابات کے لیے انہیں نفس مسئلہ سے متعلق معلومات حاصل کرنی ہو گی -اس کے ذریعے وہ آئندہ کے اقدامات طے کر سکیں گے ماہرین سے مشورہ کریں گے اس کے ذریعے وہ تجربہ کے ممکنہ متوقع نتائج یا مفروضات قائم کریں گے -مناسب تجربات سروے یا دیگر تحقیقی الات تک رسائی اور مسئلے کے حل کے سلسلے میں پیش قدمی کر سکے گیں۔

چلڈرن سائنس کانگرس کے اغراض:

- 17 سال کی عمر کے بچوں کو سائنسی طریقہ کار کی تربیت دینا
- بچوں میں تخلیقیت کو فروغ دینا
- مقامی مسائل سائنسی طریقہ کار کے ذریعے حل کرنا
- بچوں میں سماجی مسائل سے واقف ہونے اور ان کا گہرائی سے مطالعہ کرنے اور ان کا سائنسی حل تلاش کرنے کی تربیت کرنا
- بچوں کا تجسس بڑھانا، بچوں کو باریک بینی سے مشاہدہ اور سوالات کرنے کی عادت ڈالنا
- بچوں میں تجربات و مشاہدات کے ذریعے مختلف متبادلات میں سے بہتر متبادل کے انتخاب کی صلاحیت پیدا کرنا

چلڈرن سائنس کانگرس کی عصری تعلیمی تقاضوں میں معنویت:-

کر کے سیکھناLearning by doing:- یہ وہ بنیادی اصول ہے جو سی ایس سی کے ذریعے اپنایا جاتا ہے یونسکو کے تعلیم برائی پائیدار ترقی کے متن قومی نصابی خاکہ 2005اور حق تعلیم قانون 2009 کے تحت اسی اصول کو اپنانے کی بات کی گئ ہے یونسکو کے تعلیم کے پانچ استون یعنی اکتساب برائے علم ،اکتسابِ برائے عمل، اکتسابِ برائے اجتماعی زندگی، اکتسابِ برائے کردار سازی اور اکتسابِ برائے ذاتی و سماجی تبدیلی سے یہ اصول ہم آہنگ ہے-

## نیشنل سائنس ٹیچر کانگرسNSTC

اس تنظیم کے مندرجہ ذیل مقاصد ہیں:

- اسکول میں سائنسی تعلیم کو مستحکم بنانے کے لیے سائنس کے اساتذہ کو ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا تاکہ وہ سائنس کی تعلیم و تدریس کے موجودہ نظام کا جائزہ لے کر اس سے بہتر بنا سکے

- مقامی سطح پر سائنس کی تعلیم کو موثر بنانے کے ضمن میں کی جانے والی کوششوں کی حوصلہ افزائی کرنا نئے تجربات اور تخلیقیت کو فروغ دینا
- سائنس کی تعلیم اور سائنس کے فروغ کے لیے تحقیقات کی حوصلہ افزائی کرنا
- نئے معاشی حالات کے پس منظر میں سائنس اور سماجی سماج کے درمیان مکالمے تبادلہ خیالات کو فروغ دینا
- عوام کے معیار زندگی اور ان کی تعلیمی قابلیت کے درمیان پائے جانے والے رشتے کے بارے میں شعور بیدار کرنا

ہدف: ثانوی اور اعلی ثانوی اسکول کے اساتذہ ماہرین تعلیم سائنسدان یونیورسٹی اور کالج کے وہ اساتذہ جو اسکولی تعلیم سے متعلق ہیں وہ تنظیمیں جو سائنس کی تعلیم اور فروغ میں سرگرم ہے

طریقہ کار: نیشنل ٹیچر سائنس کانگرس (NTSC) کا ہر سال ایک اجلاس منعقد ہوتا ہے اس کے ذریعے سے پورے ملک کے سائنس کے اساتذہ سے رابطہ قائم کیا جاتا ہے اس کا کام گائیڈ ٹیچرز بھی مددگار ہوتے ہیں اس سالانہ اجلاس سے قبل ویب سائٹس کے ذریعے اطلاع دی جاتی ہے تعلیمی اداروں میں پوسٹرز اور تعارفی فولڈرز بھیجے جاتے ہیں سائنسی جرائد مثلا سائنس رپورٹر میں اشتہار دیا جاتا ہے ممبران سے راست رابطہ کیا جاتا ہے متعلقہ افراد کو مرکزی موضوع اور ذیلی عنوانات پر مکالہ لکھنے کی دعوت دی جاتی ہے ماہرین کے ذریعے ان مکالات کی جانچ کے بعد 300 ماکالیں منتخب کیے جاتے ہیں سالانہ کانگرس کے موقع پر کلیدی خطبات تکنیکی سیشن کے ساتھ ماہرین اور سائنس دانوں کے لیکچرز کا اہتمام ہوتا ہے اس کے علاوہ سائنسی نمائش بھی منعقد کی جاتی ہے منتخب مکالوں کا خلاصہ اور بعض مکمل مکالے شائع کیے جاتے ہیں اور تمام شرکاء کو فراہم کیے جاتے ہیں اختتام پر سائنس کانگرس سفارشات مرتب کرکے متعلقہ افراد اور ایجنسیوں کو دیتی ہے۔

### 10.3.1 پہل برائے سائنسی تحقیقات و ایجادات

(IRIS ) Initiative for Research and Innovation in Science

آئی آر آئی ایس اس پروگرام کے ذریعے طلبہ میں سائنسی ایجادات و انکشافات کی روح بیدار کرنے کی کوشش کی جاتی ہے خاص طور سے سائنس ٹیکنالوجی انجینئرنگ اور ریاضی کے مضامین میں ائی ار ائس ایس کے تحت ملک بھر میں ورکشاپ منعقد کیے جاتے ہیں جہاں طلباء اپنے سائنسی تحقیقی پروجیکٹس پیش کرتے ہیں ان تمام کی جانچ ماہرین کی کمیٹی کے ذریعے کرائی جاتی ہے اور منتخبہ ائی ار ائی ایس کی سالانہ نمائش میں پیش کیے جاتے ہیں ان کے علاوہ پانچ دیگر ایجنسیوں یعنی این سی ای آر ٹی، سی بی ایس سی این سی ایس ایم این سی ایس سی اور ائی این ایس پی ائی ار ای کے انعام یافتہ پروجیکٹ بھی شامل کیے جاتے ہیں اب ان کا دوبارہ معائنہ کرکے انہیں انعامات سے نوازا جاتا ہے غیر معمولی پروجیکٹ کو بین الاقوامی سائنس اور انجینئرنگ فیئر میں بھیجا جاتا ہے اس سے قبل انہیں اپنے پروجیکٹ کو مزید بہتر بنانے کے لیے ماہرین سائنسدانوں کے ذریعے مزید تربیت دی جاتی ہے اس اسکیم کے ذریعے پانچویں تبارویں کلاس کے طلبہ کو سائنسی ایجادات کے لیے پلیٹ فارم مہیا کرایا جاتا ہے اور نو عمر موجدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

دشواریاں: اس اسکیم کے نفاذ میں دو بڑی رکاوٹیں درپیش ہیں ہمارے سکولوں میں سائنسی تحقیقات اور ایجادات کے ماحول کا نہ ہونا۔ ایسے اساتذہ کا فقدان جو طلبہ کو بین الاقوامی مقابلوں میں شریک ہونے کے لحاظ سے رہنمائی کر سکیں۔

## 10.4 خلاصہ (Summary)

یہ اکائی طلبہ کو سائنسی مزاج (Scientific Temper) کی اہمیت، اس کے فروغ کے طریقے اور سائنس کی تعلیم میں تحقیق و تخلیق کی ضرورت سے روشناس کراتی ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی انسانی زندگی کے ہر پہلو سے جڑی ہوئی ہے اور اس کی بنیاد سائنسی طرز فکر اور تجسس پر ہے۔ طلبہ سیکھتے ہیں کہ سائنسی طریقہ کار میں مشاہدہ، مفروضہ قائم کرنا، پیش گوئی کرنا، تجرباتی جانچ اور نتائج کی تعمیم شامل ہوتی ہے۔ سائنسی مزاج کے اہم پہلوؤں میں صحت مند تشکیک (Healthy Scepticism) ، تعمیم (Generalization)، صبر و استقامت، صداقت و ایمانداری، معروضیت (Objectivity) ، کھلا ذہن اور خاکساری، اور ناکامی کے تئیں مثبت رویہ شامل ہیں۔ اکائی میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ سائنسی مزاج کے فروغ کے لیے اسکول، تعلیمی ادارے، حکومت اور غیر سرکاری تنظیمیں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ بچوں اور طلبہ میں ابتدائی عمر میں سائنسی رجحان پیدا کرنا ان کی تخلیقی صلاحیت، تجسس، اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت کو بڑھاتا ہے۔ ہندوستان میں سائنسی ابلاغ و ترسیل (Science Communication and Dissemination) کے لیے مختلف ادارے اور پروگرام فعال ہیں جیسے Department of Science and Technology (DST)، National Council for Science and Technology Communication (NCSTC)، National Children Science Congress (NCSC) اور Initiative for Research and Innovation in Science (IRIS)۔ یہ ادارے طلبہ کو سائنسی تحقیقات، اختراعات، اور ماہرین کے ساتھ رابطے کے مواقع فراہم کرتے ہیں اور سائنس کی تعلیم و فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

اکائی میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ سائنسی طرز فکر اور تحقیق میں حصہ لینے سے طلبہ میں تخلیقیت، تجزیاتی سوچ، اور علمی ترقی کے لیے استعداد پیدا ہوتی ہے، اور وہ مستقبل میں سائنس کے شعبے میں کیریئر بنانے کے لیے راغب ہوتے ہیں۔

## 10.5 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی کے مطالعے کے بعد طلبہ قابل ہوں گے کہ

- سائنسی مزاج (Scientific Temper) اور اس کے فروغ کی اہمیت کو بیان کر سکیں۔
- سائنسی طرز فکر اور تجسس کے ذریعے مسائل کا تجزیہ کرنے اور حل تلاش کرنے کی صلاحیت پیدا کریں۔
- سائنسی طریقہ کار کے مراحل (مشاہدہ، مفروضہ، پیش گوئی، تجرباتی جانچ، نتائج کی تعمیم) کی وضاحت کر سکیں۔

- سائنسی مزاج کی خصوصیات جیسے صحت مند تشکیک، معروضیت، صبر و استقامت، اور ایمانداری کو سمجھیں اور اپنانے کی کوشش کریں۔
- سائنس اور ٹیکنالوجی میں پیش رفت اور ایجادات / تحقیقات کی اہمیت کو بیان کر سکیں۔
- ہندوستان میں سائنسی ابلاغ و ترسیل (Science Communication and Dissemination) کے مختلف اداروں اور پروگراموں کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔
- بچوں اور طلبہ میں سائنسی مزاج اور تخلیقی صلاحیت کو فروغ دینے کے طریقے تجویز کر سکیں۔
- سائنسی تعلیم میں کریئر کے مواقع اور طلبہ کو راغب کرنے کے طریقے سمجھیں۔

## 10.6 فرہنگ (Glossary)

| اردو اصطلاح | انگریزی اصطلاح | وضاحت |
|---|---|---|
| سائنسی مزاج | Scientific Temper | سائنسی سوچ اور تجسس کی حالت جو حقائق اور منطق پر مبنی ہو۔ |
| صحت مند تشکیک | Healthy Scepticism | کسی بھی بات یا نظریے کو عقل و منطق کے بغیر قبول نہ کرنا۔ |
| تعمیم | Generalization | سائنسی نتائج کو منطقی بنیادوں پر وسیع طور پر قبول کرنا۔ |
| معروضیت | Objectivity | مشاہدات اور نتائج کو ذاتی تعصبات سے آزاد طور پر بیان کرنا۔ |
| مشاہدہ | Observation | کسی شے یا عمل کا غور و خوض کے ساتھ جائزہ لینا۔ |
| مفروضہ | Hypothesis | کسی عمل یا مسئلے کی ممکنہ وضاحت یا قیاس۔ |
| پیش گوئی | Prediction | مفروضے کی بنیاد پر ممکنہ نتائج کا اندازہ لگانا۔ |
| تجرباتی جانچ | Experimental Testing | مفروضے یا پیش گوئی کی عملی یا تجرباتی تصدیق۔ |
| سائنسی ابلاغ و ترسیل | Science Communication and Dissemination | سائنسی معلومات کو عوام اور غیر ماہرین تک پہنچانا۔ |
| تخلیقی صلاحیت | Creativity | نئے اور مفید خیالات پیدا کرنے کی صلاحیت۔ |
| تجسس | Curiosity | کسی مسئلے یا موضوع کے بارے میں جاننے کی خواہش۔ |
| ناکامی کے تئیں مثبت رویہ | Positive Attitude towards Failure | ناکامی کو سبق کے طور پر قبول کرنا اور ہمت نہ ہارنا۔ |
| سائنسی کریئر | Science Career | سائنس کے شعبے میں پیشہ ورانہ مواقع اور روزگار۔ |

## 10.7 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

**معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Answer Type Question)**

1۔ نیشنل کونسل اف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کمیونیکیشن کا صدر مقام کہاں واقع ہے۔

a. دہلی b. حیدرآباد c. بنگلور d. چنئی

2۔ این سی ایس ٹی سی کے کتنے ممبران ہیں۔

a. 40 b. 60 c. 50 d. 80

3۔ چلڈرن سائنس کانگرس میں...... سال کی عمر کے بچوں کو سائنسی طریقے کار کی تربیت دی جاتی ہے۔

a. 10سے17 b. 10سے19 c. 19سے20 d. 10سے22

4۔ یونسکو کے تعلیم کے کتنے ستون ہیں۔

a. پانچ b. چھ c. تین d. چار

5۔ نیشنل ٹیچر سائنس کانگرس کا اجلاس منعقد ہوتا ہے۔

a. ہر سال b. چھ مہینے کے بعد c. دو مہینے کے بعد d. کوئی بھی نہیں

6۔ .........پروگرام کے ذریعے طلبہ میں سائنسی ایجادات وانکشافات کی روح بیدار کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

a. آئی آر آئی ایس b. این ٹی ایس سی c. ان میں سے کوئی نہیں d. دونوں

7۔ ڈی ایس ٹی کس کا مخفف ہے۔

a. ڈیپارٹمنٹ اف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی b. ڈیپارٹمنٹ اف سوشل سائنس اینڈ ٹیکنالوجی

c. ڈیپارٹمنٹ اف سائنس اینڈ ٹیچنگ d. ان میں سے کوئی نہیں

8۔ این سی ایس ٹی سی کس کا مخفف ہے

a. نیشنل کونسل آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کمیونیکیشن b. نیشنل کونسل آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کمیشن نیشنل

c. کونسل اف سائنس اینڈ ٹیچنگ کمیشن d. اوپر دیے گئے سبھی

9۔ نیشنل ٹیچر سائنس کانگرس کا مخفف.......ہے NTC/NCTE

10۔ آئی آر آئی ایس IRIS سکیم کے ذریعے ________ کلاس کے طلبہ کو سائنسی ایجادات کے لیے پلیٹ فارم مہیا کرایا جاتا ہے۔

11۔ چلڈرن سائنس کانگرس کے اغراض میں بچوں کے جذبہ تجسس کو۔۔۔۔۔ہے۔

a. بڑھانا b. کم کرنا c. ختم کرنا d. ضائع کرنا

12۔ .......سائنسی طریقہ کار کا پہلا مرحلہ ہے

a. عمیق مشاہدہ b. تجربہ گاہ c. عمومی مشاہدہ d. نتیجہ

13۔ سائنسی مزاج ناکامی کے تئیں......رویہ سکھاتا ہے

a. منفی b. معتدل c. مثبت d. انتہاپسندانہ

**مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)**

1۔ سائنس ٹیچر کانگرس کی افادیت واضح کیجئے

2۔ سائنسی طریقہ کار کے مراحل بیان کیجئے

3۔ سائنسی مزاج سے کیا مراد ہے واضح کیجئے کو کہتے ہیں

4۔ بحیثیت ایک معلم سائنسدان بننے کے لیے اپ اپنے طلبہ کی کس طرح رہنمائی کریں گے

5۔ این سی ایس ٹی سی نیٹ ورک کے بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیں

6۔ پہل برائے سائنسی تحقیقات وایجادات کے بارے میں مختصر تحریر کریں

7۔ سائنس کانگرس کے اغراض ومقاصد بیان کیجئے

8۔ چلڈرن سائنس کانگرس کی عصری تعلیمی تقاضوں میں معنویت بیان کریں

9۔ ہندوستان میں سائنسی ابلاغ وترسیل کے بارے میں تفصیل سے لکھیں

10۔ کونسل اف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کمیونیکیشن کے بارے میں تفصیل سے لکھیں

## 10.8 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)


1۔ اگروال جے سی کریکولم ریفارمز ان انڈیا دہلی دوابا ہاؤس

2۔ نونیت بھلہ 2007 کریکولم ڈیولپمنٹ آتھر پریس دہلی

3۔ کی اینڈ صدیقی ٹیچنگ آف سائنس ٹوڈے اینڈ ٹمارو نیو دیلی دعابا ہاؤس

4۔ UNESCO. ٹیچنگ آف سکول فزکس پینگون بکس

# اکائی 11۔ طبیعیاتی سائنس کے اساتذہ کی پیشہ وارانہ ترقی

(Professional development of Physical Sciences Teachers)*


11.0 تمہید(Introduction)

11.1 مقاصد(Objectives)

11.2 طبیعیاتی سائنس کے معلم کی پیشہ وارانہ ترقی
(Professional Development of Physical Science Teacher)

11.3 سائنسی اساتذہ کی شرکت(Participation of Science Teachers)

11.3.1 سمینار(Seminar)

11.3.2 کانفرنس(Conference)

11.3.3 ورکشاپ(Workshop)

11.3.4 دوران ملازمت تربیتی پروگرام(On-the-Job Training Programs)

11.3.5 اساتذہ کی پیشہ وارانہ تنظیم کی رکنیت
(Membership in Professional Teachers' Organizations)

11.4 اساتذہ بحیثیت آموز گار جماعت(Teachers as Learning Community)

11.5 طبیعیاتی سائنس کے معلم کا انعکاسی اعمال کے ذریعہ پیشہ وارانہ ترقی
(Professional Development of Physical Science Teacher through Reflective Practices)

11.6 خلاصہ(Summary)

11.7 اکتسابی نتائج(Learning Outcomes)

11.8 فرہنگ(Glossary)

11.9 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

11.10 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)



* Dr. Md. Raghib Baber, Assistant Professor, MANUU CTE, Darbhanga

## 11.0 تمہید(Introduction)

طبیعیاتی سائنس کے اساتذہ کے لیے پیشہ ورانہ ترقی ایک مسلسل عمل ہے جس کا مقصد ان کی طریقہ تدریس کو فروغ دینا اور سائنس کی تعلیم میں طلبہ کے نتائج کو بہتر بنانا ہے۔ اس میں مسلسل اکتساب، مہارت کی نشوونما اور طبیعیاتی سائنس کی تعلیم کے منفرد تقاضوں کے مطابق عکاسی مشق شامل ہے۔ پیشہ ورانہ ترقی کے اقدامات جیسے ورکشاپ، سیمینار، کانفرنس، دوران ملازمت تربیتی پروگرام، پیشہ ورانہ تنظیم کی رکنیت وغیرہ کے ذریعے اساتذہ اپنے علم کو وسیع، تدریسی مہارتوں کو بہتر اور اختراعی تدریسی حکمت عملیوں کو اپنے تدریسی عمل میں ضم کرتے ہیں۔ سائنس کے اساتذہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ باہمی مشغولیت کے ذریعے اکتساب کے ماحول کو فروغ دیتے ہیں جہاں اساتذہ اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں تدریس کے بہترین طریقوں کا اشتراک کرتے ہیں اور اپنے تدریسی عمل کو فروغ دینے کے لیے عکاسی مشق (Reflective practices) میں مشغول ہوتے ہیں۔ عکاسی مشق پیشہ ورانہ ترقی کا ایک مرکزی جز ہے۔ جو اساتذہ کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ اپنے تدریسی طریقوں کا تنقیدی جائزہ لے سکیں۔ طلباء کی تعلیمی کارکردگیوں کا پیمائش کر سکیں اور کمرہ جماعت کے ماحول کو بہتر کر سکیں۔ اس اکائی میں طبیعیاتی سائنس کے اساتذہ کی پیشہ ورانہ ترقی کے لیے مختلف ذرائع جیسے سیمینار، کانفرنس، ورکشاپ، دوران ملازمت تربیتی پروگرام، پیشہ ورانہ تنظیم کی رکنیت اور عکاسی مشق کا تصّور، خوبیوں اور خامیوں پر تفصیل سے گفتگوں کی گئی ہے۔ آپ سے امید ہے کہ اس مطالعہ سے پیشہ ورانہ ترقی سے متعلق سیمینار، کانفرنس، ورکشاپ، دوران ملازمت تربیتی پروگرام، پیشہ ورانہ تنظیم کی رکنیت اور عکاسی مشق کی تصّور، خوبیوں اور خامیاں اور تمام پہلوؤں کی عمومی جانکاری حاصل کریں گے۔

## 11.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد طلبا اس قدر لائق ہو جائیں گے کہ وہ

- طبیعیاتی سائنس کے معلم کی پیشہ وارانہ ترقی کی اہمیت کو بیان کر سکیں۔
- پیشہ وارانہ ترقی کے مختلف ذرائع و وسائل کی وضاحت اور اس کا استعمال کر سکیں۔
- اساتذہ بحیثیت آموزگار جماعت ہیں اس کی تفصیل سے بیان کر سکیں۔
- طبیعیاتی سائنس کے معلم کی انعکاسی اعمال کے ذریعہ پیشہ ورانہ ترقی کیسے ہوتی ہے اس کی وضاحت کر سکیں۔

## 11.2 طبیعیاتی سائنس کے معلم کی پیشہ ورانہ ترقی

طبیعیاتی سائنس کے اساتذہ اپنی پیشہ ورانہ ترقی تدریسی میں پیش رفت کے ساتھ موجودہ رہنے اور طلباء کی تعلیم کو فروغ دینے کے لیے اہم اقدامات لیتے ہیں۔ طبیعیاتی سائنس کے اساتذہ کے لیے پیشہ ورانہ ترقی ایک مسلسل عمل ہے جس کا مقصد ان کی طریقہ تدریس کو فروغ دینا اور سائنس کی تعلیم میں طلبہ کے نتائج کو بہتر بنانا ہے۔ اس میں مسلسل اکتساب، مہارت کی نشو ونما اور طبیعیاتی سائنس کی تعلیم کے منفرد تقاضوں کے مطابق عکاسی کی مشق شامل ہے۔ پیشہ ورانہ ترقی کے اقدامات جیسے ورکشاپ، سیمینار، کانفرنس، دوران ملازمت تربیتی پروگرام، پیشہ ورانہ تنظیم کی رکنیت وغیرہ کے ذریعے اساتذہ اپنے علم کو وسیع، تدریسی مہارتوں کو بہتر اور اختراعی تدریسی حکمت عملیوں کو اپنے تدریسی عمل میں ضم کرتے ہیں۔ طبیعیاتی سائنس کے اساتذہ کی پیشہ ورانہ ترقی کے لیے مختلف حکمت عملی اور طرز رسائی کا استعمال کرتے ہیں جو مندرجہ ذیل ہیں:

- **موضوع سے متعلق ورکشاپ اور کانفرنس:** اساتذہ طبیعیاتی سائنس کی تعلیم پر مرکوز ورکشاپ، سیمینار اور کانفرنسوں میں شرکت کرتے ہیں۔ یہ تقریبات جدید تدریسی طریقوں کے بارے میں جاننے، نصاب کے نئے وسائل کو دریافت کرنے اور اس شعبے میں ساتھی اساتذہ اور ماہرین کے ساتھ نیٹ ورک بنانے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔
- **مواد مضمون کے علم میں اضافہ:** پیشہ ورانہ ترقی کے پروگرام طبیعیاتی سائنس جیسے کیمیائی، طبیعیاتی یا ارتھ سائنس کے مخصوص شعبوں میں اساتذہ کے مواد مضمون کے علم کو وسیع کرنے پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ اس میں جدید کورس ورک، آن لائن ماڈیولز یا خود مطالعہ کے وسائل شامل ہوسکتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ اساتذہ جس موضوع کو پڑھا رہے ہیں اس کی مضبوط بنیاد رکھ سکیں۔
- **تدریسی تربیت:** اساتذہ تربیتی پروگرام میں شرکت کرتے ہیں جو طبیعیاتی سائنس کی تدریس کے لیے مؤثر تدریسی طریقوں پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ سائنس کے اساتذہ تربیتی پروگرام میں شرکت کر اپنے طریقہ تدریس کو بہتر کرتے ہیں جس میں تیکنالوجی کا استعمال، نئے حکمت عملی، نئے طریقہ تدریس، ماڈل اور طرز رسائی کو استعمال کر طلباء کی متنوع ضروریات کو پورا کرتے ہیں۔
- **عملی تحقیق اور عکاسی مشق:** اساتذہ عملی تحقیق میں مشغول ہوتے ہیں جن کی توجہ ان کی تدریسی مشق اور طبیعیاتی سائنس میں طلباء کے اکتسابی نتائج کو بہتر بنانے پر توجہ ہوتی ہے۔ اس میں بہتری کے لیے شعبوں کی نشاندہی کرنا، مداخلتوں یا تدریسی حکمت عملیوں کو نافذ کرنا، ڈیٹا اکٹھا کرنا اور ان کی کوششوں کے اثرات پر غور کرنا شامل ہے۔
- **رہنمائی اور تعاون:** طبیعیاتی سائنس کے تجربہ کار اساتذہ نئے اساتذہ کے ساتھ مل کر آپس میں ایک دوسرے کی رہنمائی اور مدد فراہم کر سکتے ہے۔ اساتذہ کمیونٹیز گروپ طبیعیاتی سائنس کی تعلیم کے لیے نظریات، وسائل اور موثر طریقوں کا اشتراک کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں جس سے اساتذہ کو اپنی تدریسی پیشہ کو فروغ دینے میں مدد فراہم ہوتی ہے۔
- **دوسرے مضامین کے ساتھ انضمام:** پیشہ ورانہ ترقی کے پروگرام طبیعیاتی سائنس کے دوسرے مضامین جیسے ریاضی، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ماحولیاتی سائنس کے ساتھ انضمام پر زور دیتے ہیں۔ یہ کثیر شعبہ جاتی طرز رسائی (Multidisciplinary Approach) اساتذہ کی مدد کرتا ہے کہ وہ تمام مضامین سے رابطہ قائم کریں اور تدریسی عمل میں حقیقی دنیا کی مطابقت کو فروغ دیں۔

- **ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل وسائل کا استعمال:** اساتذہ مشغولیت کو بڑھانے، simulations اور ور مجازی تجربات (Virtual experiment) کی سہولت فراہم کرنے اور ملٹی میڈیا مواد تک رسائی فراہم کرنے کے لیے ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل وسائل کو اپنی طبیعیاتی سائنس کی تدریس میں استعمال کرنا سیکھتے ہیں۔ اسمارٹ تختہ سیاہ، online simulatios، ڈیٹا کو تجزیہ کرنے والا سافٹ ویئر وغیرہ استعمال کرنے کے تربیتی پروگرام میں اساتذہ کو ٹیکنالوجی کو مؤثر طریقے سے مربوط کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔
- **تشکیلی تشخیص اور بازرسائی:** پیشہ ورانہ ترقی کے پروگرام ابتدائی تشخیصی حکمت عملیوں پر توجہ مرکوز کرسکتے ہیں جو اساتذہ کو طلباء کی سمجھ کا جائزہ لینے، غلط فہمیوں کی نشاندہی کرنے اور اس کے مطابق ہدایات کو موافق کرنے میں مدد کرتی ہیں اور ان سے طلباء کو بروقت اور تعمیری بازرسائی فراہم کرنے کی تربیت ملتی ہے۔
- **ثقافتی استعداد اور جامع طرز عمل:** اساتذہ پیشہ ورانہ ترقی میں شرکت کرتے ہیں جس سے طبیعیاتی سائنس کے کمرہ جماعت میں ثقافتی استعداد اور جامع تدریسی طریقوں کو فروغ ملتا ہے۔ اس میں ثقافتی طور پر اکتساب کا ماحول پیدا کرنے، طلباء کے متنوع پس منظر اور اکتساب کے طریقے کو حل کرنے اور تمام طلباء کے لیے سائنس کی تعلیم تک مساوی رسائی کو فروغ دینے کی حکمت عملی شامل ہے۔
- **قیادت(Leadership) کے مواقع:** اساتذہ اپنے اسکولوں کے اندر قائدانہ کردار ادا کرسکتے ہیں، جیسے نصابی کمیٹیوں میں خدمات انجام دینا، پیشہ ورانہ ترقی کی ورکشاپ کی قیادت کرنا یا طبیعیاتی سائنس کی تعلیم سے متعلق تحقیقی منصوبوں میں شرکت کرنا۔ یہ مواقع پیشہ ورانہ ترقی کی راہیں ہموار کرتی ہیں اور علم کو وسیع کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔

طبیعیاتی سائنس کے اساتذہ اپنی پیشہ ورانہ ترقی تدریسی پیش رفت کے ساتھ اپ ڈیٹ رہنے اور طلباء کی تعلیم کو فروغ دینے کے لیے اہم اقدامات لیتے ہیں۔ معلم کی پیشہ ورانہ ترقی کے لئے ورکشاپ اور کانفرنس، مواد کے علم میں اضافہ، تدریسی تربیت، عملی تحقیق، مینٹر شپ، ٹیکنالوجی کا انضمام، تشکیلاتی تشخیص، ثقافتی قابلیت، اور قیادت کے مواقع یہ اقدامات اساتذہ کو اپنی تدریسی پیشہ کو مسلسل بہتر کرنے میں مدد فراہم کرتی ہیں اور ساتھیوں کے ساتھ تعاون کرنے اور اعلیٰ معیار کی سائنس کی تعلیم فراہم کرنے کے لیے بااختیار بناتے ہیں اور طلباء کو ایک ابھرتی ہوئی دنیا میں کامیابی کے لیے تیار کرتی ہے۔

## 11.3 سائنسی اساتذہ کی شرکت(Participation of Science Teachers)

### 11.3.1 سیمینار(Seminar)

آلہ کا انتخاب(Selection of the Tool) :.......................................................................

مفروضہ کی جانچ (Testing of the Hypothesis) :............................................................

**جدول نمبر-2**

| شمار نمبر | سرگرمیاں | طریقہ کار (Methodology) | زرائع (Sources) | وقفہ (Duration) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | |
| 2 | | | | |
| 3 | | | | |
| 4 | | | | |
| .... | اوراسی طرح | ............. | ........... | ........ |

**مفروضے کی جانچ اور ڈیٹا کا تجزیہ:**

1۔

2۔

3۔

4۔

5۔

.......اوراسی طرح...............

نتائج (Conclusion) :.........................................................................................

تجاویز (Suggestion):.........................................................................................

ضمیمہ(Appendix):

حوالہ جات(References)

### 12.4.2 عملی تحقیق کی خوبیاں(Advantages of Action Research)

عملی تحقیق کی مندرجہ ذیل خوبیاں ہیں:

- استاد اپنے فوری مسائل پر غور کرتا ہے۔ اس کے ذریعے استاد اپنے کمرہ جماعت کے ماحول، اپنے کام کے طریقہ کار کو بہتر بناتا ہے اور فروغ دیتا ہے۔
- اس میں استاد اپنے کام سے باخبر رہتا ہے اور اس کی سمجھ رکھتا ہے۔
- تحقیقی کام کے لیے اساتذہ میں سائنسی جھکاؤ بیدار ہوتا ہے۔
- یہ ایک نفسیاتی طریقہ ہے۔
- اساتذہ کو مطالعہ کرنے کی ترغیب ملتا ہے۔
- اس سے طلباء کی خواہش کی سطح اور کامیابی کی سطح میں اضافہ ہوتا ہے۔
- یہ اسکول انتظامیہ میں بہتری اور تبدیلی لانے کا ایک اچھا ذریعہ ہے۔
- اس سے اسکول میں جمہوری اقدار کو فروغ دینے میں مدد ملتی ہے۔
- یہ اسکول سے متعلق لوگوں کے روزمرہ کے مختلف مسائل کا عملی اور حقیقت پر مبنی حل فراہم کرتی ہے۔
- یہ اسکول کو جدید اور زمانے کے مطابق بنانے کی کوشش کرتی ہے۔
- ان کے ذریعے تعلیم میں روز بروز پیدا ہونے والے مسائل جلد حل ہو جاتے ہیں۔
- یہ استاد کے رویے، فطرت اور اس کے تدریسی طریقوں، تدریسی پالیسیوں اور تکنیکوں میں معنی خیز تبدیلیاں لاتی ہے۔
- ان کی طرف سے دیے گئے نتائج عملی لحاظ سے کافی کامیاب ہیں۔
- یہ کرنے میں کم وقت لگتا ہے اور یہ نسبتاً کم مہنگی ہے۔

### 12.4.3 عملی تحقیق کے حدود(Limitations of Action Research)

عملی تحقیق کے مندرجہ ذیل حدود ہیں:

- یہ کمرہ جماعت کے تدریسی عمل میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔
- کامیابی نہ ہونے کی صورت میں یہ وقت کا ضیاع ہو سکتی ہے۔
- اساتذہ کے لیے یہ ایک بوجھ ہو سکتی ہے۔
- تمام اساتذہ عملی تحقیق کرنے کے قابل نہیں ہیں۔
- اس میں زیادہ ع قابل اعتماد نہیں ہو پاتی ہے کیونکہ عملی تحقیق کی نوعیت بنیادی طور پر موضوعی ہے۔
- اس میں بہت سے اسباب محقق کے کنٹرول نہیں ہوتے ہیں۔
- مسئلہ کی نوعیت حقیقت پسندانہ یا متعلقہ نہیں ہو سکتی۔
- یہ مقامی اہمیت کا حامل ہے۔
- اس کے نتائج کو عام نہیں کیا جا سکتا۔
- یہ معیار کے لحاظ سے کم اہمیت کا حامل ہے۔
- تربیت کی کمی کی وجہ سے، بعض اوقات اساتذہ کو متغیرات کو کنٹرول کرنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔
- استاد بعض اوقات معروضی اور سائنسی طور پر مسئلہ کا مشاہدہ کرنے سے قاصر ہوتا ہے۔
- استاد کو سمت کی کمی محسوس ہوتی ہے۔
- یہ مکمل طور پر سائنسی نہیں ہے۔
- اسے معیار کے لحاظ سے کم اہمیت کا حامل سمجھا جاتا ہے۔
- یہ صرف تعلیم کے حقیقی مسائل پر کی جاتی ہے۔

### عملی تحقیق اور بنیادی تحقیق میں فرق

| عملی تحقیق(Action Research) | بنیادی تحقیق(Basic Research) |
|---|---|
| 1۔ یہ عام طور پر کسی تنظیم / ادارہ میں مسئلہ کو حل کرنے کے لئے کیا جاتا ہے۔<br>2۔ ادارہ کے پرنسپل، استاد وغیرہ محقق ہوتے ہیں<br>3۔ اس کا زیادہ تعلق علم سے ہے جس کا فوری اطلاق ہوتا ہے<br>4۔ یہ مختصر مدت کا ہے۔ | 1۔ اس میں عام طور پر کچھ نئے نظریات، اصول، ضابطہ، نتائج وغیرہ کے لئے کیا جاتا ہے۔<br>2۔ یہ عام طور پر پی۔ جی، اسکالر یا مخصوص پروجیکٹ میں کیا جاتا ہے۔<br>3۔ اس کا تعلق تحقیق طریقوں، تکنیکوں اور آلات کی ترقی، جانچ، تصدیق وغیرہ کی جاتی ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| | 4۔اس میں طویل وقت لگتا ہے۔ |
| 5۔اس کا دائرہ کار محدود ہے۔<br>6۔یہ لچکدار ہے۔<br>7۔نمونہ کا سائز بہت محدود ہے۔<br>8۔ضروری نہیں کہ اعداد و شمار استعمال کیے جائیں۔<br>9۔ تشخیص اندرونی ہے.<br>10۔اوزار، تکنیک استاد کے ذریعہ تیار کی جاتی ہیں۔<br>11۔اس کو مکمل کرنے کے لئے کم خرچ اور کم وقت کی ضرورت ہوتی ہے۔<br>12۔ عملی تحقیق کے نتائج کو تعمیم (Generalization) نہیں کر سکتے ہیں۔<br>13۔اسکول اور کمرہ جماعت کی اکتسابی مسائل کو حل کرنا ہی اس کی سب سے بڑی مقصد ہے۔ | 5۔اس کا دائرہ وسیع ہے۔<br>6۔یہ بعض معیارات پر مبنی ہے۔<br>7۔نمونہ کا سائز بڑا ہے.<br>8۔شماریاتی طریقہ کار کو تفصیل سے استعمال کیا جاتا ہے۔<br>9۔ تشخیص اندرونی بھی ہے اور خارجی بھی<br>10۔معیاری ٹولز استعمال کیے جاتے ہیں۔خود تیار کردہ اوزار بھی معیاری ہیں۔<br>11۔اس کو مکمل کرنے کے لئے کافی وقت اور خرچ ہوتی ہے۔<br>12۔بنیادی تحقیق کے نتائج کو تعمیم کرنا ممکن ہے۔<br>13۔بنیادی سوالوں کا جواب دینا اور معلومات کے میدان میں اضافہ کرنا اس کی سب سے بڑی مقصد ہے۔ |

**اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)**

1۔ عملی تحقیق کی دو خوبیوں اور خامیاں کو لکھیں۔

2۔ عملی تحقیق کے کون کون سے مراحل ہے نام لکھیں۔

______________________________________________

______________________

## 12.5 خلاصہ (Summary)

ایک استاد بحیثیت محقق وہ ہوتا ہے جو طلباء کو نہ صرف علم فراہم کرتا ہے بلکہ ان کے تدریسی عمل کو بڑھانے، تعلیم کے میدان میں مواقع فراہم کرنے اور طلباء کے نتائج کو بہتر کرنے کے لیے علمی تحقیقات میں مشغول ہوتا ہے۔ عملی تحقیق کی اس طرز رسائی میں تعلیم سے متعلق مسائل کے حل تلاش نے کے لیے منظم تحقیق، ڈیٹا اکٹھا کرنا، تجزیہ کرنا اور نتائج اخذ کرنا شامل ہے۔ تعلیمی تحقیق سے مراد تعلیمی مظاہر، عمل، طریقوں اور نتائج کا منظم مطالعہ ہے۔ اس میں تعلیم کے مختلف پہلوؤں کو سمجھنے کے لیے سوال جواب کا ایک وسیع دائرہ شامل ہے بشمول تدریس، اکتساب، نصاب کی ترقی، تعلیمی پالیسیاں، سماج اور ثقافتی سیاق وسباق۔ تعلیمی تحقیق کا مقصد ایسا علم پیدا کرنا ہے جو تعلیمی نظریہ، پالیسی اور عمل سے آگاہ کرتا ہے جس کا حتمی مقصد سیکھنے والوں کے لیے تعلیمی عمل، تجربات، طریقہ کار، نظام وغیرہ کو بہتر کیا جا سکیں

۔ عملی تحقیق تعلیم کے میدان میں تبدیلی یا تیز رفتار ترقی لانے کی ایک شعوری کوشش ہے جس میں مسئلے کا حل فوری طور حاصل کیا جاتا ہے یعنی عملی تحقیق کسی فوری مسئلے کو حل کرنے یا دوسرے ٹیموں میں کے ساتھ کام کرنے والے افراد کی قیادت میں ترقی پسند مسئلے کو حل کرنے کا ایک عکاسی عمل ہے۔ عملی تحقیق کمرہ جماعت کے مسائل کو فوری طور حل کرنے کا ایک وسیع طریقہ ہے۔ عملی تحقیق معلم یا محقق کے کردار کی توسیع ہے جس کے ذریعے معلم اپنے فیصلوں اور طریقوں کو درست کرنے، رہنمائی اور جائزہ لینے کے لیے سائنسی طور پر اپنے مسائل کا مطالعہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ عملی تحقیق میں وقت، خرچ اور محنت کم لگتی ہے اور اس تحقیق میں ایسی لچک ہوتی ہے جس میں ضرورت کے حساب سے تبدیل کر کے اسے موافق بنایا جاسکتا ہے۔ اس تحقیق کے ذریعے استاد خود کی جانچ کی جاتی ہے جس میں خود کے کاموں، منصوبہ اور طریقہ تدریس کا تعین قدر شامل ہے اور یہ طلباء کے مسائل، اسکول کے مسائل اور اسکولی نظام میں بہتری لاتا ہے لیکن ان ساری خوبیوں کے باوجود اس تحقیق میں کچھ خامیاں پائی جاتی ہیں جیسے قابل اعتماد نہ ہونا، نتائج کو عام نہیں کیا جاسکتا، استاد کے لئے یہ ایک بوجھ ہونا اور اس تحقیق کو کرنے لیے اساتذہ کو تربیت یافتہ ہونا لازمی ہے۔

مختصر یہ کہ عملی تحقیق ایک موثر طریقہ ہے جس کے ذریعے تعلیمی مسائل، طریقہ تدریس، تعلیمی نظام، طلبا کے مسائل، اساتذہ کے مسائل وغیرہ کو بہتر اور نشو نما کے لئے استعمال میں لائے جاتے ہیں۔

## 12.6 اکتسابی نتائج (Learning Outcomes)

اس اکائی میں آپ نے یہ سیکھا کہ

- عملی تحقیق (Action Research) کا تصور اور مفہوم کیا ہے۔
- عملی تحقیق کی نمایاں خصوصیات اور اس کی مختلف اقسام کون سی ہیں۔
- عملی تحقیق کی وسعت (Scope) اور اس کے اہم مراحل (Steps) کیا ہیں۔
- عملی تحقیق کی اہم خوبیاں اور خامیاں کیا ہیں۔
- عملی تحقیق کا ایک بنیادی خاکہ (Framework) کس طرح تیار کیا جاتا ہے۔

## 12.7 فرہنگ (Glossary)

| | |
|---|---|
| محقق | تحقیق کے کام کو انجام دینے والا |
| مفروضہ | مفروضہ بیان کا عارضی حل ہے اور جیسے جانچا جاسکتا ہے۔ |
| باہمی تعاون | باہمی تعاون کا مطلب یہ کہ کسی کام کو دو یا دو سے زیادہ افراد یا گروہ مل کر کام کرتے ہیں۔ |
| اکتسابی سرگرمیاں | تعلیمی حکمت عملی جس میں طلبا اکتساب کے عمل میں فعال طور پر حصہ لیتے ہیں۔ |
| عملی تحقیق | کمرہ جماعت کی سطح کے مسائل کے حل کے لیے کی جانے والی تحقیق |

| | |
|---|---|
| سہولت کار | سہولت فراہم کرنے والا |
| بازرسائی | اپنی کارکردگی کے بارے میں متعلقہ افراد سے معلومات حاصل کرنا |
| اکتسابی نتائج | تدریس کے بعد طلباء میں واقع ہونے والی تبدیلیاں |

## 12.8 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objectives Answer Type Questions)

1۔ عملی تحقیق کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

A. نظریاتی فریم ورک تیار کرنا B. مفروضوں کی جانچ کرنا

C. مشق کو بہتر بنانا اور عملی مسائل کو حل کرنا D. تعلیمی اشاعتوں کے لیے ڈیٹا اکٹھا کرنا

2۔ عملی تحقیق میں عام طور پر درج ذیل میں سے کون سی ترتیب شامل ہوتی ہے؟

A. منصوبہ بندی، ڈیٹا اکٹھا کرنا، تجزیہ کرنا، اشاعت B. مشاہدہ، مفروضے کی جانچ، نتیجہ اخذ کرنا

C. مسائل کا انتخاب، منصوبہ بندی، عمل، مشاہدہ، عکاسی D. سروے انتظامیہ، شماریاتی تجزیہ، ڈیٹا کی تشریح

3۔ کون عام طور پر عملی تحقیق پروجیکٹس شروع کرتا ہے؟

A. تعلیمی محققین B. اسکول کے منتظمین

C. کمرہ جماعت کے اساتذہ یا پریکٹیشنرز D. سرکاری ادارے

4۔ عملی تحقیق کے کس مرحلے میں بہتری کے لیے کسی علاقے کی نشاندہی کرنا یا حل کرنے کے لیے کسی مسئلے کو شامل کرنا شامل ہے؟

A. منصوبہ بندی B. ایکشن C. عکاسی D. تجزیہ

5۔ عملی تحقیق کو روایتی تحقیقی طریقوں سے کیا فرق ہے؟

A. اس کی توجہ نئی نظریاتی بصیرت پیدا کرنے پر ہے۔ B. نتائج کو عام کرنے پر اس کا زور

C. اس کی باہمی اور شراکتی نوعیت D. تجرباتی ڈیزائن اور کنٹرول گروپس پر اس کا انحصار

6۔ عملی تحقیق اکثر کس ترتیب میں کی جاتی ہے؟

A. الیبارٹری کی ترتیبات B. کنٹرول شدہ ماحول

C. حقیقی دنیا کے سیاق وسباق جیسے کمرہ جماعت یا تنظیمیں D. نقلی منظر نامے۔

7۔ مندرجہ ذیل میں سے کون عملی تحقیق میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا عام طریقہ نہیں ہے؟

A. سروے B. انٹرویوز C. تجربات D. مشاہدات

8۔ عملی تحقیق کے کس مرحلے کے دوران پریکٹیشنرز (معلم) مداخلت یا تبدیلیاں اطلاق کرتے ہیں؟

A. منصوبہ بندی B. عمل(Action) C. عکاسی D. تجزیہ

9۔ عملی تحقیق کا حتمی مقصد کیا ہے؟

A. تعلیمی اشاعتوں کے لیے نیا علم پیدا کرنا B. عملی مسائل کو حل کرنا اور مشق کو بہتر بنانا

C. موجودہ نظریات کی تصدیق کرنا D. متغیرات کے درمیان وجہ قائم کرنا

**مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answer Type Questions)**

1۔ عملی تحقیق کی تشریح کریں اور اس کے بنیادی مقصد کی وضاحت کریں۔

2۔ عملی تحقیق پروجیکٹ کے انعقاد میں شامل عام اقدامات کی وضاحت کریں۔

3۔ عملی تحقیق کی خوبیوں اور خامیوں پر مختصر نوٹ لکھیں۔

4۔ کسی مسئلہ کی مثال فراہم کریں جسے تعلیمی ماحول میں عملی تحقیق کا استعمال کرتے ہوئے حل کیا جا سکتا ہے۔

5۔ عملی تحقیق کے عمل میں عکاسی کی اہمیت کی وضاحت کریں۔

6۔ تدریس میں پیشہ ورانہ ترقی کے لیے عملی تحقیق کیسے فائدہ مند ہو سکتی ہے؟

7۔ تحقیق سے کیا مراد ہے مختصر بیان کریں اور تحقیق کے اقسام کو لکھیں۔

8۔ عملی تحقیق سے کیا مراد ہے اور عملی تحقیق کی وسعت کو لکھیں۔

**طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answer Type Questions)**

1۔ عملی تحقیق کے تصور کو بیان کریں اور عملی تحقیق کے اقدامات یا مراحل کو تفصیل سے بیان کریں۔

2۔ ایک تحقیقی طریقہ کار کے طور پر عملی تحقیق کی خوبیوں اور حدود کا موازنہ کریں۔

3۔ عملی تحقیق کا ایک خاکہ پیش کریں۔

4۔ معلم بحیثیت ایک تحقیق کار ہے تفصیل سے بحث کیجئے۔

5۔ کسی مسئلہ پر ایک عملی تحقیق کریں اور ان طریقوں کا خاکہ بنائیں۔

6۔ عملی تحقیق معلم کی پیشہ وارانہ ترقی میں کیسے رول ادا کرتی ہے تفصیل سے وضاحت کریں۔

## 12.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد(Suggested Reading Materials)

1۔ Das, R.C. (1990). *Science Teaching in Schools*, New Delhi: Sterling Publications Pvt.Ltd.

2۔ Gupta, S. P. (2017). *Research Introductory-Concepts, Methods and Techniques,* Sharda Pustak Bhawan, Allahbad

3. Kumar, Amit (1999). *Teaching of Physical Sciences*, New Dehlhi: Anmol Publications Pvt.Ltd.
4. Mohan, Radha (2004). *Innovative Science Teaching for Physical Science Teachers*, New Delhi, PHI
5. Sundriyal, S. *Teaching of Physical Science,* Agrawal Publications, Agra
6. Sharma, R.C. (1987). *Modern Science Teaching*, New Delhi: Dhanpat Rai and Sons. Publications Pvt. Ltd.
7. Siddiqui and Siddiqui (1998). *Teaching of Science Today and Tomorrow*, New Delhi: DoabaHouse.
8. Soni, Anju (2000). *Teaching of Science*, Ludhiana: Tandon Publications.
9. UNESCO. *Teaching of School Physics*, Penguin Books
10. UNESCO. *Teaching of School Chemistry*, Penguin Books
11. Vaidya, Narendra (1989). *The Impact of Science Teaching*, New Delhi: Oxford and IBH Publishing Co. Pvt. Ltd.
12. Vanaja, M. (2004). *Methods of Teaching Phydical Sciences*, Hyderabad: Neelkamal

# اکائی 13۔ تعین قدر: معنی اور ضرورت، تشکیلی، تجمیعی اور تشخیصی تعین قدر اور معالجاتی تدریس

(Evaluation: Meaning and needs, Formative and Summative Evaluation, Diagnostic and Remedial Teaching)*


13.0 تعارف

13.1 مقاصد

13.2 تعین قدر

13.2.1 تعین قدر کے معنیٰ و مفہوم

13.2.2 NEP 2020 کے مطابق تعین قدر

13.2.3 تعین قدر کی ضرورت

13.2.4 تعین قدر کے اقسام

13.2.4.1 تشکیلی تعین قدر

13.2.4.2 تجمیعی تعین قدر

13.2.5 تشخیصی تعین قدر یا معالجاتی تدریس

13.3 خلاصہ

13.4 یاد رکھنے کے نکات

13.5 فرہنگ

13.6 اکائی کی اختتامی سرگرمیاں

13.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد



* Mrs. Maisara Aziz Khan, Assistant Professor, MANUU CTE, Aurangabad

## 13.0 تعارف

سرکار، ادارے، انتظامیہ، تعلیم داں، معلم، اور والدین ہمیشہ اس بات کے لیے کوشاں رہتے ہیں کہ طلباء کے اکتساب کی ترقی اور محاصل کا پتہ لگا سکیں تا کہ نصاب کی موزونیت، ہدایات کی موثریت اور مقاصد کی حصولیابی کا اندازہ لگایا جا سکے اور انکی بہتری کے لیے اقدامات کئے جا سکیں۔ تعلیمی ترقی کو فروغ دینے کے لیے ہدایات کی موثریت کو جانچنے کا کارگر آلہ تعین قدر ہے۔ تعین قدر ایک وسیع اصطلاح ہے، اس میں پیائش اور احتساب کے تمام امور شامل ہیں۔ یہ جانچ اور پیائش کے مقابلے میں ایک وسیع تر تصور ہے جو تدریس و اکتساب کے عمل کے نتیجے میں سامنے آنے والے تمام تعلیمی نتائج کی قدر کا اندازہ کرتا ہے۔ اگر سائنس کی تدریس اور جانچ، طریقہ کار کے لحاظ سے تجرباتی ہو جائے تو تعین قدر تعلیم میں بھرپور منافع ادا کر سکتا ہے۔ اس اکائی میں ہم تعین قدر اور اس کی اقسام کی معلومات حاصل کریں گے۔

## 13.1 مقاصد

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد طلباء اس قدر قابل ہو جائیں گے کہ

- تعین قدر کے معنیٰ و مفہوم بتا سکیں گے۔
- NEP 2020 کے مطابق تعین قدر میں ہونے والی تبدیلی کی وضاحت کر سکیں گے۔
- تعین قدر کی ضرورت و اہمیت بتا سکیں گے۔
- تشکیلی تعین قدر کی تعریف بتا سکیں گے۔
- تشکیلی تعین قدر کی ضرورت و اہمیت بتا سکیں گے۔
- تجمیعی تعین قدر کی تعریف بتا سکیں گے۔
- تجمیعی تعین قدر کی ضرورت و اہمیت بتا سکیں گے۔
- تشخیصی تعین قدر کی تعریف بتا سکیں گے۔
- تجمیعی اور تشکیلی تعین قدر میں فرق واضح کر سکیں گے۔
- معالجاتی تدریس کی ضرورت و اہمیت کی وضاحت کر سکیں گے۔

## 13.2 تعین قدر

کسی بھی ہدایتی عمل کو کامیاب جب ہی کہا جاتا ہے جب تمام مقاصد حاصل ہو جائیں۔ تدریس کا عمل بھی ایک با مقصد ہدایتی عمل ہے۔ اس عمل کی کامیابی کا پتہ لگانے کے لیے معلم تدریس کے بعد طلباء کے علم، صلاحیت اور محاصل کی پیائش اور احتساب کرتا ہے۔ اس

کے لیے طلباء کی ترقی اور حصولیابی سے متعلق معطیات کو یکجا کیا جاتا ہے، اسکا تجزیہ اور تشریح کی جاتی ہے اس پورے عمل کو تعین قدر کہتے ہیں۔ تعلیم میں تعین قدر کی طرز رسائی کی جدت بلوم نے دی۔ بلوم کے مطابق تدریس واکتساب کے عمل کے تین مراحل ہیں:

1۔ **تعلیمی مقاصد کی تشکیل:** ان کا تعلق طلباء کے وقوفی، تاثراتی اور حسی وحرکی پہلوؤں سے ہوتا ہے۔

2۔ **اکتسابی تجربات کی تخلیق:** اس مرحلہ میں طلباء کو اکتسابی تجربات دینے کے لیے ماحول پیدا کیا جاتا ہے۔

3۔ **کردار میں آنے والی تبدیلی کی جانچ:** اس مرحلہ میں طلباء کے اکتسابی تجربات کی موئثریت کا تعین کیا جاتا ہے۔

### 13.2.1 تعین قدر کے معنی ومفہوم

لفظ تعین قدر کا انگریزی ترجمہ 'evaluation' جو کہ فرانسیسی زبان کے لفظ 'evaluer' سے ماخوذ ہے جس کے معنیٰ کسی چیز کی قدر معلوم کرنے کے ہیں۔ تعین قدر ایک ایسا عمل ہے جس میں کسی پروگرام کے حصوں، عمل یا نتائج کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے کہ آیا وہ تسلی بخش ہیں یا نہیں، خاص طور پر پروگرام کے بیان کردہ مقاصد اور معیار کے حوالے سے۔ اکتسابی مقاصد کے حوالے سے تعین قدر کی تعریف اس طرح کی جاسکتی ہے کہ: تعین قدر کے ذریعہ اشیاء، صورت حال، لوگوں، حالات وغیرہ کی درجہ بندی طے کردہ معیار کے مطابق کی جاتی ہے۔ تعین قدر وضاحتوں اور مشاہدات کے ذریعے جمع کیے گئے ڈیٹا کی قدر کے بارے میں فیصلے کرنے کا عمل ہے۔ تعین قدر کو ہم فیصلہ کرنے کے لیے معلومات کی ترجمانی اور ترکیب کرنے کا عمل بھی کہہ سکتے ہیں۔ عام طور پر فیصلہ کرنے کے لیے مقداری ڈاٹا کو ہی فوقیت دی جاتی ہے۔

ایک معلم جو اپنی اصلاح کرنا چاہتا ہے وہ ہمیشہ اپنی تدریس کی موثریت کے متعلق جاننے کے لیے کوشاں رہتا ہے کیونکہ یہ عین ممکن ہے کہ جو مقاصد تدریس وکتساب کے لیے طے کیے گئے ہوں تعلیم کا عمل اس سمت میں نہیں ہو رہا ہو اور وقت و وسائل دونوں کا زیاں ہو رہا ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سائنس کے مضمون میں طلباء کا جائزہ لیتے ہوئے، ایک اچھا استاد سائنس کی نوعیت، سائنس کا فلسفہ، طلباء کی ذہنی نشوونما کے مراحل، مختلف سطحوں پر سائنس کی تعلیم کے مقاصد اور مواد مضمون کی ضرورت مثال کے طور پر تجربہ گاہ کی سہولت اور معاشرے کی ضرورت وغیرہ کو نظر انداز نہیں کر سکتا۔

سائنسی خواندگی کی اصطلاح ۱۹۵۰ کے آخر میں وضع کی گئی۔ اور تب سے سائنس کے اساتذہ، محققین اور پالیسی بنانے والوں کی جانب سے تعین قدر کی مختلف تصوراتی تعریفیں، مقاصد اور طریقوں کی تجاویز پیش کی گئی ہیں۔ عام طور سے سائنسی طور پر خواندہ شخص کو سائنسی تصورات کا بنیادی علم ہونا چاہیے، سائنسی علم کے استعمال کی مہارت اور سائنسی رویہ ہونا چاہیے، تاکہ وہ سائنس اور ٹیکنالوجی کا استعمال باخبر اور معنی خیز انداز میں کر سکے۔

تعین قدر اور پیائش میں فرق یہ ہے کہ جہاں پیائش صرف ہدایات کے نتائج کا ایک مقداری جائزہ ہے، وہیں تعین قدر طالب علم کے احتساب کا وسیع، زیادہ جامع اور مسلسل عمل ہے۔ تعین قدر کا مقصد ہدایتی عمل کو بہتر بنانا ہے۔ تعین قدر طالب علم کی نشوونما کے موروثی عوامل جیسے کہ رویہ، عادات، مہارتیں، تفہیم کی قدر پیائش کرتا ہے۔

## تعین قدر کی تعریف:

**Stufflebeam اور ساتھیوں کے مطابق** "تعین قدر کسی چیز کی قدر یا مقدار کو جانچنے یا جاننے کا عمل ہے۔"

"Evaluation is the process of ascertaining or judging the value or amount ofsomething by use of a standard of appraisal."

**Goods کے مطابق** "تعین قدر کچھ خاص تشخیص کے ذریعہ قدر یا کسی چیز کا فیصلہ کرنے کا عمل ہے۔"

"Evaluation is a process of judging the value or something by certain appraisal."

### 13.2.2 NEP 2020 کے مطابق تعین قدر

NEP 2020 کی وجہ سے جب تعلیمی عمل کے ہر پہلو میں تبدیلی آ رہی ہے تو تعین قدر کا پہلو اس سے کیسے اچھوتا رہ سکتا ہے۔ یہ طریقہ کیسے صحیح ہو سکتا ہے کہ کسی طے شدہ وقت میں بچوں یا طلباء سے کچھ سوالات کر کے ان کی نشوونما، مقاصد کی حصولیابی اور طلباء کے علم کا اندازہ لگا لیا جائے۔ جیسا کہ NEP 2020 میں تعلیم کے اہداف کو لے کر کہا گیا ہے کہ تعلیم ایسی ہو جو:

- فرد کی بہتری
- سماج کی بہتری
- ملک کی فلاح و بہبود
- انسان کی تمام نسلوں کی فلاح و بہبود
- پورے سیارے کی فلاح و بہبود کا کام کرے۔

اس پالیسی میں نصاب کے خاکہ کو دو حصوں میں تقسیم کرنے کی بات کی گئی ہے۔

1۔ عمومی تعلیم

2۔ مخصوص تعلیم

1۔ **عمومی تعلیم:** زندگی گزارنے کی عام مہارتیں جیسے کہ تنقیدی سوچ، مسائل کو حل کرنا وغیرہ اس میں شامل رہیں گی۔

2۔ **مخصوص تعلیم:** یعنی کہ مضمون مرکوز مہارتیں جیسے کہ نصاب کے اجزاء، نظریات، تجربات، پروجیکٹ انٹرنشپ وغیرہ اس میں شامل رہیں گی۔

**NEP 2020 کے مطابق سائنس کی تعلیم کے اغراض:**

1۔ طلباء کی کلی نشوونما کرنا۔

2۔ تنقیدی سوچ پیدا کرنا۔

3۔ مسئلہ کے حل کی مہارت پیدا کرنا۔

4۔ جدت کی مہارت پیدا کرنا۔

5۔ اقدار پر مبنی تعلیم دینا۔

6۔ زندگی گزارنے کی مہارت پیدا کرنا۔

7۔ جامع اور تفہیم کے قابل علم فراہم کرنا۔

اس سے مراد یہ ہے کہ طلباء کا احتساب ان کے اکتسابی نتائج کو جاننے کے لیے کیا جائے گا نہ کہ ان کو نمبرات دینے کے لیے۔

اس کے علاوہ نئی قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں اس بات کی سفارش کی گئی ہے کہ ایک ایسی تنظیم بنائی جائے جو طلباء کی حصولیابی کی جانچ کرے اس کو پرکھ نام دیا جائے گا۔

Performance Assessment, Review and Analysis of Knowledge for Holistic )PARAKH

Development(جو یہ دیکھے گی کہ آیا نشونما صحیح سمت میں ہو رہی ہے اور مقاصد کی حصولیابی ہو رہی ہے یا نہیں جیسا کہ اس کا نام ہے اسی طرح یہ تنظیم کام کرے گی۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں بار بار کلی نشونما کی بات کی گئی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ طلباء کا وقوفی، تاثراتی اور حسی و حرکی پہلو تمام کا فروغ ہونا چاہیے، طالب علم میں جو خداداد صلاحیتیں ہیں ان کا فروغ ہونا چاہیے۔ اس کے علاوہ اکتسابی نتائج پر زیادہ زور دیا گیا ہے یعنی جو تدریس کی گئی اس سے طلباء نے کیا سیکھا اس کا فوراً جائزہ لیا جائے گا۔ اس طرح کے احتساب میں شخصیت کے تمام اوصاف اور پہلوؤں کو دیکھا جائے گا۔ یعنی طلباء کا آل راؤنڈ ڈیولپمنٹ دیکھا جائے گا۔ ان کے تینوں وقوفی، حسی و حرکی اور تاثراتی پہلوؤں کو دیکھا جائے گا۔

اس کے علاوہ اب جو طلباء کا رپورٹ کارڈ بنے گا وہ 360 ڈگری میں ہوگا، جو کہ باریکی اور گہرائی سے یہ ظاہر کرے گا کہ اکتساب کنندہ کی ترقی اور نشونما ہو رہی ہے یا نہیں۔ آج تک کے امتحان کے نظام میں جس رپورٹ کارڈ کی اہمیت اعلی درجے پر تھی اب وہ رپورٹ کارڈ بالکل مختلف ہوگا اب معلم کے ذریعے احتساب کے بجائے خود احتساب اور گروہی احتساب کو بڑھاوا دیا جائے گا تاکہ طلباء خود اپنا اور ایک دوسرے کا احتساب وقوفی، تاثراتی اور حسی اور حرکی تینوں پہلوؤں کی نشونما کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے کریں۔یعنی خود احتساب کے ذریعے طلباء اپنی جانچ کرے گا کہ مجھے کتنا آتا ہے، مجھے کہاں پر پریشانی ہے، کون سی چیز مشکل لگ رہی ہے، یہ بھی رپورٹ کارڈ میں لکھا جائے گا۔ اس کے علاوہ ان کے ساتھی طلباء بھی ایک دوسرے کا احتساب کریں گے جو طالب علم جس مضمون میں بہتر کارکردگی رکھتا ہے طلباء اس سے رجوع کر کے اس مضمون میں اپنی کمی اور مشکل کا حل تلاش کریں گے وہ طالب علم دوسرے طلباء کو نمبرات یا ریمارک دیں گے جو کہ رپورٹ کارڈ میں لکھا جائے گا۔ اس کے لیے پروجیکٹ مبنی اکتساب اور انکوائری مبنی اکتساب پر زور دیا جائے گا۔ کوئز، رول پلے، گروہی کام، پورٹ فولیو وغیرہ کا استعمال تعین قدر میں کیا جائے گا۔ طلباء، والدین اور اساتذہ کے لیے تعملی سوال نامہ ہوگا۔ بورڈ امتحان

دینے کے لیے طلباء کو دو موقع دیے جائیں گے تا کہ طلباء پر سے امتحان کے دباؤ کو کم کیا جا سکے ہر طالب علم کو ایک مین اور ایک امپروومنٹ امتحان دینا ہو گا۔ سالانہ ،سیمسٹر اور موڈیولر بورڈ امتحان کے لیے ایک سسٹم بنایا جائے گا۔ رٹنے کے بجائے کلی نشونما پر زور دیا جائے گا۔ درجہ تین، پانچ ویں اور آٹھویں میں اسکولی امتحان ہوں گے تا کہ طلباء کی ترقی کا پتہ لگایا جا سکے۔ طلباء کے محاصل کو جاننے کے لیے ان کی بنیادی اکتسابی نتائج کا احتساب کیا جائے گا جس میں دیکھا جائے گا کہ طلباء کو مرکزی تصورات کی سمجھ، اعلی درجے کی مہارت اور علم کا حقیقی زندگی کے حالات میں اطلاق کرنا آیا یا نہیں۔

| **اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)** |
|---|
| 1۔ تعین قدر کیا ہے۔ <br> ______________________________ <br> ______________________________ |

### 13.2.3 تعین قدر کی ضرورت

تعلیم کو اور باسہولت بنانے اور اسکی ترقی کے لیے سرگرمیوں اور اہداف کو طے کرنے میں تعین قدر سے مدد ملتی ہے مثلاً:

1۔ کسی طریقہ تدریس کی موثریت کا اندازہ لگانے یا مختلف طریقہ تدریس کا موازنہ کرنے کے لیے۔

2۔ طالب علم کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے۔

3۔ کسی خاس مقصد کے لیے طالب علم کا انتخاب کرنے کے لیے۔

4۔ طلباء کو گریڈ اور ترقی دینے کے لیے اور والدین کو رپورٹ کرنے کے لیے۔

5۔ پورے تعلیمی ادارے اور اس کے مختلف پہلوؤں کو بہتر بنانے اور جائزہ لینے کے لیے۔

6۔ کسی خاص درجہ کے لیے تدریسی اور تعلیمی مقاصد کو ترتیب دینے یا اس میں ترمیم کرنے کے لیے۔

7۔ کسی خاص درجہ کے لیے اکتسابی تجربات کا انتخاب اور انتظام کرنے کے لیے۔

8۔ تدریس و اکتساب کی حکمت عملیوں کے انتخاب اور استعمال کے لیے۔

9۔ کسی خاص درجہ میں مخصوص عنوانات اور مضمون کی شاخوں کی تدریس و اکتساب کے لیے۔

10۔ طلباء کی اکتسابی دشواریوں کی تشخیص کرنے کے لیے اور اس کے مطابق مناسب معالجاتی تدریس کا منصوبہ بنانے کے لیے۔

11۔ اساتذہ کی بہتر تدریسی منصوبہ بندی کے لیے اور طلباء کی ضروریات کے مطابق تدریسی اکتسابی حالات ترتیب دینے کے لیے۔

12۔ اساتذہ اور طلباء کو ان کے تدریسی اکتسابی افعال کو انجام دینے کے لیے مناسب ترغیب فراہم کرنے کے لیے۔

13۔ ضرورت مند طلباء کو تعلیمی، ذاتی اور پیشہ ورانہ رہنمائی اور مشاورت فراہم کرنے کے لیے۔

14۔ رہنمائی اور مشاورت کرنے والے اہلکاروں کو موثر تعلیمی اور پیشہ ورانہ مشاورت کے لیے معلومات دینے کرنے کے لیے۔

15۔ اساتذہ، طلباء، والدین، رہنمائی کے عملے، منتظمین، نصاب سازوں، محققین اور منصوبہ سازوں کو تعین قدر کے نتائج کی روشنی میں اپنے متعلقہ شعبے میں ضروری فیصلے لینے میں مدد کرنے کے لیے۔

16۔ کسی خاص تعلیمی یا پیشہ ورانہ کورس میں طلباء کے انتخاب یا تقرری کے بارے میں فیصلہ لینے کے لیے۔

17۔ طلباء کی کسی خاص مشغلہ یا ہم نصابی سرگرمیوں میں شرکت کے لیے۔

18۔ طلباء کو ان کے اکتساب کی کوششوں، ان کی ترقی (طاقت اور کمزوریوں) اور کارکردگی کی سطح کے بارے میں مسلسل مطلع کرکے انہیں اچھی رائے فراہم کرنے کے لیے۔

19۔ ٹیسٹ کے اسکور، گریڈز، سرٹیفکیٹ، رپورٹ کارڈ، تبصرے اور اساتذہ کے ریمارکس کی شکل میں تعین قدر کے نتائج والدین کو ان کے بچوں کی ترقی کے بارے میں منفرد معلومات فراہم کرتے ہیں۔

### 13.2.4 تعین قدر کی اقسام

مقاصد کی بنیاد پر تعین قدر کو تین بڑی اقسام میں تقسیم کیا جاسکتا ہے: تشکیلی، تکمیلی اور تشخیصی تعین قدر۔ تعین قدر کے اوپر بیان کردہ طریقوں میں سے ہر ایک کا استعمال اس مرحلہ کے لحاظ سے کیا جاسکتا ہے جس پر تعین قدر کیا جاتا ہے۔

تعین قدر کی تینوں اقسام کا تعلق درج ذیل خاکہ میں دکھایا گیا ہے:




شکل: تعین قدر کی تینوں اقسام کا تعلق

#### 13.2.4.1 تشکیلی تعین قدر

تشکیلی تعین قدر کا پہلا مقصد اکتساب میں بہتری لانا ہے تاکہ اکتساب کا تخمینہ لگایا جاسکے۔ اس کو ہم احتساب برائے اکتساب بھی کہہ سکتے ہیں تشکیلی تعین قدر وہ آلہ ہے جو اکتساب کے دوران ہدایتی عمل کو بہتر بناتا ہے اس میں اساتذہ اور طلباء دونوں ہی سیکھنے کے عمل میں ہوتے ہیں جہاں طلباء کو اکتساب میں اپنی کمیوں کا اندازہ ہوتا ہے وہیں اساتذہ کو بھی اپنی تدریس اور ہدایتی عمل میں ترمیم اور تبدیلی کے لیے سیکھ ملتی ہے۔ اس طرح کا تعین قدر ہدایتی عمل کے دوران کیا جاتا ہے۔ یہ ایک منصوبہ بند اور جانتے بوجھتے کیا جانے والا عمل ہے، اس کا مقصد

ہدایتی عمل کے مقاصد کا احتساب کرنا ہے۔ضرورت کے اعتبار سے تدریس کے عمل میں ترمیم کرنا چاہیے تاکہ جو بھی اکائی تصور یا سبق پڑھایا جارہا ہے وہ موثر ثابت ہو۔ تمام کورس کے دوران اس کا انعقاد کرتے رہنا چاہیے۔

**تشکیلی تعین قدر کی خصوصیات:**

1۔ یہ طلباء اور اساتذہ دونوں کو مسلسل باز رسی فراہم کرتا ہے۔

2۔ اکتساب کی مخصوص خامیوں کو ظاہر کرتا ہے۔

3۔ اس سے طلباء کو محرکہ اور تقویت ملتی ہے۔

4۔ یہ معلم کو مطلع کرتا ہے کہ ان کی تدریس میں کس طرح کی تبدیلی کی ضرورت ہے۔

5۔ اکتساب کے اہداف کو پوری اہمیت حاصل رہتی ہے، اکتساب کے اہداف کو واضح کرتا ہے، تاکہ معیاری کامیابی حاصل ہوسکے۔

6۔ اکتساب کے اہداف کو حاصل کرنے میں درپیش رکاوٹوں کو دور کرتا ہے۔

7۔ ہدایتی عمل کی سپورٹ کرتا ہے۔

8۔ ترمیم شدہ تدریس کے نتائج فراہم کرتا ہے۔

9۔ طلباء کو ان کے اکتساب سے متعلق واضح اور صحیح نتائج ملتے ہیں۔

یہ تدریس کے دوران طلباء کے اکتسابی عمل کی نگرانی کرتا ہے اور باز رسی کے ذریعے اکتساب کے عمل کو کامیاب بناتا ہے۔ تشکیلی تعین قدر کے ڈاٹا کا استعمال مسلسل بہتری کے لیے کیا جاتا ہے۔ احتساب برائے اکتساب میں جس طرح دیکھا جاتا ہے کہ طلباء کا اکتساب کیسا اور کتنا ہو رہا ہے اس کو کیا رخ دینا چاہیے کہاں کمی کو پورا کرنا ہے اور مزید بہتری کیسے لانی ہے اسی کو تشکیلی تعین قدر کہتے ہیں۔




شکل: تشکیلی تعین قدر کا عمل

تشکیلی تعین قدر میں اساتذہ مختلف طریقے اختیار کرسکتے ہیں مثلاً تدریس کے دوران یا اختتام پر سوال کرنا، طلباء سے تبادلہ خیال کرنا، سرگرمی میں طلباء کی شرکت اور اکتساب کی سمت کا مشاہدہ کرنا، تجربہ کروانا، کھیل کھلانا، ڈرامہ کروانا، مکالمہ کروانا وغیرہ۔ اکتساب کوئی اچانک سے ہونے والا عمل نہیں ہے اس کے لیے بہت اچھی منصوبہ بندی کی ضرورت ہوتی ہے اساتذہ کو چاہیے کہ وہ مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھیں:

- تدریس کا عنوان طے کریں۔
- اکتسابی نتائج کے اہداف کو متعارف کریں۔
- طلباء کو اہداف کا علم دیں۔
- ایسے سوالات یا کاموں کو تیار کریں جس سے اکتسابی اہداف کے لیے طلباء کی تفہیم کو جانچا جاسکے۔
- طلباء کو ان کے کام کے احتساب کے معیار کو واضح کر دینا چاہیے۔
- بازرسی کیسے دی جائے گی طے کر لینا چاہیے۔
- احتساب کے عمل میں طلباء کس طرح فعال شمولیت کریں گے واضح کرنا چاہیے۔
- طلباء کو بازرسی کے ذریعے اکتساب میں بہتری لانے کے مواقع کی منصوبہ بندی کرنی چاہیے۔

تشکیلی تعین قدر کی موثریت کو بڑھانے کے لیے ضروری ہے کہ طلباء کو موثر بازرسی دی جائے۔ اکتساب میں طلباء کی فعال شمولیت ہو۔ نتائج کے مطابق تدریس میں مطلوبہ تبدیلی کی جائے تشکیلی تعین قدر کے مثبت نتائج سے طلباء کی حوصلہ افزائی اور خود اعتمادی میں اضافہ ہوتا ہے اور اس سے اکتساب پر مثبت اثر مرتب ہوتے ہیں۔ طلباء خود احتساب کریں اور سمجھیں کہ بہتری کیسے لانی ہے۔

### 13.2.4.2 تجمیعی تعین قدر

اس طرح کے تعین قدر میں تدریس و ہدایات کی موثریت کو امتحان میں طلباء کی کارکردگی سے جانچا جاتا ہے۔ یہ نصاب کے مکمل ہونے کے بعد کی جانے والی جانچ ہے۔ تجمیعی تعین قدر کا تعلق اکتساب کے نتائج سے ہوتا ہے۔ اس میں نتائج کا تجزیہ و تشریح کی جاتی ہے۔ یہ عموماً سال کے یا کسی کورس یا تدریسی و ہدایتی عمل کے مکمل ہونے کے بعد کیا جاتا ہے۔ تجمیعی تعین قدر کے نتائج کی بنیاد پر طلباء کو اگلی جماعت میں ترقی دی جاتی ہے یا اسی جماعت میں روک دیا جاتا ہے۔ اس کے ذریعے طلباء اور معلم دونوں کو ہی اپنی کارکردگی پر بازرسی ملتی ہے اس تعین قدر میں تمام شواہد و معطیات کے تجزیہ پر زور دیا جاتا ہے۔ اس سے کورس اور ہدایتی عمل کی موثریت کا پتہ چلتا ہے یہ اکتساب کا احتساب ہے۔ تجمیعی تعین قدر کے نتائج کو نمبرات یا گریڈ کے ذریعے نشر کیا جاتا ہے۔ اس طرح کی جانچ اساتذہ یا انتظامیہ کے ذریعے کی جاتی ہے اور ایک ہی وقت میں ایک ہی طریقے سے کئی طلباء کو جانچا جاتا ہے۔ یہ اختتامی ترقی کا خلاصہ پیش کرتا ہے جو کہ اکائیوں یا اسباق کی تدریس کے مکمل ہونے پر کیا جاتا ہے۔ یہ تشکیلی تعین قدر کے مقابلے کم عمل میں آتا ہے۔ اس کے ذریعے طلباء کے درمیان موازنہ کیا جاتا ہے ان کی میرٹ کا تعین ہوتا ہے، ان کی ترقی ہوتی ہے یا کوئی سند حاصل ہوتی ہے۔

تجمیعی تعین قدر بنیادی طور پر کورس کے اختتام پر مجموعی تعین قدر کرنے سے متعلق ہے۔ تمام ٹرمینل امتحانات مجموعی تعین قدر کی مثالیں ہیں۔ دیگر مثالیں مجموعی ریکارڈز، تعلیمی کامیابیوں کے ٹیسٹ، منصوبوں کی تعین قدر وغیرہ ہیں۔ اس قسم کا تعین قدر کورس کے لیے بنائے گئے مقاصد کی مناسبت اور ہدایات کی تاثیر کو جانچنے کے لیے ضروری معلومات فراہم کرتا ہے۔

| **اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)** |
| --- |
| 1۔ تشکیل اور تجمیعی تعین قدر میں فرق بیان کرو۔ |

### 13.2.5 تشخیصی تعین قدر اور معالجاتی تدریس

اس طرح کے تعین قدر کا مقصد طلباء یا پورے درجے کی مخصوص کمزوریوں کا پتہ لگانا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ طلباء کی مخصوص صلاحیتوں ان کی خوبیوں کا پتہ لگانا بھی اس کا مقصد ہوتا ہے، تاکہ طلباء کے لیے ایک جامع اور عمدہ کورس اور ہدایات مرتب کیے جاسکیں، جو ان کی ضرورتوں، اہلیتوں، دلچسپیوں کے مطابق ہوں۔ اس کے ذریعہ طلباء کی کمزوریوں کی بنیادی وجوہات کا پتہ بھی لگایا جاتا ہے تاکہ انہیں معالجاتی تدریس دی جاسکے جب تدریس و اکتساب کے عمل میں دشواری آتی ہے تب اس کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ جب کسی تصور، مضمون یا عنوان میں طلباء کی کارکردگی تسلی بخش نہیں ہوتی تب تشخیصی تعین قدر کیا جاتا ہے، اور اس کے نتائج کی بنیاد پر اکتسابی تجربات میں تبدیلی کی جاتی ہے، اور ان کی دوبارہ منصوبہ بندی کی جاتی ہے۔ دوبارہ تدریس میں نظر ثانی شدہ ہدایات کو منظم کیا جاتا ہے۔ تشخیصی تعین قدر تدریس و اکتسابی عمل کا ایک حصہ ہے یہ طلباء اور معلم کو ان کی طاقت اور کمزوریوں سے متعارف کراتا ہے۔ اس میں کسی مخصوص دائرے، مضمون، موضوع یا عنوان سے متعلق سوالات ہوتے ہیں جو کہ اس دائرے مضمون، موضوع یا عنوان کا پوری طرح سے احاطہ کرتے ہیں۔ جب طلباء کی طاقت یا کمزوریوں کی نشاندہی کرنی ہوتی ہے تب مخصوص قسم کے ٹیسٹ کے ذریعے تشخیصی تعین قدر کیا جاتا ہے۔ کسی دوسرے ٹیسٹ کے مقابلے تشخیصی ٹیسٹ کمزوریوں یا صلاحیت کے صحیح علاقے کی نشاندہی کرنے کے قابل ہوتا ہے۔ کسی بھی تشخیصی تعین قدر میں ہر ایک اکتسابی نقطہ کے کئی اجزاء ہوتے ہیں اور ان اجزاء کے مجموعے سے ذیلی ٹیسٹ بنتے ہیں۔ اس میں مواد مضمون کا گہرائی سے اور مفصل احاطہ کیا جاتا ہے۔ اس میں بہت ہی احتیاط کے ساتھ طلباء کے مخصوص اور عام غلطیوں کا تجزیہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کسی بھی تشخیصی ٹیسٹ میں تمام نکات ہمیشہ ترتیب میں ہوتے ہیں اور اکثر آسان سے مشکل کی جانب ہوتے ہیں۔ تعین قدر اور معالجاتی تدریس کے عمل میں تشخیصی جانچ کا بہت اہم کردار ہے۔

**تشخیصی جانچ تیار کرنے کے مراحل:**

1۔ منصوبہ بندی کرنا۔

2۔ جانچ کے سوالات یا عناصر کو تحریر کرنا۔

3۔ سوالات یا عناصر کو جمانا۔

4۔ جانچ کو سمت فراہم کرنا۔

5۔ نمبر کی کنجی اور نمبرات کے طریقے کی تیاری کرنا۔

6۔ جانچ یا ٹیسٹ کا جائزہ لینا۔

**تشخیصی جانچ کی ضرورت:**

1۔ طلباء میں مخصوص مہارتوں کی کمی کی نشاندہی کرنے کے لیے۔
2۔ ان علاقوں کا پتہ لگانے کے لیے جن میں طلباء کو انفرادی ہدایات کی ضرورت ہے۔
3۔ اکتسابی سرگرمیوں کو نتیجہ خیز بنانے کے لیے اور مطلوبہ نتائج حاصل کرنے کے لیے۔
4۔ تدریسی طریقہ کار، تدریسی مواد اور اکتساب کے طریقہ کار کو بہتر بنانے کے لیے۔

طلباء کو اکتساب میں دشواری، تصورات کی تفہیم، مسئلے کو حل کرنے، اعداد و شمار کرنے، اپنے علم کا اطلاق کرنے وغیرہ میں ہو سکتی ہیں اس کی وجوہات حافظے کی صلاحیت کی کمی، تفہیم میں کمی، ذخیر الفاظ کی کمی، خیالات کے اظہار میں دشواری، علمی خلا والدین کی ناخواندگی اور ان کا تعلیم کے لیے منفی رویہ، اسکول میں وسائل کی کمی، درجے میں سازگار ماحول نہ ہونا، جگہ کی تنگی، زبان کی سمجھ کا نہ ہونا، کسی طرح کی معذوری، انفرادی عناصر اساتذہ کے طریقے اور علم کی کمزوری بھی ہو سکتی ہے۔

**معالجاتی یا معالجاتی تدریس:**

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے معالجاتی یا اصلاحی یعنی کسی کمی کو دور کرنے یا سدھارنے والی تدریس۔ معالجاتی تدریس دراصل اکتساب میں طلباء کی کمزوریوں اور دشواریوں کی پہچان کرنے کے بعد اس کی بہتری اور درستگی کے لیے کی جانے والی تدریس ہے۔ سائنس میں تدریس و اکتساب کے عمل کی بہتری کے لیے موثر معالجاتی تدریس نہایت ضروری ہے۔ یہ تدریس خاص طور سے ان بچوں کے لیے مفید ہے جو کسی طرح کی اکتسابی کمزوری یا دشواری سے دوچار ہیں۔

**معالجاتی تدریس یا عمل کے مراحل:**

1۔ معلم معالجاتی تدریس کی منصوبہ بندی کرتا ہے۔
2۔ عمدہ محرکاتی پروگراموں کے ساتھ اصلاحی عمل کیا جاتا ہے۔
3۔ انفرادیت پر مبنی اصلاحی عمل کیا جاتا ہے۔
4۔ مسلسل تعین قدر کیا جاتا ہے۔
5۔ بازرسائی فراہم کی جاتی ہے۔

**معالجاتی تدریس کی مختلف شکلیں ہو سکتی ہیں جیسے:**

کلاس میں عام تدریس۔
گروہ میں معالجاتی تدریس۔
انفرادی معالجاتی تدریس۔
زیر نگرانی معالجاتی تدریس۔
خودکار معالجاتی تدریس۔
غیر رسمی تدریس۔

| اپنی معلومات کی جانچ(Check your progress) |
| --- |
| 1۔ تشخیص تعین قدر کس طرح معالجاتی تدریس میں مدد گار ہوتی ہے۔<br>__________________________________________________<br>____________________________________ |

## 13.3 خلاصہ

تعلیم کا عمل ایک بامقصد ہدایتی عمل ہے اور اس کی کامیابی کا پتہ لگانے کا سب سے صحیح طریقہ تعین قدر ہے۔ تعین قدر کی مختلف اقسام ہیں: تشکیلی تعین قدر، تجمیعی تعین قدر اور اصلاحی تعین قدر۔ جہاں تشکیلی تعین قدر سے مراد احتساب برائے اکتساب ہے اس میں دوران تدریس ہی طلباء کا تعین قدر کیا جاتا ہے جس سے غلطیوں اور کمزوریوں کو دور کرنے کے مواقع ملتے ہیں اور معلم کو بھی اپنی کمی کا پتہ چلتا ہے۔ وہیں تجمیعی تعین قدر کسی کورس کے اختتام پر ہونے والی جانچ ہے، اس کو ہم اکتساب کا احتساب بھی کہہ سکتے ہیں جو یہ طے کرتی ہے کہ آیا کردار میں تبدیلی آئی ہے یا نہیں۔ اس کے ساتھ ہی یہ طلباء کو نمبرات، گریڈ اور صنعت فراہم کرنے کے لیے ڈاٹا فراہم کرتی ہے اور اسی کی بنیاد پر طلباء کی ترقی ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ تشخیصی تعین قدر طلباء کی اکتسابی دشواریوں کا پتہ لگانے کے لیے کیا جانے والا تعین قدر ہے۔ جو نہ صرف طلباء کی کمیوں بلکہ ان کی خوبیوں اور خصوصیات کا بھی انکشاف کرتا ہے۔ اس میں بہت احتیاط کے ساتھ طلباء کی جانچ کی جاتی ہے تاکہ مخصوص وجوہات کو دریافت کیا جاسکے۔ تشخیصی جانچ کی صورت میں ملنے والے ڈیٹا کے ذریعے معلم طلباء کی کمزوریوں اور دشواریوں کو دور کرنے کے لیے معالجاتی تدریس کی منصوبہ بندی کرتا ہے اور اکتساب کی بہتری کے لیے سرگرمیاں کی جاتی ہیں۔ اس طرح اس اکائی میں ہم نے تعین قدر، اس کی اقسام اور معالجاتی تدریس کی معلومات حاصل کی اور اسی کے ساتھ قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں تعین قدر سے متعلق جو سفارشات پیش کی گئی ہیں ان پر بھی تبصرہ کیا۔

## 13.4 یادرکھنے کے نکات

- تعین قدر ایک وسیع اصطلاح ہے، اس میں پیمائش اور احتساب کے تمام امور شامل ہیں۔ یہ جانچ اور پیمائش کے مقابلے میں ایک وسیع تر تصور ہے جو تدریس و اکتساب کے عمل کے نتیجے میں سامنے آنے والے تمام تعلیمی نتائج کی قدر کا اندازہ کرتا ہے۔
- تعلیم میں تعین قدر کی طرز رسائی کی جدت بلوم نے دی۔ بلوم کے مطابق تدریس و اکتساب کے عمل کے تین مراحل ہیں: تعلیمی مقاصد کی تشکیل، اکتسابی تجربات کی تخلیق، کردار میں آنے والی تبدیلی کی جانچ۔
- لفظ تعین قدر کا انگریزی ترجمہ 'evaluation' جو کہ فرانسیسی زبان کے لفظ 'evaluer' سے ماخوذ ہے جس کے معنیٰ کسی چیز کی قدر معلوم کرنے کے ہیں۔

- سائنس کے مضمون میں طلباء کا جائزہ لیتے ہوئے، ایک اچھا استاد سائنس کی نوعیت، سائنس کا فلسفہ، طلباء کی ذہنی نشوونما کے مراحل، مختلف سطحوں پر سائنس کی تعلیم کے مقاصد اور مواد مضمون کی ضرورت مثال کے طور پر تجربہ گاہ کی سہولت اور معاشرے کی ضرورت وغیرہ کو نظر انداز نہیں کر سکتا۔
- سائنسی طور پر خواندہ شخص کو سائنسی تصورات کا بنیادی علم ہونا چاہیے، سائنسی علم کے استعمال کی مہارت اور سائنسی رویہ ہونا چاہیے، تاکہ وہ سائنس اور ٹیکنالوجی کا استعمال باخبر اور معنی خیز انداز میں کر سکے۔
- NEP 2020 میں تعلیم کے اہداف کو لے کر کہا گیا ہے کہ تعلیم ایسی ہو جو: فرد کی بہتری، سماج کی بہتری، ملک کی فلاح و بہبود، انسان کی تمام نسلوں کی فلاح و بہبود، پورے سیارے کی فلاح و بہبود کا کام کرے۔
- قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں اس بات کی سفارش کی گئی ہے کہ ایک ایسی تنظیم بنائی جائے جو طلباء کی حصولیابی کی جانچ کرے اس کو پرکھ نام دیا جائے گا۔

PARAKH- (Performance Assessment, Review and Analysis of Knowledge for Holistic Development)

- اب جو طلباء کا رپورٹ کارڈ بنے گا وہ 360 ڈگری میں ہوگا، جو کہ باریکی اور گہرائی سے یہ ظاہر کرے گا کہ اکتساب کنندہ کی ترقی اور نشونما ہو رہی ہے یا نہیں۔ اب معلم کے ذریعے احتساب کے بجائے خود احتساب اور گروہی احتساب کو بڑھاوا دیا جائے گا۔
- تعلیم کو اور باسہولت بنانے اور اسکی ترقی کے لیے سرگرمیوں اور اہداف کو طے کرنے میں تعین قدر سے مدد ملتی ہے مثلاً: کسی طریقہ تدریس کی موثریت کا اندازہ لگانے یا مختلف طریقہ تدریس کا موازنہ کرنے، طالب علم کی حوصلہ افزائی کرنے ،کسی خاص مقصد کے لیے طالب علم کا انتخاب کرنے، طلباء کو گریڈ اور ترقی دینے اور والدین کو رپورٹ کرنے، پورے تعلیمی ادارے اور اس کے مختلف پہلوؤں کو بہتر بنانے اور جائزہ لینے ، تدریس و اکتساب کی حکمت عملیوں کے انتخاب اور استعمال کرنے، طلباء کی اکتسابی دشواریوں کی تشخیص کرنے اور اس کے مطابق مناسب معالجاتی تدریس کا منصوبہ بنانے وغیرہ میں۔
- مقاصد کی بنیاد پر تعین قدر کو تین بڑی اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے: تشکیلی، تکمیلی اور تشخیصی تعین قدر۔
- تشکیلی تعین قدر کا پہلا مقصد اکتساب میں بہتری لانا ہے تاکہ اکتساب کا تخمینہ لگایا جا سکے۔ اس کو ہم احتساب برائے اکتساب بھی کہہ سکتے ہیں تشکیلی تعین قدر وہ طریقہ ہے جو اکتساب کے دوران ہدایتی عمل کو بہتر بناتا ہے اس میں اساتذہ اور طلباء دونوں ہی سیکھنے کے عمل میں ہوتے ہیں۔ یہ تدریس کے دوران طلباء کے اکتسابی عمل کی نگرانی کرتا ہے اور بازرسی کے ذریعے اکتساب کے عمل کو کامیاب بناتا ہے۔

- تجمعی تعین قدر میں تدریس وہدایات کی موثریت کو امتحان میں طلباء کی کارکردگی سے جانچا جاتا ہے۔ یہ نصاب کے مکمل ہونے کے بعد کی جانے والی جانچ ہے۔ تجمعی تعین قدر کا تعلق اکتساب کے نتائج سے ہوتا ہے۔ تمام ٹرمینل امتحانات مجموعی تعین قدر کی مثالیں ہیں۔ دیگر مثالیں مجموعی ریکارڈز، تعلیمی کامیابیوں کے ٹیسٹ، منصوبوں کا تعین قدر وغیرہ ہیں۔
- تشخیصی تعین قدر کا مقصد طلباء یا پورے درجے کی مخصوص کمزوریوں کا پتہ لگانا ہوتا ہے۔ تشخیصی تعین قدر تدریس و اکتسابی عمل کا ایک حصہ ہے یہ طلباء اور معلم کو ان کی طاقت اور کمزوریوں سے متعارف کراتا ہے۔
- معالجاتی تدریس دراصل اکتساب میں طلباء کی کمزوریوں اور دشواریوں کی پہچان کرنے کے بعد اس کی بہتری اور درستگی کے لیے کی جانے والی تدریس ہے۔

## 13.5 فرہنگ

| | |
|---|---|
| Evaluation | تعین قدر |
| Formative Evaluation | تشکیلی تعین قدر |
| Summative Evaluation | تجمیعی تعین قدر |
| Diagnostic Evaluation | تشخیصی تعین قدر |
| Remedial Teaching | معالجاتی تدریس |
| Holistic Development | کلیّ نشوونما |
| Instructional Objectives | ہدایتی مقاصد |
| Learning Experience | اکتسابی تجربات |
| Feedback | بازرسی |
| Innovative Skills | جدّت کی مہارت |
| Cognitive, Effective And Psycho Motor Domain | وقوفی، تاثراتی اور حسی وحرکی پہلو |
| Self-Assessment | خود احتساب |
| Peer Assessment | احتساب بذریعہ ساتھی طلباء |
| Interactive Questionnaire | تعملی سوال نامہ |
| Active Participation | فعال شمولیت |
| Cumulative Records | مجموعی رکارڈ |

## 13.6 اکائی کی اختتامی سرگرمیاں

### معروضی جوابات کے حامل سوالات

1۔ بلوم کے مطابق تدریس واکتساب کے عمل کے مراحل ہیں:

a. چار　b. تین　c. چھ　d. دو

2۔ PARAKH سے مراد ہے:

a. Peer Assessment, Review and Analysis of Knowledge for Holistic Development

b. Performance Analysis, Review and Analysis of Knowledge for Holistic Development

c. Peer Analysis, Review and Analysis of Knowledge for Holistic Development

d. Performance Assessment, Review and Analysis of Knowledge for Holistic Development

3۔ 360 ڈگری نشونما کے تعین قدر میں شامل نہیں ہے:

a. اساتذہ　b. طلباء　c. اسکول　d. ساتھی طلباء

4۔ احتساب برائے اکتساب ہے:

a. تشکیلی تعین قدر　b. تجمیعی تعین قدر　c. تشخیصی تعین قدر　d. پیش گوئی تعین قدر

5۔ کسی کورس کے اختتام پر طلباء کے اکتسابی نتائج کو معلوم کرنے کے لئے کون ساطریقہ اختیار کیا جاتا ہے:

a. تشکیلی تعین قدر　b. تجمیعی تعین قدر　c. تشخیصی تعین قدر　d. معالجاتی تدریس

6۔ تعین قدر کا مقصد نہیں ہے:

a. طریقہ تدریس کا موازنہ کرنا　b. طلباء کا رپورٹ کارڈ بنانا

c. طلباء کو گریڈ اور ترقی دینا　d. طلباء کی اکتسابی دشواریوں کی تشخیص کرنا

7۔ 'evaluer' کس زبان کا لفظ ہے:

a. لاطینی　b. فرانسیسی　c. انگریزی　d. یونانی

8۔ تشخیصی جانچ تیار کرنے کا مرحلہ نہیں ہے:

a. منصوبہ بندی کرنا　b. جانچ یا ٹیسٹ کا جائزہ لینا　c. نمبرات کی کنجی تیار کرنا　d. جانچ یا ٹیسٹ کا اطلاق کرنا

### مختصر جوابات کے حامل سوالات

1۔ تعین قدر سے کیا مراد ہے؟

2۔ تعین قدر کی تعریف لکھیے اور وضاحت کیجئے۔

3۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے مطابق سائنس کی تعلیم کے اغراض لکھیے؟

4۔ PARAKH کیا ہے؟ اس کے کام کی وضاحت کریں۔

5۔ 360 ڈگری رپورٹ کارڈ کیا ہے؟ کلی نشو نما سے کیا مراد ہے؟

6۔ تعین قدر کی ضرورت اور اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

7۔ تشکیلی تعین قدر کیا ہے؟ اس کی خصوصیات لکھیے۔

8۔ تجمیعی تعین قدر سے کیا مراد ہے؟ اس کی ضرورت پر نوٹ لکھیں۔

9۔ تشکیلی تعین قدر اور تجمیعی تعین قدر میں فرق لکھیے؟

10۔ تشخیصی تعین قدر کی ضرورت کب ہوتی ہے؟ اس کے نتائج کا استعمال کہاں کیا جاتا ہے؟

11۔ معالجاتی تدریس کیا ہے؟ اس کی تیاری کے مراحل لکھیے۔

12۔ تشخیصی جانچ سے کیا مراد ہے؟ اس کی تیاری کے مراحل لکھیے۔

### طویل جوابات کے حامل سوالات

1۔ تعین قدر کے معنی و مفہوم بیان کریں اور اس کی اقسام کو مفصل تحریر کریں۔

2۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 میں تعین قدر سے متعلق کیا سفارشات پیش کی گئی ہیں؟

3۔ تشکیلی، تجمیعی اور تشخیصی تعین قدر کا موازنہ کریں اور تینوں کی ضرورت کو واضح کریں۔

4۔ آپ بطور سائنس معلم طلباء کی اکتسابی دشواریوں کا پتہ لگانے کے لئے کیا کریں گے؟ اور معالجاتی اقدامات بھی لکھیے۔

## 13.7 تجویز کردہ اکتسابی مواد


1۔ Vaidya. N. (2003). Science Teaching For The 21st Century. Deep & Deep Publications. New Delhi.

2۔ Munaf. M. A. (2003). *Methods of Teaching Mathematics*. Deccan Traders Educational Publishers. Hyderabad.

3۔ Husain. W. & Siddiqui. W. (2007). سائنس کی تدریس. Educational Book House. Aligarh

4. Naseema. C. (2012). *Physical Science Education: Nature and Scope*. Shipra Publications. New Delhi.
5. Parveen. S. (2013). Educational Evaluation and Statistics. New Voice Publication. India.
6. Krishnamacharyulu. V. (2014). *Science Education*. Neelkamal Publications. New Delhi.
7. Mohan. R. (2015). Teaching of Physical Science. Neelkamal Publications. New Delhi.
8. Ramakrishna. A., Mrunalini. T.,Sunitha. D. & Shanker. P. (2017). Assessment For Learning. Neelkamal Publications. New Delhi.
9. Mangal. S. K. & Mangal. S. (2017). Assessment of Learning. Shipra Publications. New Delhi.
10. Nagaraju. M. T. V., Reddy. S. K., Reddy. S. V. & Sujatha M. (2019). Learning Assessment. Neelkamal Publications. New Delhi.
11. https://www.utc.edu/academic-affairs/walker-center-for-teaching-and-learning/teaching-resources/pedagogical-strategies-and-techniques/concept-mapping-and-curriculum-design#:~:text=Concept%20maps%20have%20their%20origin,just%20%22knowing%22%20the%20facts.
12. Singhal, M., & Wadhwa, M. (2020). Vision of Science Education in National Education Policy-2020. *Voices of Teachers and Teacher Educators*, *9*(1), 59-68. Retrieved from https://www.researchgate.net/profile/Priyamvada-Pandey/publication/366990302_Pre-service_Teachers'_Perceptions_on_Internship_in_Relation_to_Integrated_and_Specific_Professional_Teaching_Courses_A_Study/links/63bd7402c3c99660ebe42d8e/Pre-service-Teachers-Perceptions-on-Internship-in-Relation-to-Integrated-and-Specific-Professional-Teaching-Courses-A-Study.pdf#page=71
13. Ranjan, S. P. (2021). Reimagining the Role of Science Education in Development of 21st Century Learning Skills with Reference to NEP 2020. Retrieved from

https://www.indianjournals.com/ijor.aspx?target=ijor:eq&volume=12&issue=2&article=014

14۔ Ranjan, S. P. (2021). Reimagining the Role of Science Education in Development of 21st Century Learning Skills with Reference to NEP 2020.Retrieved from https://www.indianjournals.com/ijor.aspx?target=ijor:eq&volume=12&issue=2&article=014

15۔ Kalyani, P. (2020). An empirical study on NEP 2020 [National Education Policy] with special reference to the future of Indian education system and its effects on the Stakeholders. *Journal of Management Engineering and Information Technology*, 7(5), 1-17. Retrieved from https://www.researchgate.net/profile/Pawan-Kalyani/publication/345100384_An_Empirical_Study_on_NEP_2020_National_Education_Policy_with_Special_Reference_to_the_Future_of_Indian_Education_System_and_Its_effects_on_the_Stakeholders_JMEIT/links/5f9da723299bf1b53e54bea6/An-Empirical-Study-on-NEP-2020-National-Education-Policy-with-Special-Reference-to-the-Future-of-Indian-Education-System-and-Its-effects-on-the-Stakeholders-JMEIT.pdf

معروضی سوالات کے جوابات (Answer Keys of MCQs)

1۔ (b) تین

2۔ (d) Performance Assessment, Review and Analysis of Knowledge for Holistic Development

3۔ (b) رٹنے کی عادت کو فروغ دینا

4۔ (c) سی سی ای کے ذریعہ

5۔ (c) طلباء کی امتحان میں کارگزاری

6۔ (a) اکتسابی نتائج پر فیصلہ دینا

7۔ (b) تعلیمی تعین قدر

8۔ (b) کارکردگی پر مبنی احتساب

9۔ (d) یہ سبھی

10۔ (d) یہ سبھی

# اکائی 14۔ مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای)، تعلیمی احتساب اور تعلیمی تعین قدر، کارکردگی پر مبنی احتساب

(Continuous and Comprehensive Evaluation (CCE), Educational Assessment and Educational Evaluation, Performance Based Assessment)*


14.0 تعارف

14.1 مقاصد

14.2 مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای)

14.2.1 مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای) کی ضرورت

14.2.2 مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای) کے مقاصد

14.2.3 مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای) کا طریقہ

14.3 تعلیمی احتساب اور تعلیمی تعین قدر

14.4 کارکردگی پر مبنی احتساب

14.5 خلاصہ

14.6 یاد رکھنے کے نکات

14.7 فرہنگ

14.8 اکائی کی اختتامی سرگرمیاں

14.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد


## 14.0 تعارف

زمانے کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ سماج کی ضرورتوں میں بھی تبدیلی آتی گئی اور یہی تبدیلی تعلیم کے نظام میں بھی تبدیلی کی وجہ بنتی گئی۔ جہاں تدریس کے طریقوں میں تبدیلی آئی وہیں اس کے تعین قدر کے نظام میں بھی کہیں نہ کہیں تبدیلی کی ضرورت محسوس ہوئی ہے

* Mrs. Maisara Aziz Khan, Assistant Professor, MANUU CTE, Aurangabad

اور یہ تبدیلی ہی رائج نظام تعین قدر میں اصلاح کا باعث بنی۔ آزادی کے بعد سے آنے والے مختلف کمیشنوں نے نظام امتحان کی اصلاح کے لئے پر زور سفارشیں کی ہیں۔ ذرا سوچیے ایک طالب علم سالانا امتحان میں ناکامیاب ہو جاتا ہے تو اس کا کتنا نقصان ہوتا ہے جبکہ اگر اس کی کمزوریوں کو وقت رہتے دور کرنے کا موقع ملتا تو وہ باسانی پاس ہو سکتا تھا، اسی لیے مسلسل تعین قدر کی ضرورت ہے ایک معلم کو چاہیے کہ متعلم کو اس نقصان سے بچائے اور ان کی مشکلات، کمزوری اور ضرورت کو پورا کرنے کے لیے اپنی تدریس کے طریقے اور حکمت عملیوں کا بھی تجزیہ کرے۔ اس اکائی میں ہم مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای)، تعلیمی احتساب اور تعلیمی تعین قدر، کارکردگی پر مبنی احتساب کی معلومات حاصل کریں گے۔

## 14.1 مقاصد

اس عنوان کی تدریس کے بعد طلباء اس قابل ہو جائیں گے کہ

- مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای) کے تصور کی وضاحت کر سکیں گے۔
- مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای) کی ضرورت واہمیت بتا سکیں گے۔
- مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای) کے مقاصد بیان کر سکیں گے۔
- مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای) کے طریقہ عمل کی وضاحت کر سکیں گے۔
- تعلیمی احتساب کا مفہوم بتا سکیں گے۔
- تعلیمی تعین قدر کا مفہوم بتا سکیں گے۔
- تعلیمی احتساب اور تعلیمی تعین قدر میں فرق کر سکیں گے۔
- کارکردگی پر مبنی احتساب کی وضاحت کر سکیں گے۔

## 14.2 مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای)

سب سے پہلے مسلسل جامع جانچ (سی سی ای) کی مشاورت قومی پالیسی برائے تعلیم (این پی ای) 1986 میں دی گئی تھی۔ اس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ تعین قدر کے ڈر کو کم کیا جائے اور کاغذ قلم کے امتحان کو بہتر بنایا جائے جو کہ طلباء کے ہر پہلو کا احاطہ کرنے والا ہو۔ اس کے بعد قومی درسیاتی خاکہ (این سی ایف) 2005 نے ہم نصابی سرگرمیوں کو توجہ دینے کی بات کی، اسی کے بعد قانون حق تعلیم (آر ٹی ای) 2009 میں دفعہ 29 کے سیکشن ایک میں مسلسل جامع جانچ کو عمل میں لانے کی بات کی گئی سب سے پہلے مرکزی بورڈ برائے ثانوی تعلیم (سی بی ایس ای) کے ذریعے اسے 2009 میں نویں جماعت میں عمل میں لایا گیا۔

### مسلسل جامع جانچ روایتی طریقہ تعین قدر سے کس طرح مختلف ہے:

کیونکہ مسلسل جامع جانچ کا مقصد اکتساب کو بڑھانا، اکتساب میں دشواری کا پتہ لگانا اور اصلاح کرنا ہے۔ جبکہ اس سے پہلے روایتی تعین قدر کے امتحانی نظام میں صرف نمبرات اور گریڈ کی بات کی جاتی رہی ہے۔ جب قومی درسیاتی خاکہ میں اسکولی تعلیم پر تنقید کی گئی کہ اسکولی تعلیم فقط طلباء کے ذہنی بوجھ کو بڑھا رہی ہے، تدریس کا مقصد اکتساب نہیں بلکہ امتحان پاس کرنا ہے، جو رٹنے کو بڑھاوا دے رہا ہے، بجائے اس کے کہ طلباء کی ضرورت اور دلچسپی کے مطابق تعلیم دی جائے۔ اس کے علاوہ طلباء کو علم کے اطلاق سے ناواقفیت ہے، اس طرح کا نظام معاشرے کے لیے بھی فائدہ مند نہیں ہے۔ اس کے بعد 2009 کے قانون حق تعلیم میں بھی یہ بات کی گئی کہ اکتساب بنا بوجھ کے ہونا چاہیے اور ان کی طبعی، ذہنی، سماجی اور اخلاقی نشو نما ہونی چاہیے اور جو معیارات ان کے درجے کے لیے طے کیے گئے ہیں طلباء ان کو حاصل کر سکیں اس طرح کی تعلیم ہونی چاہیے۔ اس طرح طلباء کی ہمہ جہت نشو نما کے احتساب کے لیے ایک مسلسل اور جامع طریقہ جانچ کی ضرورت تھی جس کو 2009 سے عمل میں لایا گیا۔

### 14.2.1 مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای) کی ضرورت

طلباء کی ہمہ جہت نشو نما کا تعین قدر کوئی ایک وقت میں ہونے والا کام نہیں ہے بلکہ یہ تو مسلسل چلنے والا عمل ہے۔ تعین قدر کے عمل میں تسلسل کی ضرورت مختلف وجوہات کی بنا پر ہے مثلاً۔

1۔ احتساب میں باقاعدگی لانے کے لیے۔

2۔ اکتساب کی کمزوریوں کا پتہ لگانے کے لیے۔

3۔ معالجاتی تدریس کا تعین اور عمل کرنے کے لیے۔

4۔ علم کی جانچ کرنے کے لیے۔

5۔ طالب علم اور اساتذہ دونوں کے خود احتساب کے لیے۔

6۔ بازرسائی فراہم کرنے کے لئے۔

7۔ طالب علم کی نہ صرف نصابی بلکہ ہم نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں سے متعلق صلاحیتوں کا پتہ لگانے کے لیے۔

8۔ تدریس و اکتساب کے عمل کی موثریت کا پتہ لگانے کے لیے۔

9۔ طلباء کے وقوفی، تاثراتی اور حسی وحرکی علاقہ کے اکتساب کے نتائج کا پتہ لگانے کے لئے۔

10۔ شخصیت کے تمام پہلوؤں ذہنی، طبعی، سماجی، احساسات، اخلاقی، روحانی، فنی، جمالیاتی، اختراعیت اور تعمیریت تمام کا تعین قدر کرنے کے لیے۔

11۔ مناسب طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے طلباء کی اسکولی مضامین اور اس کے تجرباتی علم کی تفہیم کو جاننے کے لیے۔

12۔ طلباء میں سوچنے کی مہارت، تعمیری مہارت، اختراعی مہارت، جذباتی مہارت، سماجی اور ہم آہنگی کی مہارت، زندگی گزارنے کی مہارت، شہریت کی مہارت وغیرہ کے فروغ کی جانچ کرنے کے لئے، جو کہ ایک کاغذ قلم کے امتحان کے ذریعے جانچنا ممکن نہیں ہے۔

### 14.2.2 مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای) کے مقاصد

روایتی طریقہ امتحان طلباء کی شخصیت کے تمام پہلوؤں اور وقوفی، تاثراتی اور حسی وہر کے علاقے کی حصولیابی کا تعین قدر کرنے کے لیے ناکافی تھا کیونکہ یہ ممکن ہی نہیں تھا کہ ایک کاغذ قلم کے ذریعے لیے جانے والے امتحان سے طلباء کی شخصیت کے تمام پہلوؤں کو جانچا جا سکے اس لیے طلباء کی شخصیت کے تمام پہلوؤں اور کردار میں ہونے والی تبدیلی کا صحیح پتہ لگانے کے لیے تفہیمی تعین قدر کی ضرورت تھی جو کہ مسلسل جامع جانچ کی صورت میں عمل میں آیا۔

مسلسل جامع جانچ کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ طلباء کے وقوفی، تاثراتی اور حسی وہر کی تینوں علاقوں کا فروغ کرنا۔

2۔ سوچنے کی عادت کو فروغ دینا اور رٹنے کی عادت سے بچانا۔

3۔ تعین قدر کو تدریس واکتساب کے عمل کا حصہ بنانا۔

4۔ طلباء کے حاصلات میں بہتری لانا۔

5۔ اساتذہ کے تدریس کے طریقوں اور حکمت عملیوں میں خاطر خواہ ترمیم کرنا۔

6۔ وقت رہتے طلباء کو اصلاحی ہدایات فراہم کرنا۔

7۔ تعلیم کے معیار کو قائم رکھنا۔

8۔ تعلیمی عمل کی سماجی افادیت، ضرورت اور موثریت کا اندازہ لگانا۔

9۔ اکتساب کو طلباء مرکوز بنانا۔

### 14.2.3 مسلسل اور جامع جانچ (سی۔ سی۔ ای) کا طریقہ

مسلسل جامع جانچ کی وجہ سے روایتی امتحانی نظام کی ساخت میں بڑی تبدیلی آئی ہے اور نہ صرف ساخت میں بلکہ طریقہ امتحان اور آلات وتکنیک میں بھی خاطر خواہ تبدیلی آئی ہے سالانہ، چھ ماہی اور تین ماہی امتحان کی جگہ مسلسل جامع جانچ نے تشکیلی اور تکمیلی تعین قدر کا تصور دیا۔ جس میں تشکیلی تعین قدر نہ صرف طلباء بلکہ معلم کی بھی رہنمائی کرتا ہے اور ان کو باز رسائی فراہم کرتا ہے، وقت رہتے تدریس و اکتساب کے عمل میں ترمیم کرنے کا موقع دیتا ہے، وہیں تکمیلی تعین قدر کسی کورس، اکائی یا سبق کے اختتام پر طلباء کی ترقی کا تعین قدر کرتا ہے اور طلباء کے حاصلات کو ظاہر کرتا ہے۔ مسلسل جامع جانچ میں کاغذ قلم کے امتحان کے علاوہ مختلف عناصر کو دیکھا جاتا ہے مثلاً

1۔ مشاہدے کی صلاحیت

2۔ مسئلے کے حل کی صلاحیت

3۔ تجربہ گاہی کام کی صلاحیت

4۔ مختلف ہم نصابی سرگرمیوں میں کردار

5۔ مشقی کام کی مہارت

6۔ منصوبہ یا تجربہ کے کام کی ادائیگی

7۔ دیے گئے کام کا معیار

8۔ زبانی کام میں مظاہرہ وغیرہ۔

**موجودہ مسلسل جامع جانچ کو نافذ کرنے میں درپیش رکاوٹیں:**

مسلسل جامع جانچ میں طلباء کے اکتسابی نتائج کا پتہ لگانے کے لیے طلباء کے انفرادی تفاوت کا دھیان رکھتے ہوئے الگ آلات کا استعمال کرنا چاہیے لیکن وقت کی کمی اور اساتذہ کی دیگر مصروفیات کی وجہ سے ایسا ممکن نہیں ہو پاتا اور ایک ہی لاٹھی سے سب کو ہانکا جاتا ہے۔ دوران تدریس طلباء کا انفرادی مشاہدہ اساتذہ کے لیے ممکن نہیں ہو پاتا ہے۔ طلباء کی بیاضوں، ڈائریوں، پورٹ فولیو، انک ڈوٹل ریکارڈ اور اساتذہ کے مشاہدے کے مقابلے طلباء کے تحریری کام کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔ اکثر نصاب سے باہر کا سوال بجائے طلباء کو سوچنے پر مجبور کرنے کے اعتراض کا باعث بنتا ہے۔

| **اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)** |
| --- |
| 1۔ مسلسل اور جامع جانچ کیا ہے؟<br>______________________________________________________________________<br>______________________________________________________ |

## 14.3 تعلیمی احتساب اور تعلیمی تعین قدر

احتساب اور تعین قدر کا تعلیم میں نہایت اہم کردار ہے باوجود اس کے ان دونوں اصطلاحات کو پہچاننے میں ذہن کشمکش کا شکار ہو جاتا ہے اور ان کے درمیان فرق کرنا نہایت دشوار ہوتا ہے لیکن دونوں اصطلاحات میں واضح فرق ہے۔

ویبسٹر ڈکشنری (2017) کے مطابق 'احتساب سے مراد تخمینہ یا جائزہ کے ہیں جبکہ تعین قدر سے مراد کسی چیز کی قیمت کا اندازہ لگانے اور قدر سازی کرنے کے ہیں۔'

**تعلیمی احتساب:**

تعلیمی احتساب طے شدہ اور متعین مقاصد یا اہداف سے متعلق معلومات کے حصول کا عمل ہے۔ یہ ایک وسیع اصطلاح ہے جس میں ٹیسٹ بھی شامل ہے۔ یعنی اگر معلم طلباء میں سائنس کے مضمون کی سمجھ ہے یا نہیں یہ جاننا چاہتا ہے تو وہ طلباء کا ٹیسٹ لیتا ہے چاہے وہ

زبانی ہو یا تحریری، طلباء کو مختلف سائنسی سرگرمیوں میں ملوث کر کے ان کا مشاہدہ کرتا ہے، تجربہ گاہ کے کام کی نگرانی کرتا ہے اور اس طرح وہ تعلیمی احتساب کرتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں ہم احتساب کی وضاحت یوں کر سکتے ہیں کہ طلباء کی معلومات کے فروغ، تصور سازی، مہارتوں اور رویوں کی نشو نما کے دوران طلباء کی حصولیابی اور ترقی سے متعلق معلومات کو جمع کرنے، ریکارڈ کرنے اور تشریح کرنے کے عمل کو احتساب کہتے ہیں۔ یہ دوران تدریس چلنے والا عمل ہے جو اکتساب اور تدریس دونوں میں بہتری لانے کے لیے کیا جاتا ہے۔ احتساب کا مقصد آنے والے ہدایتی عمل میں ترمیم اور بہتری کرنا ہے۔

**تعلیمی احتساب کے اجزاء:**

1۔ اکتساب کو سمت اور محرکہ فراہم کرنا۔

2۔ طلباء کو انکی کارکردگی پر بازرسی فراہم کرنا۔

3۔ ہدایات اور حکمت عملیوں کے تعلق سے بازرسی فراہم کرنا۔

4۔ ترقی کے معیار کو یقینی بنانا۔

**تعلیمی احتساب کی ضرورت:**

اساتذہ کو تعلیم کے اہداف اور مقاصد ہمیشہ واضح رہتے ہیں۔ احتساب کے ذریعے وہ یہ دیکھتے ہیں کہ اہداف اور مقاصد حاصل ہو رہے ہیں یا نہیں۔ اگر مقاصد کو ہم منزل مانیں تو ہدایتی عمل اس تک پہنچنے کا راستہ ہے اور احتساب وہ آلہ ہے جو ہدایتی عمل کی موزونیت کو یقینی بناتا ہے۔ اس کے علاوہ احتساب طلباء کے اکتساب کو رفتار فراہم کرتا ہے۔ کیونکہ اگر دیکھا جائے تو طلباء کسی بھی قسم کے ٹیسٹ یا امتحان میں اچھے نمبرات لانے کی کوشش کرتے ہیں اور اس کے لیے وہ اپنے آرام کی حالت کو قربان کر کے اپنی پوری محنت اور وقت صرف کر کے اکتساب کرتے ہیں اور جب احتساب کا عمل مسلسل چلتا ہے تو طلباء کو اکتساب کے لیے محنت کی عادت ہو جاتی ہے۔ ایک اچھا احتسابی عمل طلباء کو خود ہدایتی اکتساب کنندہ بناتا ہے۔ عمدہ اور اچھی طرح سے خاکہ بند احتسابی حکمت عملیاں تعلیمی فیصلہ سازی اور موجودہ نظام کو معیاری ترقی دینے کا کام کرتی ہیں۔

**تعلیمی تعین قدر:**

تعلیمی تعین قدر ایک مشکل اور کم سمجھ میں آنے والی اصطلاح ہے اس سے مراد ہے تمام حاصل یا موجودہ معلومات کا مسلسل معائنہ، تاکہ طلباء کے اکتساب اور تدریس کے عمل کے لیے ایک معقول فیصلہ کیا جا سکے۔ تعین قدر کا مرکزی خیال 'قدر' ہے۔ جب کسی متغیر کا جائزہ لیا جاتا ہے تو بنیادی طور پر اس کی قابلیت، مناسبت اور اس کی اچھائی کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ تعین قدر کا عمل ہمیشہ طے شدہ معیارات، مقاصد اور اہداف کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ تعین قدر پیائش اور احتساب سے کئی زیادہ جامع اصطلاح ہے۔ اس میں طلباء کی کارکردگی سے متعلق معیاری اور مقداری دونوں طرح کی معلومات کی وضاحت شامل ہوتی ہے۔ یہ ہمیشہ متوقع کارکردگی کی قدر سازی کرتا ہے۔ تعین قدر کے عمل میں تشکیلی اور تجمیعی تعین قدر کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں کے نتائج پر فیصلہ بھی شامل رہتا ہے۔ اس سے مراد کسی چیز کی قدر کا تعین کرنا ہے۔ اس میں احتساب کے عمل کا مشاہدہ اور پیائش معیارات سے موازنہ کرتے ہوئے کی جاتی ہے تاکہ فیصلہ سازی یا قدر

سازی کی جا سکے۔ یہ ایک حتمی عمل ہے جو کہ کام کے معیار کا فہم اور تخمینہ پیش کرتا ہے۔ تعین قدر کا مرکز گریڈ ہوتا ہے۔ یہ ہدایتی عمل کو جانچنے کا عمل ہے جو ہدایتی عمل کے معیار کا اندازہ لگاتا ہے جو کہ گریڈ کے ذریعہ ظاہر کیا جاتا ہے۔

**تعلیمی تعین قدر کے اجزاء:**

1۔ وقت کے ساتھ ساتھ طلباء کی ترقی کی پیمائش کرنا۔

2۔ طلباء کو مطالعہ کے لئے متحرک کرنا۔

3۔ طریقہ تدریس اور نصاب کا تعین قدر کرنا۔

4۔ طلباء کو ان کی استطاعت اور ان کی قابلیت کی بنیاد پر رینکنگ یا گریڈ فراہم کرنا۔

| **اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)** |
|---|
| 1۔ تعلیمی احتساب اور تعلیمی تعین قدر میں فرق لکھیے۔<br>______________________________<br>____________________ |

## 14.4 کارکردگی پر مبنی احتساب

کارکردگی پر مبنی احتساب اور اکتساب حکمت عملیوں کا وہ مجموعہ ہے جو علم کے حصول، مہارت، کام کرنے کی عادت کو بامعنی کاموں میں کارکردگی کی بنیاد پر ظاہر کرتا ہے۔ کارکردگی پر مبنی احتساب میں طلباء سے یہ توقع ہوتی ہے کہ وہ اپنے علم، مہارتوں اور حکمت عملیوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے ردعمل دیں یا کوئی کام کو انجام دیں۔ طلباء کے ردعمل یا کارکردگی کو پہلے سے طے شدہ معیارات کی بنا پر باریکی سے جانچا جاتا ہے، چیک لسٹ اور روبرک کی مدد سے مہارت کے اور طلباء کو کیا آنا چاہیے تھا اس کے مراحل کو جانچا جاتا ہے۔ کارکردگی مبنی احتساب ایک متوازن طرز رسائی ہے۔ اس طرح کے احتساب کے لیے کوئی الگ نصاب نہیں بنایا جاتا بلکہ نصاب میں موجود مواد کے ساتھ معلم خود کارکردگی کے کاموں کا تعین یا انتخاب کر سکتا ہے۔

کارکردگی کا احتساب وآلہ ہے جو طلباء کو آزادی کے ساتھ اپنے کام پر توجہ مرکوز کرنے اور معیار میں اضافہ کرنے کے لیے متحرک کرتا ہے۔ اس کے ذریعہ معلم، طلباء کی کمزوریوں اور طاقت کی معلومات انہیں موثریت اور آسانی کے ساتھ دے سکتا ہے۔ کارکردگی کے کاموں کو طے کرتے وقت معلم کا پورا دھیان طلباء کی ضرورت اور علم فراہمی کی طرف ہوتا ہے۔ اس طرح معلم طلباء کے کام کو مسلسل اور واضح قدر یا گریڈ فراہم کرتا ہے۔ اسی لیے اس سے حاصل معلومات طلباء کو بھی اکتسابی اہداف کو طے کرنے میں مدد کرتی ہے، کیونکہ طلباء اپنے کام کو جمع کرنے سے قبل اس کا جائزہ لیتے ہیں اور خود احتساب کرتے ہیں خود احتساب کرنے سے طلباء کو اپنے کام میں بہتری لانے کے راستہ کا پتہ چلتا ہے۔ اسی کے ساتھ احتساب بذریعہ ساتھی طلباء بھی عمل میں آتا ہے اور طلباء کو اپنے کام سے متعلق اپنے ساتھی طلباء کی رائے جاننے کا موقع ملتا ہے۔ جس سے ان کے خود احتساب میں بھی بہتری آتی ہے۔ اس طرح اس عمل میں طلباء پہلے ہی اپنا احتساب کرتے ہیں اور

معلم کو طلباء کے خود احتساب اور گروہی احتساب سے مدد ملتی ہے اگر معلم کے احتساب اور طلباء کے خود احتساب کے نتائج میں فرق ملتا ہے تو معلم طلباء کی اصلاح کرتا ہے تاکہ ان کا خود احتساب بہتر ہو سکے۔

**کارکردگی پر مبنی احتساب کی ضرورت کیوں**

تعمیری طرز رسائی کے نقطہ نظر سے، سیکھنے کے عمل میں آخری نتائج پر زور دیا جاتا ہے۔ تعمیری طرز رسائی اکتساب کے احتساب کے بر خلاف اکتساب کے لئے احتساب کی حمایت کرتی ہے، جب کہ کرداریت پسند طرز رسائی کے ماہر مخصوص نتائج کی پیمائش پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ تعمیریت پسندی کے مطابق علم کے حصول کا سفر اتنا ہی اہم ہے جتنا کہ اصل علم خود۔ اور علم کے حصول کے عمل پر انفرادی تفاوت اثر انداز ہوتا ہے۔ تعمیری طرز رسائی میں ہر طالب علم کو انفرادی طاقت، کمزوری اور سابقہ علم اور تجربات کے ساتھ مختلف سمجھا جاتا ہے۔ اسی لئے اس میں کارکردگی مبنی احتساب، پورٹ فولیو وغیرہ کے طریقوں کو اہمیت دی گئی ہے۔ اس میں احتساب اس بات پر توجہ مرکوز کرتا ہے کہ طلباء کس طرح نئے مواد کو سابقہ علم کے ساتھ جوڑنے کے ذریعے سیکھنے کے قابل ہوتے ہیں۔ طلباء کو حقیقی زندگی کے حالات میں اکتساب کا اطلاق کرنے کی ان کی صلاحیت پر جانچا جاتا ہے۔

| **اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)** |
|---|
| 1۔ کارکردگی پر مبنی احتساب کی ضرورت بیان کیجئے۔ ____________________ ____________ |

## 14.5 خلاصہ

اس اکائی میں ہم نے جانا کہ مسلسل جامع جانچ کا مقصد اکتساب کو بڑھانا، اکتساب میں دشواری کا پتہ لگانا اور اصلاح کرنا ہے۔ طلباء کی ہمہ جہت نشو نما کا تعین قدر مسلسل چلنے والا عمل ہے۔ طلباء میں سوچنے کی مہارت، تعمیری مہارت، اختراعی مہارت، جذباتی مہارت، سماجی اور ہم آہنگی کی مہارت، زندگی گزارنے کی مہارت، شہریت کی مہارت وغیرہ کے فروغ کی جانچ کرنے کے لئے مسلسل جامع جانچ ضروری ہے۔ مسلسل جامع جانچ میں تشکیلی تعین قدر نہ صرف طلباء بلکہ معلم کی بھی رہنمائی کرتا ہے اور ان کو باز رسائی فراہم کرتا ہے، وقت رہتے تدریس و اکتساب کے عمل میں ترمیم کرنے کا موقع دیتا ہے، وہیں تکمیلی تعین قدر کسی کورس، اکائی یا سبق کے اختتام پر طلباء کی ترقی کا تعین قدر کرتا ہے اور طلباء کے حاصلات کو ظاہر کرتا ہے۔ لیکن کچھ وجوہات سے اس کو صحیح طور پر نافذ نہیں کیا جارہا ہے۔ ہم نے یہ بھی دیکھا کہ تعلیمی احتساب اور تعلیمی تعین قدر میں کیا فرق ہے۔ جہاں احتساب طلباء کی معلومات کے فروغ، تصور سازی، مہارتوں اور رویوں کی نشو نما کے دوران طلباء کی حصولیابی اور ترقی سے متعلق معلومات کو جمع کرنے، ریکارڈ کرنے اور تشریح کرنے کا عمل ہے وہیں تعین قدر کا مرکزی خیال 'قدر' ہے۔ ہم نے اس اکائی میں دیکھا کہ کارکردگی پر مبنی احتساب کیا ہے اور اس کی کیا ضرورت ہے۔

## 14.6 یاد رکھنے کے نکات

- مسلسل جامع جانچ کا مقصد اکتساب کو بڑھانا، اکتساب میں دشواری کا پتہ لگانا اور اصلاح کرنا ہے۔ ۱۹۸۶ کی قومی پالیسی برائے تعلیم میں سی میں اسے عمل میں لایا گیا۔ 2009 نے کی اور RTE 2009 اور NCF 2005 سی ای کی مشاورت کی گئ جس کی تائید بعد میں
- مسلسل جامع جانچ کی ضرورت احتساب میں باقاعدگی لانے، اکتساب کی کمزوریوں کا پتہ لگانے، اصلاحی (معالجاتی) تدریس کا تعین اور عمل کرنے، علم کی جانچ کرنے، طالب علم اور اساتذہ دونوں کے خود احتساب کرنے، باز رسائی فراہم کرنے، طالب علم کی نصابی، ہم نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں سے متعلق صلاحیتوں کا پتہ لگانے، تدریس و اکتساب کے عمل کی موثریت کا پتہ لگانے، طلباء کے وقوفی، تاثراتی اور حسی و حر کی علاقہ کے اکتساب کے نتائج کا پتہ لگانے، شخصیت کے تمام پہلوؤں کا تعین قدر کرنے، مناسب طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے طلباء کی اسکولی مضامین اور اس کے تجرباتی علم کی تفہیم کو جاننے، طلباء میں مختلف مہارتوں کے فروغ کی جانچ کرنے کے لئے ہے، جو کہ ایک کاغذ قلم کے امتحان کے ذریعے جانچنا ممکن نہیں ہے۔
- مسلسل جامع جانچ کا مقصد طلباء کے وقوفی، تاثراتی اور حسی و حر کی تینوں علاقوں کا فروغ کرنا، سوچنے کی عادت کو فروغ دینا اور رٹنے کی عادت سے بچانا، تعین قدر کو تدریس و اکتساب کے عمل کا حصہ بنانا، طلباء کے حاصلات میں بہتری لانا، اساتذہ کے تدریس کے طریقوں اور حکمت عملیوں میں خاطر خواہ ترمیم کرنا، وقت رہتے طلباء کو اصلاحی ہدایات فراہم کرنا، تعلیم کے معیار کو قائم رکھنا، تعلیمی عمل کی سماجی افادیت، ضرورت اور موثریت کا اندازہ لگانا، اکتساب کو طلباء مرکوز بنانا ہے۔
- مسلسل جامع جانچ کی وجہ سے سالانہ، چھ ماہی اور تین ماہی امتحان کی جگہ تشکیلی اور تکمیلی تعین قدر کا تصور آیا۔ جس میں تشکیلی تعین قدر نہ صرف طلباء بلکہ معلم کی بھی رہنمائی کرتا ہے اور ان کو باز رسائی فراہم کرتا ہے، وقت رہتے تدریس و اکتساب کے عمل میں ترمیم کرنے کا موقع دیتا ہے، وہیں تکمیلی تعین قدر کسی کورس، اکائی یا سبق کے اختتام پر طلباء کی ترقی کا تعین قدر کرتا ہے اور طلباء کے حاصلات کو ظاہر کرتا ہے۔
- مسلسل جامع جانچ میں طلباء میں مشاہدے کی صلاحیت، مسئلے کے حل کی صلاحیت، تجربہ گاہی کام کی صلاحیت، مختلف ہم نصابی سرگرمیوں میں کردار، مشقی کام کی مہارت، منصوبہ یا تجربہ کے کام کی ادائیگی، دیے گئے کام کا معیار، زبانی کام میں مظاہرہ وغیرہ کو دیکھا جاتا ہے۔
- وقت کی کمی اور اساتذہ کی دیگر مصروفیات کی وجہ سے سی سی ای کو صحیح طرح سے نافذ نہیں کیا جارہا ہے اور طلباء کی بیاضوں، ڈائریوں، پورٹ فولیو، انک ڈوٹل ریکارڈ اور اساتذہ کے مشاہدے کے مقابلے طلباء کے تحریری کام کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے
- احتساب سے مراد تخمینہ یا جائزہ کے ہیں جبکہ تعین قدر سے مراد کسی چیز کی قیمت کا اندازہ لگانے اور قدر سازی کرنے کے ہیں۔

- طلباء کی معلومات کے فروغ، تصور سازی، مہارتوں اور رویوں کی نشو نما کے دوران طلباء کی حصولیابی اور ترقی سے متعلق معلومات کو جمع کرنے، ریکارڈ کرنے اور تشریح کرنے کے عمل کو احتساب کہتے ہیں۔
- احتساب طلباء کے اکتساب کو رفتار فراہم کرتا ہے۔ عمدہ اور اچھی طرح سے خاکہ بند احتسابی حکمت عملیاں تعلیمی فیصلہ سازی اور موجودہ نظام کو معیاری ترقی دینے کا کام کرتی ہیں۔
- تعین قدر کا مرکزی خیال 'قدر' ہے۔ جب کسی متغیر کا جائزہ لیا جاتا ہے تو بنیادی طور پر اس کی قابلیت، مناسبت اور اس کی اچھائی کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ تعین قدر کا عمل ہمیشہ طے شدہ معیارات، مقاصد اور اہداف کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ تعین قدر کے عمل میں تشکیلی اور تجمیعی تعین قدر کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں کے نتائج پر فیصلہ بھی شامل رہتا ہے۔ یہ کام کے معیار کا فہم اور تخمینہ پیش کرتا ہے۔ تعین قدر کا مرکز گریڈ ہوتا ہے۔ یہ ہدایتی عمل کو جانچنے کا عمل ہے جو ہدایتی عمل کے معیار کا اندازہ لگاتا ہے جو کہ گریڈ کے ذریعہ ظاہر کیا جاتا ہے۔
- کارکردگی پر مبنی احتساب اور اکتساب حکمت عملیوں کا وہ مجموعہ ہے جو علم کے حصول، مہارت، کام کرنے کی عادت کو بامعنی کاموں میں کارکردگی کی بنیاد پر ظاہر کرتا ہے۔ کارکردگی پر مبنی احتساب میں طلباء سے یہ توقع ہوتی ہے کہ وہ اپنے علم، مہارتوں اور حکمت عملیوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے ردعمل دیں یا کوئی کام کو انجام دیں۔ طلباء کے ردعمل یا کارکردگی کو پہلے سے طے شدہ معیارات کی بنا پر باریکی سے جانچا جاتا ہے، چیک لسٹ اور روبرک کی مدد سے مہارت کے اور طلباء کو کیا آنا چاہیے تھا اس کے مراحل کو جانچا جاتا ہے۔
- کارکردگی پر مبنی احتساب کے ذریعہ معلم، طلباء کی کمزوریوں اور طاقت کی معلومات انہیں موثریت اور آسانی کے ساتھ دے سکتا ہے۔ اسی لیے اس سے حاصل معلومات طلباء کو بھی اکتسابی اہداف کو طے کرنے میں مدد کرتی ہے۔ اسی کے ساتھ احتساب بذریعہ ساتھی طلباء بھی عمل میں آتا ہے اور طلباء کو اپنے کام سے متعلق اپنے ساتھی طلباء کی رائے جاننے کا موقع ملتا ہے۔ جس سے ان کے خود احتساب میں بھی بہتری آتی ہے۔ اگر معلم کے احتساب اور طلباء کے خود احتساب کے نتائج میں فرق ملتا ہے تو معلم طلباء کی اصلاح کرتا ہے تاکہ ان کا خود احتساب بہتر ہو سکے۔

## 14.7 فرہنگ

| | |
|---|---|
| مسلسل اور جامع جانچ | Continuous and Comprehensive Evaluation (CCE) |
| قومی پالیسی برائے تعلیم | National Policy on Education (NPE) |
| حق تعلیم | Right To Education (RTE) |
| خود احتساب | Self Assessment |

| | |
|---|---|
| Feedback | بازرسائی |
| Paper Pencil Test | کاغذ قلم کا امتحان |
| Achievements | حاصلات |
| Remedial Instructions | معالجاتی ہدایات |
| Performance Based Assessment | کارکردگی مبنی احتساب |
| Educational Assessment | تعلیمی احتساب |
| Educational Evaluation | تعلیمی تعین قدر |
| Peer Assessment | احتساب بذریعہ ہم جماعت ساتھی |
| Valuing | قدر سازی |
| Instructional Process | ہدایتی عمل |
| Criteria/ Standards | طے شدہ معیارات |
| Quantitative and Qualitative | مقداری اور معیاری |
| Outcomes | نتائج |

## 14.8 اکائی کی اختتامی سرگرمیاں

### معروضی جوابات کے حامل سوالات

1۔ مسلسل جامع جانچ کی مشاورت کی گئی:

(a) این ای پی 1991 (b) این سی ایف 2005 (c) آرٹی ای 2009 (d) این ای پی 1986

2۔ مسلسل جامع جانچ کی ضرورت ہے:

(a) بازرسی فراہم کرنے کے لیے (b) اکتساب کی کمزوریوں کا پتہ لگانے کے لیے

(c) تدریس کی موثریت کا پتہ لگانے کے لیے (d) یہ سبھی

3۔ مسلسل اور جامع جانچ کا مقصد نہیں ہے:

(a) سوچنے کی عادت کو فروغ دینا (b) رٹنے کی عادت کو فروغ دینا (c) اکتساب کو طلباء مرکوز بنانا (d) طلباء کے حاصلات میں بہتری لانا

4۔ تشکیلی اور تکمیلی تعین قدر کا تصور آیا:

(a) حق تعلیم کے ذریعہ (b) قومی درسیاتی خاکہ کے ذریعہ (c) سی سی ای کے ذریعہ (d) قومی تعلیمی پالیسی کے ذریعہ

5۔ مسلسل جامع جانچ میں طلباء کے اکتسابی نتائج کا پتہ لگانے کا صحیح طریقہ نہیں ہے:

(a) طلباء کا انفرادی مشاہدہ (b) پورٹ فولیو (c) طلباء کی امتحان میں کارگزاری (d) نیک ڈوٹل ریکارڈ

6۔ طلباء کے تعلیمی احتساب کا حصّہ نہیں ہے:

(a) اکتسابی نتائج پر فیصلہ دینا (b) معلومات کو جمع کرنا (c) اکتسابی نتائج کو درج کرنا (d) اکتسابی نتائج کی تشریح کرنا

7۔ ہدایتی عمل کے معیار کو گریڈ میں ظاہر کرتا ہے:

(a) تعلیمی احتساب (b) تعلیمی تعین قدر (c) مسلسل جامع جانچ (d) ٹیسٹ

8۔ کسی کام کو انجام دینے یا ردعمل کی بنیاد پر کیا جانے والا احتساب ہے:

(a) خود احتساب (b) کارکردگی پر مبنی احتساب (c) احتساب بذریعہ ہم جماعت ساتھی (d) تعلیمی احتساب

9۔ کارکردگی پر مبنی احتساب کس بنیاد پر کیا جاتا ہے:

(a) پہلے سے طے شدہ معیارات (b) طے شدہ مقاصد

(c) متوقع نتائج کیا ہونے چاہیے تھے اس بنیاد پر (d) یہ سبھی

10۔ کارکردگی پر مبنی احتساب میں شامل ہے:

(a) خود احتساب (b) احتساب بذریعہ ہم جماعت ساتھی

(c) احتساب بذریعہ معلم (d) یہ سبھی

## مختصر جوابات کے حامل سوالات

1۔ مسلسل جامع جانچ سے کیا مراد ہے؟

2۔ مسلسل جامع جانچ روایتی طریقہ تعین قدر سے کس طرح مختلف ہے؟

3۔ مسلسل جامع جانچ کی ضرورت پر روشنی ڈالیے؟

4۔ این سی ایف 2005 میں اسکولی تعلیم پر کیا تنقید کی گئی ہے؟

5۔ مسلسل جامع جانچ کے کیا مقاصد ہیں؟

6۔ مسلسل جامع جانچ کی وجہ سے روایتی امتحانی نظام میں کیا تبدیلی آئی ہے؟ مختصر لکھئے۔

7۔ مسلسل جامع جانچ کے بہتر نفا میں درپیش رکاوٹوں کو مختصر بیان کیجئے۔

8۔ تعلیمی احتساب اور تعلیمی تعین قدر میں کیا فرق ہے؟

9۔ تعلیمی احتساب سے کیا مراد ہے؟

10۔ تعلیمی احتساب کی خصوصیات لکھیے۔

11۔ تعلیمی احتساب کے اجزاء لکھیے۔
12۔ تعلیمی احتساب کی ضرورت پر مختصر نوٹ لکھیے۔
13۔ تعلیمی تعین قدر کی وضاحت کریں۔
14۔ کارکردگی پر مبنی احتساب سے کیا مراد ہے وضاحت کریں۔

### طویل جوابات کے حامل سوالات

1۔ مسلسل جامع جانچ کے تصور کی وضاحت کرتے ہوئے اس کی ضرورت اور مقاصد کو بیان کریں۔
2۔ مسلسل جامع جانچ پرانے امتحانی نظام سے کس طرح مختلف ہے؟ طلباء کے اکتساب سے اس کے تعلق کی وضاحت کریں۔
3۔ تعلیمی احتساب اور تعلیمی تعین قدر کو مفصل بیان کریں۔ ہدایتی عمل کی بہتری میں ان کی اہمیت کو لکھیے۔
4۔ کارکردگی پر مبنی احتساب کو مفصل بیان کریں۔ کارکردگی پر مبنی احتساب کے لیے بطور سائنس معلم آپ کس طرح کی سرگرمیوں کا انتخاب کریں گے۔

## 14.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد


1۔ Vaidya. N. (2003). Science Teaching For The 21st Century. Deep & Deep Publications. New Delhi.

2۔ Munaf. M. A. (2003). *Methods of Teaching Mathematics*. Deccan Traders Educational Publishers. Hyderabad.

3۔ Husain. W. & Siddiqui. W. (2007). سائنس کی تدریس. Educational Book House. Aligarh

4۔ Naseema. C. (2012). *Physical Science Education: Nature and Scope*. Shipra Publications. New Delhi.

5۔ Parveen. S. (2013). Educational Evaluation and Statistics. New Voice Publication. India.

6۔ Krishnamacharyulu. V. (2014). *Science Education*. Neelkamal Publications. New Delhi.

7۔ Mohan. R. (2015). Teaching of Physical Science. Neelkamal Publications. New Delhi.

8۔ Ramakrishna. A., Mrunalini. T.,Sunitha. D. & Shanker. P. (2017). Assessment For Learning. Neelkamal Publications. New Delhi.

9. Mangal. S. K. & Mangal. S. (2017). Assessment of Learning. Shipra Publications. New Delhi.

10. Nagaraju. M. T. V., Reddy. S. K., Reddy. S. V. & Sujatha M. (2019). Learning Assessment. Neelkamal Publications. New Delhi.

11. https://www.utc.edu/academic-affairs/walker-center-for-teaching-and-learning/teaching-resources/pedagogical-strategies-and-techniques/concept-mapping-and-curriculum-design#:~:text=Concept%20maps%20have%20their%20origin,just%20%22knowing%22%20the%20facts.

12. Singhal, M., & Wadhwa, M. (2020). Vision of Science Education in National Education Policy-2020. *Voices of Teachers and Teacher Educators*, *9*(1), 59-68. Retrieved from https://www.researchgate.net/profile/Priyamvada-Pandey/publication/366990302_Pre-service_Teachers'_Perceptions_on_Internship_in_Relation_to_Integrated_and_Specific_Professional_Teaching_Courses_A_Study/links/63bd7402c3c99660ebe42d8e/Pre-service-Teachers-Perceptions-on-Internship-in-Relation-to-Integrated-and-Specific-Professional-Teaching-Courses-A-Study.pdf#page=71

13. Ranjan, S. P. (2021). Reimagining the Role of Science Education in Development of 21st Century Learning Skills with Reference to NEP 2020. Retrieved from https://www.indianjournals.com/ijor.aspx?target=ijor:eq&volume=12&issue=2&article=014

14. Ranjan, S. P. (2021). Reimagining the Role of Science Education in Development of 21st Century Learning Skills with Reference to NEP 2020.Retrieved from https://www.indianjournals.com/ijor.aspx?target=ijor:eq&volume=12&issue=2&article=014

15- Kalyani, P. (2020). An empirical study on NEP 2020 [National Education Policy] with special reference to the future of Indian education system and its effects on the Stakeholders. *Journal of Management Engineering and Information Technology*, *7*(5), 1-17. Retrieved from https://www.researchgate.net/profile/Pawan-Kalyani/publication/345100384_An_Empirical_Study_on_NEP_2020_National_Education_Policy_with_Special_Reference_to_the_Future_of_Indian_Education_System_and_Its_effects_on_the_Stakeholders_JMEIT/links/5f9da723299bf1b53e54bea6/An-Empirical-Study-on-NEP-2020-National-Education-Policy-with-Special-Reference-to-the-Future-of-Indian-Education-System-and-Its-effects-on-the-Stakeholders-JMEIT.pdf

معروضی سوالات کے جوابات (Answer Keys of MCQs)

1- (d) این ای پی 1986

2- (d) یہ سبھی

3- (b) رٹنے کی عادت کو فروغ دینا

4- (c) سی سی ای کے ذریعہ

5- (c) طلباء کی امتحان میں کارگزاری

6- (a) اکتسابی نتائج پر فیصلہ دینا

7- (b) تعلیمی تعین قدر

8- (b) کارکردگی پر مبنی احتساب

9- (d) یہ سبھی

10- (d) یہ سبھی

# اکائی 15۔ احتساب کا خاکہ

(Assessment Framework)*

15.0 تعارف

15.1 مقاصد

15.2 احتساب کا خاکہ

15.2.1 احتساب کا مقصد

15.2.2 اکتساب کے اشارے یا مظاہر

15.2.2.i اکتساب کے اشارے یا مظاہر کی اقسام

15.2.3 احتسابی روبرکس

15.2.3.ii روبرکس کی تشکیل کے مراحل

15.2.3.iii احتسابی روبرکس کی خوبیاں

15.3 احتساب کے آلات وتکنیک

15.3.1 تحریری امتحان

15.3.2 پروجیکٹ کا کام

15.3.3 فیلڈ ٹرپ اور فیلڈ ڈائری

15.3.4 تجربہ گاہ کا کام

15.3.5 تصور کی نقشہ سازی

15.4 خلاصہ

15.5 یادرکھنے کے نکات

15.6 فرہنگ

15.7 اکائی کی اختتامی سرگرمیاں

---

* Mrs. Maisara Aziz Khan, Assistant Professor, MANUU CTE, Aurangabad

15.8 تجویز کردہ اکتسابی مواد

## 15.0 تعارف

انسان کو اشرف المخلوقات یوں ہی نہیں کہا گیا ہے، دنیاں میں ہونے والی تمام تبدیلیاں اور ترقی انسان کی جستجو کا نتیجہ ہے۔ اور جب یہی انسان ایک معلم بنتا ہے تو اسکی جستجو کا مرکز تعلیمی عمل اور طلباء ہوتے ہیں۔ تعلیمی عمل اور طلباء کے کردار کی تبدیلی اور ترقی کے لیے معلم ہمیشہ کوشاں رہتا ہے اور انکا احتساب کرتا رہتا ہے۔ اس کے لۓ معلم مختلف آلات و تکنیک کا استعمال کرتا ہے۔ اس اکائی میں ہم چند آلات و تکنیک کی معلومات حاصل کریں گے۔

## 15.1 مقاصد

- احتساب کا خاکہ کی تعریف بیان کر سکیں گے۔
- احتساب کا مقصد تحریر کر سکیں گے۔
- اکتساب کے اشارے یا مظاہر کی تعریف بیان کر سکیں گے۔
- اکتساب کے اشارے یا مظاہر کی اقسام بیان کر سکیں گے۔
- احتسابی روبرکس تعریف بتا سکیں گے۔
- روبرکس کی اقسام بیان کر سکیں گے۔
- روبرکس کی تشکیل کے مراحل لکھ سکیں گے۔
- روبرکس کی ضرورت واہمیت بیان کر سکیں گے۔
- احتساب کے آلات و تکنیک کی فہرست سازی کر سکیں گے۔
- تحریری امتحان اور مختلف نوع کے سوالات کی خصوصیات کو بیان کر سکیں گے۔
- تحریری امتحان کی خوبیاں اور خامیاں تحریر کر سکیں گے۔
- پروجیکٹ طریقہ کار کی وضاحت کر سکیں گے۔
- پروجیکٹ کے کام کی اقسام لکھ سکیں گے۔
- احتساب میں پروجیکٹ کے کام کی خوبیاں اور خامیاں تحریر کر سکیں گے۔
- فیلڈ ٹرپ کیوں ضروری ہے بتا سکیں گے۔
- فیلڈ ٹرپ کی تیاری کے مراحل تحریر کر سکیں گے۔
- فیلڈ ڈائری کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔

- فیلڈ ٹرپ کے فوائد اور تحدیدات کو تحریر کر سکیں گے۔
- تجربہ گاہ کے کام کی وضاحت کر سکیں گے۔
- تجربہ گاہ کے کام کی تیاری کے مراحل تحریر کر سکیں گے۔
- تجربہ گاہ کے کام کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔
- تجربہ گاہ کے کام کے فوائد اور تحدیدات کو تحریر کر سکیں گے۔
- تصور کی نقشہ سازی کیا ہے؟ بیان کر سکیں گے۔

---

## 15.2 احتساب کا خاکہ

احتساب کا خاکہ کسی کورس یا پروگرام کے اکتسابی نتائج کا ایک منظم تصوراتی نقشہ فراہم کرتا ہے۔ اس میں یہ واضح رہتا ہے کہ نتائج کی کامیابی کو کیسے پیائش کیا جا سکتا ہے۔ احتساب کا خاکہ احتساب کے عمل کی معقولیت اور بھروسہ مندی کو بڑھاتا ہے اور اساتذہ کو احتساب کے آلات میں بہتری لانے اور ان کو بنانے میں آسانی پیدا کرتا ہے۔ جس طرح نصاب کا خاکہ یہ بتاتا ہے کہ کیا پڑھانا ہے، اسی طرح احتساب کا خاکہ یہ بتاتا ہے کہ اکتساب کے ثبوت کے طور پر کیا جانچنا ہے۔ اس کے علاوہ احتساب کا خاکہ اس بات کی بھی وضاحت کرتا ہے کہ احتساب کو کب اور کس طرح عمل میں لانا ہے۔ احتساب کا عمل کسی تعمیری مظہر کی پیائش کرتا ہے اور احتساب کا خاکہ اس تعمیری مظہر کو واضح کرتا ہے۔ احتساب کے خاکے میں ان تعمیری مظاہر کے اجزاء کا بلوپرنٹ شامل رہتا ہے جن کا احتساب کے عمل میں احاطہ کیا جانا ہے۔ احتساب کا خاکہ ایک حوالہ کے طور پر کام کرتا ہے جو یہ دیکھتا ہے کہ اکتسابی نتائج متوقع معیار کے مطابق ہیں یا نہیں۔

### 15.2.1 احتساب کا مقصد

جس طرح معلومات اور مہارت کی تدریس و اکتساب اہمیت کے حامل ہیں اسی طرح معلومات اور مہارت کا احتساب بھی اہمیت کا حامل ہے۔ کیونکہ اگر دیکھا جائے تو کوئی بھی شخص کسی معیار سے موازنہ ہونے پر اپنے آپ کو بہتر بنانا چاہتا ہے اس صورت میں وہ طے شدہ معیارات پر پورا اترنے کے لیے محنت کرتا ہے۔ احتساب کا بنیادی مقصد اہلیتوں، صلاحیتوں اور مہارتوں کی بنیاد پر فرق کرنا ہے۔ یعنی جس کا بھی احتساب کیا جا رہا ہے ان سب کے لیے کوئی معیارات طے ہوں گے اور اس کی بنیاد پر ان سے امتیازی سلوک کیا جائے گا۔ تعلیمی احتساب کا بنیادی مقصد طرز عمل کی بہتری، تجزیہ کی مہارت، استدلال کی مہارت اور تکنیکی اہلیتوں کی بنا پر امتیازی سلوک کرنا ہے۔ اکتساب کا خاکہ مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوتا ہے:

**قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ کے مطابق اسکولی تعلیم کے وسیع مقاصد:**

1۔ عقلمند، قابل عمل، ہمدرد، باہمت، سائنسی سوچ، تخلیقی تخیل اور اچھے اخلاقی اقدار کے حامل انسانوں کو تیار کرنا۔

2۔ طلباء کو باکردار، باشعور، ہمدرد اور پرواہ کرنے والا بنانا۔

3۔ طلباء کے تمام پہلوؤں اور صلاحیتوں کا فروغ کر کے ان کی مکمل نشو نما کرنا۔

4۔ ہر طالب علم میں انفرادی طور پر اختراعی استعداد کو فروغ دینا۔

5۔ طالب علم کو اس قابل بنانا کہ وہ تنقیدی سوچ، مسئلے کا حل اور کثیر الضابطہ نقطہ نظر کا استعمال کر سکے۔

6۔ (٦) طالب علم کو بدلتے ہوئے اور نئے شعبوں میں نئے مواد کو جذب کرنے، اپنانے اور اختراع کرنے کے قابل بنانا۔

7۔ طالب علم کو صرف اکتساب کرنا ہی نہیں بلکہ کیسے اکتساب کرنا ہے اس کا طریقہ بھی سکھانا۔

8۔ ہمارے آئین کے تصور کے مطابق ایک منصفانہ، جامع اور کثیر معاشرے کی تعمیر کے لیے مصروف، کارامد اور تعاون کرنے والے شہریوں کو تیار کرنا۔

9۔ تمام طلباء خاص طور پر پسماندہ اور کمزور طبقہ پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے معیاری تعلیم کو یقینی بنا کر اکتسابی اور سماجی نقل و حرکت، شمولیت اور مساوات کو یقینی بنانا۔

10۔ (١٠) تمام مضامین سائنس، سماجی علوم، فن اور انسانیت سے ایک کثیر انضباتی صلاحیتوں والے انسانی وسائل تیار کرنا۔

### 15.2.2 اکتساب کے اشارے یا مظاہر

سائنس اپنے اطراف کے مشاہدہ کے ذریعہ تصور سازی کر کے دنیاں کو دیکھنے، سمجھنے اور ان تصورات کو بامعنی تعلقات کے ذریعے فطرت سے جوڑنے کی انسانی کوشش ہے۔ اس عمل میں مشاہدہ کرنا، مفروضہ قائم کرنا، سرگرمیاں کرنا، معطیات جمع کرنا، تجزیہ کرنا، نتیجہ اخذ کرنا اور تعمیم کرنا شامل ہے۔ اگر و قوفی نشو نما کی بات کی جائے تو تعلیم کی ہر سطح پر سائنس کے مضمون کو تمام مضامین پر فوقیت حاصل ہے۔ طلباء کے اکتساب کا مسلسل مشاہدہ تدریس و اکتساب کے عمل کا نہایت اہم جز ہے، اس سے معلم کو بطور سہولت کار یہ اندازہ ہوتا ہے کہ

تدریس واکتساب کے عمل کی موثریت کو بڑھانے کے لیے کیا ضروری ہے۔ اس کے لیے معلم کچھ پیمانے لیتا ہے جس کی مدد سے وہ طلباء کے اکتساب کی ترقی کی جانچ کرتا ہے، ان پیمانوں کو اکتسابی مظاہر کہتے ہیں، جو معلم کو اس قابل بناتے ہیں کہ اکتسابی خلا کی نشاندہی کر سکے۔ سائنس کے اکتساب کے مظاہر سائنس کی تعلیم کے مقاصد کی بنیاد پر طے کیے جاتے ہیں۔ وقوفی علاقے کی درجہ بندی کی سطحیں طلباء کے سوچنے کے عمل کی وضاحت کرتی ہیں جب طلباء سے اشارے یا مظاہر کا سامنا کرتے وقت مشغول ہونے کی توقع کی جاتی ہے۔ ترمیم شدہ بلوم کی درجہ بندی سیکھنے کے نتائج کی درجہ بندی کرنے کے لیے ایک کارآمد خاکہ فراہم کرتی ہے۔ یہ کلاس روم کی تدریس اور احتسابی طریقوں کو سیکھنے کے نتائج کے ساتھ ہم آہنگ کرنے میں بھی مدد کرتی ہے۔

### 15.2.2.i اکتساب کے اشارے یا مظاہر کی اقسام

نصابی توقعات سے منسلک اکتسابی نتائج، اکتسابی اشاروں پر مبنی ہوتے ہیں جو اکتسابی نتائج کی نشوونما کے لیے تدریسی عمل کا تعین کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ اکتسابی اشاروں سے طلباء کو اکتساب میں حوصلہ افزائی ملتی ہے۔

| اکتساب کے اشارے یا مظاہر | طلباء کا عمل |
|---|---|
| مشاہدہ کرنا | اپنے اطراف کا جائزہ لینا، اطراف کی چیزوں کو دریافت کرنا، اشیاء اور واقعات کی حقیقت کو دریافت کرنا، واقعات اور اشیاء کے درمیان فرق و موازنہ کرنا، واقعات کی وجوہات کو دریافت کرنا وغیرہ۔ |
| سوال وجواب کرنا | اشیاء، حقائق، واقعات کے درمیان تعلق کو جاننے کے لیے سوال کرنا، ان سے متعلق تنقیدی سوالات کرنا، واقعات سے متعلق 'کیا' 'کیوں' اور 'کیسے' کا جواب تلاشنا، مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے کوشش کرنا وغیرہ۔ |
| جماعت بندی کرنا | خصوصیات کی بنا پر اشیاء، حقائق اور واقعات کی جماعت بندی کرنا، خصوصیات کا جائزہ لے کر موازنہ وفرق کرنا، جماعت میں اشیاء کی گروہ بندی کرنا وغیرہ۔ |
| سرگرمیاں کرنا | سرگرمیوں کو الگ انداز میں کرنا، مختلف آلات، اشیاء اور اوزاروں کا انتخاب کرنا، مختلف سرگرمیوں کو انجام دینے کے لیے مواد اور اشیاء کو مناسب طریقے سے جمع کرنا اور جمانا، اشیاء وآلات میں ضرورت کے مطابق تبدیلی کرنا وغیرہ۔ |
| تجربہ گاہ میں کام کرنا | تجربہ گاہ میں کام کرتے وقت احتیاطی ہدایات پر عمل کرنا، تجربہ گاہ میں کام کرتے وقت احتیاطی تدابیر کو اپنانا، تجربہ گاہ کے آلات واشیاء کو احتیاط سے استعمال کرنا، نتائج کو حاصل کرنے کے لیے سرگرمیوں کو دہرانا، نئی چیزوں کو بنانا، موجودہ اشیاء وآلات میں اصلاح کرنا، مختلف سرگرمیوں کے دوران نظم وضبط کا مظاہرہ کرنا، پیمائش کے لیے معیاری پیمانوں کا استعمال کرنا وغیرہ۔ |

| | |
|---|---|
| ریکارڈنگ اور تشریح کرنا | نتائج کو مختلف جدول، گراف یا اشکال کا استعمال کر کے درج کرنا، نتائج کو سائنسی طریقے سے جمانا، تحقیق یا تجربہ کے نتائج میں تعلق کی وضاحت کرنا، مقداری ڈاٹا کی تشریح کے لیے موزوں ریاضی مہارتوں کا استعمال کرنا وغیرہ۔ |
| تبادلہ خیال کرنا | منطقی دلائل و وضاحت پیش کرنا، نتیجہ کی واضح انداز میں ترسیل کرنا، روزمرہ زندگی سے سائنسی تصورات کو جوڑنا، چارٹ اور حرکی ماڈل بنا کر سائنس میں اپنی دلچسپی کا اظہار کرنا، سائنسی نمائش، کردار ادا کرنا، تعلیمی سیر میں حصہ لینا، مسئلوں پر تنقیدی رد عمل کرنا، جدیدیت اور اختراعیت کا اظہار کرنا، مسئلے کے حل کی مہارت کا اظہار کرنا وغیرہ۔ |
| اقدار کا مظاہرہ کرنا | وسائل، آلات و اشیاء کا استعمال ایمانداری سے کرنا، وسائل، آلات و اشیاء کا کو برباد نہ کرنا، تجربات اور سرگرمیوں کے نتائج کو ایمانداری سے درج اور تشریح کرنا، کارکردگی کے اظہار میں پہل کرنا اور ذمہ داری لینا، ساتھی طلباء کے ساتھ تعاون کرنا، دوسروں کے دلائل کو صبر و تحمل سے سننا، ماحول کے تحفظ کے اقدامات کرنا وغیرہ۔ |

**اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)**

1۔اکتساب کے مظاہر کیا ہیں؟

---

### 15.2.3 احتسابی روبرکس

روبرک ایک احتسابی آلہ ہے جو طالب علم کے عمل، کارکردگی، یا مصنوعات کے احتساب کے معیار کی نشاندہی کرتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں روبرک ایک طرح کا اسکورنگ آلہ ہے جو طلباء کی کارکردگی کو واضح کرنے، ترسیل کرنے اور جانچنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ یہ طے شدہ معیارات کے مطابق طلباء کی متوقع کارکردگی کے لئے گریڈ فراہم کرنے کا آلہ ہے، جو کہ کی مخصوص معلومات دیتا ہے۔ روبرکس احتساب کا وہ آلہ ہے جو گریڈنگ میں معروضیت کو بڑھاتا ہے اور موضوعیت کو کم کرتا ہے۔ سادہ روبرکس چیک لسٹ کی طرح ہی 'ہاں' اور 'نہیں' کے جوابات پر منحصر ہوتا ہے اور پیچیدہ روبرکس میں طلباء کی متوقع کارکردگی کے تحریری معیارات شامل ہوتے ہیں، جس میں مختلف مراحل میں کارکردگی کے مظاہر بیان کئے جاتے ہیں، جو طلباء کی کارکردگی کو معیار سے موازنہ کر کے بیان کرتے ہیں۔ روبرکس طلباء کے حاصلات اور کارکردگی کا اندازہ لگانے کے لیے کثیر مقصدی اسکورنگ کنجی ہے۔ تشکیلی جانچ میں روبرکس تدریس میں بہتری لانے، احتساب کرنے اور پروگرام کی معقولیت کی معلومات دینے میں مدد کرتا ہے، اسی کے ساتھ تجمیعی جانچ میں بھی روبرکس کی اتنی ہی اہمیت ہے۔

**تعریف:**

Heidi Goodrich Andrade کے مطابق ”روبرک اسکورنگ کا وہ آلہ ہے جو کام کے کسی حصے یا 'کیا شمار کرنا ہے' اس کے لیے معیارات کی فہرست سازی کرتا ہے۔“

"A rubric is a scoring tool that lists the criteria for a piece of work or what counts."

روبرکس کو تیار کرنا تھوڑا مشکل اور وقت طلب عمل ہے۔ کیونکہ اس میں احتساب کے معیارات کو طے کرنا ہوتا ہے، لیکن دوسری طرف ایک بار روبرکس کی تشکیل ہو جانے کے بعد گریڈ دینے میں آسانی ہوتی ہے اور وقت بچتا ہے۔ روبرک ایک جدول یا فہرست کی شکل میں ہوتا ہے، کسی مخصوص سرگرمی، جماعت یا مقاصد کو حاصل کرنے میں طلباء نے کتنا بہتر مظاہرہ کیا اس کو ایک اسکیل پر مختلف پوائنٹ کے ذریعے ظاہر کیا جاتا ہے۔

### 15.2.3 روبرکس کی اقسام

عام طور سے روبرکس کو احتساب کے معیارات کی بنیاد پر اور کارکردگی کے کام کی بنیاد پر درجہ بند کیا جاتا ہے:

1۔ **احتساب کے معیارات کی بنیاد پر:**

احتساب کے معیارات کی بنیاد پر اس کی دو اقسام ہیں جامع (ہولسٹک) اور تجزیاتی روبرکس۔

**ہولیسٹک یا جامع روبرکس:** ہولیسٹک یا جامع روبرکس کا استعمال جب کیا جاتا ہے جب استاد طالب علم کے جواب کے مجموعی معیار کا اندازہ لگانا چاہتا ہے۔ یہ یک رخی ہوتا ہے۔ ہولیسٹک روبرکس عمل سے زیادہ پروڈکٹ پر مبنی ہوتے ہیں، اور بنیادی طور پر حتمی پروڈکٹ تک پہنچنے کے لیے اٹھائے گئے انفرادی اقدامات کے بجائے کل کارکردگی یا پروڈکٹ سے متعلق ہوتے ہیں۔ اس میں کارکردگی کا بیان عبارت کی یا مکمل جملے کی شکل میں لکھا جاتا ہے۔ یہ تجمیعی جانچ کے لئے موزوں ہے۔

**تجزیاتی روبرکس:** تجزیاتی روبرکس کا استعمال کسی احتساب کے مختلف حصوں پر انتہائی مخصوص جوابات کے لیے پوائنٹس دینے کے لیے کیا جاتا ہے۔ یہ دو جہتی ہوتے ہیں۔ مجموعی اسکور حاصل کرنے اور طالب علم کی کارکردگی کی سطح کا تعین کرنے کے لیے احتساب کے ہر حصے کے تمام پوائنٹس کو ایک ساتھ شامل کیا جاتا ہے۔ اسکورنگ کے معیار کافی مخصوص ہوتے ہیں، کہ پوائنٹس کیسے دیئے جاسکتے ہیں اور کیسے نہیں دیئے جا سکتے۔ تجزیاتی روبرکس استعمال کرنے والے افراد کو طالب علم کے ہر جواب پر تنقید کرنا چاہیے اور قائم کردہ معیار کے مطابق جواب پر اسکورنگ کرنا چاہیے۔ اس طرح، موضوعیت کے لیے بہت کم گنجائش ہوتی ہے۔ کیونکہ تجزیاتی روبرکس پروڈکٹ سے زیادہ عمل پر مبنی ہیں۔ یہ تشکیلی جانچ کے لئے موزوں ہے۔

2۔ **کارکردگی کے کام کی بنیاد پر:**

کارکردگی کے کام کی بنیاد پر اس کی دو اقسام ہیں عمومی اور کام کے لحاظ سے مخصوص۔

**عمومی روبرک:** عمومی روبرکس ایک جیسے کام یا نوعیت اور خصوصیات کی بنیاد پر یکساں کام کے لۓ بنائے جاتے ہیں۔ عام روبرکس مہارت کی سطحوں کی وضاحت فراہم کرتے ہیں جن کا اطلاق طلباء کی کارکردگی کے عمل، کارکردگی، یا مصنوعات کی ایک فہرست پر کیا جاسکتا ہے۔ یکساں کاموں کے لیے ایک ہی روبرک کو استعمال کرنے سے اساتذہ کو طلباء کی پسند کی بنیاد پر تفویضات کی مارکنگ کا انتظام کرنے میں مدد ملتی ہے، اور طلباء میں موثر عمل، کارکردگی اور مصنوعات کی مشترکہ خصوصیات کو پیوست کرنے میں مدد ملتی ہے۔

**کام کے لحاظ سے مخصوص روبرک:** کام کے لحاظ سے مخصوص روبرکس الگ الگ کام کے لۓ الگ الگ بنائے جاتے ہیں۔ کام کے لحاظ سے مخصوص روبرکس مخصوص صورتوں کا اندازہ لگانے میں استعمال ہونے والے معیار کی وضاحت کرتے ہیں، جیسے لیبارٹری رپورٹ لکھنا، یا جانچ پڑتال کرنا۔ طالب علم کے پیچیدہ منصوبوں کو ہر مرحلے کے لیے مختلف روبرک کی ضرورت ہو سکتی ہے، مثلاً ایک گروپ انکوائری پروجیکٹ کو باہمی تعاون کے کام، معلومات اکٹھا کرنے کے عمل، زبانی پیشکشوں، اور تحریری رپورٹس کے لیے الگ الگ روبرک کی ضرورت ہوگی۔

## 15.2.3.ii روبرکس کی تشکیل کے مراحل

1۔ کارکردگی کے معیارات کی نشاندہی کرنا۔

2۔ کارکردگی کی سطح کو طے کرنا۔

3۔ کارکردگی کی وضاحت (تفصیل کا بیان) کرنا۔

4۔ وضاحت یا تفصیل کو عارضی روبرکس میں ترتیب دینا۔

5۔ معیارات کا جائزہ لینا اور اس پر نظر ثانی کرنا۔

## 15.2.3.iii احتسابی روبرکس کی خوبیاں

1۔ طالباء کی ان خصوصیات کو واضح کرنے میں مدد کرتا ہے جو اساتذہ ان کے کام میں تلاش کر رہے ہیں۔

2۔ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ تمام طلباء کا احتساب ایک ہی معیار کے مطابق کیا گیا ہے۔

3۔ (۳) طلباء کو ہر تفویض کے اہداف کو مخصوص شرائط کے ساتھ بتانے میں اساتذہ کی مدد کرتا ہے۔

4۔ اسکول، اسکول ڈویژن، ضلع، اور صوبے کے اندر احتساب کے عمل میں اساتذہ کو تعاون کرنے میں مدد کرتا ہے۔

5۔ طلباء کو ہدایات دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

6۔ احتساب کو زیادہ معروضی اور مستقل بناتا ہے۔

7۔ ہر ایک تفویض کردہ قدر کے ساتھ اہم نتائج پر احتساب کنندہ کی توجہ مرکوز کرتا ہے۔

8۔ تشکیلاتی اور جامع احتساب پر زور دیتا ہے۔

9۔ طلباء کی اس پریشانی کو کم کرتا ہے کہ ان سے کیا توقع کی جارہی ہے۔

10۔ طلباء کو اعلیٰ معیار کی کارکردگی کی طرف لے جاتا ہے۔

| **اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)** |
| --- |
| 1۔ احتسابی روبرکس سے کیا مراد ہے؟<br>__________________________________________________________________<br>_________________________________________ |

## 15.3 احتساب کے آلات و تکنیک

درجہ بندی اور رپورٹنگ کے مقصد سے طلباء کے اکتساب اور مواد کی تفہیم کے لیے احتساب کے طریقے استعمال کیے جاتے ہیں۔ احتساب کے آلات و تکنیک کسی مضمون کا تنقیدی جائزہ لیتے ہیں اور پھر اس کی کارکردگی کی بنیاد پر کوئی گریڈ یا کوئی اور قسم کا رسمی نتیجہ دیا جاتا ہے۔ احتساب کے عمل میں طلباء کے اکتسابی نتائج کی تفہیمی جانچ کے لئے مختلف آلات و تکنیک کا استعمال کرنا ضروری ہوتا ہے۔ یہاں ہم احتساب کے کچھ آلات و تکنیک کی معلومات حاصل کریں گے جو احتساب کی تفہیم میں مددگار ہیں۔

### 15.3.1 تحریری امتحان

تحریری امتحان اکتساب کی پیمائش کا ایک مقداری آلہ ہے۔ اس میں کاغذ اور قلم ضروری اشیاء ہے۔ اس میں طلباء کو امتحان کے سوالات تحریری شکل میں دیے جاتے ہیں، سوالات کی تحریری شکل سوال نامہ کہلاتی ہے۔ طلباء یا تو سوال نامہ میں ہی جوابات دیتے ہیں یا انہیں جو جوابی بیاض دی جاتی ہے اس میں جوابات تحریر کرتے ہیں۔ ان جوابی بیاضوں کی اسکورنگ اور تشریح ہی طلباء کے تدریس و اکتساب کے نتائج، کارگردگی اور صلاحیتوں کے تعین قدر کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ تحریری امتحان سب سے مشہور و مقبول تعین قدر کی تکنیک ہے۔
تحریری امتحان میں عام طور سے تین طرح کے سوالات ہوتے ہیں

1۔ معروضی سوالات (جوڑیاں ملانا، ایک لفظی جواب دینا، خالی جگہ پر کرنا، ڈائیگرام بنانا، اشکال کو نامزد کرنا، صحیح غلط وغیرہ)
2۔ مختصر جوابی سوالات
3۔ طویل جوابی سوالات

**1۔ معروضی سوالات:**

اس طرح کے سوالات کا جواب ایک لفظی یا دو الفاظ سے زیادہ نہیں ہوتا جو کہ مخصوص ہوتا ہے، جو افراد کے ساتھ تغیر پذیر نہیں ہوتا۔ اس وجہ سے ان کی اسکورنگ اور تشریح میں بھی معروضیت، بھروسہ مندی اور معقولیت ہوتی ہے۔ یہ وقت کے لحاظ سے بہت کفایتی طریقہ ہے۔ اس کی مدد سے زیادہ سے زیادہ مواد سے سوالات پوچھے جاسکتے ہیں۔ مثلاً

- کیا روشنی کناروں پر مڑتی ہے؟ (ہاں) (نہیں)

- مندرجہ ذیل میں سمتی مقدار ہے:
- (۱) کام (۲) وقت (۳) وزن (۴) کثافت
- حرکت کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ قانون حرکت کا حقیقی قانون کہلاتا ہے۔

2۔ **مختصر جوابی سوالات:**

اس طرح کے سوالات کے جوابات کی نوعیت چھوٹی ہوتی ہے، یہ ایک دو لفظ یا ایک دو جملوں میں ہو سکتے ہیں۔ بالمقابل طویل جوابی سوالات یہ زیادہ سے زیادہ مواد کا احاطہ کرتے ہیں۔ ان کو بنانا آسان ہے اور ان کی اسکورنگ بھی آسان ہوتی ہے۔ طویل جوابی سوالات کے مقابلے یہ زیادہ بھروسہ مند، معقول اور معروضی ہوتے ہیں۔ اس کے سوالات آسان ہوتے ہیں۔ مثلاً

- بھاپ اور ابلتے پانی میں سے کس کی پوشیدہ حرارت زیادہ ہوتی ہے؟
- فاصلہ اور ہٹاؤ میں کیا فرق ہے؟
- طبعی اور کیمیائی تبدیلی کی ایک ایک مثال لکھیے؟

3۔ **طویل جوابی سوالات**

اس طرح کے سوالات میں معلم اور متعلم کو خیالات، رائے، تشریح، موازنہ، مثال، تنقید وغیرہ کے اظہار کی بہت آزادی ہوتی ہے۔ اس کے ذریعے طلباء کی مواد کو پیش کرنے کی قابلیت اور مواد کی تلخیص کی قابلیت کو جانچا جاتا ہے۔ اس کے ذریعے طلباء کے تاثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ مواد کے ساتھ ساتھ زبان پر ان کی مہارت اور علم کی تفہیم کا بھی پتہ چلتا ہے۔ اس طرح کے سوالات میں موضوعیت زیادہ ہوتی ہے اور معقولیت، بھروسہ مندی اور معروضیت نہیں ہوتی۔ اس میں طلباء کے حافظے کو اہمیت دی جاتی ہے۔ اس کے نتائج تغیر پذیر ہوتے ہیں چاہے ایک ہی ممتحن تعین قدر کرے یا الگ الگ ممتحن۔ یہ طریقہ سائنس مضمون کے احتساب کے لیے زیادہ موضوع نہیں ہے۔

اس کے سوالات مندرجہ ذیل قسم کے ہوتے ہیں:

- ارشمدیس کے اصولوں کی وضاحت کریں؟
- اوم کے قانون کی وضاحت مع ضابطہ کریں؟
- انعکاس نور سے کیا مراد ہے؟ انسان کو اس سے کیا فائدہ ہے۔

**سوالیہ پرچہ کی تیاری کے مراحل:**

تحریری امتحان اسکولی تحصیلی جانچ کا ایک جز ہے۔ اس کے لیے سوالیہ پرچہ کی تیاری کے مندرجہ ذیل مراحل ہوتے ہیں:

1۔ مقاصد اور مواد کے وزن کو دیکھا جاتا ہے۔

2۔ سوالات کی امتیاز کی سطح اور مشکل کی سطح کو بھی نکالا جاتا ہے۔

3۔ سوالیہ پرچے کا ایک بلو پرنٹ ذوالعبادی چارٹ کی شکل میں تیار کیا جاتا ہے۔

4۔ سوالات یا ٹیسٹ کے عناصر کو ڈیزائن کیا جاتا ہے۔

5۔ سوالات کا تجزیہ اور ترمیم کی جاتی ہے۔

6۔ نمبرات کی کنجی اور نمبرات کی اسکیم تیار کی جاتی ہے۔

**تحریری امتحان کی خوبیاں:**

1۔ یادداشت کی جانچ کے لیے موزوں اور کارامد ہے۔

2۔ معروضی اور مختصر الجوابی سوالات کی اسکورنگ آسان ہے۔

3۔ معروضی اور مختصر الجوابی سوالات میں بھروسہ مندی اور معقولیت ہوتی ہے۔

4۔ معروضی اور مختصر الجوابی سوالات زیادہ مواد کا احاطہ کرپاتے ہیں۔

5۔ موضوعی سوالات کو بنانا آسان ہے۔

6۔ موضوعی سوالات طلباء کی مواد پر مہارت کے ساتھ ساتھ زبان، اظہار اور انتظام کی مہارت کو بھی جانچتے ہیں۔

7۔ موضوعی سوالات کے جواب میں طلباء کو اپنی رائے، نقطہ نظر اور اختراعی خیالات کو پیش کرنے کا موقع ملتا ہے۔

8۔ مطالعے کی عادت کو فروغ ملتا ہے۔

**تحریری امتحان کی خامیاں:**

1۔ معروضی سوالات میں اندازاً جواب دینے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔

2۔ معروضی سوال نامہ بنانے میں مشکل ہوتا ہے اور وقت زیادہ لگتا ہے۔

3۔ معروضی سوالات سے زبان اور اصطلاحات کی مہارت کا پتہ نہیں چلتا۔

4۔ مواد کی جزوی معلومات کی ہی پیمائش کرتا ہے۔

5۔ موضوعی سوال نامہ کی اسکورنگ میں تعصب کی گنجائش رہتی ہے۔

6۔ تحریری امتحان رٹنے کو بڑھاوا دیتا ہے۔

| **اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress)** |
| --- |
| 1۔ معروضی اور مختصر جوابی سوالات کے فرق کو مثالیں سے دیں۔<br>__________<br>__________ |

### 15.3.2 پروجیکٹ کا کام

یہ ایک جدید طریقہ تدریس ہے جو کہ عملیت پسند فلسفہ پر مبنی ہے، ان کے مطابق اسکول اور گھر کی زندگی کے بیچ ایک ربط قائم کیا جائے۔ اس طریقے میں طلباء خود کر کے سیکھتے ہیں جس سے ان کے علم کی تعمیر ہوتی ہے۔ یہ طریقہ طلباء کو اسکول کی دیوار کے باہر بھی

احتساب کا موقع دیتا ہے جس سے حقیقی اور تجرباتی اکتساب ہوتا ہے۔ اس میں طلباء جانچ پڑتال کے ذریعے اکتساب کرتے ہیں اور مسئلے کا حل ڈھونڈتے ہیں اس طرح ان میں سائنسی رجحان کا فروغ ہوتا ہے۔ پروجیکٹ طریقہ میں معلم کا کردار سہولت کار کا ہوتا ہے اور طلباء تحقیق کار کے کردار میں ہوتے ہیں۔

**پروجیکٹ کی اقسام:**

طلباء کو پروجیکٹ انفرادی طور پر یا گروہ میں دیا جا سکتا ہے۔ پروجیکٹ سادہ اور پیچیدہ دونوں طرح کا ہو سکتا ہے۔ کل پیٹرک کے مطابق پروجیکٹ چار قسم کے ہوتے ہیں:

1۔ **تعمیری پروجیکٹ:** اس میں طلباء سرگرمیاں، تجربات، ماڈل بنانا وغیرہ جیسے کام کرتے ہیں۔

2۔ **جمالیاتی پروجیکٹ:** اس میں طلباء کسی چیز کو سجانا، پودے لگانا، اطراف کو سنوارنا جیسے کام کرتے ہیں۔ یہ وہ کام ہوتے ہیں جس سے طلباء میں جمالیاتی حس کو فروغ ملے۔

3۔ **مسائلی پروجیکٹ:** یہ وقوفی پہلو کی مہارت پر مبنی ہے۔ اس میں طلباء مسئلے کے حل کو تلاش کرتے ہیں جس سے ان میں مسئلے کے حل کی صلاحیت کا فروغ ہوتا ہے۔

4۔ **مشقی پروجیکٹ:** اس طرح کا پروجیکٹ طلباء کے علم اور مہارتوں کو بڑھانے کا کام کرتا ہے۔ اس پروجیکٹ سے طلباء کے کام میں درستگی آتی ہے، استعداد میں اضافہ ہوتا ہے۔

**پروجیکٹ طریقہ کار کے مراحل:**

1۔ **صورتحال پیدا کرنا:** اس مرحلے میں معلم ایسی صورتحال پیدا کرتا ہے کہ طلباء کے ذہن میں خود ہی مسئلے کا خیال پیدا ہو مسئلہ طلباء پر تھوپا نہیں جاتا بلکہ وہ طلباء کو خود ہی دکھائی دیتا ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ پروجیکٹ بامقصد اور ضروری ہونا چاہیے۔

2۔ **مسئلے کا انتخاب کرنا:** اس مرحلے میں معلم طلباء کی مدد کرتے ہیں کہ وہ اپنی ضرورت و دلچسپی کے مطابق مسئلے کا انتخاب کر سکیں اور ان کی رہنمائی کرتا ہے۔ معلم صرف رہنمائی کرتا ہے اور طلباء خود مسئلے کا انتخاب کرتے ہیں۔

3۔ **منصوبہ بندی:** اس مرحلے میں معلم طلباء کے ساتھ مسئلے پر تبادلہ رائے کرتا ہے، طلباء کے تاثرات کو جاننے کے بعد معلم پورا طریقہ عمل مرحلہ وار رہنمائی کرتا ہے اور طلباء حقیقت میں عمل کرتے ہیں۔

4۔ **عمل آوری:** یہ وہ مرحلہ ہے جس میں طلباء اپنے کام کو درج کرنا شروع کرتے ہیں۔ سب سے پہلے وہ مسئلے سے متعلق مواد اور معلومات کو جمع کرتے ہیں۔ اس کے لیے معلم طلباء کو یہ آزادی دیتا ہے کہ وہ اپنی رفتار صلاحیت اور دلچسپی کے مطابق کام کریں، لیکن اس دوران معلم خاموشی سے نگرانی کرتا ہے کہ طلباء وسائل اور اشیا کو ضائع تو نہیں کر رہے ہیں یا کوئی خطرہ تو نہیں ہے۔ معلم یہ بھی دیکھتا ہے کہ کام منصوبہ کے مطابق ہو رہا ہے یا نہیں۔

5۔ **تعین قدر:** یہ طلباء کے احتساب کی نظر سے سب سے اہم مرحلہ ہے اس میں نہ صرف طلباء بلکہ معلم بھی پروجیکٹ کا تعین قدر کرتے ہیں۔ طلباء کو خود احتجاب کا موقع ملتا ہے۔ وہ یہ دیکھتے ہیں کہ وہ یہ دیکھتے ہیں کہ واقعی پروجیکٹ کے مقاصد حاصل ہوئے ہیں یا نہیں۔ اس

کے بعد وہ آزادانہ طور پر اپنی تنقیدی رائے دے سکتے ہیں۔ پروجیکٹ کا تعین قدر منصوبہ، عمل آوری میں مشکلات اور حاصل نتائج کی روشنی میں کیا جاتا ہے۔

6۔ **ریکارڈنگ اور رپورٹنگ:**۔ یہ پروجیکٹ کے طریقے کا آخری مرحلہ ہے، جس میں ہر مرحلے کی معلومات دی جاتی ہے۔ رپورٹ کی جانے والی چیزوں کو ترتیب میں کتاب کے انداز میں درج کیا جاتا ہے اس میں مسئلے کی تجویز، منصوبہ، اس پر تبادلہ خیال، طلباء کو تفویض کی گئی ذمہ داریاں، مقامات کا دورہ، سروے اور مستقبل کے لیے مزید معلومات وغیرہ تمام کی تفصیلات موجود رہتی ہیں۔

**خوبیاں:**

1۔ اس طریقے میں نفسیات کے اصولوں پر عمل ہوتا ہے، طلباء اپنی استعداد اور ضرورت کے مطابق سیکھتے ہیں۔

2۔ طلباء آزاد اکتساب کرتے ہیں۔

3۔ طلباء میں تنقیدی سوچ کا فروغ ہوتا ہے۔

4۔ طلباء کی انفرادیت کا خیال رکھتے ہوئے طلباء کی نشو نما کی جاتی ہے۔

5۔ اس کے ذریعے طلباء کی سماج سے اور جماعت کے ساتھیوں سے تعمل کی جانچ کی جا سکتی ہے۔

6۔ علم کی تعمیر ہوتی ہے اس لیے علم دیرپا ہوتا ہے۔

7۔ اس طریقے میں الگ سے احتساب کی مشقت نہیں کرنی پڑتی، طلباء خود احتساب کرتے ہیں اور معلم پروجیکٹ کے نتائج کا احتساب کرتا ہے۔

8۔ اس میں طلباء کو دائرے کے باہر دیکھنے اور سوچنے کا موقع ملتا ہے۔

9۔ طلباء میں تنقیدی، اختراعی اور تعمیری سوچ کا فروغ ہوتا ہے۔

**خامیاں:**

1۔ اس طریقے سے احتساب میں وقت اور محنت زیادہ ر لگتی ہے۔

2۔ ہر عنوان کے اکتساب کے احتساب کے لئے موزوں نہیں ہے۔

3۔ پروجیکٹ کو پورا کرنے میں وسائل کے انتظام میں خرچ زیادہ آتا ہے۔

4۔ اس طریقے سے تدریس و اکتساب کے لیے معلم کا ماہر اور باصلاحیت ہونا لازمی ہے۔

5۔ اس طریقے میں طلباء وہی چیز سیکھتے ہیں جو پروجیکٹ کو مکمل کرنے کے لیے ضروری ہے۔

6۔ کبھی کبھی پروجیکٹ طلباء کی استعداد کے باہر ہوتا ہے۔

7۔ اس طریقے سے صرف ان اکتسابی نتائج کا احتساب کیا جا سکتا ہے جو طلباء نے پروجیکٹ کو مکمل کرنے کے لیے حاصل کیے ہوں اور اس کے امکانات کم ہوتے ہیں کہ پروجیکٹ کے ذریعے مکمل اکتساب کیا جائے۔

### 15.3.3 فیلڈ ٹرپ اور فیلڈ ڈائری

فیلڈ ٹرپ ایک تعلیمی سرگرمی ہے جہاں طلباء اور معلم قدرتی ماحول میں مظاہر کا مشاہدہ اور مطالعہ کرنے کے لیے اپنے کمرہ جماعت یا تجربہ گاہ سے باہر نکلتے ہیں۔ نتیجے میں آنے والی فیلڈ ڈائری ایک قیمتی دستاویز ہے جو فیلڈ ٹرپ کے دوران حاصل کردہ مشاہدات، دریافتوں اور بصیرت کو ریکارڈ کرتی ہے۔ یہ گائیڈ طلباء اور معلم کو ایک کامیاب فیلڈ ٹرپ کی منصوبہ بندی، اس پر عمل آوری اور دستاویز تیار کرنے کے کلیدی مراحل میں آسانی کرتی ہے۔

#### 15.3.3.i فیلڈ ٹرپ

احتساب میں میدانی کام کی اہمیت اس لیے ہے کیونکہ اس طریقے میں طلباء براہ راست خود تجربات حاصل کرتے ہیں جو سائنس مضمون کے اکتساب کو موثر بناتا ہے۔ سائنس کا معلم یہ فیلڈ ٹرپ مقامی سطح پر منعقد کر سکتا ہے اور طلباء کو سائنس کے مخصوص عنوانات کے اکتساب کے لئے کسی ہسپتال، کھیت، درس گاہ، تجربہ گاہ، عجائب گھر، باغ، زو، ڈیم، تحقیقی سینٹر، وغیرہ میں لے جا سکتا ہے۔ کسی بھی فیلڈ ٹرپ کا اہم ترین مقصد طلباء کو راست تجربات فراہم کرنا ہوتا ہے، تاکہ وہ سائنسی علم کے اطلاق کی تفہیم حاصل کر سکیں۔

**فیلڈ ٹرپ کی تیاری:**

اس میں طلباء اور معلم شرکت کرتے ہیں اور ہر چیز طے شدہ رہتی ہے۔ کسی بھی فیلڈ ٹرپ کے ذریعے احتساب کا انعقاد مندرجہ ذیل مراحل میں ہو سکتا ہے:

1۔ **سرگرمیوں کی منصوبہ بندی:**

- فیلڈ ٹرپ کے اغراض و مقاصد طے کرنا۔
- فیلڈ ٹرپ کی ضرورت کو واضح کرنا۔
- دن، جگہ، نقل و حمل کے ذرائع، پروگرام کی تفصیل کو طے کرنا۔
- زمینی کام کی نوعیت کو طے کرنا۔
- فیلڈ ٹرپ کے ذریعہ احتساب کی تکنیک کا انتخاب کرنا۔
- خرچ کا تخمینہ لگانا۔

2۔ **فیلڈ ٹرپ کی تیاری:**

- والدین کی اجازت لینا۔
- طلباء کو ٹرپ کے دوران دی جانے والی سہولیات کا بندوبست کرنا۔
- معلم اور طلباء کے درمیان کام کو بانٹنا۔

3۔ **عمل آوری:**

- فیلڈ ٹرپ کے دوران پیش آنے والے واقعات کے معطیات کو جمع کرنا اور درج کرنا۔
- آخر میں طلباء اور معلم تعین قدر کرتے ہیں کہ فیلڈ ٹرپ کے مقاصد حاصل ہوئے یا نہیں۔

### 15.3.3.ii فیلڈ ڈائری

فیلڈ نوٹ بک فیلڈ ٹرپ کے دوران مشاہدات، پیمائش اور دیگر متعلقہ معطیات کو ریکارڈ کرنے کا بنیادی آلہ ہے۔ طلباء کو اپنی تحریری وضاحتوں کی تکمیل کے لیے خاکوں، اشکال اور دیگر بصری آلات کا استعمال کرتے ہوئے اپنی نوٹ بندی میں محتاط اور تفصیلی ہونے کی کوشش کرنی چاہیے۔ طلباء کو معطیات کی واضح تنظیم کے لۓ اس کی لیبلنگ کرنا چاہیے، کیونکہ فیلڈ نوٹ حتمی فیلڈ ڈائری کی بنیاد بناتے ہیں۔

1۔ **نوٹس کا جائزہ لینا:** آخر میں فیلڈ نوٹ کا بغور جائزہ لینا چاہیے۔ اس عمل میں مشاہدات کا موازنہ، ثانوی ذرائع سے موازنہ، اور ان علاقوں کی نشاندہی کرنا شامل ہو سکتا ہے جن کے لیے مزید تفتیش کی ضرورت ہے۔

2۔ **خاص نکات کی شناخت:** فیلڈ ڈیٹا کا تجزیہ کرکے، طلباء سفر کے دوران سامنے آنے والے اہم موضوعات یا نکات کی شناخت کرتے ہیں۔ یہ اہم موضوعات یا نکات حتمی فیلڈ ڈائری کے لیے ایک ڈھانچہ فراہم کر سکتے ہیں اور معلومات کو بامعنی انداز میں ترتیب دینے میں مدد کر سکتے ہیں۔

3۔ **نتیجہ اخذ کرنا:** فیلڈ ڈیٹا کے تجزیے سے ایسے نتائج یا مفروضے تیار کیے جائیں جن کو مزید تحقیق یا تجربہ کے ذریعے جانچا جا سکے۔ یہ بصیرتیں فیلڈ ٹرپ کا حتمی مقصد ہیں اور انہیں فیلڈ ڈائری میں واضح طور پر بیان کیا جانا چاہیے۔

**خوبیاں:**

1۔ اس کے ذریعے کیا گیا اکتساب مستحکم ہوتا ہے۔

2۔ طلباء کو راست تجربات حاصل ہوتے ہیں۔

3۔ طلباء میں مشاہدہ، تنقید اور تفتیش کی عادت کا فروغ ہوتا ہے۔

4۔ سائنس کے تصورات واضح ہوتے ہیں۔

5۔ معلم کو طلباء کی وقوفی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ دوسرے اوصاف و صلاحیتوں کے احتساب میں آسانی ہوتی ہے۔

**خامیاں:**

1۔ وقت اور مالی لحاظ سے کفایتی نہیں ہے۔

2۔ طلباء مقاصد کے مطابق احتساب کرنے سے زیادہ تفریح کو اہمیت دیتے ہیں۔

3۔ محنت طلب اور رسک والی سرگرمی ہے۔

4۔ اس میں معلم کو طلباء کے احتساب کے لیے پہلے سے بہت جامع منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے ورنہ صحیح نتائج حاصل نہ ہونے کے امکان زیادہ ہوتے ہیں۔

5۔ احتساب کا عمل موضوعی اور تعصب کا شکار ہو سکتا ہے۔

| اپنی معلومات کی جانچ (Check your progress) |
| --- |
| 1۔ فزیکل سائنس کی تدریس میں فیلڈ ٹرپ کی مثالیں دیں۔<br>__________________________________________________<br>__________________________________ |

### 15.3.4 تجربہ گاہ کا کام

جس طرح سائنس کی تدریس تجربہ گاہ کے کام کے بنا نامکمل ہے اسی طرح طلباء کا سائنسی مضمون کے اکتسابی نتائج کا احتساب تجربات کے بنا نامکمل ہے۔ عملی کام طلباء کے تعلیمی تجربات کا ایک لازمی حصہ ہے۔ عملی کام کے ذریعے طلباء میں مضمون سے متعلق ضروری مہارتوں کی منتقلی ہوتی ہے۔اس کے ذریعے مواد کو مظاہرہ کرکے پیش کیا جاسکتا ہے۔ تجربہ گاہ میں عملی کام طلباء کو خود کرکے سیکھنے اور خود پر منحصر رہنے کے لیے متحرک کرتا ہے۔ عملی کام میں وہ سرگرمیاں شامل ہیں جن میں طلباء حقیقی اشیاء اور مواد کا مشاہدہ اور ترمیم وغیرہ کرتے ہیں، چاہے وہ سرگرمیاں تجربہ گاہ میں کرائی جائیں یا کہیں اور۔ یہ تدریس کے ساتھ کوئی الگ سے جوڑی گئی چیز نہیں ہے بلکہ یہ تو سائنس کی تدریس کا لازمی جز ہے، تاکہ طلباء کو سائنسی طریقے سے کام کرنے کا تجربہ ہو اور مکمل اکتسابی تجربات حاصل ہو سکیں۔ تجربہ گاہ کے کام طلباء کو براہ راست تجربات فراہم کرتے ہیں اور سائنسی تحقیق میں حصہ لینے کا موقع دیتے ہیں کیونکہ اس میں طلباء سائنسی اصول قوانین اور تصورات کی تصدیق کرتے ہیں۔ تجربہ گاہ کا کام مندرجہ ذیل نوعیت کا ہو سکتا ہے:

1۔ تصدیقی اور اختراجی: سائنسی تصورات، اصول و قوانین کی وضاحت کے لیے۔

2۔ استقرائی:۔ سائنسی تصورات، اصول و قوانین کو اخذ کرنے کے لیے۔

3۔ سائنسی عمل پر مبنی: تمام تجربہ گاہی کام سائنسی عمل اور مہارتوں پر زور دیتا ہے، جس میں مشاہدہ کرنا، درجہ بندی کرنا، پیائش کرنا، اندازہ لگانا، تشریح کرنا اور تجربہ کرنا شامل ہے۔

4۔ تکنیکی مہارتوں پر مبنی: طلباء میں کام کرنے کی تکنیکی مہارتوں اور اعضاء کا نظم پیدا کرنا۔

5۔ دریافت کرنے پر مبنی: اس میں طلباء کو بنا کسی خاکہ بند طریقہ عمل کے کسی خیال، تصور یا قانون کو دریافت کرنے کے لیے آزادی سے تجربہ گاہ میں کام کرنے دیا جاتا ہے۔

احتساب کے نظریے سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ طلباء اس کے مکمل ہونے کے بعد کچھ عملی کاموں کو مہارت اور تندہی کے ساتھ کر سکیں گے۔ طلباء کا احتساب ان کی منصوبہ بندی کی قابلیت، مشاہدہ، ریکارڈنگ، تجزیہ، ترسیل اور تعین قدر کی سرگرمیوں کی بنیاد پر کرنا چاہیے۔اس کے لیے نظریات کی تدریس میں عملی سرگرمیوں کا اہتمام کرنا چاہیے۔

**تجربہ گاہ کے کام کی تیاری اور نظم:**

سائنس کے معلم کی ذمہ داری ہے کہ وہ تجربہ گاہ میں کام کرانے سے قبل اس کی منصوبہ بندی منظم انداز میں کرے، طلباء کو ہدایات اور احتیاطی تدابیر پہلے ہی فراہم کرے، تجربہ کی سرگرمیوں کی معلومات اور عملی کام کی وضاحت کرے۔ آخر میں طلباء کے ساتھ عملی کام پر تبادلہ خیال کرے اس سے طلباء کو تجربہ کے نتائج لکھنے اور تشریح کرنے میں مدد ملتی ہے۔

**فوائد:**

1۔ طلباء کو اکتساب میں مشغول رکھتا ہے۔

2۔ (۲) عملی کام سے جڑے اکتسابی نتائج کو واضح کرتا ہے۔

3۔ اکتساب کو موثر بناتا ہے۔

4۔ مقدار سے زیادہ کام کے معیار کو اہمیت دیتا ہے۔

5۔ راست تجربات اور عملی کام علم کا استحکام کرتے ہیں۔

**کمیاں:**

1۔ یہ طریقہ خرچیلہ ہے۔

2۔ اس میں نتیجہ پر پہنچنے میں بہت وقت لگتا ہے۔

3۔ سائنس کی ہر معلومات کی تصدیق اس طریقے سے نہیں ہو سکتی۔

4۔ اس میں طلباء اور معلم دونوں کو ہی زیادہ محنت کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

5۔ تدریس کی رفتار مند ہوتی ہے۔

### 15.3.5 تصور کی نقشہ سازی

ایک تصوراتی نقشہ یا خاکہ فلو چارٹ کی طرح ہوتا ہے جو علم کی نمائندگی یا تنظیم کا ایک طریقہ ہے۔ جس میں دو جہتی تعلقات سمیت تصورات کے درمیان تعلقات دکھائے جاتے ہیں۔ تصوراتی نقشہ معلومات کا سائنسی انداز میں خاکہ پیش کرتا ہے اس میں علم تسلسل یعنی (حرارکی) میں ہوتا ہے اور مرکزی خیال کو مختلف ذیلی نکات میں درج کیا جاتا ہے، اس کے لیے دائری یا چوکون باکس کا استعمال کرتے ہیں اور ان باکس کے درمیان ربط بتانے والی لکیروں پر تعلق درج رہتا ہے۔اس کا بہاؤ عمومی سے خصوصی کی جانب رہتا ہے۔اس طرح طلباء

کے ذریعے تیار کردہ تصوراتی نقشہ کو پڑھ کر معلم کو پتہ چلتا ہے کہ طلباء کو تصور کی تفہیم ہوئی یا نہیں اور تصور کی تفہیم میں کیا غلطیاں ہیں اسی کے ساتھ طلباء کو بھی تصورات کے مختلف اجزاء کے درمیان اس خاکہ سے ربط کی پیچیدگی کا علم ہوتا ہے۔

تصوراتی نقشہ تصورات کی ساخت کو ظاہر کرنے کا ایک بصری طور پر دلکش طریقہ ہے۔ کسی تصور کو اس کی مدد سے طویل مدت تک یاد رکھنا آسان ہے۔ اس کے ذریعہ طلباء کے تصور کو دیکھنے اور سمجھنے کے طریقہ کا اندازہ ہوتا ہے۔

احتساب کے علاوہ، اساتذہ کلاس کے دوران ایک گرافک آرگنائزر کے طور پر، ہدایات کی تیاری کے لیے اپنے خیالات کو ترتیب دینے کے لیے تصوراتی نقشوں کا استعمال کرسکتے ہیں، اور طلباء کو اپنے علم پر غور کرنے، مل کر کام کرنے، اشتراک کرنے اور باہمی تعاون کرنے کی ترغیب دے سکتے ہیں۔

## 15.4 خلاصہ

اس اکائی میں ہم نے احتساب کا خاکہ کے تحت احتساب کے مقاصد، اکتساب کے اشارے (مظاہر)، ان کی اقسام اور احتسابی روبرک کی معلومات حاصل کی۔ اسی کے ساتھ احتساب کے مختلف آلات وتکنیک کی معلومات حاصل کی۔ جن میں تحریری امتحان، پروجیکٹ کا کام، فیلڈ ٹرپ اور فیلڈ ڈائری، تجربہ گاہ کا کام اور تصور کی نقشہ سازی شامل ہے۔

## 15.5 یاد رکھنے کے نکات

- احتساب کا خاکہ کسی کورس یا پروگرام کے اکتسابی نتائج کا ایک منظم تصوراتی نقشہ فراہم کرتا ہے۔
- احتساب کے خاکے میں ان تعمیری مظاہر کے اجزاء کا بلوپرنٹ شامل رہتا ہے جن کا احتساب کے عمل میں احاطہ کیا جاتا ہے۔
- تعلیمی احتساب کا بنیادی مقصد طرز عمل کی بہتری، تجزیہ کی مہارت، استدلال کی مہارت اور تکنیکی اہلیتوں کی بنا پر امتیازی سلوک کرنا ہے۔
- احتساب کے لیے معلم کچھ پیمانے لیتا ہے جس کی مدد سے وہ طلباء کے اکتساب کی ترقی کی جانچ کرتا ہے، ان پیمانوں کو اکتسابی مظاہر کہتے ہیں، جو معلم کو اس قابل بناتے ہیں کہ اکتسابی خلا کی نشاندہی کرسکے۔ سائنس کے اکتساب کے مظاہر سائنس کی تعلیم کے مقاصد کی بنیاد پر طے کیے جاتے ہیں۔
- سائنس کے اکتساب کے کچھ اشارے یا مظاہر ہیں: مشاہدہ کرنا، سوال وجواب کرنا، جماعت بندی کرنا، سرگرمیاں کرنا، تجربہ گاہ میں کام کرنا، ریکارڈنگ اور تشریح کرنا، تبادلہ خیال کرنا وغیرہ۔
- روبرک ایک احتسابی آلہ ہے جو طالب علم کے عمل، کارکردگی، یا مصنوعات کے احتساب کے معیار کی نشاندہی کرتا ہے۔ جو طلباء کی کارکردگی کو واضح کرنے، ترسیل کرنے اور جانچنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ احتساب کے معیارات کی بنیاد پر روبرکس کی دو

اقسام ہیں جامع (ہولسٹک ) اور تجزیاتی روبرکس۔ کارکردگی کے کام کی بنیاد پر اس کی دو اقسام ہیں عمومی اور کام کے لحاظ سے مخصوص۔

- احتساب کے آلات و تکنیک کسی مضمون کا تنقیدی جائزہ لیتے ہیں اور پھر اس کی کارکردگی کی بنیاد پر کوئی گریڈ یا کوئی اور قسم کا رسمی نتیجہ دیا جاتا ہے۔
- تحریری امتحان اکتساب کی پیمائش کا ایک مقداری آلہ ہے۔ اس میں کاغذ اور قلم ضروری اشیاء ہے۔ اس میں طلباء کو امتحان کے سوالات تحریری شکل میں دیے جاتے ہیں، سوالات کی تحریری شکل سوال نامہ کہلاتی ہے۔ تحریری امتحان سب سے مشہور و مقبول تعین قدر کی تکنیک ہے۔ تحریری امتحان میں عام طور سے تین طرح کے سوالات ہوتے ہیں، معروضی سوالات، مختصر الجوابی سوالات، طویل جوابی سوالات۔
- تحریری امتحان کے سوالات بنانے کے مراحل: مقاصد اور مواد کا وزن دیکھنا، سوالات کی امتیاز کی سطح اور مشکل کی سطح کو نکالنا، سوالیہ پرچے کا ایک بلو پرنٹ تیار کرنا، سوالات یا ٹیسٹ کے عناصر کو ڈیزائن تیار کرنا، سوالات کا تجزیہ اور ترمیم کرنا، نمبرات کی کنجی اور نمبرات کی اسکیم تیار کرنا۔
- پروجیکٹ طریقہ ایک جدید طریقہ تدریس ہے جو کہ عملیت پسند فلسفہ پر مبنی ہے، ان کے مطابق اسکول اور گھر کی زندگی کے بیچ ایک ربط قائم کیا جائے۔ اس طریقے میں طلباء خود کر کے سیکھتے ہیں جس سے ان کے علم کی تعمیر ہوتی ہے۔ یہ طریقہ طلباء کو اسکول کی دیوار کے باہر بھی احتساب کا موقع دیتا ہے۔
- پروجیکٹ طریقہ میں معلم کا کردار سہولت کار کا ہوتا ہے اور طلباء تحقیق کار کے کردار میں ہوتے ہیں۔
- کل پیٹرک کے مطابق پروجیکٹ چار قسم کے ہوتے ہیں: تعمیری پروجیکٹ، جمالیاتی پروجیکٹ، مسائلی پروجیکٹ، مشقی پروجیکٹ۔
- پروجیکٹ طریقہ کے مراحل، صورتحال پیدا کرنا، مسئلے کا انتخاب کرنا، منصوبہ بندی، عمل آوری، تعین قدر اور ریکارڈنگ اور رپورٹنگ ہیں۔
- فیلڈ ٹرپ ایک تعلیمی سرگرمی ہے جہاں طلباء اور معلم قدرتی ماحول میں مظاہر کا مشاہدہ اور مطالعہ کرنے کے لیے اپنے کمراہ جماعت یا تجربہ گاہ سے باہر نکلتے ہیں۔ نتیجے میں آنے والی فیلڈ ڈائری ایک قیمتی دستاویز ہے جو فیلڈ ٹرپ کے دوران حاصل کردہ مشاہدات، دریافتوں اور بصیرت کو ریکارڈ کرتی ہے۔
- کسی بھی فیلڈ ٹرپ کا اہم ترین مقصد طلباء کو راست تجربات فراہم کرنا ہوتا ہے، تاکہ وہ سائنسی علم کے اطلاق کی تفہیم حاصل کر سکیں۔
- فیلڈ ٹرپ کی کامیابی کے لۓ اس کی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی، تیاری اور ان پر عمل آوری کی جاتی ہے۔

- تجربہ سائنس کی تدریس کا لازمی جز ہے، تاکہ طلباء کو سائنسی طریقے سے کام کرنے کا تجربہ ہو اور مکمل اکتسابی تجربات حاصل ہو سکیں۔ تجربہ گاہ کے کام طلباء کو براہ راست تجربات فراہم کرتے ہیں اور سائنسی تحقیق میں حصہ لینے کا موقع دیتے ہیں کیونکہ اس میں طلباء سائنسی اصول قوانین اور تصورات کی تصدیق کرتے ہیں۔
- تجربہ گاہ کا کام تصدیقی اور اختراجی، استقرائی، سائنسی عمل پر مبنی، تکنیکی مہارتوں پر مبنی، دریافت کرنے کی نوعیت کا ہو سکتا ہے۔
- تجربہ گاہ کے کام کے لئے طلباء کو ہدایات اور احتیاطی تدابیر پہلے ہی فراہم کرنا، تجربہ کی سرگرمیوں کی معلومات اور عملی کام کی وضاحت کرنا چاہیئے۔
- ایک تصوراتی نقشہ یا خاکہ فلو چارٹ کی طرح ہوتا ہے جو علم کی نمائندگی یا تنظیم کا ایک طریقہ ہے۔ جس میں دو جہتی تعلقات سمیت تصورات کے درمیان تعلقات دکھائے جاتے ہیں۔
- عام طور پر، تصور کا نقشہ دائروں اور روابط کی لکیروں میں تقسیم ہوتا ہے۔ دائرے (نوڈس) مختلف تصورات کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اور روابط (لنکس) تصورات کے درمیان تعلقات کی نمائندگی کرتے ہیں۔

## 15.6 فرہنگ

| | |
|---|---|
| Assessment Framework | احتساب کا خاکہ |
| Purpose Of Assessment | احتساب کا مقصد |
| Learning Indicators | اکتساب کے اشارے یا مظاہر |
| Assessment Rubrics | احتسابی روبرکس |
| Techniques Of Assessment | احتساب کی تکنیک |
| Written Test | تحریری امتحان |
| Project Work | پروجیکٹ کا کام |
| Field Trip | فیلڈ ٹرپ |
| Laboratory Work | تجربہ گاہ کا کام |
| Concept Mapping | تصور کی نقشہ سازی |
| Validity | معقولیت |
| Reliability | بھروسہ مندی |
| Constructive Expression | تعمیری مظہر |

| | |
|---|---|
| Learning Outcomes | اکتسابی نتائج |
| Expected Quality | متوقع معیار |
| Discrimination | امتیازی سلوک |
| Discussion | تبادلہ خیال |
| Products | مصنوعات |
| Subjectivity | موضوعیت |
| Scoring Key | اسکورنگ کنجی |
| Holistic | جامع(ہولسٹک) |
| Analytical Rubrics | تجزیاتی روبرکس |
| Two Dimensional | دوجہتی |
| Assignment | تفویض |
| Inculcate | پیوست |
| Answer Script | جوابی بیاض |
| Question Paper | سوال نامہ |
| Vector Quantity | سمتی مقدار |
| Variable | تغیر پذیر |
| Pragmatism | عملیت پسند فلسفہ |
| Practical Work | عملی کام |

## 15.7 اکائی کی اختتامی سرگرمیاں

### معروضی جوابات کے حامل سوالات

1۔ اکتسابی اشارہ ہے:

(a)مشاہدہ کرنا (b)تجربہ (c)سوال وجواب کرنا (d)یہ سبھی

2۔ سب سے مشہور ومقبول تعین قدر کی تکنیک ہے:

(a)تحریری امتحان (b)احتسابی روبرک (c)تصورتی نقشہ (d)تجربہ گاہ کا کام

3۔ طویل جوابی سوالات میں زیادہ ہوتی ہے:

(a) بھروسہ مندی (b) موضوعیت (c) معقولیت (d) معروضیت

4۔ پروجیکٹ کا کام کس فلسفہ تعلیم پر مبنی ہے:

(a) حقیقت پسند فلسفہ (b) فطرتیت پسند فلسفہ (c) عملیت پسند فلسفہ (d) وجودیت پسند فلسفہ

5۔ تجربہ گاہی کام کی خصوصیت ہے:

(a) وقت کی بچت (b) اکتساب بذریعہ عمل (c) کفایتی (d) ان میں سے کوئی نہیں

6۔ تجربہ گاہ کے کام کی نوعیت نہیں ہے:

(a) تصدیقی (b) استقرائی (c) استخراجی (d) مفروضی

7۔ روبرک ایک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کا آلہ ہے۔

8۔ کسی چیز کو سجانے سنوارنے والا پروجیکٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

9۔ فیلڈ ٹرپ کا مقصد طلباء کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ فراہم کرنا ہوتا ہے۔

10۔ تصوراتی نقشہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی طرح ہوتا ہے۔

## مختصر جوابات کے حامل سوالات

1۔ احتساب کے خاکہ سے کیا مراد ہے؟

2۔ قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ کے مطابق اسکولی تعلیم کے وسیع مقاصد کیا ہیں؟

3۔ سائنس مضمون کے احتساب کے لئے چند اکتسابی اشارے تحریر کریں۔

4۔ احتسابی روبرکس تعریف بیان کریں اور اس کی اقسام لکھئے۔

5۔ روبرکس کی تشکیل کے مراحل لکھئے۔

6۔ روبرکس کی ضرورت واہمیت بیان کریں۔

7۔ احتساب کے آلات وتکنیک کی مختصر وضاحت کریں۔

8۔ تحریری امتحان سے کیا مراد ہے؟ مختلف نوع کے سوالات کی خصوصیات کو بیان کریں۔

9۔ تحریری امتحان کی خوبیاں اور خامیاں لکھئے۔

10۔ پروجیکٹ طریقہ کار کیا ہے؟ سائنس کے پروجیکٹ کے کام کی اقسام لکھئے۔

11۔ فیلڈ ٹرپ کی ضرورت پر نوٹ لکھئے۔

12۔ فیلڈ ٹرپ کی تیاری کے مراحل تحریر کریں اور فیلڈ ڈائری کی اہمیت کو سمجھایئے۔

13۔ سائنس کے اکتساب کے احتساب میں تجربہ گاہ کے کام کی اہمیت پر نوٹ لکھئے۔

14۔ تصور کی نقشہ سازی کیا ہے؟

### طویل جوابات کے حامل سوالات

1۔ اکتساب کے اشاروں کی تعریف بیان کریں۔ سائنس مضمون کے احتساب میں اکتسابی اشارے کس طرح مدد گار ہیں؟ مثال کے ساتھ واضح کریں۔

2۔ احتسابی روبرکس کیا ہوتا ہے؟ روبرکس کی اقسام بیان کریں اور اس کی تشکیل کے مراحل لکھیں۔

3۔ تحریری امتحان کی تفصیل سے وضاحت کریں اور مختلف نوع کے سوالات کی خصوصیات کو مع مثال بیان کریں۔

4۔ پروجیکٹ طریقہ کار کی وضاحت کریں اور پروجیکٹ کے کام کی اقسام لکھئے۔ اس کی خوبیوں اور خامیوں پر تبصرہ کیجیے۔

5۔ فیلڈ ٹرپ کی ضرورت اور تیاری کے مراحل تحریر کیجیے۔ فیلڈ ڈائری کی اہمیت کو واضح کریں۔

6۔ سائنس کیے اکتساب کے احتساب میں تجربہ گاہ کے کام کی اہمیت کو واضح کریں اور تجربہ گاہ کے کام کی تیاری کے مراحل تحریر کریں۔ اس کے فوائد اور تحدیدات بھی لکھئے۔

## 15.8 تجویز کردہ اکتسابی مواد


1۔ Vaidya. N. (2003). Science Teaching For The 21st Century. Deep & Deep Publications. New Delhi.

2۔ Munaf. M. A. (2003). *Methods of Teaching Mathematics*. Deccan Traders Educational Publishers. Hyderabad.

3۔ Husain. W. & Siddiqui. W. (2007). سائنس کی تدریس. Educational Book House. Aligarh

4۔ Naseema. C. (2012). *Physical Science Education: Nature and Scope*. Shipra Publications. New Delhi.

5۔ Parveen. S. (2013). Educational Evaluation and Statistics. New Voice Publication. India.

6۔ Krishnamacharyulu. V. (2014). *Science Education*. Neelkamal Publications. New Delhi.

7۔ Mohan. R. (2015). Teaching of Physical Science. Neelkamal Publications. New Delhi.

8. Ramakrishna. A., Mrunalini. T.,Sunitha. D. & Shanker. P. (2017). Assessment For Learning. Neelkamal Publications. New Delhi.

9. Mangal. S. K. & Mangal. S. (2017). Assessment of Learning. Shipra Publications. New Delhi.

10. Nagaraju. M. T. V., Reddy. S. K., Reddy. S. V. & Sujatha M. (2019). Learning Assessment. Neelkamal Publications. New Delhi.

11. https://www.utc.edu/academic-affairs/walker-center-for-teaching-and-learning/teaching-resources/pedagogical-strategies-and-techniques/concept-mapping-and-curriculum-design#:~:text=Concept%20maps%20have%20their%20origin,just%20%22knowing%22%20the%20facts.

12. Singhal, M., & Wadhwa, M. (2020). Vision of Science Education in National Education Policy-2020. *Voices of Teachers and Teacher Educators*, *9*(1), 59-68. Retrieved from https://www.researchgate.net/profile/Priyamvada-Pandey/publication/366990302_Pre-service_Teachers'_Perceptions_on_Internship_in_Relation_to_Integrated_and_Specific_Professional_Teaching_Courses_A_Study/links/63bd7402c3c99660ebe42d8e/Pre-service-Teachers-Perceptions-on-Internship-in-Relation-to-Integrated-and-Specific-Professional-Teaching-Courses-A-Study.pdf#page=71

13. Ranjan, S. P. (2021). Reimagining the Role of Science Education in Development of 21st Century Learning Skills with Reference to NEP 2020. Retrieved from https://www.indianjournals.com/ijor.aspx?target=ijor:eq&volume=12&issue=2&article=014

14. Ranjan, S. P. (2021). Reimagining the Role of Science Education in Development of 21st Century Learning Skills with Reference to NEP 2020.Retrieved from

https://www.indianjournals.com/ijor.aspx?target=ijor:eq&volume=12&issue=2&article=014

15۔ Kalyani, P. (2020). An empirical study on NEP 2020 [National Education Policy] with special reference to the future of Indian education system and its effects on the Stakeholders. *Journal of Management Engineering and Information Technology*, 7(5), 1-17. Retrieved from https://www.researchgate.net/profile/Pawan-Kalyani/publication/345100384_An_Empirical_Study_on_NEP_2020_National_Education_Policy_with_Special_Reference_to_the_Future_of_Indian_Education_System_and_Its_effects_on_the_Stakeholders_JMEIT/links/5f9da723299bf1b53e54bea6/An-Empirical-Study-on-NEP-2020-National-Education-Policy-with-Special-Reference-to-the-Future-of-Indian-Education-System-and-Its-effects-on-the-Stakeholders-JMEIT.pdf

معروضی سوالات کے جوابات (Answer Keys of MCQs)

| | |
|---|---|
| 1۔ (d) یہ سبھی | 2۔ (a) تحریری امتحان |
| 3۔ (b) موضوعیت | 4۔ (c) عملیت پسند فلسفہ |
| 5۔ (b) اکتساب بذریعہ عمل | 6۔ (d) مفروضی |
| 7۔ اسکورنگ | 8۔ جمالیاتی پروجیکٹ |
| 9۔ راست تجربات | 10۔ فلوچارٹ |

# اکائی 16۔ ریکارڈنگ اور رپورٹنگ

(Recording and Reporting)*


16.0 تعارف

16.1 مقاصد

16.2 ریکارڈنگ اور رپورٹنگ

16.3 طالب علم کی حصولیابی کی پیمائش

16.4 گریڈنگ کا نظام

16.5 خلاصہ

16.6 یاد رکھنے کے نکات

16.7 فرہنگ

16.8 اکائی کی اختتامی سرگرمیاں

16.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد


## 16.0 تعارف

دنیا میں موجود اللہ تعلیٰ کی ہر مخلوق کسی جدوجہد میں مصروف ہے۔ چرد، پرند، حیوانات اپنی غذا و رہائش کی حصولیابی کے لئے کوشاں ہیں تو انسان غذا و آسائش کی حصولیابی کے لئے، غرض یہ کہ ہر کسی کی زندگی میں کوئی مقصد ہے جس کو پانے کی جستجو و کاوش میں وہ بشر محنت کر رہا ہے۔ اسی طرح طلباء کی وہ زندگی جو وہ اسکول میں بسر کر رہے ہیں اس کا مقصد تعلیمی ترقی حاصل کرنا ہے، اور اس تعلیمی ترقی کی حصولیابی کا ثبوت انکا رپورٹ کارڈ ہوتا ہے جو کہ انکی تعلیمی حصولیابی اور کارکردگی کے ڈاٹا کو جمع کر کے اور اس کے تجزیہ کے نتیجہ میں تحریری شکل اختیار کرتا ہے۔ اس اکائی میں ہم طلباء کے اکتسابی نتائج کی رکارڈنگ، رپورٹنگ، طلباء کی حصولیابی کی جانچ اور گریڈنگ نظام کی معلومات حاصل کریں گے۔


* Mrs. Maisara Aziz Khan, Assistant Professor, MANUU CTE, Aurangabad

## 16.1 مقاصد

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد طلباء اس قدر قابل ہو جائیں گے کہ

- ریکارڈنگ اور رپورٹنگ کیا ہے؟ بیان کر سکیں گے۔
- ریکارڈنگ کے مختلف طریقے بتا سکیں گے۔
- ریکارڈنگ کے مقاصد تحریر کر سکیں گے۔
- رپورٹنگ کے مقاصد تحریر کر سکیں گے۔
- رپورٹنگ کی خصوصیات کی وضاحت کر سکیں گے۔
- طالب علم کی حصولیابی کی پیمائش کی اہمیت بتا سکیں گے۔
- وقوفی پہلو کی حصولیابی کی پیمائش کے افعال بیان کر سکیں گے۔
- تاثراتی پہلو کی حصولیابی کی پیمائش کے افعال بیان کر سکیں گے۔
- حسی وحرکی پہلو کی حصولیابی کی پیمائش کے افعال بیان کر سکیں گے۔
- گریڈنگ کا نظام کیا ہے؟ وضاحت کر سکیں گے۔
- گریڈنگ کی مختلف اقسام میں فرق بتا سکیں گے۔
- گریڈنگ کی خوبیوں اور خامیوں کی فہرست بنا سکیں گے۔

## 16.2 ریکارڈنگ اور رپورٹنگ

احتساب، اکتساب کے لیے، اور اکتساب کے ثبوت جمع کرنے کا عمل ہے۔ ریکارڈنگ دراصل ڈاٹا کو جمع کرنے اور اس کا تجزیہ کرنے کا طریقہ ہے، اور رپورٹنگ اس ڈاٹا سے ملنے والے نتائج اور معلومات کی ترسیل ہے۔

**ریکارڈنگ:** ریکارڈنگ دراصل طلباء کے اکتساب، تفہیم اور حصولیابی کے ثبوتوں کو مختلف طریقوں سے جمع کرنے اور تجزیہ کرنے کا طریقہ ہے۔ ہم احتساب میں مختلف طریقوں اور تکنیکوں کا استعمال ان ثبوتوں اور ڈاٹا کو جمع کرنے کے لیے ہی کرتے ہیں۔ کیونکہ انہی کی بنیاد پر نتائج دیے جاتے ہیں۔ ریکارڈنگ کی مدد سے معلم طلباء کو ان کے اکتساب کی ترقی، ضرورت اور فروغ کے لیے آگے کیا کرنا ہے اس کی صلاح و رائے دے سکتا ہے۔ کامیاب اکتسابی نتائج کی صورت میں تدریس واکتساب کے عمل کی موثریت کا پتہ چلتا ہے، وہیں خاطر خواہ نتائج نہ ملنے کی صورت میں اصلاح کی تجاویز ملتی ہیں۔ معلم کو چاہیے کہ وہ ہر طالب علم کی ترقی کے لیے ضروری اور کارآمد معلومات کو ریکارڈنگ کے مختلف طریقوں کے ذریعے رپورٹنگ کے لیے درج کرے۔

**ریکارڈنگ کے مختلف طریقے:** طلباء کے کام کی ریکارڈنگ دو طرح سے کی جاسکتی ہے:

**انفرادی ریکارڈ:** پورٹ فولیو، طلباء کے کام کا مجموعہ، ٹیسٹ کے نتائج، حصولیابی کی سطح کے اشارے۔

**درجہ کی مجموعی کارکردگی کی ریکارڈنگ:** تعلیمی سال میں لئے جانے والے مختلف امتحانات اور ٹیسٹ کا ڈاٹا، درجہ کی روزانہ کی کارکردگی۔

طلباء کی ترقی، کارکردگی، معلومات، تفہیم کے ڈاٹا کی رکارڈنگ کا کوئی ایک مخصوص تکنیک و طریقہ نہیں ہے، معلم اپنی سہولت اور احتساب کی نوعیت کے اعتبار سے طریقہ کا انتخاب کر سکتا ہے۔ رکارڈنگ کے کچھ ذرائع مندرجہ ذیل ہیں:




**ریکارڈنگ کے مقاصد:**

1۔ طلباء کی ترقی کا ثبوت رکھنا۔

2۔ طلباء کی مختلف مضامین میں کارکردگی کو جاننا۔

3۔ طلباء کی اکتسابی ترقی کے لیے ان کی رہنمائی کرنا۔

4۔ طلباء کے ساتھ اور طلباء کے لیے اکتساب کے مقصد اور ٹارگیٹس طے کرنا۔

5۔ طلباء کی اکتسابی نتائج کی رپورٹ تیار کرنا۔

6۔ طلباء کی ترقی کی دیکھ ریکھ کرنا۔

7۔ نصاب کی منصوبہ بندی اور نظر ثانی کرنا۔

8۔ طلباء کی اکتسابی ترقی کی معلومات کو قابل رسائی بنانا۔

9۔ طلباء کی اکتسابی ترقی کی معلومات کو رسمی اور غیر رسمی دونوں طرح سے جمع کرنا۔

**رپورٹنگ:**

احتسابی عمل کا دوسرا اہم حصہ رپورٹنگ ہے۔ اس کے بنا احتساب کی کوئی اہمیت نہیں رہتی۔ رپورٹنگ کا عمل ایک اور زائد اشخاص کے درمیان ہوتا ہے۔




رپورٹنگ تحقیق و تجزیہ کی معلومات کی ترسیل کا عمل ہے، جسے رزلٹ کی شکل دی جاتی ہے۔ رپورٹنگ کے کئی عنوان ہو سکتے ہیں لیکن اس کا اہم مقصد معلومات کو ایک مخصوص قسم کے افراد تک منتقل کرنا ہے۔ ایک اچھی رپورٹنگ صحیح، معروضی، مکمل، اچھے انداز میں تحریر، صاف، واضح، خاکہ بند ہوتی ہے جو پڑھنے والے کی توجہ مبذول کرے اور ان کی توقعات کو پورا کرے۔ ایک اچھی رپورٹ میں معلومات جمع کرنے کا عمل، نتائج، مواد کا خلاصہ، تعارف اور پس منظر، طریقہ بحث اور تجاویز شامل ہوتی ہیں۔ تجاویز آگے فیصلہ سازی کے لیے مفید ثابت ہوتی ہیں۔

**رپورٹنگ کے مقاصد:**

1۔ طلباء کو اکتساب میں مدد فراہم کرنا ہے۔

2۔ طلباء اور والدین کو طلباء کی حصولیابی، ترقی اور ان کی ان علاقوں کی نشاندہی کرنا جن میں فروغ کی ضرورت ہے۔

3۔ معلم اور والدین کا طلباء کے اکتساب کے لیے تعاون حاصل کرنا۔

4۔ طلباء کی ترقی اور حصولیابی کا ڈاٹا رسمی ریکارڈ کی شکل میں محفوظ کرنا۔

5۔ اسکول، ادارے کی ذمہ داری اور جواب دہی کی پیمائش کا تحریری ثبوت پیش کرنا۔

**رپورٹنگ کی خصوصیات:**

1۔ رپورٹ بھروسہ مند، معقول اور احتساب پر مبنی ہونا چاہیے۔

2۔ رپورٹنگ طلباء کو اکتساب میں مدد کرنے والی، انہیں متحرک کرنے والی ہونا چاہیے۔

3۔ طلباء کے موثر اکتساب کے لیے والدین اور اسکول کے درمیان ربط قائم کرنے والی ہونا چاہیے۔

4۔ طلباء کو ان کی ذمہ داریوں کا احساس کرانے والی ہونا چاہیے۔

5۔ طلباء نے مقررہ وقت میں کیا حاصل کیا ہے، اس کی تفصیلی، واضح اور قابل فہم معلومات فراہم کرنے والی ہونی چاہیے۔

6۔ ہر ایک طالب علم کے مستقبل کے فروغ کے لیے منصوبہ بنانے میں مددگار ہونی چاہیے۔

7۔ طلباء کی نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں دونوں طرح کی حصولیابی کو ظاہر کرنے والی ہونا چاہیے۔

8۔ ادارے کی ضرورت کے مطابق رپورٹنگ کی حکمت عملیوں کو اختیار کرنے والی ہونا چاہیے۔

9۔ طلباء کے راز کی حفاظت کرنے والی ہونا چاہیے۔

## 16.3 طالب علم کی حصولیابی کی پیمائش

طلباء کے اکتساب کی موثریت اور متوقع ترقی کو جانچنے کے لیے ان کی حصولیابی کی پیمائش کرنا ضروری ہے۔ طلباء کی حصولیابی کی پیمائش کے لیے ضروری ہے کہ پہلے یہ دیکھا جائے کہ 'کیا پیمائش کرنا ہے' اور 'کیسے پیمائش کرنا ہے'۔ اس کے لیے مختلف طریقے استعمال کیے جاتے ہیں جن کی وضاحت اوپر ہو چکی ہے۔ طلباء کی حصولیابی کی پیمائش میں صداقت اس وقت کم ہو جاتی ہے جب معیاری کاموں میں طلباء کی کارکردگی سے ان کی صلاحیتوں کا موازنہ کیا جاتا ہے، کیونکہ ہر طلباء مختلف ہے۔ تعلیمی پروگرام کے مقاصد کی پیمائش کوئی آسان کام نہیں ہے، عموماً مقاصد کو وقوفی، تاثراتی اور حسی وحرکی پہلوؤں میں درجہ بند کیا جاتا ہے۔ اس درجہ بندی میں وقوفی پہلو کی پیمائش میں حافظہ، دہرانا، یاد رکھنا، شناخت کرنا، جیسی مہارتیں شامل ہیں، وہیں تاثراتی پہلو کی پیمائش میں دلچسپی، رویہ، اقدار اور مطابقت وغیرہ جیسی مہارتیں شامل ہیں۔ اسی کے ساتھ حسی وحرکی علاقے میں تکنیکی مہارت کو دیکھا جاتا ہے۔ یہ واضح رہے کہ سائنس مضمون میں صرف نظریاتی معلومات کی بنیاد پر ترقی کو یقینی نہیں مانا جاسکتا، اس لیے اگر ہم طلباء کی سائنس مضمون میں حصولیابی کو موٹے طور پر تین مندرجہ ذیل پہلوؤں میں بانٹ کر جانچ کریں تو بہتر ہے۔

1۔ **وقوفی پہلو کی حصولیابی کی پیمائش**

جب طلباء کا زبانی یا تحریری امتحان لیا جاتا ہے، تب حقیقتاً ہم ان کے حافظے کی قوت کو جانچتے ہیں۔ طلباء سائنس کے جو بھی نظریات، کلیات، اصول و قوانین کا اکتساب کرتے ہیں، ان کی زبانی یا تحریری شکل میں حصولیابی کی جانچ کی جاتی ہے۔

**معلومات:** کسی مضمون کی اصطلاحات، اصول و قوانین کی معلومات، واقعات اور نظریات، چیزوں کو دیکھنے، منظم کرنے، تعریف کرنے، درجہ بند کرنے، دہرانے، شناخت کرنے، فہرست سازی کرنے، نام دینے، ترتیب دینے وغیرہ کی مہارت۔

**تفہیم:** وضاحت کرنے، مثال دینے، منتخب کرنے، درجہ بندی کرنے، ترجمہ کرنے، تشریح کرنے، تبدیل کرنے، موازنہ کرنے، ضابطہ بنانے، نقشے میں ظاہر کرنے وغیرہ کی مہارت۔

**اطلاق:** پیش گوئی کرنے، استعمال کرنے، مظاہرہ کرنے، مشق کرنے، تشکیل کرنے، حساب کرنے، کوئی مشین چلانے کی مہارت۔

**تجزیہ:** تجزیہ کرنے، جز میں تقسیم کرنے، ایجاد کرنے، فرق بتانے، نتیجہ اخذ کرنے، دلیل دینے کی مہارت۔

**تالیف:** منظم کرنے، خلاصہ کرنے، اختصار کرنے، بحث کرنے، اخز کرنے، تعمیم کرنے، تعمیر کرنے کی مہارت۔

**تعین قدر:** جانچ کرنے، فیصلہ کرنے، طے کرنے، تنقید کرنے، مدد کرنے، تصدیق کرنے، اندازہ قدر کرنے، حمایت کرنے کی مہارت۔

**تخلیق:** اداکاری، موافقت کرنے، تشکیل کرنے، تصور کرنے، تخلیق کرنے، ڈیزائن کرنے، وضع کرنے، ہدایت کرنے، قائم کرنے، شروع کرنے، ایجاد کرنے، ماڈل بنانے، ترمیم کرنے، شروع کرنے، کارکردگی، تصویر بنانے، منصوبہ بندی کرنے، نظر ثانی کرنے، شکل بنانے، حل کرنے کی مہارت۔

2۔ **تاثراتی پہلو کی حصولیابی کی پیمائش:**

تاثراتی پہلو کے مقاصد پوری طرح سے واضح نہیں ہے کیونکہ یہ احساس اور جذبات سے جڑے ہوتے ہیں۔ ہم طلباء کے تاثراتی پہلو کی پیمائش کے لئے ان کے رویہ کو مندرجہ ذیل افعال کی بنیاد پر دیکھ سکتے ہیں:

راضی ہونا، قبول کرنا، تعریف کرنا، مدد کرنا، تردید کرنا، شامل ہونا، ذائقہ لینا، لطف اندوز ہونا، گریز کرنا، حمایت کرنا، محظوظ ہونا وغیرہ۔

3۔ **حسی وحرکی پہلو کی حصولیابی کی پیمائش:**

طلباء کے حسی وحرکی پہلو کی پیمائش کے لئے ان کے مندرجہ ذیل افعال کی مہارت دیکھ سکتے ہیں:

پکڑنا، تھامنا، مشین چلانا، درست کرنا، پیمائش کرنا، باندھنا، جوڑنا، گھمانا، پرزے جوڑنا، مشین بنانا، ڈرائنگ بنانا، تصویر بنانا وغیرہ کی مہارت۔

## 16.4 گریڈنگ کا نظام

گریڈنگ نظام کا استعمال ہندوستان میں اسکولوں میں عام ہے۔ یہ تعین قدر کا بنیادی آلہ ہے جس کو سب سے پہلے سی بی ایس ای نے 2009 میں عمل میں لایا۔ عام طور سے بڑے پیمانے پر طلباء کی حصولیابی کی رپورٹنگ کے لیے گریڈنگ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے لیے علامات کا استعمال کیا جاتا ہے، جیسے E,D,C,B,A۔ وغیرہ

طلباء سے حاصل ڈاٹا کے اعداد و شمار کو جوڑ کر ان کی حصولیابی کی سطح کے مطابق ان کے نمبرات کو کسی حرفی علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ یہ علامات طلباء کی کارکردگی، کام کا خلاصہ اور معیار کو ظاہر کرتی ہیں۔ اس طرح طلباء کو ان کے کام کا معیار پتہ چلتا ہے اور ان کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے۔

طلباء کے اکتساب کی جانچ کے لیے مختلف طریقے مثلاً تحریری امتحان، ٹیسٹ، پروجیکٹ، تجربات، عملی کام، کارکردگی پر مبنی کام، روبرکس وغیرہ کو استعمال کر کے معطیات کو جمع کیا جاتا ہے اور پھر مختلف تکنیک کی مدد سے حتمی فیصلہ سازی کی جاتی ہے، اور ان نتائج کی رپورٹنگ اعداد یا علامات کی شکل میں تمام مستفدین کو کی جاتی ہے۔ نتائج کی موثر انداز میں رپورٹنگ کرنے کے لیے بھی مختلف طریقے اختیار کیے جاتے ہیں جیسے نمبرت دینا، گریڈ دینا، انتخاب پر مبنی کریڈٹ نظام وغیرہ جہاں پہلے طلباء کو ان کی کارکردگی اور اکتسابی نتائج کی معلومات دینے کے لیے نمبرات کا استعمال کیا جاتا تھا، وہیں اب گریڈنگ سسٹم عام ہو گیا ہے۔ گریڈنگ کی مندرجہ ذیل اقسام ہیں:

1۔ **راست گریڈنگ (Direct Grading)**

جب طلباء کے اوصاف کی مقداری پیمائش ممکن نہ ہو تب معیاری احتساب کے لیے اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر رویہ، اقدار، دلچسپی کی پیمائش نہیں کی جاسکتی ایسی صورت میں گریڈنگ مندرجہ ذیل طریقہ سے کی جاسکتی ہے:

| تفصیل | گریڈ |
|---|---|
| شاندار | O |
| بہت عمدہ | A |
| عمدہ | B |
| اطمینان بخش | C |
| غیر اطمینان بخش | D |

**2۔ بالراست گریڈنگ(Indirect Grading)**

جب طلباء کی کارکردگی، احتساب اور حصولیابی کی مقداری پیمائش کی جاتی ہے اور نمبرات کو مختلف طریقوں کا استعمال کرکے گریڈ میں تبدیل کردیا جاتا ہے، تب اسے بالراست گریڈنگ کہتے ہیں۔

| تفصیل | گریڈ |
|---|---|
| 90٪اور زائد | A |
| 80-89٪ | B |
| 70-79٪ | C |
| 60-69٪ | D |
| 50-59٪ | E |

**3۔ قطعی گریڈنگ(Absolute Grading)**

اس میں پہلے سے طے شدہ معیارات یا کارکردگی کی طے شدہ سطح کے مطابق طلباء کو ان کی کارکردگی کے لئے گریڈ دیا جاتا ہے۔ اس میں ممتحن کے نمبرت کا کسی سے موازنہ نہیں کیا جاتا بلکہ پہلے سے طے معیار کے مطابق نمبرات لانے پر گریڈ دیا جاتا ہے۔ جیسے گریڈ آجائے گا، یہ طے رہتا ہے۔ A1 پاس 35 فیصد نمبرات سے اوپر پاس ہو جائیں گے، یا 80 فیصد سے اوپر

| نمبرات کی حد | گریڈ | گریڈ پائنٹ |
|---|---|---|
| 91-100 | A1 | 10.0 |
| 81-90 | A2 | 9.0 |
| 71-80 | B1 | 8.0 |
| 61-70 | B2 | 7.0 |
| 51-60 | C1 | 6.0 |

| | | |
|---|---|---|
| 41-50 | C2 | 5.0 |
| 33-40 | D | 4.0 |
| 21-32 | E1 | -- |
| 20 | E2 | -- |

**4۔ نسبتی گریڈنگ(Relative Grading)**

ایسا طریقہ جس میں طلباء کے گریڈ کا تعین ان کے ہم جماعت یا ساتھی ممتحن کی کارکردگی سے موازنہ کر کے کیا جاتا ہے، نسبتی گریڈنگ کہلاتی ہے۔ اس میں درجہ میں طلباء کی جو نسبتی ترتیب ہوتی ہے اس کو اس کے مطابق گریڈ دیا جاتا ہے۔ طلباء کے گریڈ میں اتار چڑھاؤ اس بات پر مبنی رہتا ہے کہ دوسرے طلباء کے مقابلے طالب علم کی کارکردگی کیسی ہے۔ عموماً ٹیسٹ، پروجیکٹ، تفویض کے گریڈ اس کی بنیاد پر دیے جاتے ہیں کہ تمام طلباء کی کارکردگی کیسی ہے۔ عام طور سے مقابلہ جاتی امتحانات میں یہ طریقہ استعمال کیا جاتا ہے جہاں طلباء کی انفرادی کارکردگی کو گروہ کی کارگردگی سے موازنہ کر کے گریڈ فراہم کیا جاتا ہے۔ اس میں کامیاب اور ناکامی جیسا گریڈ نہیں دیا جاتا، اس وجہ سے طلباء کے درمیان ایک صحت مند مقابلہ رہتا ہے۔ ان کو مطالعہ کے لئے محرکہ ملتا ہے اور وہ سخت محنت کرتے ہیں۔ کیونکہ جب طلباء کو یہ معلوم رہتا ہے کہ ان کا مقابلہ ان کے ساتھی طلباء سے ہے تو وہ پیچھے رہنا نہیں چاہتے۔ اس میں طلباء کی کارکردگی کا جامع احتساب ہوتا ہے کیونکہ کسی طے شدہ معیار کے بجائے ان سب کی کارکردگی کا موازنہ کیا جاتا ہے، جس سے انفرادی طور پر احتساب ہوتا ہے۔ اس میں

| گریڈ | تفصیل |
|---|---|
| A | 10٪ درجہ میں اعلیٰ کارکردگی والے طلباء |
| B | 25٪ درجہ میں بہتر کارکردگی والے طلباء |
| C | 30٪ درجہ میں اوسط کارکردگی والے طلباء |
| D | 25٪ درجہ میں اوسط سے کم کارکردگی والے طلباء |
| E | 10٪ درجہ میں غیر اطمنان بخش کارکردگی والے طلباء |

**5۔ مہارت کی گریڈنگ(Mastery Grading)**

اس میں ماسٹری کی ایسی ایک سطح دی رہتی ہے، جب تک طالب علم اس سطح یا معیار تک نہیں پہنچتا تب تک اس کو اس کا ماسٹری کا گریڈ نہیں دیا جاتا۔ اکتساب تو سبھی طلباء کرتے ہیں، مگر مختلف طلباء مختلف رفتار، انداز اور معیار کے حساب سے سیکھتے ہیں۔ اس کے تحت جو اکتسابی مقاصد طے ہوتے ہیں، اگر طالب علم انہیں نہیں حاصل کر پاتا تو معالجاتی تدریس کے ذریعے ان مقاصد کو حاصل کیا جاتا ہے، تاکہ مخصوص گریڈ طلباء کو دیے جاسکیں۔

| گریڈ | پائنٹ | تفصیل |
|---|---|---|
| A | 4.0 | اعلیٰ |

| | | |
|---|---|---|
| B | 3.0 | ماہر |
| C | 2.0 | ترقی پذیر |
| D | 1.0 | ابتدائی |

**گریڈنگ کی خوبیاں:**

1۔ گریڈنگ نظام نے نمبرات کی بنیاد پر طلباء سے امتیازی سلوک کو کم کیا ہے۔

2۔ یہ تناؤ کو کم کرتی ہے اور لچک پیدا کرتی ہے۔

3۔ رپورٹنگ میں نمبرات کی بنیاد پر طلباء کی درجہ بندی کو ختم کرتی ہے۔

4۔ فیل ہونے کے ڈر کو ختم کرتی ہے۔

5۔ طلباء کو گریڈ کو بہتر بنانے کا موقع دیتی ہے۔

6۔ والدین کو بچوں کی طاقت اور کمزوریوں کا اندازہ لگانے میں مدد کرتی ہے۔

**گریڈنگ کی خامیاں:**

1۔ کارکردگی کا درست مظاہرہ نہیں کرتی۔

2۔ ذہین طلباء کے لیے کہیں نہ کہیں غیر منصفانہ ہے، کیونکہ جس طالب علم نے 80 فیصد نمبرات حاصل کیے ہیں اور جس نے 89 فیصد ان کو ایک ہی گریڈ دیا جاتا ہے۔

3۔ اس کے معیارات میں تغیر ہوتا ہے جبکہ نمبرات کا فیصد دنیا میں کہیں بھی وہی رہتا ہے۔

4۔ نمبرات کے فرق کے باوجود بھی ایک جیسا گریڈ ملنے سے مقابلے کی سوچ میں کمی آتی ہے۔

5۔ یہ ایک حتمی سکورنگ نظام نہیں ہے۔

## 16.5 خلاصہ

اس اکائی میں ہم نے احتساب کے لازمی جز، ریکارڈنگ اور رپورٹنگ کی معلومات حاصل کی، اس کے مقاصد اور مختلف طریقوں کا بھی جائزہ لیا۔ ہم نے یہ جانا کہ ریکارڈنگ کے لئے مختلف ذرائع کارآمد ہوتے ہیں۔ وقت اور حالات کے مطابق ان کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح سے رپورٹنگ بھی مختلف طرحوں سے کی جاسکتی ہے اور اس میں متعلقین کا کردار بہت اہم ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ طالب علم کی حصولیابی کی پیائش کی اہمیت کو سمجھا اور مقاصد کی درجہ بندی کے اعتبار سے پیائشی افعال کی معلومات بھی حاصل کی۔ اسی کے ساتھ موجودہ رائج گریڈنگ کا نظام کی معلومات بھی حاصل کی اور اس کے مختلف طریقوں کو بھی دیکھا۔

طالب علموں کی حصولیابی کی پیائش مختلف پہلوؤں سے وقوفی تاثراتی حسی وحرکی میں کی جاتی ہے، جس سے اسکی مکمل شخصیت کا پتہ لگتا ہے۔ مزید یہ کہ گریڈنگ بالراست اور قطعی طور پر کی جاسکتی ہے اور نسبتی اور مہارت کی بھی گریڈنگ ہوتی ہے۔

## 16.6 یادرکھنے کے نکات

- احتساب، اکتساب کے لیے، اور اکتساب کے ثبوت جمع کرنے کا عمل ہے۔ ریکارڈنگ دراصل ڈاٹا کو جمع کرنے اور اس کا تجزیہ کرنے کا طریقہ ہے، اور رپورٹنگ اس ڈاٹا سے ملنے والے نتائج اور معلومات کی ترسیل ہے۔
- ریکارڈنگ کی مدد سے معلم طلباء کو ان کے اکتساب کی ترقی، ضرورت اور فروغ کے لیے آگے کیا کرنا ہے اس کی صلاح ورائے دے سکتا ہے۔
- انفرادی ریکارڈ: پورٹ فولیو، طلباء کے کام کا مجموعہ، ٹیسٹ کے نتائج، حصولیابی کی سطح کے اشارے۔
- درجہ کی مجموعی کارکردگی کی ریکارڈنگ: تعلیمی سال میں لئے جانے والے مختلف امتحانات ار ٹیسٹ کا ڈاٹا، درجہ کی روزانہ کی کارکردگی۔
- رکارڈنگ کے کچھ ذرائع ہیں: زبانی کام کی رکارڈنگ، تصور کی نقشہ سازی، پروجیکٹ کا کام، تحریری امتحان، چیک لسٹ، سوشیومیٹری، تفویضات، کمولیٹو ریکارڈ، گروپ ڈسکشن، کارکردگی کا کام، سیمینار میں مظاہرہ، فیلڈ ڈائری، گروہی کام، انٹرویو، پورٹ فولیو وغیرہ۔
- ریکارڈنگ کا مقصد طلباء کی ترقی کا ثبوت، دیکھ ریکھ اور معلومات کو قابل رسائی بنانا، کارکردگی، اکتسابی نتائج کی رپورٹ، نصاب کی منصوبہ بندی اور نظر ثانی کرنا، اکتسابی نتائج کی رپورٹ تیار کرنا ہے۔
- رپورٹنگ تحقیق و تجزیہ کی معلومات کی ترسیل کا عمل ہے، جسے رزلٹ کی شکل دی جاتی ہے۔ رپورٹنگ کے کئی عنوان ہو سکتے ہیں لیکن اس کا اہم مقصد معلومات کو ایک مخصوص قسم کے افراد تک منتقل کرنا ہے۔
- احتساب کی رپورٹنگ طلباء، والدین، سسٹم، انتظامیہ دوسرے تعلیمی ادارے اور ادارے کے کارکن کے درمیان ہوتی ہے۔
- ایک اچھی رپورٹنگ صحیح، معروضی، مکمل، اچھے انداز میں تحریر، صاف، واضح، خاکہ بند ہوتی ہے جو پڑھنے والے کی توجہ مبذول کرے اور ان کی توقعات کو پورا کرے۔
- ایک اچھی رپورٹ بھروسہ مند، معقول اور احتساب پر مبنی ہونا چاہیے، طلباء کو اکتساب میں مدد کرنے والی، انہیں متحرک کرنے والی، طالب علم کے مستقبل کے فروغ کے لیے منصوبہ بنانے میں مددگار، طلباء کے راز کی حفاظت کرنے والی ہونا چاہیے۔
- طلباء کی حصولیابی کی پیمائش کے لیے ضروری ہے کہ پہلے یہ دیکھا جائے کہ 'کیا پیمائش کرنا ہے' اور 'کیسے پیمائش کرنا ہے'۔
- تعلیمی پروگرام کے مقاصد کو عموماً وقوفی، تاثراتی اور حسی و حرکی پہلوؤں میں درجہ بند کیا جاتا ہے۔ اس درجہ بندی میں وقوفی پہلو کی پیمائش میں حافظہ، دہرانا، یاد رکھنا، شناخت کرنا، جیسی مہارتیں شامل ہیں، وہیں تاثراتی پہلو کی پیمائش میں دلچسپی، رویہ، اقدار اور مطابقت وغیرہ جیسی مہارتیں شامل ہیں۔ اسی کے ساتھ حسی و حرکی علاقے میں تکنیکی مہارت کو دیکھا جاتا ہے۔
- گریڈنگ کو سب سے پہلے سی بی ایس ای نے 2009 میں عمل میں لایا۔

- وغیرہ۔E,D,C,B,A گریڈنگ کے لیے علامات کا استعمال کیا جاتا ہے، جیسے
- نتائج کی موثر انداز میں رپورٹنگ کرنے کے لیے بھی مختلف طریقے اختیار کیے جاتے ہیں جیسے نمبرت دینا، گریڈ دینا، انتخاب پر مبنی کریڈٹ نظام وغیرہ۔
- **راست گریڈنگ(Direct Grading)**: جب طلباء کے اوصاف کی مقداری پیائش ممکن نہ ہو تب معیاری احتساب کے لیے اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔
- **بالراست گریڈنگ(Indirect Grading)**: جب طلباء کی کارکردگی، احتساب اور حصولیابی کی مقداری پیائش کی جاتی ہے اور نمبرات کو مختلف طریقوں کا استعمال کر کے گریڈ میں تبدیل کر دیا جاتا ہے، تب اسے بالراست گریڈنگ کہتے ہیں۔
- **قطعی گریڈنگ(Absolute Grading)**: اس میں ممتحن کے نمبرت کا کسی سے موازنہ نہیں کیا جاتا بلکہ پہلے سے طے معیار کے مطابق نمبرات لانے پر گریڈ دیا جاتا ہے۔
- **نسبتی گریڈنگ(Relative Grading)**: ایسا طریقہ جس میں طلباء کے گریڈ کا تعین ان کے ہم جماعت یا ساتھی ممتحن کی کارکردگی سے موازنہ کر کے کیا جاتا ہے، نسبتی گریڈنگ کہلاتی ہے۔
- **مہارت کی گریڈنگ(Mastery Grading)**: اس میں ماسٹری کی ایسی ایک سطح دی رہتی ہے، جب تک طالب علم اس سطح یا معیار تک نہیں پہنچتا تب تک اس کو اس کا ماسٹری کا گریڈ نہیں دیا جاتا۔
- گریڈنگ نظام نے نمبرات کی بنیاد پر طلباء سے امتیازی سلوک، تناؤ، طلباء کی درجہ بندی، فیل ہونے کے ڈر کو کم کیا ہے اور لچک، گریڈ کو بہتر بنانے کا موقع دیا ہے اور والدین کو بچوں کی طاقت اور کمزوریوں کا اندازہ لگانے میں مدد کی ہے۔
- گریڈنگ نظام کارکردگی کا درست مظاہرہ نہیں کرتی، ذہین طلباء کے لیے کہیں نہ کہیں غیر منصفانہ ہے، اس کے معیارات میں تغیر ہوتا ہے، مقابلے کی سوچ میں کمی آتی ہے، یہ ایک حتمی سکورنگ نظام نہیں ہے۔
- طلباء ریکارڈنگ اور رپورٹنگ کی معلومات حاصل کریں گے۔
- طلب حصولیابی کی پیائش کی تفہیم حاصل کریں گے۔
- طلب گریڈنگ کی معلومات فراہم کریں گے۔

## 16.7 فرہنگ

| | |
|---|---|
| Measurement | پیائش |
| Achievement | حصولیابی |
| Grading system | گریڈنگ کا نظام |
| Evidence of achievement | حصولیابی کا ثبوت |

| | |
|---|---|
| Indicators of level of achievement | حصولیابی کی سطح کے اشارے |
| Communication of Information | معلومات کی ترسیل |
| Record/ Collection of student's work | طلباء کے کام کا مجموعہ |
| Understandable | قابل فہم |
| Cognitive Domain | وقوفی پہلو |
| Affective Domain | تاثراتی پہلو |
| Psychomotor Domain | حسی وحرکی پہلو |
| Letter Symbol | حرفی علامت |
| Stakeholders | مستفدین |
| Choice Based Credit System | انتخاب پر مبنی کریڈٹ نظام |
| Quantitative Measurement | مقداری پیمائش |
| Qualitative Assessment | معیاری احتساب |
| Direct Grading | راست گریڈنگ |
| Indirect Grading | بالراست گریڈنگ |
| Absolute Grading | قطعی گریڈنگ |
| Relative Grading | نسبتی گریڈنگ |
| Mastery Grading | مہارت کی گریڈنگ |
| Predefined level | طے شدہ سطح |
| Competitive Exams | مقابلہ جاتی امتحانات |
| Discrimination | امتیازی سلوک |
| Adapted | موافقت |
| Advanced | اعلیٰ |
| Proficient | ماہر |
| Developing | ترقی پزیر |
| Initial | ابتدائی |

## 16.8 اکائی کی اختتامی سرگرمیاں

### معروضی جوابات کے حامل سوالات

1۔ مقابلہ جاتی امتحان میں عام طور سے استعمال ہوتی ہے:

(a) ماسٹری گریڈنگ (b) نسبتی گریڈنگ (c) قطعی گریڈنگ (d) راست گریڈنگ

2۔ گریڈ دیا جائے گا:C1(۲) قطعی گریڈنگ میں

(a) 41-50٪ (b) 51-60٪ (c) 61-70٪ (d) 71-80٪

3۔ ہندوستان میں گریڈنگ نظام کی شروعات ہوئی:

(a) 2003 (b) 2006 (c) 2009 (d) 2012

4۔ طلباء کی حصولیابی کی پیمائش کے لیے کس پہلو کی جانچ ضروری ہے:

(a) وقوفی پہلو (b) تاثراتی پہلو (c) حسی وحرکی پہلو (d) یہ سبھی

5۔ رپورٹنگ کا عمل اسکول اور کس کے درمیان ہوتا ہے:

(a) طلباء (b) والدین (c) انتظامیہ (d) یہ سبھی

6۔ اچھی رپورٹنگ کی خصوصیات نہیں ہے:

(a) موضوعی (b) واضح (c) خاکہ بند (d) مکمل

7۔ ریکارڈنگ کا ایک مقصد نصاب کی---------اور--------کرنا ہے۔

8۔ پورٹ فولیو طالب علم کا-----------ریکارڈ ہوتا ہے۔

9۔ طلباء کے اکتسابی نتائج اور حصولیابی کے ڈاٹا کو جمع کرنا-----------کہلاتا ہے

10۔ گریڈنگ کو سب سے پہلے------------نے عمل میں لایا۔

### مختصر جوابات کے حامل سوالات

1۔ ریکارڈنگ سے کیا مراد ہے؟

2۔ طلباء کے اکتسابی نتائج کو کن ذرائع سے جمع کیا جاسکتا ہے؟

3۔ ریکارڈنگ کے طریقوں کو لکھیے۔

4۔ ریکارڈنگ کے مقاصد تحریر کریں۔

5۔ رپورٹنگ سے کیا مراد ہے؟

6۔ طلباء کی حصولیابی کی رپورٹنگ کن افراد کے درمیان کی جاتی ہے؟ اس کے مقاصد لکھیے۔

7۔ ایک اچھی رپورٹنگ کی خصوصیات لکھیے۔

8۔ طالب علم کی حصولیابی کی پیمائش کیوں ضروری ہے؟

9۔ طالب علم کی سائنس مضمون میں حصولیابی کی پیمائش کیسے کریں گے؟

10۔ گریڈنگ نظام کیا ہے؟ مختصراً بیان کریں۔

11۔ راست گریڈنگ کو مثال کے ساتھ سمجھایئے۔

12۔ راست اور بالراست گریڈنگ کیا ہے؟

13۔ قطعی اور نسبتی گریڈنگ میں کیا فرق ہے؟

14۔ مہارت کی گریڈنگ سے کیا مراد ہے؟

15۔ گریڈنگ نظام کی خوبیوں اور خامیوں کو لکھیے۔

### طویل جوابات کے حامل سوالات

1۔ احتساب کے عمل میں ریکارڈنگ اور رپورٹنگ کی اہمیت کو واضح کریں۔ اس کے مقاصد تحریر کریں۔

2۔ رپورٹنگ کیوں ضروری ہے؟ ایک اچھی رپورٹنگ کی کیا خصوصیات ہونی چاہیے؟

3۔ طالب علم کی حصولیابی کی پیمائش کس طرح کی جاسکتی ہے؟ مفصل بیان کریں۔

4۔ گریڈنگ نظام کو مفصل تحریر کریں۔ گریڈنگ کے مختلف طریقوں کو مثال کے ساتھ لکھیے۔

5۔ قطعی اور نسبتی گریڈنگ کی مع مثال وضاحت کریں۔

## 16.9 تجویز کردہ اکتسابی مواد


1۔ Vaidya. N. (2003). Science Teaching For The 21st Century. Deep & Deep Publications. New Delhi.

2۔ Munaf. M. A. (2003). *Methods of Teaching Mathematics*. Deccan Traders Educational Publishers. Hyderabad.

3۔ Husain. W. & Siddiqui. W. (2007). سائنس کی تدریس. Educational Book House. Aligarh

4۔ Naseema. C. (2012). *Physical Science Education: Nature and Scope*. Shipra Publications. New Delhi.

5۔ Parveen. S. (2013). Educational Evaluation and Statistics. New Voice Publication. India.

6. Krishnamacharyulu. V. (2014). *Science Education*. Neelkamal Publications. New Delhi.

7. Mohan. R. (2015). Teaching of Physical Science. Neelkamal Publications. New Delhi.

8. Ramakrishna. A., Mrunalini. T.,Sunitha. D. & Shanker. P. (2017). Assessment For Learning. Neelkamal Publications. New Delhi.

9. Mangal. S. K. & Mangal. S. (2017). Assessment of Learning. Shipra Publications. New Delhi.

10. Nagaraju. M. T. V., Reddy. S. K., Reddy. S. V. & Sujatha M. (2019). Learning Assessment. Neelkamal Publications. New Delhi.

11. https://www.utc.edu/academic-affairs/walker-center-for-teaching-and-learning/teaching-resources/pedagogical-strategies-and-techniques/concept-mapping-and-curriculum-design#:~:text=Concept%20maps%20have%20their%20origin,just%20%22knowing%22%20the%20facts.

12. Singhal, M., & Wadhwa, M. (2020). Vision of Science Education in National Education Policy-2020. *Voices of Teachers and Teacher Educators*, *9*(1), 59-68. Retrieved from https://www.researchgate.net/profile/Priyamvada-Pandey/publication/366990302_Pre-service_Teachers'_Perceptions_on_Internship_in_Relation_to_Integrated_and_Specific_Professional_Teaching_Courses_A_Study/links/63bd7402c3c99660ebe42d8e/Pre-service-Teachers-Perceptions-on-Internship-in-Relation-to-Integrated-and-Specific-Professional-Teaching-Courses-A-Study.pdf#page=71

13. Ranjan, S. P. (2021). Reimagining the Role of Science Education in Development of 21st Century Learning Skills with Reference to NEP 2020. Retrieved from https://www.indianjournals.com/ijor.aspx?target=ijor:eq&volume=12&issue=2&article=014

14۔ Ranjan, S. P. (2021). Reimagining the Role of Science Education in Development of 21st Century Learning Skills with Reference to NEP 2020.Retrieved from https://www.indianjournals.com/ijor.aspx?target=ijor:eq&volume=12&issue=2&article=014

15۔ Kalyani, P. (2020). An empirical study on NEP 2020 [National Education Policy] with special reference to the future of Indian education system and its effects on the Stakeholders. *Journal of Management Engineering and Information Technology*, 7(5), 1-17. Retrieved from https://www.researchgate.net/profile/Pawan-Kalyani/publication/345100384_An_Empirical_Study_on_NEP_2020_National_Education_Policy_with_Special_Reference_to_the_Future_of_Indian_Education_System_and_Its_effects_on_the_Stakeholders_JMEIT/links/5f9da723299bf1b53e54bea6/An-Empirical-Study-on-NEP-2020-National-Education-Policy-with-Special-Reference-to-the-Future-of-Indian-Education-System-and-Its-effects-on-the-Stakeholders-JMEIT.pdf

معروضی سوالات کے جوابات (Answer Keys of MCQs)

1۔ (b) نسبتی گریڈنگ

2۔ (b) 51-60%

3۔ (c) 2009

4۔ (d) یہ سبھی

5۔ (d) یہ سبھی

6۔ (a) موضوعی

7۔ منصوبہ بندی اور نظر ثانی

8۔ انفرادی

9۔ ریکارڈنگ

10۔ CBSE

# نمونہ امتحانی پرچہ

## طبیعیاتی سائنس کی تدریسیات

جملہ نشانات 70 | وقت : 3 گھنٹہ

ہدایت

یہ پرچہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول حصہ دوم اور حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں کے جواب لازمی ہیں۔

ا۔ حصہ اول میں دس لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔

۲۔ حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں۔ اس میں سے کوی 5 کے جواب ہی لازمی ہے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسوالفاظ پر مشیمل ہونا چاہیے۔ ہے سوال کے لیے 6 نمبر مختص ہے۔

۳۔ حصہ دوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے کوئی 3 کے جواب ہی لازمی ہے۔ ہر سوال کا جواب تقریب پانچ سوالفاظ پر مشتمل ہونا چاہیے۔ سوال کے لیے 10 نمبر مختص ہیں۔

سوال۔ا

حصہ اول

(i) ’’کریکولم (نصاب) ان حالات اور سرگرمیوں پر مشتمل لائحہ عمل ہے جن کو اسکول منتخب کرتا ہے اور شعوری طور پر جن کی تنظیم شخصیت کی نشو ونما اور افراد کے کردار کی تبدیلی کے لیے ہوتی ہے‘‘ کریکولم کی یہ تعریف کس کی ہے؟

(a) Cunningham | (b) George Pyne۔

(c) Crow & Crow۔ | (d) J.F.Kess۔

(ii) تنظیم نصاب کے اس طریقے میں مضمون کے عنوانات کو ترجیح دی جاتی ہے۔

(a) Psychological Approach | (b) Logical Approach

(c) Topical Approach | (d) Concentric Approach

(iii) ان میں سے کون ماہر تعمیری طرز رسائی کا حامل نہیں ہے؟

(a) John Dewey | (b) Vygotsky

(c) Skinner | (d) J. Bruner

(iv) معلم روزمرہ کے تعلیمی مسائل حل کرنے کے لیے............ کا استعمال کرتا ہے۔

(1) سزا | (2) لالچ | (3) عملی تحقیق | (4) کتاب

(v) ان میں سے کون سی تظلیلی آلات کی خصوصیات نہیں ہے۔

(1) ان کے عکس پردے پر لیے جاسکتے ہیں۔ | (2) ان کو استعمال کرنے کے لیے معمولی سی مہارت کافی ہے۔

(3) ان کو استعمال کرنے کے لیے بجلی کی ضرورت ہوتی ہے۔ | (4) یہ نسبتاً کیمتی ہوتے ہیں۔

(vi) ICT کن اصطلاحات کا مرکب ہے؟

(1) IT and Telecommunication　(2) Technology and Communication

(3) Codes and Information　(4) IT and Social Networking

(vii) معلم روزمرہ کے تعلیمی مسائل حل کرنے کے لیے............کا استعمال کرتا ہے۔

(1) سزا　(2) لالچ　(3) عملی تحقیق　(4) کتاب

(viii) معلم کو............پر اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہیے تاکہ اس کو مؤثر بنایا جا سکے۔

(1) علم　(2) عمل　(3) درسیات　(4) ہم نصابی سرگرمیاں

(ix) بھارت کا............سیارچہ مکمل طور پر تعلیم کے لیے وقف ہے۔

(1) EDUTEC　(2) UGC　(3)　(4) EDUSAT

SCERT

(x) چلڈرن سائنس کانگریس کے اغراض میں بچوں کے جذبۂ تجسس کو............ہے۔

(1) بڑھانا　(2) کم کرنا　(3) ختم کرنا　(4) ضائع کرنا

## حصہ دوم

### مختصر جوابی سوالات

2۔ طبیعیاتی سائنس کی تدوین نصاب کے کسی چار اصولوں کو بیان کیجیے۔

3۔ نصاب کی تنظیم کے ہم مرکزیت طریقہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

4۔ طبیعیاتی سائنس میں فنکاری اور دستکاری کی کیا اہمیت ہے؟

5۔ اپنے مضمون میں آپ معتبر آلات کا بیورا دیجئے۔

6۔ تجربہ گاہ میں کون سے Safety rule follow کروانا چاہیئے۔

7۔ سائنس کے معلم کے پیشہ وارانہ ارتقاء میں انعکاسی اعمال کی اہمیت بیان کرو۔

8۔ تعین قدر کے تین بنیادی نکات کون سے ہیں؟

9۔ منصوبائی طریقے سے سیکھنے کی خصوصیات بتایئے۔

## حصہ سوم

### طویل جوابی سوالات

10۔ طبیعیاتی سائنس کے تدوین نصاب میں جدید اور موجودہ رجحانات پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

11۔ سائنس کے نصاب کے متعلق قومی نصابی خاکہ 2005 کی اہم سفارشات کا جائزہ پیش کیجیے۔

12۔ تدریس کے پیشے کی تعریف بیان کرتے ہوئے سائنس کے معلم پر اس کا انطباق (application) کیجیے۔

13۔ پروجیکٹ بیسڈ لرننگ کے تصور کو واضح کیجیے اور سمجھایئے کے اس کے ذریعہ کس طرح طلباء کی اعلی سطحی سوچ کی مہارتوں کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔

14۔ آپ اپنے طلباء میں سائنسی مزاج کے فروغ اور انہیں سائنس میں کریئر بنانے کے لیے کیا اقدامات کریں گے؟

Notes/اہم نکات

Notes/اہم نکات

Notes/اہم نکات